Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

تاریخ ساز مشاعرہ
تاریخ ساز کلام

اردو شعر و ادب کی تاریخ کا پہلا ۱۳ روزہ مشاعرہ میں پیش کیا گیا کلام
جس میں ۱۲۵ شعراء ۱۲۵۱ اشعار پر مشتمل نعت شریف اور ۱۱۱ اشعار پر مشتمل منقبت پیش کیے۔

”مخضبِ شعراء“

جلد اول۔ الف تا ش



ترتیب و تزئین

قطمیر غوث اعظم رضی اللہ عنہ و لطیف لا اُبالی رضی اللہ عنہ

ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجاد محی الدین

سجادہ نشین رابع بارگاہ حضرت وتد دکن المعروف پتھر والے صاحب
کامل التفسیر۔ کامل الحدیث۔ کامل التاریخ۔ پی ایچ ڈی جامعہ نظامیہ۔
ایم اے (عربی۔ فارسی۔ اردو)۔ MLIS

Collection Peer Sahab Quadri India



Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri



Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Hyderabad India
Collection Sahib Digitization eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّ وَنُسَلِّمۡ عَلٰی حَبِیۡبِہِ الۡعُظِیۡم

هو القادر
اللطیف

هو الرزاق
الهادی

۱۴۴۲

"مخضب" ِزشعراء

2020

﴿جلد اول۔ الف تا ش﴾

ترتیب وتدوین

قطمیر غوث اعظم رضی اللہ عنہ و لطیف لا اُبالی رضی اللہ عنہ

ڈاکٹر سید عبدالمهیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجاد محی الدین

سجادہ نشین رابع بارگاہ حضرت وتد دکن المعروف پتھر والے صاحب۔ کامل التفسیر۔ کامل الحدیث۔ کامل التاریخ۔ جامعہ نظامیہ

ایم اے (عربی۔ فارسی۔ اردو۔ پولیٹیکل سائنس۔ میوزولوجی۔ لائبریری سائنس)

پی ایچ ڈی میوزولوجی، آرکیول سائنس، مینواسکرپٹولوجی (لائبریری سائنس)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri Digitization eGangotri

کتاب کے بارے میں

یکے از مطبوعاتِ دار الھدیٰ سلسلہ نمبر۔219

نام کتاب : مخضب زِشعراء (جلد اول)
ترتیب وتدوین : ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی
سنہ طباعت : 11/جمادی الاولیٰ 1443ھ مطابق 16/ ڈسمبر 2021ء بروز جمعرات
سنہ اشاعت : 11/جمادی الاولیٰ 1444ھ مطابق 6/ ڈسمبر 2022ء
تعداد صفحات : 608
تعداد اشاعت : ایک ہزار (1000)
قیمت : -/4000 (مکمل سٹ)
کتابت : محمد جاوید صاحب، اطیب اعجاز قادری صاحب، محمد انوار اللہ صاحب در مطبع دار الہدیٰ
سرورق : حافظ محمد انوار اللہ صاحب (جامعہ نظامیہ)
طباعت : مطبع دار الھدیٰ، مستعد پورہ، حیدر آباد۔
ناشر : مطبع دار الھدیٰ، 13-4-486 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدر آباد۔
500 006۔ تلنگانہ اسٹیٹ۔ الہند۔

فون نمبر: 0091-9396354301, 040-2482 9438

ISBN No.
9 789391 372187

رسمِ اجرا بدست

محترم المقام حضرت العلام مولانا

سید شاہ عبداللہ حسین بادشاہ قادری حیدری مدظلہ العالی

سجادہ نشین بارگاہ سرکار لاأبالی علیہ رحمۃ اللہ

محترم المقام حضرت العلام مفکر اسلام

فقیہ دکن مولانا مفتی خلیل احمد صاحب مدظلہ العالی

شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دارالہدیٰ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پور حیدرآباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد، ناشر، مطبع یا کمیٹی، ادارہ دارالہدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپئے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپئے کا اضافہ ہوگا۔

دستیابی

13-4-486 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔ 500006

لاأبالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لاأبالیؒ کرنول۔   کاظم سیریز حیدرآباد۔

عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدرآباد۔   شیخ الاسلام لائبریری حیدرآباد

حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدرآباد۔   مینار بک ڈپو نزد چارمینار، حیدرآباد۔

ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد۔   ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدرآباد۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahab Hyderabad India

مجمل فہرست

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ
1	مختصر سوانح حضرت قطب دوراں وتد دکن سید شاہ عبداللہ شاہ قادری لا اُبالی الجیلانی علیہ الرحمۃ جن کے 125 سالہ عرس مبارک کے ضمن میں یہ 125 شعراء 125 اشعار پر مشتمل نعتِ شریف پیش کئے۔	5
2	قطعہ تاریخ سنہ اشاعت	9
3	صَفوت ۔ از۔ حضرت سید شاہ عبداللہ حسین بادشاہ قادری حیدری مدظلہ العالی سجادہ نشین بارگاہ سرکار لا اُبالی"	10
4	ضیط ۔ از۔ فقیہ دکن حضرت مولانا مفتی خلیل احمد صاحب مدظلہ العالی۔ شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ	11
5	طابِ گل۔ از۔ آفتاب سخن سردار سلیم صاحب	12
6	مت سہل ہمیں جانو۔ از۔ آفتاب سخن سردار سلیم صاحب	14
7	طرس ۔ از۔ ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی (مرتب)	18
8	غمامِ علم وادب۔ تاثرات ۔ علماء علام ، مشائخ عظام ، ادباء وشعراء کرام	23
9	فہرست نعوت، مناقب، فارسی نعوت	47
10	فہرستِ گرہ (نعوت) بہ طرح "دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ"	52
11	فہرست گرہ (مناقب) بہ طرح "ایک سو پچیسواں ھے عرس عبداللہ کا"	993
12	فہرست گرہ (مناقب) بہ طرح "عرس آیا ھے سوا سو سالہ عبداللہ کا"	1043
13	فہرست گرہ (فارسی نعوت) بہ طرح "ترحم یا رسول اللہ ترحم"	1151
14	منظوم استقبالیہ۔ منجانب: محترم جناب اطیب اعجاز قادری صاحب	1158
15	مشاعرے کی رپورتاژ۔ (۱) اطیب اعجاز قادری صاحب (۲) آفتابِ سخن سردار سلیم صاحب	1193 1196
16	فہرست مطبوعات دارالہدیٰ۔ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب۔ حیدر آباد	1199
17	مشاعرہ کا دعوت نامہ و مشاعرہ کی تصویری جھلکیاں	1201

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Digitization eGangotri

مختصر سوانح حیات و تذکرۂ حضرت سید عبداللہ شاہ قادری لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

جن کے سوا سو سالہ عرس شریف کے ضمن میں یہ مشاعرہ منعقد کیا گیا۔

آپ کی ولادت سنہ ۱۲۵۰ھ مطابق ۱۸۳۴ء میں ادونی ضلع کرنول میں ہوئی۔ آپ کے والد ماجد کا نام حضرت سید غلام حسین قادری لا ابالی الجیلانی ہے۔ آپ کے دادا محترم مجذوب المجاذیب حضرت سید محی الدین پاشاہ قادریؒ نے اپنی حینِ حیات ہی میں ادونی سے حیدرآباد بلا کر اپنا جانشین منتخب بنالیا تھا۔ مگر آپ اپنے آبائی وطن میں ہی مقیم تھے۔ آپ کے حیدرآباد آنے کی وجہ یہ ہوئی کہ آپ کے دادا حضرت نے خواب میں آپ کو یہاں آنے کا حکم دیا۔ آپ ادونی سے نکل کر مختلف مقامات کی سیر و سیاحت اور دین اسلام کی ترویج و اشاعت کرتے ہوئے پٹھان چیرو (موجودہ پٹن چیرو) کے قریب موضع مُتنگی میں لب سڑک مسجد میں قیام فرمایا۔ اس وقت آپ کی عمر شریف ۳۵ برس تھی۔ جب تین دن تک آپ مسجد سے باہر نہ نکلے تو اہل قریہ اس بات سے متعجب ہوگئے کہ حضرت نہ کچھ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں اور نہ دوسری ضروریات کے لئے باہر نکلتے ہیں۔ چوتھے دن مُتنگی کے مالی پٹیل فرید صاحب اور کچھ اہلِ قریہ مسجد میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ آپ ذکر خداوندی میں مشغول تھے۔ بہت دیر بعد جب آپ ذکر سے فارغ ہوئے تو فرید صاحب اور دوسرے لوگ آپ کی اس کرامت سے بے انتہا متاثر ہوکر آپ کے مرید ہوگئے۔ مزید کچھ عرصہ آپ وہاں قیام فرمائے اور اس دوران ایک دینی مدرسہ قائم کرکے طالبین حق کو دینی تعلیم سے آراستہ فرماتے رہے۔ تعلیم کے مقررہ وقت کے بعد اکثر خاموشی اور ذکر و اذکار میں گزارتے۔ بعدہٗ حیدرآباد تشریف لائے اور موجودہ مقام پر اپنے دادا حضرت کی تربیت میں رہ کر علوم باطنی کی تکمیل فرمائی۔ تین سال بعد حضرت مجذوب المجاذیب سید شاہ محی الدین بادشاہ قادری لا ابالیؒ کا بعمر ۱۱۰ سال وصال ہوا، اور آپ اپنے دادا حضرت کے جانشین ہوئے۔ اس وقت آپ کی عمر شریف ۳۸ سال تھی۔

حُلیہ :

آپ بلند قامت۔ گندمی رنگ۔ ابرو غیر پیوستہ۔ بلند بینی۔ سینہ کشادہ۔ چہرہ بارعب۔ جبین بلند اور گھنی ریش تھی۔

خوارق:

آپ کم سُخن، خاموش مزاج اور وقت کا زیادہ حصہ یادِ الٰہی میں گزارتے۔ بالخصوص مسجد میں عبادات کی

Collection Peer Sahib Qadari

ادائیگی کے بعد مسجد کے زیریں چھوٹے کمرے میں ذِکرِ الٰہی میں مشغول رہتے ۔ شریعت کی پابندی حد درجہ فرماتے ۔ علاوہ ازیں طریقت، حقیقت اور معرفت کی کئی منازل بھی طے فرما چکے تھے ۔ عینی شاہدین نے آپ کو مسجد کے زیریں حجرے میں شیر کے قالب میں دیکھا ۔ گھر کے اطراف جنگل کے مانند کثرت سے طرح طرح کے درخت تھے جس کے درمیان آپ شیر بن کر ٹہلتے اور پھر حجرے میں داخل ہوجاتے ۔ دیکھنے والے چونکہ خوفزدہ ہوجاتے تھے اس لئے آپ نے بعد میں لوگوں کو حجرے میں آنے سے منع فرمادیا ۔ اِس حجرے کو ''گوِی'' کہتے ہیں ۔ اس حجرہ کا سنہ تعمیر ''خانۂ انوارِ الٰہی'' ۹۶۰ ہجری ہے جو سنگ موسیٰ پر کندہ ہے ۔ اسی حجرہ کی پہلی منزل پر قطب شاہی مسجد ہے جس کا نام مسجد قطب دوراں سید عبداللہ شاہ قادریؒ حضرت ہی کے نام سے موسوم ہے ۔ مسجد کے سنہ تعمیر کی مادہ تاریخ ''خانۂ قادر'' ۹۶۱ ہجری ہے جو سنگ موسیٰ پر کندہ ہے ۔

توکّل:

آپ کی حیات مبارک درویشانہ اور متوکلانہ رہی ۔ آصفجاہی حکومت کی جانب سے ماہانہ ۲۷ روپئے چار آنے حالی بطور یومیہ مقرر تھے جس کی اجرائی بتاریخ ۹ / جمادی الثانی ۱۲۸۹ھ میں ہوئی تھی ۔ بقولِ حضرت امجدؔ حیدرآبادی

ہر چیز مُسبّب سَبب سے مانگو — مِنّت سے، خوشامد سے، ادب سے مانگو
کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو — بندے ہو اگر رب کے تو رب سے مانگو

تعمیرات:

رہائشی مکان اور مسجد کی حضرت وتد دکنؒ وقتاً فوقتاً تعمیر و ترمیم کرواتے رہے ۔ چنانچہ ایک دستاویز دیکھنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ دو تین مرتبہ آپ نے سات سو روپئے حالی کے صرفے سے مسجد اور ملحقہ کنویں کی تعمیر کروائی ۔ امام اور موذن دونوں کی تنخواہ نو روپیے حالی حضرت دِلاور النساء بیگم (نواب میر محبوب علی خاں آصفجاہ ششم کی دادی جو حضرت مجذوب المجاذیبؒ کی مریدہ تھیں) اپنی جانب سے دیا کرتی تھیں ۔ مگر اُن کے انتقال کے بعد یہ سلسلہ موقوف ہوگیا ۔

جوانوں کا پہرہ:

حضرت وتد دکنؒ کی ایک مریدہ سردار بیگم نے دِلاور النساء بیگم سے خواہش کر کے درگاہ شریف اور رہائشی مکان پر چار پہرے دار مقرر کئے ۔ یہ بات سر سالار جنگ اوّل کے عہد کی ہے ۔ اِن ہی کی دستخط سے پہرے داروں کا

Hazrat Haadi-E-Deccan Literary & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

تقرر ہوا تھا۔ ایک دِن آڑ دو، دو جوان پہرہ دیتے۔ پہرہ داروں کی تنخواہ محکمۂ نظامت جمیعت صرف خاص سے مقرر تھی۔ جوانوں کا پہرہ تقسیم ہند یعنی ۱۹۴۷ء تک تھا اس کے بعد موقوف ہوگیا۔

سفر حج و زیارت:

پُرانے کاغذات کے مطالعے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ حضرت وتد دکنؒ تیرھویں صدی کے اوائل میں حج بیت اللہ کو تشریف لے گئے تھے۔ حج کے بعد مدینہ طیبہ میں زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوکر بغداد شریف گئے اور کربلائے معلیٰ، کاظمین شریفین و نجف اشرف وغیرہ کی بھی زیارتیں فرمائیں مگر یہ تفصیل معلوم نہ ہوسکی کہ اس سفر میں آپ کے ہمراہ کون کون تھے؟ اور یہ سفر کس سنہ میں ہوا تھا؟

ازواج و اولاد:

حضرت وتد دکنؒ کی چار ازواج تھیں جن سے مختلف اوقات میں آپ نے عقد فرمایا۔ آپ کو ایک صاحبزادے سید حُسین قادری تھے جو بچپن میں انتقال کر گئے۔

جائے نشینی:

اپنے صاحبزادے کے پیدائش کے چھ ماہ بعد ہی انتقال کر جانے کے بعد حضرت وتد دکنؒ نے اپنے حقیقی برادرِ خورد سید شاہ غوث قادریؒ کے بڑے صاحبزادے فخر اولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا ابالی الجیلانیؒ کو اپنی زندگی میں ہی اپنا جانشین مقرر فرما دیا اور وصیت بھی حضرت فخر اولیاءؒ کے نام فرما دی جبکہ آپ کا قیام ابھی ادونی میں ہی تھا۔ اس وصیت کے مطابق حضرت وتد دکنؒ کے وصال کے بعد حضرت فخر اولیاءؒ کو آپ کا جائے نشین بنایا گیا۔

کرامت:

حضرت وتد دکنؒ کی بے شمار کرامات اور پیشن گوئیاں ہیں جو تذکرہ اجداد ھادی میں تفصیل سے موجود ہے یہاں صرف ایک کرامت تحریر کی جاتی ہے۔ آپ کو علمِ تصوّف میں بڑا دخل تھا۔ سلوک کے کئی مدارج طے فرما چکے تھے۔ اور اپنے مریدین میں سے بعض کو باطن میں اعلیٰ و روحانی مقامات تک پہنچا چکے تھے۔ خصوصاً مریدین کو تصوف کی تعلیم سے بہرہ ور فرماتے۔

ایک مرتبہ ذات وصفاتِ خداوندی کے نکات سمجھا رہے ہے اور ذات باری تعالیٰ میں اپنے آپ کو فنا کر کے بقا کا درجہ حاصل کرنے کے رموز کی تعلیم فرمارہے تھے۔ سمجھائش کی غرض سے آپ نے چنے کا ایک دانہ زمین میں بودیا اور پانی ڈالا۔ خدا کی قدرت سے تھوڑی دیر بعد ہی چنے کا پودا زمین سے اُگا اور بڑا بھی ہوا۔ چند ہی منٹ میں اس کو چنے کے دانے بھی نکل آئے۔ اور آپ چنے کے دانے توڑ کر مریدین میں تقسیم فرمائے اس طرح حاضرین درس نے بے موسم کا چنا کھایا۔

وِصال:

حضرت وتد دکنؒ نے اپنے وصال سے چھ ماہ قبل ہی اپنی وفات کی تاریخ اور مہینہ بعض مریدوں سے پیشن گوئی فرما چکے تھے اور وصال سے صرف ایک ہفتہ قبل مریدین کی خواہش پر چنکومل کے دورہ فرمائے اور تین چار دن قیام کے بعد گھر واپس ہوئے اِن باتوں کی وجہ سے حضرت کی پیشن گوئی کا بعض لوگوں کو یقین نہ آیا مگر آپ کے کہنے کے مطابق ۲ / جمادی الاول ۱۳۱۷ھ مطابق ۱۸۹۹ء بروز شنبہ بوقت صبح بعمر (۶۷) سال بعہد نواب میر محبوب علی خاں آصفجاہ ششم حضرت وتد دکنؒ کا وصال ہوگیا۔

حضرت وتد دکنؒ کی تدفین آپ کے دادا محترم مجذوب المجاذیب حضرت سید محی الدین پاشاہ قادریؒ کی سیدھی جانب عمل میں آئی۔ آپ کا مزار شریف احاطہ درگاہ میں داخل ہونے کے بعد دروازے کی سمت سے دوسری کمان میں ہے جس پر پتھر اور گچ کی پختہ عمارت موجود ہے۔ مزار کا طول ساڑھے چھ فیٹ، عرض ساڑھے تین فیٹ اور اونچائی سوا تین فیٹ ہے۔ چند تاریخی سنگ موسیٰ کے قدیم کتبات بھی ہیں۔

از

ڈاکٹر سید محی الدین قادری ھادی لاابالی الجیلانی
والد محترم مرتب و مدون گلدستہ ہذا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Quadri Collection, Hyderabad. Digitization eGangotri

قطعہ تاریخ سنہ اشاعت در صنعت لطیف

۱۴۴۲ھ و 2020ء

صنعت لطیفی
گلدستہ پیارا
سنہ ہے مہیمن
مخضب زشعراء

نتیجہ فکر

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لااُبالی سجاد پاشاہ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

صفوت

اردو شعر و ادب کا خانقاہوں سے غیر معمولی تعلق خاطر رہا ہے۔ جس کی عمدہ مثال یہ گلدستہ ''مخضب زِشعراء'' ہے۔

حضور غوث الاعظم دستگیر رضی اللہ عنہ کے چشم و چراغ حضرت سید الابدال سید شاہ عبداللطیف قادری لااُبالی قدس اللہ سرہ العزیز حماہ شریف سے ہندوستان تشریف لائے اور آپ کے چوتھے صاحبزادہ قطب الدوائر حضرت سید شاہ طاہر قادری ادونوی قدس اللہ سرہٗ کی اولاد میں پانچویں پوتے مجذوب المجاذب حضرت سید شاہ محی الدین بادشاہ قادری قدس اللہ سرہٗ ادونی سے حیدرآباد ہجرت فرمائے۔ یہاں ایک قطب شاہی مسجد (جس کی تکمیل کا مادۂ تاریخ ''خانہ قادر ۹۶۱'' ہجری ہے) کے زیریں حصہ میں سکونت اختیار کئے اور بے شمار خلقِ خدا کو دینِ حق کے دامن سے وابستہ کئے۔

حضرت مجذوب المجاذب کے حقیقی پوتے حضرت وتد دکن سید شاہ عبداللہ شاہ قادری قدس اللہ سرہ العزیز ۱۲۸۸ھ مطابق ۱۸۶۶ء اپنے دادا حضرت مجذوب المجاذبؒ کے عرس کے موقع پر مشاعروں کا آغاز فرمائے (140-135 سالہ قدیم مشاعروں کے گلدستے آج بھی کتب خانہ ہادیٔ دکن میں محفوظ ہیں) یہ آستانہ درگاہ حضرت پتھر والے صاحب کے نام سے شہرت رکھتا ہے۔

عزیزم ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری سجاد پاشاہ نے اپنے دادا حضرت وتد دکنؒ کے ۱۲۵ ویں عرس کے موقع پر ۱۲۵ شعراء کو مدعو کیا اور ہر شاعر سے ۱۲۵ اشعار پر مشتمل نعوت مبارکہ بھی لکھوائے۔ اور سالانہ مشاعرہ ۱۳ روزہ ترتیب دیا، ان شاء اللہ جو شب و روز جاری رہے گا سوائے نمازوں کے اوقات کے۔

صرف اتنا ہی نہیں بلکہ تمام ۱۲۵ نعتیہ کلام، مناقب اور فارسی نعوت کو شائع کرنے کا بھی منصوبہ بنایا۔ جس کے نتیجہ میں یہ گلدستہ بنامِ تاریخی ''مخضب زشعراء'' - مخضب۔ ۱۴۴۲ھ۔ مخضب زشعراء۔ 2020 آج آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اب تک جتنے گلدستے شائع ہوئے ہیں وہ سب کسی ایک زبان میں ہی اشاعت پذیر ہوئے ہیں یہ منفرد کارنامہ کہلایا جاسکتا ہے کہ یہ گلدستہ فارسی و اردو دو زبانوں پر مشتمل ہے۔ اس منفرد مشاعرہ اور شاہکار گلدستہ کی اشاعت پر میں عزیزم ڈاکٹر سید عبدالمہیمن سجاد پاشاہ قادری سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کو دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں ایسے قحط الرجال کے زمانے میں ایسا کام مہیمن پاشاہ صاحب کا ہی حصہ ہے۔ اللہ آپ کے عمر و اقبال میں ترقی عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔

یہ عظیم کارنامہ گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل کیا جانا چاہئے۔

شرح دستخط

(حضرت العلامہ مولانا) سید شاہ عبداللہ حسین بادشاہ قادری حیدری (مدظلہ العالی)۔ سجادہ نشین بارگاہ سرکار لااُبالیؒ کرنول، اے پی

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sultan Hyderabad Digitization eGangotri

ضیط

الحمدللہ رب العالمین و الصلوٰۃ و السلام علی سید الانبیاء و المرسلین و الہ و صحبہ اجمعین۔ اما بعد

قرآن حکیم میں اللہ رب العزت نے جابجا رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت شریف کو بیان فرمایا۔ قرآن مجید کے علاوہ توراۃ، زبور، انجیل اور دیگر انبیاء پر نازل ہونے والے صحائف میں بھی نعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجو ہے۔

منظوم پیرایہ میں حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شان مبارک میں سب سے پہلے اشعار کہے جو سیرت اور تاریخ کی کتب میں موجود ہیں۔ نعت شریف کا یہ سلسلہ ساڑھے چودہ سو سالوں سے چلا آرہا ہے۔

عزیزی مولوی ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاأبالی سجاد پاشاہ کے والد محترم ڈاکٹر سید محی الدین قادری ہادی لاأبالی علیہ الرحمہ میرے جماعت ساتھی تھے جو مشہور عالم دین، صوفی باصفا، بہترین طبیب کے علاوہ کئی خصوصیات کے حامل گزرے ہیں۔

حضرت ہادی حضرت ھادیٔ دکن علیہ الرحمہ کے جد سید شاہ عبداللہ شاہ قادری لاأبالیؒ نے آج سے ۱۵۵ سال قبل اپنے دادا حضرت کے عرس کے موقع پر سالانہ مشاعروں کا آغاز فرمائے جس کا سلسلہ الحمدللہ آج بھی جاری وساری ہے۔ مخفی مبادکہ 130-140 سالہ قدیم مشاعروں کے گلدستے بھی موجود ہیں جن کا میں مشاہدہ کر چکا ہوں۔ سجاد پاشاہ حفظہ اللہ تعالیٰ اپنے آباء واجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ان تمام مراسم ومعمولات کا اہتمام کرتے ہیں جو زمانہ قدیم سے چلی آرہی ہے۔

اس سے پہلے 1448ھ مطابق 2017ء میں اپنے جد امجد کے 150 سالہ عرس مبارک کے موقع پر 150 شعراء پر مشتمل مشاعرہ منعقد کروایا تھا جو 30 گھنٹوں تک جاری رہا۔

اس مرتبہ حضرت وتد دکنؒ (جو اِن سالانہ مشاعروں کے بانی ہیں) کے 125 سالہ عرس مبارک کے موقع پر 125 شعراء کو مدعو کیا جو ان شاءاللہ 125 اشعار پر مشتمل نعت شریف اور 11 سے 25 اشعار پر مشتمل منقبت پیش کریں گے۔ اور یہ مشاعرہ 13 شب وروز جاری رہے گا۔

نعتیہ شاعری کے حوالے سے یہ 1442 سال کا پہلا طویل ترین مشاعرہ ہے۔ اور شعراء کے اشعار پر مشتمل زیر نظر گلدستہ بلکہ گلستان بنام ”**مخضب زِشعراء**“ بھی منفرد اور پہلا گلستان ہے۔

اللہ تعالیٰ عزیزم سجاد پاشاہ حفظہ اللہ کو اس کار خیر کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ (آمین)

شرح دستخط

(حضرت العلامہ مولانا مفکر اسلام فقیہ دکن) **مفتی خلیل احمد** (صاحب قبلہ مدظلہ العالی)۔ شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ حیدرآباد

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

طابِ گُل

"مخضب زِشعراء" دلچسپ بھاری بھرکم تاریخی عنوان ہے، ویسے تو حیدرآباد دکن کی مشہور بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ کے ایوان میں گزشتہ 155 سال سے مشاعرے منعقد ہوتے آرہے ہیں اور ہر سال کے مشاعرے کا ایک گلدستہ بھی ضرور شائع ہوتا ہے جس میں شرکائے مشاعرہ کا کلام شامل کیا جاتا ہے، ان قدیم یادگار گلدستوں کے کچھ سَو (۱۰۰) سَوا سَو (۱۲۵) سال پرانے نمونے میں دیکھ چکا ہوں، عام طور پر ان منتخب فن پاروں پر مشتمل رسالوں یا گلدستوں کی ضخامت 80 صفحات یا 100 صفحات کے آس پاس ہوتی ہے لیکن امسال وتد دکن حضرت سید شاہ عبداللہ شاہ صاحب قبلہ قادری لا ابالیؒ کے ایک سو پچیس (125) سالہ عرس مبارک کے موقع پر شائع ہونے والے اس عظیم وضخیم گلدستے کی بات ہی نرالی ہے، جانشین حضرت ہادیٔ دکن، مولانا ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی سجاد پاشاہ سجادہ نشین کا یہ منفرد کارنامہ ہے کہ انہوں نے ایک سو پچیس سالہ عرس کے موقع پر ایک سو پچیس شعراء کو ملک کے کونے کونے سے جمع کیا اور مشروط طور پر ہر شاعر سے طرح پر ایک سو پچیس شعر کہلوائے شروع میں جب اس مشاعرے کی بابت گفت وشنید کا سلسلہ چل رہا تھا تب یہ بات بڑی اٹ پٹی سی لگی مگر سجاد پاشاہ نے جو کہا کر دِکھایا۔

سجاد پاشاہ واقعی دھن کے پکے ہیں، کوئی سوچ سکتا ہے؟ تیرہ روزہ مسلسل مشاعرہ! یعنی تیرہ چاند اور تیرہ سورج، ایک غروب ہوتا ہے تو ایک طلوع ہوتا ہے، مجال ہے کہ روشنی ذرا بھی مدھم ہوجائے، دھواں دھار شاعری، بیدار سماعتیں، متحرک اور فعال نظامت، والینٹرس مستقلاً تازہ دم، چچا تُلا نظام الاوقات، سبحان اللہ سبحان اللہ۔ یہ اردو ادب کی تاریخ کا پہلا مشاعرہ ہے جس نے اتنا طویل سفر طے کیا ہے، سچ پوچھئے تو اس مشاعرے کے لئے گزشتہ دو سال سے تانے بانے بُنے جارہے تھے اتنا بڑا مشاعرہ کرنا کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے مگر سجاد پاشاہ دام اقبالہ، ان کے برادران ان کی پرجوش رفقا اور مریدین نے مل کر آخر اس انہونی کو ہونی میں بدل ہی دیا۔ قابل مبارکباد ہیں مولانا ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری سجاد پاشاہ صاحب ہمیشہ ہی سے نمایاں کارنامے انجام دیتے آئے ہیں،

کچھ عرصہ پہلے ڈیڑھ سوشعراء کا طرحی مشاعرہ بھی اس بارگاہ میں منعقد ہو چکا ہے، ان دنوں یہ بھی انہونی لگ رہی تھی مگر ''مشکل نہیں ہے کچھ بھی اگر ٹھان لیجئے'' کے مصداق بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں یہ کارنامہ بھی انجام دیا گیا، سجاد پاشاہ اکثر فرماتے ہیں کہ ''ہم کرنے والے کون ہوتے ہیں، اولیاء اللہ ہم سے ایسے کام کروا لیتے ہیں'' واقعی یہ سولہ آنے سچ بات ہے ۔

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زور بازو کا
نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

ان اولیاء اللہ نے حیدرآباد میں مشاعرہ کی تقدیری بدل کر رکھ دی، خانقاہوں نے ہمیشہ علم وادب کو پروان چڑھایا ہے اور یہ بارگاہ ایک ایسا ہی علمی وادبی مرکز ہے جہاں تشنگان علوم سیراب ہونے کے لئے آتے ہیں، اس بارگاہ کی لائبریری کو ہی دیکھ لیں تو آنکھیں چکا چوند ہو جاتی ہیں، ایسے ایسے علمی، ادبی، تہذیبی وتاریخی نوادرات یہاں موجود ہیں جن کی قدر وقیمت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ سجاد پاشاہ کو یہ علمی ذوق وراثت میں ملا ہے اور اچھوتے کام کرنے کی خُو انہیں قدرت نے خوب عطا کی ہے، وہ متنوع علوم پر دسترس رکھتے ہیں اور اپنے والد کی طرح علمی وادبی محاذ پر اپنی تمام تر توانائیوں کے ساتھ ڈٹے ہوئے ہیں، مکتبۂ دارالہدیٰ سے نجانے کتنی کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور نجانے کتنے دیمک زدہ اوراق کو نئی زندگی بخشی گئی ہے اور تزئین وتدوین کا یہ سلسلہ جاری وساری ہے، سجاد پاشاہ صاحب کی کاوشوں کو سلام ہے۔

2020

آخر میں یہی دعا کرتا ہوں اللہ کرے مرحلۂ شوق نہ ہو طے۔

شرح دستخط

(محترم المقام جناب آفتاب سخن) **سردار سلیم** (صاحب مدظلہ العالی)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

مت سہل ہمیں جانو......

(مرتب و مدون کے بارے میں)

کچھ شخصیتیں ایسی ہوتی ہیں جن پر قلم اٹھانا آسان نہیں ہوتا، ایسی ہی شخصیت مولانا ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی الجیلانی المعروف سجاد پاشاہ صاحب کی ہے جو بھولے بھالے سرخ سپید سہل، سادہ، باریش خوبصورت نورانی چہرے والے جواں سال ''بزرگ'' ہیں ''بزرگ'' میں نے اس لئے کہا ہے کہ اتنی کم عمری میں بھی ان میں بردباری، سنجیدگی، علم اور حلم کے سارے جوہر کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں، ریاضت اور تجارب کے جس مقام تک پہنچنے کے لئے عمریں لگ جاتی ہیں وہ مقام مولانا سجاد پاشاہ نے صغرسنی میں ہی پالیا۔ وہ صرف دیکھنے میں آسان نظر آتے ہیں، درحقیقت ان کی شخصیت کسی سمندر کی طرح بیکراں ہے۔ شاید ایسی ہی شخصیتوں کے لئے میرؔ نے کہا تھا ؎

مت سہل ہمیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں

لیکن سچ تو یہ ہے کہ ڈاکٹر سجاد پاشاہ کی بوقلموں شخصیت میرے لئے قطعی مشکل نہیں ہے کیونکہ پچھلے چند برسوں میں مجھے ان کے علمی و ادبی کارناموں کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ہے رزاقی خانقاہ کے وسیع و عریض احاطے میں، کبھی ''دارالھدیٰ'' کے دیوان خانے میں اور کبھی کتب خانے کی میز پر ہم لوگ گھنٹوں سر جوڑے بیٹھے رہتے ہیں، ڈاکٹر سجاد پاشاہ ہمہ وقت کتابوں میں گھرے رہتے ہیں آپ دن یا رات کے کسی بھی حصے میں چلے جایئے انہیں ایک دفتر عظیم کے ساتھ مصروف بہ کار پائیں گے، فائلوں، مسوّدوں اور قرطاس و قلم کے انبار میں اپنی سبز بیٹھک پر جب وہ براجمان ہوتے ہیں تو لگتا ہے جیسے کتابوں کے ڈھیر میں پھول کھل گیا ہو۔ چاروں طرف بس کتابیں ہی کتابیں، نئی پرانی فائلیں، سلیقے سے محفوظ کر کے رکھے گئے نایاب اور لاقیمت مخطوطے ازمنۂ قدیم کی کتابیں، آباواجداد کے علمی سرمائے، صرف یہی نہیں بلکہ مختلف جامعاتی شخصیات، شعراء و ادباء کی نجی لائبریریاں جو انتقال مکانی یا کسی اور وجہ سے غیر محفوظ ہو جاتی ہیں تو انہیں '' مکتبہ ھادیٔ دکن '' باقاعدہ طریقے سے اپنی پناہ میں لے لیتا ہے اس طرح اس ایک لائبریری میں کئی لائبریریاں سانس لے رہی ہیں۔ ایسا علمی ذخیرہ میں نے کسی نجی لائبریری میں نہیں دیکھا، پٹنہ کی خدابخش لائبریری اور رامپور کی رضا لائبریری کی طرح ڈاکٹر سجاد پاشاہ کے والد ماجد پیر طریقت ھادی دکن حضرت مولانا ڈاکٹر سید شاہ محی الدین قادری لا

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

ابالی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ المعروف ”حضرت ہادیؔ دکنؒ“ نے بڑی جستجو اور محنت سے اس مکتبہ کو سجایا سنوارا تھا، جس میں کئی نایاب و کمیاب کتابیں، مختلف زبانوں میں تفاسیر، احادیث، تاریخی کتابیں، فرہنگ، بے شمار ادبی خزانے، دکنی، اردو، فارسی و عربی کے علمی نوادرات، غرض کہ بارگاہ پتھر والے صاحب کے نام سے مشہور حیدرآباد کی اس نورانی خانقاہ کے ایک حصے میں علم و ادب کی ایک پوری دنیا آباد ہے۔ عام طور پر ہم نے یہی دیکھا ہے کہ جب کسی علمی یا ادبی شخصیت کا انتقال ہوتا ہے تو برسوں میں جمع کیا ہوا علمی ذخیرہ ردّی میں چلا جاتا ہے لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ کسی اہل علم کو جانشین بھی شایان شان ملے اور اپنے اب وجد کے علمی ورثے کی دل و جان سے حفاظت کرے، ڈاکٹر سجادؔ پاشاہ نے اپنے والد کے علمی ورثے کو نہ صرف محفوظ رکھا بلکہ اس میں چار چاند لگا دیے، مطبوعات دار الہدی کا جو اشاعتی پروگرام جاری ہے، اکثر کتب کی ترتیب و تدوین کے متعلق مشاورت کے سلسلے میں مجھے رزاقی خانقاہ میں حاضری کا شرف ملتا رہتا ہے اور جہاں تک میں نے دیکھا ہے ایک کتاب، ایک فن پارہ یا ایک ورق تو کجا، سجاد پاشاہ اپنے اسلاف کا ایک لفظ بھی ضائع نہیں ہونے دیتے، ایک ایک سطر کو سر آنکھوں سے لگا کر اس کی حفاظت اور اشاعت کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں، دنیا میں وہ لوگ بھی ہیں جن کے بارے میں اقبالؔ نے کہا تھا ؎

باپ کا علم نہ بیٹے کو اگر ازبر ہو
پھر پسر قابل میراث پدر کیونکر ہو

اور دنیا میں کہیں کہیں شاذ و نادر ڈاکٹر سجادؔ پاشاہ کے جیسے سعادت مند نفوس بھی پائے جاتے ہیں جن کے بارے میں بھی اقبالؔ نے کہا تھا ؎

وہ فیضان نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسمٰعیل کو آداب فرزندی

میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جہاں تک ڈاکٹر سجاد پاشاہ کا معاملہ ہے، فیضان نظر اور مکتب کی کرامت، دونوں نے مل کر سجاد پاشاہ کی شخصیت کو سنوارا اور نکھارا ہے، اس میں بہت زیادہ حصہ خود سجاد پاشاہ کی فطری صلاحیتوں کا ہے، قرطاس و قلم سے ان کا رشتہ ویسے ہی استوار ہے جیسے جسم کا روح سے، پھول کا خوشبو سے اور مچھلی کا پانی سے ہے۔ ان کی تصنیف تالیف اور ترتیب کردہ کتابوں کی تعداد 170 تک پہنچ چکی ہے۔ ڈاکٹر سجاد پاشاہ کا پہلا شعری مجموعہ ”لطائف مہیمن“ 2011ء میں شائع ہوا تھا، اس کے بعد انہوں نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا، ان کے کوائف پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے آگے بڑھتا ہوں، 27/محرم الحرام 1407ھ مطابق 3/اکٹوبر 1986ء بروز جمعہ سجاد پاشاہ کی ولادت ہوئی انہیں 3 سال کی عمر میں ڈیوڈ راپس ہائی اسکول مستعد پورہ میں شریک کروایا گیا۔ انہوں نے 7 سال کی عمر میں ناظرہ قرآن مکمل کیا۔ بقول حضرت ہادیٔ دکنؒ سجاد پاشاہ کے حفظ قرآن کے آغاز کے موقع پر نہایت پر تکلف دعوت کا

اہتمام کیا گیا تھا۔ 27 محرم الحرام 1415ھ م 1995ء کو خطیب مکہ مسجد حضرت حافظ محمد عبداللہ قریشی الازہریؒ نے حفظ قرآن کا آغاز فرمایا۔ مدرسۂ رزاقیہ میں 12 سال کی عمر میں سجاد پاشاہ نے حفظ مکمل کیا۔ پھر انہوں نے بالترتیب جامعہ نظامیہ سے مولوی، عالم، فاضل، کامل الحدیث، کامل التفسیر اور کامل التاریخ کی تکمیل کی۔ 2011ء میں پی ایچ ڈی میں داخلہ لیا اور ''خاندان سرکار لااُبالی کے علمی و ادبی کارنامے خصوصاً عربی زبان کی اشاعت وترویج'' کے عنوان پر مقالہ تحریر کیا اور 2020ء میں ڈاکٹریٹ کی تکمیل کی، دینی علوم کے شانہ بہ شانہ سجاد پاشاہ نے عصری علوم وفنون کے حصول میں بھی کوئی کسر نہ چھوڑی، ایس ایس سی اور انٹرمیڈیٹ کے بعد انہوں ڈینٹل ہائیجینٹ، BLIS (بیچلر آف لائبریری سائنس) کورس کیا۔ ایم اے' میوزولوجی' پولیٹیکل سائنس' لائبریری سائنس' فارسی اور اردو بھی کیا۔ پی ایچ ڈی مینواسکپٹولوجی' آرکیول سائنس' میوزولوجی کی تکمیل کی' لائبریری سائنس سے ڈاکٹریٹ کے لئے مقالہ یونیورسٹی میں داخل کردیا جاچکا ہے' اس وقت خواجہ بندہ نواز یونیورسٹی گلبرگہ سے پی ایچ ڈی اردو بعنوان ''صنائع تاریخ گوئی کی تحقیق و تدوین'' جاری ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی ڈگریاں انہوں نے حاصل کیں اور اپنی لائبریری کے تحفظ اور اس کی ترقی و ترویج کے لئے مخطوطات اور نوادرات کے تحفظ وترمیم کی تربیت میں مہارت حاصل کی، نیز قومی سطح پر بے شمار علمی وتحقیقی پراجیکٹس میں انہوں نے علمی طور پر حصہ لیا آج وہ ترجمہ، تحقیق، تالیف، تدوین وترتیب میں اتنی مہارت حاصل کرچکے ہیں کہ ملک وبیرون ملک کے بے شمار سرکاری وخانگی ادارے انہیں مدعو کرتے ہیں۔ کشمیر سے کنیا کماری تک اور مصر سے ملیشیا تک کئی شہروں اور کئی ملکوں کا وہ سفر کرچکے ہیں اور انہیں بے شمار انعامات واعزازات سے نوازا جاچکا ہے جن میں سے چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔

- ☆ ملک شام کا گراں قدر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ (2017) ۔
- ☆ عراق کا جمعیۃ رابطۃ العلمأفی العراق کی جانب سے عطا کردہ کارنامہ حیات ایوارڈ (2018)۔
- ☆ دیوان الوقف السنی۔ بغداد شریف، عراق کا ایوارڈ۔
- ☆ گلوبل بزم اتحاد جدہ کا سپاس نامہ (2019)۔
- ☆ انتظامیہ پٹروناس ٹاور ملیشیاء کا ایوارڈ (2020)۔
- ☆ گلوبل بزنس لیڈر شپ کا اکسلنس ان کنزرویشن آف مینواسکرپٹس ایوارڈ (2020)۔
- ☆ صاحبزادہ شوکت علی خاں صاحب فاؤنڈر ڈائرکٹر مولانا ابوالکلام آزاد عربی و فارسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ٹونک، راجستھان کی جانب سے پیش کردہ خطاب ''محقق عالم، امیر الامراء، دبیر الملک (2017)۔
- ☆ حضرت بحر العلوم مولانا عبدالعلی فرنگی محلی ایوارڈ 2017ء منجانب تمل ناڈو اردو پبلیکیشن وتمل ناڈو اردو لٹریچر (مدراس)۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

اور ایسے کئی قومی وبین الاقوامی ایوارڈوں سے انہیں نوازا جاچکا ہے۔ یہ سب ان کی انتھک محنت اور مشق ومزاولت کا نتیجہ ہے۔ سفر ہو یا حضر وہ ہر وقت اپنا دفتر اپنے ساتھ رکھتے ہیں، شاعری ہو یا انشا پردازی، عروض ہو یا جمل عربی، فارسی، اردو ہر میدان میں ان کا اشہب قلم دوڑتا رہتا ہے، گزشتہ کچھ دنوں سے انہیں فن تاریخ گوئی سے ایسی دلچسپی ہوئی ہے کہ قطعات تاریخ کی ڈھیر لگ گئی، انہوں نے نہ صرف مروجہ صنعتوں میں تاریخیں نکالی ہیں بلکہ کچھ انوکھی صنعتیں ایجاد بھی کرڈالیں۔ فی الحال جو سینکڑوں کتابیں زیر اشاعت ہیں ان میں ہر کتاب کے لئے سجاد پاشاہ نے الگ الگ صنعتوں میں تین یا کم از کم دو قطعات ضرور کہا ہے۔ ان قطعات کے اعداد کی ترتیب کا عجیب وغریب فن اور ریاضی کی جدت کاریوں کو دیکھ کر سر چکرا جاتا ہے۔ ڈاکٹر سجاد پاشاہ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ہر کام منفرد انداز میں انجام دیتے ہیں، جیسے اپنے جد اعلی کے 150 سالہ عرس کے موقع پر 150 کتابیں شائع کیں اور ایک سو پچاس شاعروں کا طرحی مشاعرہ کرڈالا۔ سوچنے میں یہ ایک ناممکن سا کام لگتا ہے مگر اللہ تعالیٰ نے انہیں کچھ ایسی غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازا ہے کہ عجیب وغریب منصوبے بناتے ہیں اور ان پر سنجیدگی کے ساتھ عمل پیرا ہوجاتے ہیں اور اپنے ہر منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچا کر ہی دم لیتے ہیں، چشم زدن میں جو عمل ناقابل عمل نظر آتا ہے اسے وہ آسانی سے قابل عمل بنا کر چھوڑتے ہیں، جب انہوں نے ڈیڑھ سو شاعروں کے طرحی مشاعرہ کا ارادہ کیا تو شہر بھر میں چہ میگوئیاں شروع ہوگئیں، سب لوگ اسے امر محال سمجھ رہے تھے بلکہ ناممکن کا فتوی بھی ہر کس وناکس نے صادر کردیا تھا اور جب سجاد پاشاہ نے یہ عظیم الشان مشاعرہ کامیابی کے ساتھ کردکھایا تو لوگ صم بکم انگشت بدنداں پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھتے رہ گئے، بخدا مجھے عجیب وغریب باتیں بہت پسند ہیں اس لئے میں سجاد پاشاہ کے ہر عجیب وغریب فیصلے میں آنکھیں موند کر ان کے ساتھ ہوجاتا ہوں، کیونکہ میں جانتا ہوں وہ جو کہتے ہیں کر دِکھاتے ہیں۔ انہوں نے بہت چھوٹی سی عمر میں بڑی بڑی ذمہ داریاں اپنے کندھے پر لے لی تھیں، والد کے وصال کے بعد نہ صرف خاندان کی ذمہ داری بلکہ خانقاہ کی ذمہ داری، والد کے علمی مشن کی ذمہ داری اور نجانے کیا کیا ذمہ داریاں تھیں جنہیں نبھانے کے لئے سجاد پاشاہ کو عنفوان شباب میں ہی بزرگی اختیار کرنی پڑی، آج اپنے اسلاف کی ڈگر پر کامیابی کے ساتھ گامزن ہیں، اپنے چھوٹے بھائیوں کو ساتھ لے کر مریدین ومعتقدین کے قافلے کو سنبھالتے ہوئے، قرطاس وقلم کی ریاضت، علم وادب کی آبیاری کو اپنا نصب العین بنا کر وہ ثابت قدمی اور اولوالعزمی کے ساتھ منزل بہ منزل روشن مستقبل کی طرف رواں دواں ہیں۔ دعا ہے کہ وہ ہمیشہ تازہ دم رہیں اور ایسی تیز گامی کے ساتھ علم وعمل کے میدان میں آگے بڑھیں ”اللہ کرے مرحلۂ شوق نہ ہو طے“۔

سردار سلیم

3-11-2020

طرس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحَمدُلِلّٰہِ الاَحد الصَّمدِ المَعبود۔ الملِک القَادر المَقصود۔ اَشھد اَن لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لَہ وھو الموجود۔ و اَشھد ان سیِّدنا و شفِیعنا و ملاذِنا و مولانا محمَّدًا صلی اللّٰہ علیہ و الہ و سلم الحَامِدُ والمحمود۔ و علٰی الہٖ و اَزواجہٖ و ذریتہٖ و صَحْبہ و ھم شاھدٌ و مشھود۔

اللہ نے ہر انسان کو اُس کی مقرر کردہ حیات بخشی ہے لیکن اس مختصر اور مقرر کردہ حیات میں کچھ ایسے کام لے لیتا ہے جسے اللہ زندہ رکھنا چاہتا ہو۔ رحمة للعالمین قائد الغر المحجلین سرور کائنات سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ پر رہتی دنیا تک لکھا جاتا رہے گا۔ اور ان تمام تحریروں میں نعت پاک کا مقام سب سے افضل و اعلیٰ ہے۔ مجھ حقیر فقیر کو اللہ نے یہ اعزاز بخشا کہ، نعت پاک کی ایسی محفل سجاؤں جو دنیائے علم و ادب کی محافل میں بے مثل و بے نظیر مجلس ہو۔ یہ خیال دو سال قبل اللہ نے میرے ذہن میں ڈال دیا۔ اور میں نے فوراً ایک مشاورتی اجلاس طلب کیا۔ علماء و مشائخ اور ادباء و شعراء سے اس کی بابت مشورے حاصل کئے۔

ایک سو پچیس (125) ویں عرس شریف کے موقع پر ایک سو پچیس (125) شعراء کا مشاعرہ اور ہر ایک نعت ایک سو پچیس (125) اشعار پر مشتمل ہو مزید یہ کہ منقبت اور فارسی نعت شریف کے کم از کم گیارہ، زائد از پچیس شعر ہوں۔ جب یہ تمام باتیں اجلاس میں پیش ہوئیں تو ابتداء میں سبھی کو یہ ناممکن سا لگا۔ لیکن اللہ نے میرے دل میں یہ یقین پیدا کر دیا کہ یہ ممکن ہے۔ بہر حال مشیروں نے حامی بھری، پھر کیا تھا، اس مبارک کام کا باضابطہ آغاز ہوا۔ اور مسلسل میں نے دو سال اس مشاعرے کی تیاری میں خود کو مشغول رکھا۔

حالات کئی آئے، شعراء کی فہرست بنانا، مہمان و میزبان شعراء کا انتخاب کرنا، وقت سے پہلے شعراء کو اطلاع دینا، کلام عرس سے قبل جمع کرنا اور گلدستے کو ترتیب دینا، اشاعت کے مراحل، عرس کی تیاریاں، دعوت ناموں کی تقسیم، کلام کی ترتیب، دیگر امور الغرض کہ کام ایک ہی سال میں تکمیل کو پہنچنا تھا۔ اور ۲۰۲۰ء میں یہ

تاریخ ساز مشاعرہ منعقد ہونا تھا۔ لیکن کورونا وباء نے نظام العمل کو منتشر کر دیا۔ ہوتا وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے۔ ۲۰۲۰ء نہ سہی ۲۰۲۱ء میں یہ مشاعرہ منعقد ہو رہا ہے۔

رات اور دن کے مسلسل ساتھ چلنے کے بعد الحمدللہ یہ کام تکمیل پایا۔ تمام کلام یکجا ہوئے، کچھ شعراء محرّم ہوئے، کچھ محروم تو چند مرحوم بھی ہو گئے۔ مرحومین میں کچھ شعراء کی زندگی کا آخری کلام یہی نعت پاک رہی جو کہ ایک سو پچیس اشعار پر مشتمل ہے۔ ایک نعتیہ کلام کے جملہ اشعار ۱۲۵۔ 125x125=15225 جملہ نعوت کے اشعار ہوئے ہیں۔ منقبت کے کم از کم گیارہ اور زائد از ۲۵ اشعار۔ اس کے علاوہ فارسی نعتِ شریف کے تین کلام جن میں دو کلام ۲۵ اَشعار پر مشتمل ہیں جب کہ ایک کلام کے بائیس اشعار ہیں۔ میں نے ہر کلام کا ایک ایک شعر خود پڑھا ہے جس کی وجہ سے مندرجہ ذیل چند باتیں پیش ہیں۔

ان ایک سو پچیس شعراء میں چند دیگر مکاتب فکر کے شعراء بھی ہیں۔ اردو اور ہندی کے شعراء بھی ہیں لیکن واضح رہے کہ تمام کا کلام اردو ہی میں دستیاب ہوا۔ صحت شعر کی ذمہ داری شاعر پر ہوتی ہے۔ ہر طرح کے شعراء مجھے اس میں نظر آئے۔ سب کی ندرت اور خیال بھلے ہی مختلف ہوں مگر عموماً طرحی مشاعروں میں خیالات کا ٹکراؤ ہو ہی جاتا ہے۔ باوجود اس کے یہاں کم ہوا۔ بہت سی خوبیاں بھی ہیں۔ کچھ کچھ خامیاں بھی رہیں، لیکن تمام کی کاوش ناقابل فراموش ہے۔

ایک شاعر نے اپنے کچھ اشعار کو مکرر بھی لکھا ہے، کچھ اشعار ایسے بھی ہیں جن کے مصرع اولیٰ کا مصرع ثانی سے کوئی ربط ہی نہیں، کچھ اشعار ایسے بھی ہیں جن میں شاعر کا خیال واضح نہیں ہوتا۔ کچھ شعراء نے محاوروں اور کہاوتوں کو بہت ہی شاندار طریقے سے استعمال کیا ہے۔ اشارے اور کنائے بھی خوبصورت برتے ہیں، چند شعراء محاوروں کو غلط استعمال کئے اور چند نے محاوروں میں چار چاند لکھا دیئے۔ چند شعراء نے الفاظ کو قاعدہ کے مطابق نہیں باندھا۔ جیسے گُلمہَ کو گُلمہٗ، کچھ اشعار ایسے بھی ہیں جن کے انوکھے مضامین، خیال اور لفظوں کی بندشوں کو پڑھتے ہوئے اشک رواں ہو گئے، بعض شعراء کا اِملا بھی درست نہیں تھا (مگر انھیں درست کر دیا گیا ہے) مثلاً: مسئلہ کو مصلہ، حاضری کو حاظری، یقیناً کو یقینن، فاتحہ کو فاطحہ، قافیہ کو قافعہ، نعلین کو نالین، تمغہ کو طمغہ، بغض کو بغز، مرتبہ کو مرطبہ، آل کو عال، طیبہ کو طعیبہ، مصرع کو مصراء، نصب کو نسب وغیرہ لکھا گیا تھا۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rehman Hyderabad Digitization eGangotri

اکثر شعراء کے مصرعوں میں ٹکراؤں بھی ہوا ہے جیسے۔ سلسلہ در سلسلہ یا مصطفیٰ۔ مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ۔ آپ کے در کا گدا یا مصطفیٰ۔ آپ ہیں رہی شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ۔ آپ ہیں رہی بدر الدجی یا مصطفیٰ۔ مرحبا صد مرحبا یا مصطفیٰ۔ آپ ہی رہو ہیں ابتداء یا مصطفیٰ۔ آپ ہی ہو رہیں انتہاء یا مصطفیٰ۔ وغیرہ۔

بعض شعراء کے ہاں ان مصرعوں کا بار ہا ٹکراؤ دیکھنے کو ملتا ہے۔ اس کے علاوہ ندرت کے اعتبار سے بھی چند شعراء نے کمال کر دِکھایا ہے۔ جیسے محمد یوسف ندیمؔ صاحب پونہ، مہاراشٹرا نے ۱۲۵ مطلعوں پر مشتمل نعت شریف لکھی ہے۔ محمد محبوب اشرف صاحب پٹنہ، بہار نے 125 گرہوں پر مشتمل نعت شریف لکھی۔ علاوہ ازیں احقر راقم الحروف نے نعت اور منقبت کے ہر شعر میں تلمیح (قرآن پاک یا حدیث پاک) کا استعمال کیا ہے اور کلام کی تخریج بھی کر دی ہے۔

اس کے علاوہ قوافی کی شاعری میں بڑی اہمیت ہوتی ہے اور اس اعتبار سے کچھ شعراء نے منفرد قوافی کا استعمال کیا ہے۔ مثلاً: سید بدر احمد نے عندیہ' ڈاکٹر میر مرتضیٰ لطیفی صاحب نے رِبا، نابعہ، کامل حیدر آبادی صاحب نے جامعہ' دیوالیہ، ناظم مشاعرہ اطیب اعجاز قادری صاحب نے جھنجھنا، ڈاکٹر معین افروزؔ نے چھّا (اِچّھا، خواہش)، اسد کربلائی نے ہرملہ، والدہ اور اسلم ماجد جبلپوری صاحب نے ۱۰ تا ۱۲ منفرد قوافی استعمال کئے۔ یہ وہ قوافی ہیں جن کا دیگر شعراء کے ہاں استعمال نہیں ملتا۔

چند شعراء نے گلدستہ میں کلام کے اشاعت کے متعلق کہا کہ ''ہماری بغیر اجازت کلام کو گلدستہ میں کیسے شائع کیا جا رہا ہے'' اس صورت میں معترض شعراء کے کلام کو ہٹا کر دوسرے شعراء کے کلام کو شامل کر دیا گیا۔

الغرض کہ تمام شعراء حضرات نے اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضا اور خوشنودی کے لئے صدق دل سے نذرانۂ نعت کے اشعار کو قرطاس پر پھولوں اور خوشبوؤں کی مانند بکھیر دیا ہے۔ جس کی خوشبو نہ صرف دنیائے ادب کو معطر کرے گی بلکہ خود شعراء کی ہستیاں ان شاء اللہ حال سے ابد تک ان خوشبوؤں میں تر رہیں گی۔

الحمد للہ اس تاریخ ساز تیرہ روزہ مشاعرے کا اول مقصد اللہ کی خوشنودی حاصل کرنا ہے اور دوسرا مقصد و ارمان یہ ہے کہ ان نعوت مقدسہ کے صدقے ہماری بخشش کا سامان ہو جائے۔ آخر میں مَیں اللہ رب العزت کا شکر بجالاتا ہوں کہ اُس نے ہمارے خواب کی خوبصورت تعبیر عطا فرمائی۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Collection Digitization eGangotri

اس گفتگو کے بعد میں شکریہ ادا کرتا ہوں بالخصوص سر پرست مشاعرہ فقیہ دکن مفکر اسلام حضرت العلامہ مولانا مفتی خلیل احمد صاحب دامت برکاتہم، شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ۔ نگران مشاعرہ آفتاب سخن جناب سردار سلیم صاحب، نائبین صدر مشاعرہ برادر ثانی مفتی الحاج سید عبدالمتعال قادری لااُبالی رہبرؔ صاحب، برادر ثالث مفتی الحاج سید عبدالمستعان قادری لااُبالی محیؔ صاحب، سکریٹری مشاعرہ برادر رابع مفتی الحاج سید عبدالمقسط قادری لااُبالی قادرؔ صاحب، برادر خامس مفتی الحاج سید عبدالمؤخر قادری لااُبالی ارشادؔ صاحب، ناظم مشاعرہ اطیبؔ اعجاز قادری صاحب، مفتی محمد اسلم خان احقرؔ صاحب، ڈاکٹر سید معین الدین افروزؔ اور مفتی محمد منیب رزاقی طاہرؔ صاحب۔

ان کے علاوہ کتاب کی طباعت و اشاعت کے مراحل کو سَر کرنے والے حضرات جناب محمد جاوید صاحب، جناب مولانا محمد انوار اللہ صاحب' جناب محمد عبدالرزاق صاحب در مطبع دارالہدی، ان کے علاوہ تمام معتقدین وشیدائیان اولیائے کرام اس گلدستے کے ہر قاری اور کلام کے ہر سامع کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اللہ سے دعا گو ہوں کہ مَیں نے صدق دل سے صرف اور صرف اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا اور خوشنودی کے لئے یہ کام سرانجام دیا ہے۔ اللہ ہماری اس کاوش اولیٰ کو قبول ومقبول فرمائے۔ اور تادم زیست اس طرح کے کام ہم سے لیتا رہے۔ یہ جذبہ ہمارے ساتھ ساتھ ہماری نسلوں میں بھی منتقل فرمائے۔ لکھنے پڑھنے سُننے سمجھنے میں اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہو تو اپنے فضل وکرم سے معاف فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

ایک ضروری بات یہ بھی کہہ دوں کہ کتابت کی اگر کوئی غلطی نظر آئے تو درگزر فرمائیں۔

کلام واشعار کی تعداد بہ یک نظر

اردو نعتِ شریف کے جملہ کلام کی تعداد 125 ھے اور اشعار کی تعداد۔ 15,625

اردو منقبت طرح اول کے جملہ کلام کی تعداد 34 اور اشعار کی تعداد۔ 457

اردو منقبت طرح دوم کے جملہ کلام کی تعداد 89 اور اشعار کی تعداد۔ 1086

فارسی نعتِ شریف کے جملہ کلام کی تعداد 3 اور اشعار کی تعداد۔ 58

اس تاریخ ساز عہد ساز شعر و ادب کی تاریخ کے پہلے ضخیم گلدستہ میں جملہ کلام کی تعداد 251 ہے اور جملہ اشعار کی تعداد۔ 17,226

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

شعراء کے لئے قواعد وقوانین

مندرجہ ذیل قواعد وقوانین شعراء کے لئے مرتب کئے گئے تھے۔

(۱) اردو طرحی نعتِ شریف 125 اشعار پر مشتمل ہو۔

(۲) اردو طرحی منقبت کم از کم 11 زائد از 25 اشعار پر مشتمل ہو۔ 11 سے کم 25 سے زائد اشعار شامل نہیں کئے جائیں گے۔

(۳) فارسی طرحی نعتِ شریف کم از کم 11 زائد از 25 اشعار پر مشتمل ہو۔ 11 سے کم 25 سے زائد اشعار شامل نہیں کئے جائیں گے۔

(۴) کلام میں ”تُو“ اور ”تیرا“ کے الفاظ استعمال نہ کریں۔ دیگر صورت میں شعر کو تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۵) بیرونِ ریاست شعراء کو نذرانہ 1125 روپئے پیش کئے جائیں گے۔ کرایہ 2 ہزار روپئے علاحدہ دیا جائے گا۔

(۶) شہر حیدر آباد اور ریاست تلنگانہ کے (ضلعی) شعراء کو 1125 روپئے مشاہرہ پیش کیا جائے گا۔

(۷) ان شاء اللہ تمام 125 شعراء کرام کا کلام گلدستہ کی شکل میں شائع کیا جائے گا۔ جس کے حقوق ادارہ دار الہدیٰ کے حق میں ہوں گے۔

(۸) کسی شاعر کو کلام کی اشاعت کے سلسلہ میں اعتراض ہونے کی صورت میں اُن کا کلام گلدستہ میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

(۹) کلام کو ارسال کرنے کے بعد کسی ہنگامی صورت کے سبب اگر شاعر شریکِ مشاعرہ نہ ہو تب بھی اندرون ریاست شعراء کو 1125 اور بیرون ریاست شعراء کو 3125 روپئے روانہ کر دیئے جائیں گے۔

(۱۰) شعراء کرام 13 دنوں میں جتنے بھی دن چاہے مشاعرے میں شریک ہو سکتے ہیں۔ قیام وطعام کا انتظام اندرون بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب رہے گا۔ تمام شعراء کو تاریخی توصیفی سند، موتیوں کی مالا، گلدستہ کا ایک نسخہ اور ہر شاعر کے نام کے اسٹامپ والا پین بطور تحفہ پیش کیا جائے گا۔

(۱۱) کلام کی ترتیب، گلدستہ میں اشاعت، اشعار میں کمی وبیشی، شعراء کی تقدیم وتاخیر، کلام پیش کرنے کے لئے تاریخ، دن اور وقت کا تعین اور دیگر ضروری امور کا بزم نادی الہادی اور دار الہدیٰ پبلیشر کے ذمہ داران کو مکمل حق حاصل رہے گا۔ اور کسی کو بھی کسی بھی قسم کے اعتراض کی گنجائش نہ ہوگی۔

از

ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لا ابالی الجیلانی۔ مرتب ومدون

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri Digitization eGangotri

غمامِ علم وادب

تاثرات علماء علام۔ مشائخ عظام۔ ادباء وشعراء کرام

(ا) شاعری اسلام میں اگر مطلوب نہیں تو نامحمود بھی نہیں۔ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بعثت کے بعد ہر شعبۂ حیات کی طرح شعبۂ شعروسخن کو بھی اپنے معجز نما اصلاح وتحسین وترمیم کے ذریعہ **ان من الشعر لحکمة و ان من البیان بسحرا** کی کُلاہ افتخار اور تاج ذریں عطا فرمایا۔

اسلامی شعراء کے تتبع میں فارسی کے علاوہ اردو زبان وادب کے شعراء کرام نے اپنے کلام بلاغت نظام سے عالمی سرمایۂ شعری میں گراں قدر اضافہ کیا۔ صوفیاء عظام نے اس عروس کلام کے حسن وجمال میں اپنے حسن خیال سے چار چاند لگادیئے۔ سعدیؒ، جامیؒ، خاقانیؒ، بیدلؒ، میرؔ، غالبؔ، اقبالؔ، جگرؔ، صفیؔ، ہادیؔ دکن جیسے سخنور کلام کے ساتھ زندہ جاوید ہوگئے۔

تاریخ کے اس تسلسل میں "مخضب زشعراء" دیکھا جائے تو ۱۲۵ شعراء کی ۱۲۵ نعتیں اردو ادب کے ساتھ مذہب کے پیرہن میں ایک تاریخ ساز اضافہ مبالغہ پر محمول نہیں کیا جانا چاہئے۔

صاحبان ادراک سخن والفاظ ومعانی بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ حیدرآباد دکن کے باذوق جوان صالح سجادہ نشین ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لااُبالی سجاد پاشاہ کے اس یادگار کارنامہ کو دلی تحسین وتبرک کے ساتھ علمی وادبی حلقے تادیر ذکر خیر کے حوالہ سے فراموش نہ کرسکیں گے۔

شرح دستخط

(حضرت العلامہ مولانا) **محمد سمیع اللہ خان قادری** (صاحب قبلہ مدظلہ العالی)

سابق صدر مصحح دائرۃ المعارف عثمانیہ یونیورسٹی

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

(۲)

حضور سرورِ کائنات فخر موجودات علیہ افضل الصلوٰاتِ و ازکی التحیات کی بارگاہِ بیکس پناہ میں ہدیۂ نعت پیش کرنا اور کما حقہ پیش کرنا ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں۔ اس شرف کا حاصل ہونا خالقِ کائنات جلّ شانہ کہ فضل و کرم اور اُس کے حبیبِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے نسبتِ محکم کی مثبت دلیل ہے۔

نعت کہنا، نعت پڑھنا، نعت سننا، نعتیہ اشعار کی نشر و اشاعت کرنا سب باعثِ نزولِ رحمت و برکت ہے۔

مجھے یہ جان کر مسرت ہوئی کہ عزیزم ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری سجاد پاشاہ سلمہ اللہ تعالیٰ نے نہ صرف ایک عظیم الشان نعتیہ مشاعرہ کے انعقاد کا عزم کیا ہے بلکہ اس میں شامل شعرائے کرام کے نعتیہ کلام کی ترتیب و اشاعت کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ اُن کی مساعی کو قبول فرمائے، اُن کی اس مبارک خدمت کے لئے انہیں اجر عظیم عطا فرمائے اور اِس مشاعرہ کو کامیاب اور گلدستۂ نعت کو مقبولِ خاص و عام فرمائے۔ این دعا از من و از جملہ جہان آمین باد۔ 6/ڈسمبر 2021ء

(حضرت مولانا) **سید شاہ وحید القادری الموسوی عارف** (مدظلہ العالی)

---

(۳)

اس دورِ فتن میں جہاں ہر طرف دجّالوں کا ہجوم ہے۔ ایسے عہد میں ہمارے یہاں چند ایسی ادبی خانقاہیں بھی ہیں، مجالس ہیں یا محفلیں ہیں جن میں ہمیشہ محافل ہوتی رہتی ہیں۔ جن کے قریب دجال آنے سے بھی خوف کھاتا ہے۔ میں ایسی ہی لوبان شخصیت ڈاکٹر سید شاہ عبدالمہیمن قادری صاحب کی بات کر رہا ہوں جن کی کاوشوں سے ایسی خوشبودار محفلیں سجتی رہتی ہیں۔ میں ایک سو پچیس ویں عرس کے موقع پر ایک سو پچیس شعراء اور ہر نعت ایک سو پچیس اشعار پر مشتمل شعراء کو مبارکباد اور دیگر حضرات کو عطر پیش کرتا ہوں تا کہ یہ خوشبوئیں ہر طرف پھیلتی رہیں، بکھرتی رہیں۔

(حضرت مولانا) **محمد مظہر الزماں** (مدظلہ العالی) ۷/ڈسمبر ۲۰۲۱ء

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(۴)

عزیزم ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاأبالی الجیلانی حیدرآباد دکن کے ایک عظیم خانوادہ ''خانوادہ سرکار لااُبالی'' کے چشم و چراغ ہیں۔ اہل خانقاہ میں یہ ایک فعال اور متحرک شخصیت کے مالک ہیں۔

اس سال اپنے دادا حضرت قطب دوراں وتد دکن حضرت سید شاہ عبداللہ شاہ قادری لااُبالی کے 125 ویں عرس مبارک کے موقع پر ایک تاریخ ساز نعتیہ مشاعرہ کا انعقاد کرنے جارہے ہیں جو تمام خانقاہوں کے ذمہ داران کے لئے لائق تقلید عمل ہے۔ یہ مشاعرہ جو 13 روز و شب جاری رہے گا میں سمجھتا ہوں کہ عربی، فارسی اور اردو ادب کا یہ پہلا مشاعرہ ہے۔ کیوں کہ آج تک اتنے طویل ترین مشاعرہ کے متعلق تاریخ میں کہیں بھی پڑھنے میں نہیں آیا۔

اور 125 شعراء کے 125 اشعار پر مشتمل نعوت اور 11 سے 25 اشعار پر مشتمل مناقب کا یہ گلدستہ بھی 1443 سالوں کا پہلا گلدستہ ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم جنات نعیم عطا فرمائے۔

(حضرت العلامہ مولانا) **سید شاہ محمد قبول پاشاہ قادری شطاری**

(مدظلہ العالی سجادہ نشین بارگاہ حضرت کامل شطاری رحمۃ اللہ علیہ)

---

(۵) تاثراتِ قلبی

حضرت وتد دکن سید عبداللہ شاہ قادری لااُبالی قدس سرہ العزیز کے 125 ویں عرس شریف کے مبارک موقع پر اردو ادب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ گرامی قدر مولانا ڈاکٹر **سید عبدالمھیمن قادری لاأبالی سجاد پاشاہ** ادام اللہ اقبالہ زیب سجادہ بارگاہ حضرت ممدوح رحمۃ اللہ علیہ کی یہ کاوش یقیناً منفرد جدت، تاریخ اردو ادب میں نمایاں الفاظ میں لکھے جانے کے قابل ہے۔ صاحب موصوف کی ہی مہتم بالشان کوشش ان کے اعلیٰ موروثی علمی و ادبی ذوق کی عکاسی کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سجاد پاشاہ صاحب کو تادیر بصحت و سلامت قائم رکھے اور ان کے ذریعہ پیران عظام کے جملہ علمی و روحانی فیوض و برکات کو عام کرتا رہے۔ اس موقع پر میں بصمیم قلب سجاد پاشاہ زید مجدہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

فقط

(حضرت العلامہ مولانا) **سید شاہ محمود پاشاہ قادری زرین کلاہ** (مدظلہ العالی سجادہ نشین)

۱۶؍ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ مطابق ۲۲؍نومبر ۲۰۲۱ء

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization

(٦) الحمد للہ رب العالمین و الصلاۃ و السلام علی أشرف الانبیاء و المرسلین و علی آلہ الطیبین الطاھرین و صحبہ الاکرمین أجمعین۔

حیدرآباد دکن اپنے دامن میں 400 سالہ تاریخی، اجتماعی وثقافتی وارثت رکھتا ہے، یہ وہ سرزمین ہے جس کو سلاسل اربعہ قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ ونقشبندیہ کا فیض حاصل ہے، حیدرآباد دکن کے اولیاء کی خدمات کا احاطہ نہایت مشکل ہے۔ ان اولیاء نے تحریر تقریر وعظ ونصیت کے ذریعہ اہل دکن کے ایمان کی حفاظت فرمائی اور ان کو سچے عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنایا۔ ان ہی مشاہیر اولیاء میں خانوادہ سرکار لااُبالیؒ کا شمار ہوتا ہے۔ اس خاندان نے شعر و ادب میں ایسی خدمات انجام دیں ہیں کہ اس کو مدون کیا جائے تو کوئی دفتر بن جائیں گے۔

اسی خانوادے کے چشم چراغ عزیزم محترمی ڈاکٹر حافظ سید عبدالمہیمن قادری لااُبالی زید مجدہ کی نگرانی میں ایک تاریخ ساز مشاعرہ منعقد ہونے جارہا ہے جس میں ۱۲۵ شعراء ۱۲۵ اَشعار پر مشتمل اپنا نعتیہ کلام پیش کرنے کی سعادت حاصل کریں گے غالباً یہ نعتیہ ادب اور اردو ادب کی سعی اول ہے۔ دعا ہے کہ یہ مشاعرہ اور اس کے تمام منتظمین وشرکاء بارگاہ محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں قبولیت کا شرف پائیں۔

والحمد للہ اولا و آخرا صلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ دائمًا سرمدًا

(حضرت العلامہ مولانا پروفیسر ڈاکٹر) **محمد مصطفیٰ شریف** (قادری نقشبندی مدظلہ العالی)

المرقوم ۱۲ / ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ مطابق ۱۸ / نومبر ۲۰۲۱ء

---

(٧)

ہندوستان میں خانقاہوں، درگاہوں اور بارگاہوں کی ایک خاص پہچان اور شناخت بالعموم اعراس مبارک، محافل سماع، قل گاگر اور چادر کے جلوس وغیرہ سے ہے کبھی اس میں جلسہ عام اور سمینار وغیرہ کا بھی اضافہ ہوجاتا ہے لیکن باضابطہ تصنیف وتالیف، تاریخ گوئی اور طرحی شعری محافل کا اہتمام بہت کم جگہ دکھائی دیتا ہے۔ حیدرآباد دکن کی بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ اس اعتبار سے منفرد مقام کی حامل ہے کہ سوا سو سالہ عرس شریف کی مناسبت

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Saheb Qadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

سے ۱۲۵ شعراء کرام کے ۱۲۵ اشعار پر مشتمل نعتیہ کلام ترقیم کرنے اور سنانے کا اہتمام والتزام کا اتفاق شاید بالکل پہلی بار ہو رہا ہے۔ یہ رسم شبیری کے ساتھ شب شعری کے روپ میں ایک ادبی کرشمہ اور سخن پروری معجزہ سے کم نہیں۔ اس ندرت سخن افزاء پر زیب سجادہ مولانا ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاأبالی حیدرآبادی سجاد پاشاہ دام اقبالہ کے ذہن رسا کارنامہ ’’ مخضب زشعراء ‘‘ اور اس کے جملہ شرکاء کو بصمیم قلب مبارکباد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ علمی ادبی دنیا میں اس مجموعہ کلام کو تادیر یاد رکھا جائے گا۔ بلکہ اس سے بھرپور استفادہ بھی کیا جائیے گا۔ فقط والسلام

(حضرت العلامہ مولانا) **سید شاہ حیدر ولی اللہ نبیرہ قادری** (مدظلہ العالی۔ سجادہ نشین بارگاہ معلیٰ نلنگہ شریف)

الرقوم ۱۳ر ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ مطابق ۱۹ر نومبر ۲۰۲۱ء

---

(۸)

الحمد للہ الذی و کفی۔ و الصلوٰۃ و السلام علی عبادہ الذین اصطفی

امابعد! اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اپنے نیک سچے اور اچھے بندوں پر ہر زمانے میں ہوتا رہتا ہے۔ اس زمانے میں اس نے اپنے لائق بندے ڈاکٹر الحاج سید عبدالمھیمن القادری لاأبالی الجیلانی پر اہلیت اور صلاحیت کے سبب اپنے ایک خاص انداز سے فرمایا ہے۔ وہ خاص انداز ان کی روحانی علمی و ادبی خدمات ہیں جو ان کے اسلاف کا ورثہ ہیں۔ بظاہر ڈاکٹر الحاج سید عبدالمھیمن القادری لاأبالی الجیلانی سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ ہیں لیکن بباطن وہ اپنے اسلاف کی خوبیوں سے سرفراز ایک باعمل شخصیت ہیں۔ اس مرتبہ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ کا 125 واں سالانہ عرس شریف ہو رہا ہے اور یہ بفضل تعالیٰ ایک تاریخ ساز مشاعرہ کے سبب درگاہوں پر ہونے والے اعراس کی تاریخ ضرور بنائے گا۔

(حضرت العلامہ مولانا) **سید شاہ فضل المتین چشتی** (صاحب مدظلہ العالی)

گدی نشین بارگاہ حضور غریب نوازؒ۔ اجمیر شریف

الرقوم ۱۴ر ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ مطابق ۲۰ر نومبر ۲۰۲۱ء

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

(۹)

محترمی ومکرمی 17-12-2021

جناب ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاأبالی الجیلانی صاحب

سجادہ نشین درگاہ حضرت سید عبداللہ شاہ قادری لاأبالی الجیلانی معروف بہ پتھر والے صاحبؒ۔ حیدرآباد

آداب عرض ہے

حضرت وتد دکن آنجہانی حضرت سید شاہ عبداللہ قادری لاأبالی قدس سرہ کے اعزاز واکرام میں ہونے والے 125 ویں سالانہ عرس مبارک کے پاک موقع پر 13 روزہ مشاعرہ کا انعقاد ایک عظیم تاریخی جشن ہے۔ اس عظیم الشان مشاعرہ میں 125 شعرا کی ممکن حاضری اور 125 شعرا کے کلام کی اشاعت اپنے آپ میں ایک تاریخ ساز شاہکار ہے۔

صوفیاء کرام کے وجود مبارک کے سبب تمام عالم میں ہندوستان کی عوام ایک خاص منزلت و مقام بالا سے مفتخر و مستقر ہے۔ یہ واحد ملک ہے جہاں ولایات روحانی کا غلبہ ومحبت واحترام لوگوں کے دلوں میں بلاتفریق مذہب وملت قائم ہے اور ان شاء اللہ رہے گا۔

اس احقر الحقیر کے لئے باعث امتیاز ہے کہ اس ناچیز کا ارتباط اس درگاہ پاک مراد ”درگاہ حضرت پتھر والے صاحب“ مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد سے کئی سال پہلے شروع ہوا۔ اس بارگاہ پاک کی زیارت سے مفتخر ہوا اور مسلسل عطیات الٰہی سے ان کے سبب نوازا جاتا رہا ہوں۔

قوی امید ہے کہ عرس مبارک کے موقع پر منعقد شدنی مشاعرہ اپنی تمام شان وشوکت سے برگزار ہوگا اور 125 ناموں نعوت پر مبنی کلام اس موقع پر شائع ہوکر روح پاک حضرت وتد دکن سید شاہ عبداللہ شاہ قادری لاابالیؒ جو فارسی، عربی، دکنی کے عالم اور اپنے حلقہ اہل تصوف میں امتیازی حیثیت سے سرفراز وبالاترین مقام پر مسند نشین رہے، کو شاد ماں وخرسند اور اسی کے سبب درگاہ میں منعقدہ مشاعرہ میں حاضری دینے والوں کے قلوب کو شادمانی، تسکین ذہنی اور ثوابات متعال بخشے گا۔ آمین

(محترم المقام جناب پروفیسر ڈاکٹر) **چندر شیکھر** (صاحب)

سینئر پروفیسر، شعبہ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

زمان حاضر میں: ڈائرکٹر، لعل بہادر شاستری مرکز برائے ہندوستان ثقافت وتمدن، ہندوستانی سفارت خانہ، تاشقند، ازبکستان

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri Digitization eGangotri

(۱۰)

یہ قابلِ تحسین و قابلِ قدر بات ہے کہ بضمن ایک سو پچیس سالہ عرس شریف پیر طریقت حضرت وتد دکن سید شاہ عبداللہ قادری لااُبالی رحمۃ اللہ علیہ کے موقعہ پر زیر نگرانی ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی حفظہ اللہ سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ ایک تاریخ ساز مسلسل تیرہ روزہ "نعتیہ مشاعرہ" بتاریخ ۷ا رڈسمبر ۲۰۲۱ء سے منعقد ہونے جارہا ہے جس میں ملک کے مختلف مقامات سے تعلق رکھنے والے ایک سو پچیس شعراء کرام اپنے نعتیہ کلام پڑھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

داعی محافل قابل مبارک باد ہیں۔ اللہ تعالیٰ موصوف کی اس سعی کو قبول فرمائے اور سعادتِ دارین سے نوازے۔ "آمین" بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ و الہ وسلم

(حضرت العلامہ مولانا) **سید صغیر احمد** (صاحب مدظلہ العالی۔ شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ)

المرقوم ۱۷ر ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ مطابق ۲۳ر نومبر ۲۰۲۱ء

---

(۱۱)

الحمدللہ رب العالمین و الصلوٰۃ و السلام علی سید الانبیاء و المرسلین و علی آلہ و صحبہ اجمعین۔ امابعد!

فن شاعری کی اہمیت ظہورِ اسلام سے پہلے بھی مسلم تھی کہ بڑے بڑے شعراء نے اپنے فن کا لوہا منوایا اور ظہور اسلام کے بعد بھی اچھے اور عمدہ اشعار کہنے والے شعراء کو عزت کی نگاہوں سے دیکھا جاتا رہا۔ اور حضور پاک ﷺ نے بھی فن شاعری کی اہمیت و افادیت کو اجاگر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ان من الشعر لحکمة اور بعض اشعار سماعت فرمائے خصوصاً امیة بن ابی صلت شاعر کے کئی اشعار بڑی دلچسپی سے سماعت فرمائے۔

اور لبید نامی شاعر کا یہ شعر تو آپ نے اپنی زبان مبارک سے یہ کہتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اصدق کلمة قالها الشاعر کلمة لبید ؎

الا کُل شئ ما خلد اللہ باطل کہ ہر چیز اللہ کے علاوہ فنا ہونے والی ہے، اور یہی شعر گوئی جب حضور ﷺ کی نعت پاک اور آپ کی مدح سرائی میں کی جانے لگی تو آپ ﷺ نے اپنی خصوصی دعاؤں سے سرفراز فرمایا اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ جن کو شاعر رسول سے یاد کیا جاتا ہے ان کے حق میں تو آپ ﷺ نے

یہ دعا فرمائی کہ اللھم اَیِدہ بروح القدس کہ اے اللہ حضرت حسان ؓ کی حضرت جبرئیل ؑ کے ذریعہ تائید و مدد فرما۔ چنانچہ نعتیہ شعر گوئی کی اہمیت و افادیت کے پیش نظر ایک انوکھا اور تاریخ ساز مشاعرہ بضمن ۱۲۵ سالہ عرس مبارک حضرت وتد دکن سید شاہ عبداللہ قادری لااُبالی ؒ منعقد ہونے جا رہا ہے جس میں ۱۲۵ شعراء ۱۲۵ اَشعار پر مشتمل اپنا نعتیہ کلام سنانے کی سعادت حاصل کریں گے اور ان کے اشعار کو ایک گلدستہ بنام ” مخضب زشعراء “ میں شائع کیا جا رہا ہے یقیناً یہ کام قابل مدح اور لائق ستائش ہے اور اس مشاعرہ کا اہتمام کرنے والے اور گلدستہ کو شائع کرنے والے قابل مبارکباد ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی اور کوشش کو مشکور کرے اور دین و دنیا میں بہترین صلہ عطا فرمائے۔ آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسٓ

(حضرت العلامہ مولانا) **حافظ میر لطافت علی** (صاحب مدظلہ العالی)۔ شیخ التفسیر جامعہ نظامیہ

21 نومبر 2021ء

---

﴿83﴾ کِس نے چھیڑی بزم میں نعتِ رسول   ہے صباء نغمہ سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ کِس قدر تھا بے سبب قتلِ حُسینؓ   آسماں بھی کانپ اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ ہو کے تنہا لڑتے تھے حضرت حُسینؓ   ایسی جنگِ کربلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Sahib Qadri, Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ میرے دِل میں پھر مبارک یا دکا　　ہوگیا روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ ہے یہ سچ سارے جہاں میں خوبرو　　کون ہوگا آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آپ کے گیسو ہیں پھر بکھرے ہوئے　　مہکی مہکی ہے فَضَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آگئی باغِ مدینہ سے ہَوا　　غم زدہ دِل کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ ہوں خلاء میں غرق سر سے پیر تک　　ہو کرم روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ رحمت و بخشش کی، بندہ آپ کا　　ہے لگائے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ دین و ایمان اور قرآن و حدیث　　آپ سے ہم کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ داخلِ ایماں ہوئے حضرت عمرؓ　　لے کے قرآں جب پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ آپ نے اُس کی ضیافت خوب کی　　جب کوئی مہماں مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ پیٹ پر پتھر بندھے ہیں آپ کے　　اِس پہ بھی شُکرِ خُدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ ظلم سہ سہ کر دعاء دیتے ہیں آپ　　ایسی شفقت کی ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ کیسے بھولے اہلِ طائف کا سِتم　　پھربھی لب پر ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ مجھ کو بھی کلمہ پڑھا دیں یا نبی　　رو کے بڑھیا نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ گِر گئی تلوار اُس کے ہاتھ سے　　اور عدو نادم ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ہے بہت ہی سادگی پاکیزگی　　آپ ہے حَد پارسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ذاتِ اقدس میں وفا کا ہے خمیر　　کوئی شِکوہ نہ جفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ ہر دکھی مظلوم پر ہیں شفقتیں　　آپ ہیں غم آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ اپنی رحمت سے اِسے بھر دیجئے　　خالی دامن ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ مفلس و بیکس پہ ہے نظرِ کرم　　آپ ہیں درد آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ آپ بانی دین کے اسلام کے　　آپ سے ایماں ملا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ کی تو عظمتوں کے معترف   ہیں سبھی ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کے قدمِ مبارک کے طفیل   شہرِ طیبہ سج گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ اُس کے حق میں بھی دُعاء کرتے رہے   گر کسی نے کی جفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ کوئی مومِن ہو یا کافر ہو کوئی   سب کی خاطر ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ عابِد آپ ذاکر ہیں بہت   آپ عادل حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ بیکس و مظلوم کے ہیں چارہ گر   کون ہے پھر دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ بھیک لینے آگیا دربار میں   آپ کا سائل گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ کی برکت سے بے شک ہر جگہ   بابِ رحمت کُھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ غنچہ و گُل میں شفق میں چاند میں   آپ ہیں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ کی اُلفت محبت عشق میں   ہوگیا ہوں میں فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کی رحمت سے جو صحرا تھا وہ   رشکِ جَنت بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ کیسے بھولے گا کوئی ممکن نہیں   آپ کی بخشش عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جو رہا ہے جان کا دشمن کبھی   اب وہ ہمدم ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کی رحمت شفقت دیکھ کر   سوچتا میں رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ ایسی کی ہے رہنمائی آپ نے   مِل گیا ہم کو خُدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ آپ سے ایمان کی پھیلی ضیاء   آپ ہیں شمعِ ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ لے کے رحمت خیر و برکت آپ سے   ہو رہا ہُوں میں جُدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ کِس طرح سے اپنا حالِ دل کہوں   کیا سُناؤں ماجرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کی تو عظمتوں کے معترف   ہیں سبھی ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ہو شفاعت یا نبی ابرار کی   بس یہی ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India — Collection of Mohan Sahib Gazetteer Digitization eGangotri

احسنؔ

نام۔ :- سید حسن سعید
قلمی نام :- سعید احسنؔ
تخلص :- احسنؔ
ولدیت :- سید احمد سعید
پیدائش :- 17-12-1963
تعلیم :- بی۔ کام

شاعری کا آغاز:- 1988
شرف تلمذ:- محترم جناب حضرت ظفرؔ صدیقی صاحب، بہار
انعامات۔ (1) سردار محترم لفٹینٹ کرنل پی، ایس آنند ایوارڈ، 2012ء، اے، پی۔
(2) مناظر عاشق ہرگانوی ایوارڈ 2012۔ (3) توفیق فاروقی ایوارڈ 2012ء
(4) فخر ادب ایوارڈ 2017ء اتر پردیش۔ (5) آغاز چندن (اخبار) ایوارڈ 2018ء مدھیہ پردیش
آدھی ملاقات کے لئے۔

202, Alif, Mahal Gaon, Old Puraulia Road, Zakir Nagar West, Mango,
Jamshedpur-831020, Jharkhand
e-mail.sayeedahsn6457@gmail.com
Mobile No: 0091-7739774089

* * *

﴿1﴾ نامِ نامی جب سنا یا مصطفٰی ﷺ
پڑھ لیا صل علی یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ دوست کہتا ہے خدا یا مصطفٰی ﷺ
آپ ہی ہیں مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہیں شمس الھدیٰ یا مصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بدر الدجیٰ یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ عرشِ اعظم پر وہ کس کا نور تھا
انتہاء کی ابتدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ پر اللہ پر، ایمان ہو
تب بنے گا دائرہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ یہ فقط اللہ کہہ سکتا ہے بس
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی" ﷺ

﴿7﴾ انبیاء تو انبیاء تھے، ان میں بھی　　آپ کا کیا مرتبہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ انبیاء آتے رہے ، پر آپ پر　　رک گیا یہ سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ رات دن قرطاس پرلکھتے قلم　　آپ کی مدح وثنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ہوزباں مصروفِ مدحت دم بہ دم　　رات دن، صبح و مسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ بس یہی نقشِ قدم اور راستہ　　ہیں ہمارے رہنما یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ آپ کا دامن اگر ہم چھوڑدیں　　چھوٹ جائے گا خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ سے مل جائے گی ہرحال میں　　دردِ دل کی ہردوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ کی سنت فجر، مغرب، ظہر　　اور ہے عصر و عشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ چہرۂ زیبا کی رونق کیا کہوں　　کون ایسا دوسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ ایک امی ہو سمندر علم کا　　تھی یہی رب کی رضایا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آپ کی زلفیں مثالِ لیل ہیں　　اور چہرہ والضحٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ بھیجیں گے تحفہ دُرودوں کا مدام　　تاکہ قربت ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ میری کشتی غرق ہوسکتی نہیں　　آپ ہیں جب ناخدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ عاصیوں کی روح کو تازہ کرے　　بس مدینے کی ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ اسوۂ حسنہ نے بتلایا ہمیں　　کیا بھلا ہے کیا برا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کے اخلاق کا ثانی کہیں　　ہم نے دیکھا نہ سنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ پر انگلی اٹھا دیتے ہیں لوگ　　کیا زمانہ آگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ نام میں شامل ہے کتنی نغمگی　　مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کی سیرت سے بڑھ کر ہے کہاں　　صاف کوئی آئینہ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«26» وَید میں، توریت میں، انجیل میں   آپ ہی کا تذکرہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» آپ کو غیروں نے سو اشخاص میں   پہلے نمبر پر رکھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» آپ کی سیرت میں ممکن ہی نہیں   کوئی لغزش یا خطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» کچھ عمل نہ خوبیٔ کردار ہے   روزِ محشر آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» شافعِ محشر سے ہی امید ہے   اور کس کا آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» بس بچائے گا یہی اب آگ سے   آپ سے رشتہ مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» حق نے پوچھا ' میں تمہارا رب نہیں؟   کس نے فرمایا بلیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» آپ کی آمد کے پہلے ہی سے تھے   منتظر ارض وسما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» آپ کی آمد سے پہلے چار سو   روح پرور تھی فضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» آپ کے آنے سے ظلمت چھٹ گئی   ہرطرف پھیلی ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» آپ دنیا میں نہیں آئے تھے جب   سایۂ والد اٹھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» چھت کھلی کمرے میں بادل آگیا   اور اس نے دی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» اپنی پیدائش کے فوراً بعد ہی   آپ نے سجدہ کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» رہتی دنیا تک مجھے رکھیں گے یاد   آمنہ نے کہہ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» ختنہ بھی تھا، ناف بھی تھی ہی کٹی   ایسا پہلے کب ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» جب حلیمہ نے اٹھایا گود میں   اونٹنی تھی برق پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» کہتی تھیں، برکت اسی بچے میں ہے   یہ حلیمہ سعدیہؓ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» وہ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ کا دن   کھول کر دل رکھ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» آپ کے دادا بھی رخصت ہوگئے   یہ بھی تھا اذنِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» باپ کی شفقت ابوطالبؓ نے دی   کس کے تھے ایسے چچا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿46﴾ پیٹھ پر مہرِ نبوت دیکھ کر
جان کا خطرہ بھی تھا یا مصطفٰی ﷺ

﴿47﴾ حجرِ اسود کا تنازعہ جب ہوا
آپ نے حل کر دیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿48﴾ روزوشب روشن ہدایت کا چراغ
نور حق کا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿49﴾ جس سے ملتی ہے ہدایت روز و شب
آپ کی ذاتِ ہدیٰ یا مصطفٰی ﷺ

﴿50﴾ آپ کے ہرفعل میں پاکیزگی
آپ معیارِ صفا یا مصطفٰی ﷺ

﴿51﴾ اُس ضعیفہ کی عیادت کو گئے
جب نہیں کوڑا گرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿52﴾ سنگ کی بارش جنھوں نے کی، اُنھیں
آپ نے دی ہے دعا یا مصطفٰی ﷺ

﴿53﴾ شاعری میں آپ کی مدحت ہو بس!
اورکیا اس کے سوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿54﴾ مرتبہ منصب ہے کیا رتبہ ہے کیا
بس سمجھتا ہے خدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿55﴾ ظلم سہہ لو در گزر کرتے رہو
آپ ہی نے یہ کیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿56﴾ عارضی دنیا ہے سانس عارضی
دائمی در آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿57﴾ دل میں جو عشقِ نبی کی آگ ہے
اس سے ملتی ہے جلا یا مصطفٰی ﷺ

﴿58﴾ خود شکم پر باندھ کر پتھر رہے
کھانا اوروں کو دیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿59﴾ آپ کے صبر و تحمل کی نذیر
کربلا ہے کربلا یا مصطفٰی ﷺ

﴿60﴾ فتح مکہ سے تھے کافرخوف میں
در کیا رحمت کا وا یا مصطفٰی ﷺ

﴿61﴾ آپ نے پوچھا کہ' کیا امیدہے؟
جوتھی یوسف کی ادا یا مصطفٰی ﷺ

﴿62﴾ اس قدر ظلم و ستم ہوتے رہے
در گزر کیسے کیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿63﴾ ظالموں پربھی عنایت کی نظر
یہ تھی رحمت کی ادا یا مصطفٰی ﷺ

﴿64﴾ کچھ نہیں رکھا عطا کرتے گئے
واہ، کیا جود و سخا یا مصطفٰی ﷺ

﴿65﴾ گھرخدا کا اورمدینہ دیکھ لیں
پھر تو آجائے قضا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ کاش پیدا ہوتے ہم اُس دور میں
دیکھتے ہر اک ادا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿67﴾ جذبۂ الفت بھڑک کر نہ بجھے
ہو تپش حد سے سوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿68﴾ اس سے بڑھ کر کیا سعادت اور ہو
میں رہوں در کا گدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿69﴾ آپ کے نقشِ قدم پر مرمٹوں
اس فنا میں ہے بقا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿70﴾ فضلِ رب سے حق نوائی ہو عطا
سچ کہوں میں برملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿71﴾ درگزر کم ظرف کو کیسے کریں
ہم بھی سیکھیں یہ ادا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿72﴾ ظلم کی تلوار میرے سر پہ ہے
آپ کو تو ہے پتا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿73﴾ گردشِ ایام سے لڑتا رہوں
ایسا دیجے حوصلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿74﴾ دل کے اندر وہ تڑپ کردیں عطا
جو نہیں ہے، باخدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿75﴾ میں اطاعت کر نہیں پایا، مگر
آپ مت ہونا خفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿76﴾ گنبدِ خضراء بلاتا ہے تمہیں
آئے اک ایسی صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿77﴾ آپ کا کلمہ دمِ آخر پڑھوں
دے خدا یہ مرتبہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿78﴾ چاندبھی شرمائے چہرہ دیکھ کر
وہ بھی کس کا؟ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿79﴾ روزِ محشر سایہ رحمت ملے
ہے یہی لب پردعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿80﴾ ایک دن ڈھونڈے گی دنیا بالیقیں
آپ کا ہی راستہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿81﴾ اک تعلق ہے ہمارا آپ سے
دائمی اور دیرپا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿82﴾ روز روشن، پرسکوں شب، صبح و شام
وہ سراپا آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿83﴾ اہلِ مکہ کہتے تھے کس کو امین؟
یہ لقب تھا آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿84﴾ لب کھلے تو پھول جھڑتے چار سو
وہ تکلم آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿85﴾ آپ کی آنکھوں میں کتنے ڈوب کر
پاگئے اپنا پتا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Quadri, Hyderabad Digitization eGangotri

«86» نور کی جانب سفر تھا نور کا دنگ تھے ارض وسما یا مصطفٰی ﷺ
«87» ہوش سے، عقل وخرد سے بالاتر کیا سفر تھا عرش کا یا مصطفٰی ﷺ
«88» ایک شب میں اسکی عظمت بڑھ گئی ورنہ کیا تھا یہ حرا یا مصطفٰی ﷺ
«89» عاصیوں پر آپ ہی کے دم سے ہے چھائی رحمت کی گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
«90» کنکری نے محوِ حیرت کر دیا اس نے جب کلمہ پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
«91» ساری دنیا بھی سمٹ آئے اگر پھر بھی ہو کملی میں جا یا مصطفٰی ﷺ
«92» ابر کے سایے میں چلنا آپ کا خاص تھی رب کی عطا یا مصطفٰی ﷺ
«93» ڈوبتا سورج پلٹ کر آگیا کس کی خاطر یہ ہوا؟ یا مصطفٰی ﷺ
«94» آپ گزرے دشمنوں کے بیچ سے آنکھ پر پردہ پڑا یا مصطفٰی ﷺ
«95» ایک انگلی سے ہوا شق القمر وہ بھی تھا کیا معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
«96» دو دو پتھر پیٹ پر باندھے رہے صبر کی تھی انتہا یا مصطفٰی ﷺ
«97» گریہ و زاری سے جنگِ بدر میں فتح کا مژدہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
«98» تین سو تیرہ سے ہارے تھے ہزار خاک میں تھے سورما یا مصطفٰی ﷺ
«99» زیب تن کرتا بھی سائل کو دیا جب کسی نے دی صدا یا مصطفٰی ﷺ
«100» دین کی دعوت مکمل ہوتے ہی حکمِ رخصت آگیا یا مصطفٰی ﷺ
«101» بخششِ اُمت کا وعدہ لے لیا تب قضا کو ہاں کہا یا مصطفٰی ﷺ
«102» موت نے کس کو کیا ہے کب سلام یہ ہے کس کا مرتبہ یا مصطفٰی ﷺ
«103» عرش پر تھی دھوم استقبال کی فرش پر ماتم بپا یا مصطفٰی ﷺ
«104» آپ کے روضہ کی جالی دیکھ کر دل بھی روشن ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
«105» آپ کی میزان میں سب ایک تھے کوئی چھوٹا نہ بڑا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Hyderabad Digitization eGangotri / Collection Peer Saheb Husaini Digitization eGangotri

«106» آندھیاں جس کو بجھا پائیں نہیں   وہ چراغِ حق نما یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» نفسی، نفسی، کر رہے ہوں گے سبھی   اُمتی کہنا ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» آپ کی خواہش کا کتنا احترام!   کعبہ قبلہ ہوگیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» فقر و فاقہ میں گذاری زندگی   شاہ تھے در کے گدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» ایسی شاہی تو کہیں دیکھی نہیں   تخت پر تھا بوریا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» ہوگیا وہ ہوگیا بس آپ کا   آپ سے جوبھی ملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» پیاس جب حد سے بڑھے تو مل سکے   جامِ کوثر آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» دہر کی رنگینیوں میں کھو گئے   ساتھ لے جائیں گے کیا‘ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» زندگی کی مشکلیں آسان ہوں   التجا ہے التجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» آپ کی رحمت کے ہیں اُمیدوار   گرچہ کرتے ہیں خطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» ٹوٹی کشتی کی طرح ہے زندگی   آپ ہی کا آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» شاعری میں آپ کی مدحت ہو، بس!   اور کیا اس کے سوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» جب خدا ہی بھیجتا ہے خود دُرود   اور کیا باقی رہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» آپ پر بھیجے دُرود اور دیکھ لے   کیسے ٹلتی ہے بلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» کام آئیں گے یہی نعت و دُرود   ہوگا جب روزِ جزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» قبر کی تاریکیوں میں ہو دُرود   روشنی کا قمقمہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» نعت کا میدان، بحرِ بے کراں   اور مجھ سا بے نوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» آپ کی سیرت کو جب بھی دیکھئے   روز اک پہلو نیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» آپ کے اوصاف باقی رہ گئے   تنگ ہے اب قافیہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» یہ سوا سو شعر احسنؔ نے کہا!   اور وہ بھی نعتیہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

احقرؔ

نام :- مفتی محمد اسلم خان
تخلص :- احقرؔ
ولدیت :- غلام حسین خان
پیدائش :- 07-02-1992۔ حیدرآباد دکن
شاعری کا آغاز :- 2012
شرف تلمذ:- حضرت مولانا ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری الاُبالی الجیلانی سجادؔ مدظلہ العالی
تعلیم:- ایم اے فارسی، ایم اے اُردو (MANUU)۔ کامل الفقہ (جامعہ نظامیہ)
آدھی ملاقات کیلئے:-

13-4-143, Sabzi Mandi, Karwan Road, Hyderabad - 500006 Telangana State, India
Mobile No: 0091-8099574487
E-mail: khanaslam332@gmail.com

* * *

﴿1﴾ آپ ہی نور الھدی یا مصطفٰیﷺ
آپ ہیں صدرالعلیٰ یا مصطفٰیﷺ

﴿2﴾ ہے وظیفہ بس مرا یا مصطفٰیﷺ
مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰیﷺ

﴿3﴾ آپ کا جو ہوگیا یا مصطفٰیﷺ
ہو گیا اُس کا خدا یا مصطفٰیﷺ

﴿4﴾ ہے قراں کا آئینہ یا مُصطفٰیﷺ
آپ کی ہر ہر ادا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ جب پڑھا صلِّ علی یا مُصطفٰیﷺ
ٹل گئی ہر اک بلا یا مُصطفٰیﷺ

Collection Peer Sahib Qudeer

﴿6﴾ آپ سے ہے ابتداء یا مُصطفٰی   آپ ہی بس انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿7﴾ دین سے جو ہٹ گیا یا مُصطفٰی   مل گئی اس کو سزا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿8﴾ گھر پہ رہتا ہے سدا یا مُصطفٰی   غوث کا جھنڈا ہرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿9﴾ آپ ہو شمس الضحٰی یا مُصطفٰی   آپ ہی بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿10﴾ کس سے مانگے ہم بھلا یا مُصطفٰی   آپ کا صدقہ عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿11﴾ ہے تمنا باخدا یا مُصطفٰی   ہو مدینہ میں قضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿12﴾ آپ کو سب ہے پتہ یا مُصطفٰی   ہے وظیفہ مصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿13﴾ مجھ کو بس جو بھی ملا یا مُصطفٰی   آپ کا صدقہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿14﴾ مرتضیٰ یا مجتبٰی یا مُصطفٰی   آپ کا کیا پوچھنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿15﴾ آپ نے جو کہہ دیا یا مُصطفٰی   بس وہی ہوتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿16﴾ دیتا ہوں میں واسطہ یا مُصطفٰی   ہر گھڑی صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿17﴾ میرے لب پر ہو سدا یا مُصطفٰی   ذکر ہو بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿18﴾ عشق تم سے جو ہوا یا مُصطفٰی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿19﴾ جب گئے معراج پر یا مُصطفٰی   نور کا تھا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿20﴾ ہر گھڑی ہے لخلخہ ہے یا مُصطفٰی   ہو سفر اب طیبہ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿21﴾ آپ سے ہی تو خدا ظاہر ہوا   آپ ہی ہو حق رسا یا مصطفٰی ﷺ

﴿22﴾ مسندوں کے ہے سَروں کا تاج ہی   آپ کا وہ بوریا یا مصطفٰی ﷺ

﴿23﴾ ہوں پریشاں حاضری کے واسطے   کُھل بھی جائے راستہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿24﴾ ہر بلا میں ہر وبا کے واسطے   آپ کا ہے آسر یا مصطفٰی ﷺ

﴿25﴾ آپ کے طیبہ نگر میں یا نبی   ہو زمیں دوگز عطا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahab Hyderabad India

﴿26﴾ آپ کی شانِ مبارک یا نبی   کیا کریں گے ہم گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ ہو مجھے حاصل زیارت آپ کی   کر رہا ہوں التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ جب ہوئے ظاہر حبیب کبریا   خوش ہوئے سب مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ دل میرا ٹوٹا ہے لیکن پرسکون   اس میں رہتے ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ بکرؓ نے فاروقؓ نے عثمانؓ نے   اور علیؓ نے بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ جو ملا جتنا ملا جس کو ملا   صدقه ہے بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آئیے دیدار کو میرے حبیب   کہه رہا ہے خود خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿33﴾ دل کی دھڑکن کہه رہی ہے دل میں یه
"دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ"

﴿34﴾ ذرّہ ذرّہ کہه رہا ہے یا نبی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آنکھ سے آنسوں مرے جاری کِیا   کربلا کا واقعه یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ ہے تمنا جس گھڑی نکلے یه دم   سامنا ہو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ جب لحد میں جاؤں گا مولی مرے   ہو کرم کی اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ سب نبی معراج میں تھے مقتدی   آپ ہی تھے مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ جب پڑی رُخ پر نظر فاروقؓ کی   ہو گئے دل سے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ آپ کے در پر جو آیا' پا گیا   اپنا ہر اک مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ساتھ رہتے تھے جو آقا آپ کے   مل گیا ان کو خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ پڑھتے رہنا تم صدا اُن پر دُرود   پڑھ رہا ہے خود خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ کیوں نه ہو ساری خدائی آپ کی   جب خدا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ہو نگاہ فیض مجھ پر اک ذرا   ہوں غلاموں کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ مطمئن ہے دل ہمارا اس لیئے   ہے فنا میں بھی بقا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿46﴾ دھوپ بن کر چھا گیا ہے ظلم اب   آپ ہیں سایہ گھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ جس کے دل میں آگیا کینہ کپٹ   ہو گیا وہ تو فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ ہے بھلے، ہر کام کے پیارے نبی   آپ ہی سے ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آئے دین برحق لئے، پیاری گھڑی   جب جہاں میں کفر تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ نورِ اول نورِ آخر آپ ہیں   ابتداء اور انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ عاصیوں کا ہو سہارا یا نبی   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ جب تصور میں مدینہ آگیا   دل دھڑکنے لگ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ آسمانِ کفر بڑھنے جب لگا   دین کی چھائی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ جب ہوا روشن محمد ﷺ کا دیا   کفر کا غلبہ مٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ سُن رہا ہوں ذکر اُن کا ہر گھڑی   دھڑکنوں میں باخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ جو چلا تھا کعبہ ڈھانے کے لئے   مٹ گیا خود ابرہہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ بت کدوں میں آپ کے آتے ہی اک   ہوگیا محشر بپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ خود خدا شیدا ہے جس کا یا نبی   آپ میں ہے وہ ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ دیں مکمل ہو گیا ہر طور سے   اب بھلا کیا ہے بچا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ حشر میں ڈھونڈیں گے جس کو اُمتی   کالی کالی وہ رِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ قیمتی سے قیمتی ہے قیمتی   آپ کا ہر نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ رہنمائی کون ایسی اب کرے   ہو سراپا رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ اک اشارہ آپ نے فرما دیا   چاند ٹکڑے ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ پڑھ کے سیرت ہوگیا آسان اب   زندگی کا مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ میں نہیں قرآن کہتا ہے یہی   آپ مرکز نور کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pee Mohammed Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ پالنے میں چاند سے وہ کھیلنا   کیا کھلونا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ کفر کی نگری میں آیا زلزلہ   مچ گیا کہرام سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ کی چشم کرم ہو حشرمیں   مرحلہ ہو خیر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ نام جب بھی آپ کا میں نے لیا   دل مرا روشن ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ حسنِ یوسفؑ ہے مثالی بالیقین   مصطفٰی ہیں مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ تم ہو دریا فیض کا صلِّ علیٰ   ہو سراپا نور کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ اپنے جیسا جو کہے گا آپ کو   ہوگیا اُس کا بُرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ رب کا پیارا نگر طیبہ نگر   بارہا ہم دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ہے تڑپتا اور پھڑکتا دل مرا   آرہا ہے کیا مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ بڑھتا جاتا ہے مرض یہ دید کا   کیجئے اب تو دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ یاد رکھے گا جہاں یہ حشر تک   کربلا کا واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ نور چمکا آپ کی آمد ہوئی   ہوگئی ظلمت فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ کی اُمت میں ہو اب ایک تا   ہو بھلا اب ہو بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ دید کا شربت عنایت کیجئے   آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ دونوں عالم آپ کے شیدا ہوئے   رب ہوا جب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ ہے وظیفہ نامِ احمد ہر گھڑی   وِرد ہے صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ ہو وہ مکّی یا مدینہ زندگی   بھائی رب کو ہر ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ کیا دکھائیں چیر کر دنیا کو یہ   دل ہمارا غمزدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ ناز کرتے ہونگے ذرے ذرے بھی   آگئے جو زیرِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ حق کی مرضی بھی ہے شامل اسلئے   جو کہا وہ ہے بجا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ روضۂ اقدس، زیارت کا مزہ   زندگی نے لے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ دل یہ مرا ہر گھڑی صلِّ علیٰ   آپ کا ہو کر جیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ پیاس کی شدّت، زمین کربلا   امتحاں تھا صبر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ ہاتھیوں کو ڈھیر ہوتے دیکھ کر   تھا پریشاں ابراہہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ خود فرشتے بھی ہیں شیدا آپ پر   کیا سہانی ہے ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ حق کی جانب بڑھ گیا جو بھی قدم   ہوگی اس کی جِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ سے جو ہوگیا راضی نبی   اُن سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ ہم سے پوشیدہ خدا تھا ہر جگہ   آپ نے ظاہر کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ مسندوں کی شان ہے وہ آن ہے   آپ کا ہی بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ پچھلے نبیوں کی جو اُمت نے کیا   پڑھ لیا سب واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ چاہے کوئی بھی پھر ہو یا نبی   وِرد ہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ کون جانے جز خدا کے یا نبی   آپ کا یہ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کی اُمت میں پیدا ہوگیا   ناز ہے اس بات کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ ہر جہاں کی رہنمائی کے لئے   آپ کو پیدا کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آپ کی امت میں ہونے کے لئے   کی ہے موسیٰؑ نے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ میری کشتی غرق ہوسکتی نہیں   آپ ہو جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ آپ کے در پر برستی رہتی ہے   رحمتوں کی ہر گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ آپ کے بس اک اشارے سے نبی   چاند ٹکڑے ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ کی آمد سے پہلے ہی سبھی   کی نبیوں نے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ پڑھتے رہنا تم صدا اُن پر دُرود   پڑھ رہا ہے خود خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Literary & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہے محمد ﷺ نام میں تاثیر یہ   آتے رہتا ہے مزا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿107﴾ آپ کے صدقے میں ملتا رہتا ہے   زندگی کا ہر مزا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿108﴾ آپ کی آمد سے ہم کو سب ملا   یعنی قرآن اور خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿109﴾ ہر بلا میں ہر وبا کے واسطے   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿110﴾ ہے مرا ایمان بس اس بات پر   غیب تم کو سب پتہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿111﴾ آپ ہی کے نور سے پھیلی ہوئی   ہے دو عالم میں ضیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿112﴾ آپ ہو آقا مرے یا مجتبیٰ   ڈر مجھے کس بات کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿113﴾ جب قضا آئے زباں پر ہو یہی   یا محمد ﷺ مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿114﴾ میری مشکل کیوں نہ ہو آسان اب   آپ ہو مشکل کشا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿115﴾ جب خدا خود ہی کہا قرآن میں   آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿116﴾ جب سے نسبت پائی ہے دربار کی   کیا سے کیا میں ہو گیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿117﴾ گھر سے آئے جب عمر ؓ پھر شان سے   ہو گئے تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿118﴾ میں غلامِ شاہِ جیلاں ہوں حضور   ہے گھرانہ آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿119﴾ آپ سے روشن ہوا ہے یہ جہاں   آپ ہو نورِ خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿120﴾ ایک سو پچیس شعروں میں ثنا   آپ کے کہلا دیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿121﴾ حور و غِلما سب فرشتوں نے کہا   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿122﴾ آپ کی چشمِ کرم ہم پر رہے   کر رہا ہوں یہ دعا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿123﴾ آپ کی چشم کرم سجادؔ پر   ہو عطا صبح و مسا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿124﴾ اپنے احقرؔ کو بلا لیجئے حضور   دیتا ہوں دل سے صدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿125﴾ اپنی امت میں رکھا احقرؔ کو یہ   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

احکمؔ

نام :- صوفی محمد اسمٰعیل انصاری شیری
قلمی نام :- احکم غازی پوری
تخلص :- احکم
ولدیت :- محمد شہادت علی
پیدائش :- 19-03-1964
شرف تلمذ:- محترم جناب عزیز غازی پوری صاحب مرحوم
محترم جناب صابر جوہری صاحب

تصانیف:-

(۱) نوری گھرانا (۲) روشنی ایمان کی (۳) فکرِ بیکراں (۴) علم بیکراں
(۵) آبروئے قلم (٦) جستجوئے قلم (۷) عظمتِ جنوں (۸) صدائے غم
(۹) کائناتِ سخن (۱۰) انقلاب سخن (۱۱) خون کے آنسو (۱۲) دل کی آواز

آدھی ملاقات کے لئے۔

نواپورہ، یوسف پور، محمد آباد، غازی پور، 233227، یو پی۔ الہند۔
Mobile No: 0091-7652092433

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں شمس الضحٰی یا مصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کا دستِ کرم، دستِ خدا
یہ ہے قرآں میں لکھا یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ انوارِ جہاں میں شاہ دیں
آپ ہیں رب کی ضیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کو پیڑوں نے بھی سجدہ کیا
مرحبا صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ جتنے آئے ہیں پیمبر دہر میں
آپ سب کے پیشوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ آپ کے صدقے میں قائم ہیں سبھی   چاند، سورج، یہ ہَوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ ہوکے زخمی دشمنِ ایمان کو   آپ نے دی ہے دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ کیجئے چشمِ کرم بحرِ خدا   میں بھی پا جاؤں شفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ حضرتِ صدیق کا صدقہ ملے   دل مزین ہو میرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ عدلِ فاروقی کی آئے پھر بہار   ختم ہو ساری بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ حضرتِ عثماں غنی کے فیض سے   ہو عطا مجھ کو غنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ جوہرِ حیدر میسر ہو مجھے   اوج پر ہو حوصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ ساری دنیا ہے سوالی آپ کی   صاحبِ جود وسخا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ گُم رَہوں کی رہنمائی خوب کی   رہبرِ راہِ ہدیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ کردئیے سب کو جہاں میں سرفراز   دینِ حق کے رہنما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ سارے عالم کو یہ اندازِ کرم   کر دئیے حق آشنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ آپ کا ثانی کہاں ہے، آپ ہیں   مُحبطِ وحی خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ آپ کے قدموں کی برکت کے سبب   عظمتِ غارِ حرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ ایک انگلی کا اشارا واہ وا   چاند ٹکڑے ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ جس کے دل میں بس گیا غم آپ کا   ہوگیا غم سے رِہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ جب پڑے دنیا میں پاکیزہ قدم   چل پڑی رسمِ وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ التجا اتنی ہے ہوجائے قبول   شعر میں نے جو لکھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ آپ کے دستِ کرم کے لمس سے   دودھ تھن میں آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ بدر ہو، خندق ہو، یا خیبر کی جنگ   جیت کا ہے سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ جس نے مانا ہی نہیں حکمِ حضور   ہے سزاوارِ سزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qadri Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ کی عظمت کے ہیں دونوں امیں
ثور ہو، یا ہو حرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ آج تک سب کے دلوں پرنقش ہے
آپ نے جو بھی کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ رام کرتی ہے دل اغیار کو
آپ کی ہر ہر ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ آپ ہیں دونوں جہاں کے واسطے
ہرجہاں ہے آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ کس سے یہ تشبیہ دیں بے مثل ہے
آپ کی نوری قبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ کام آتا ہے برے حالات میں
آپ ہی کا واسطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ آندھیوں میں ظلم کی جلتا رہا
حق شناسی کا دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ آپ کے آنے سے صحرائے ستم
ہوگیا باغ وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ آپ کے نقشِ قدم کے فیض سے
صحرامیں گلشن کھلایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ گلشن ایماں میں رونق آگئی
کفر رسوا ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ ہورہا ہے تذکرہ چاروں طرف
آپ کے کردار کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ کفروشرمیں ہے صفِ ماتم بِچھی
ہے زباں پر حسرتا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ ظلم کی اُڑنے لگی ہیں دھجّیاں
تنگ ہر رستہ ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ جسم اطہرکے پسینے کی مہک
کتنی ہے فرحت فزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ شعب بوطالب کی وہ مظلومیت
آپ کا صبر و رضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ آپ کے یہ لمس کا ہے معجزہ
دودھ سے پیالہ بھرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ آپ جیسا ہوکوئی ممکن نہیں
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ یاد ہے اب تک وہ طائف کا ہمیں
لمحہ صبر آزما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ رحمۃ للعالمین ہیں آپ ہی
آپ شان کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ نغمہ خواں ہیں گلشنِ اسلام میں
بلبلانِ خوش نوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizuddin Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ حکمرانی آپ کی ہر چیز پر   بت بھی سجدے میں گرایا مصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ پاتے ہیں حکمِ رسولِ ہاشمی   پیڑ بھی چلنے لگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿48﴾ آفتابِ معرفت ہیں آپ ہی   آپ ہیں نورِ ہدیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿49﴾ آپ بے شک سارے نبیوں کے امام   آپ محبوبِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿50﴾ آپ کی چشمِ کرم کا ہے امیں   چشمۂ آبِ بقا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿51﴾ ٹھوکروں میں رکھتا ہے تاجِ شہی   آپ کے در کا گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿52﴾ کچھ غزالانِ حرم کے واسطے   لمحہ فرحت فزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿53﴾ خیر ہی خیر آپ کی فکر و نظر   ہوگیا سب کا بَھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿54﴾ ڈال دی جس پر نظر اچھا ہوا   واہ رے چشمِ شفا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿55﴾ عاقبت در عاقبت ہے ہر نفس   ابتداء یا انتہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿56﴾ مشکلیں جتنی تھیں سب آساں ہوئیں   آپ ہیں مشکل کشا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿57﴾ آپ نے امت کو عزت بخش دی   مرحبا صدمرحبا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿58﴾ حل ہوئی جاتی ہیں ساری مشکلیں   مرحلہ در مرحلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿59﴾ آپ کے ہوتے ہوئے سب خیر ہے   اب نہیں خوفِ سزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿60﴾ آپ سے بہتر سمجھ پائے گا کون   نکتہ پائے ھل اتی یا مصطفیٰ ﷺ
﴿61﴾ شہرِ یارِ آدمیت آپ ہیں   آپ ہیں صدرالعلیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿62﴾ ضابطہ کوئی نہیں تھا جس جگہ   لے کے آئے ضابطہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿63﴾ سارے عالم کو بتایا آپ نے   آدمیت کا پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿64﴾ آپ کی فکر و نظر سے دہر کا   رازِ سر بستہ کھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿65﴾ مجھ کو ہے بالکل یقیں، کامل یقیں   تم پہ ہے بے شک فدا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ طٰہٰ آپ ہی یٰسٓ ہیں   منفرد ہر اک ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ نورسے روشن ہے دنیا آپ کے   آپ نورانی رِدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ مالکِ کل کی رضا کے واسطے   چاہئیے تیری رضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ تم براہیمی دعا کا ما حصل   تم ہو مریم کی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ تم نے انگلی کے اشارے سے فقط   چاند کو شق کردیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ ڈوبا سورج لوٹ آیا حکم سے   یہ بھی تھا اک معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ عرش پر پہنچے انوکھی شان سے   تم ہو مہمانِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ مسخ کرکے تم نے رکھدی یک بیک   صورتِ جور و جفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ اک نگاہِ لطف ہو میری طرف   بحرِ موّاجِ سخا یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ ہو تمہیں روشن جہاں میں چار سو   آپ ہی شمعِ حرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ رفعتِ معراج بے پایاں ملی   آسماں ہے زیرِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ ہے تمہاری ہی بدولت چار سو   دینِ حق کا غلغلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ صاحبِ تسنیم و کوثر ہو تم ہی   جامِ کوثر ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ روئے روشن رشکِ صد شمس و قمر   آپ ہی شمس الضحٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ نکتۂ دنیا ہو یا ہو راز دیں   آپ ہی رمز آشنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آشنائے نکتہ ہائے دینِ حق   کون ہے تیرے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ کثرتِ آلام سے ہوں مضمحل   اک نگاہِ دل کشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ درحقیقت آپ ہی کی ذات ہے   زینتِ ارض وسما یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کی جو بات سے راضی ہوا   اُس سے راضی ہے خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ حسرت و یاس و الم کے دورمیں   آپ ہی ہو آسرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ کون ہے تیرے سوا اس دہرمیں   بے کسوں کا آسرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿87﴾ نام نامی آپ کا ہی بالیقیں   ہرمرض کی ہے دوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿88﴾ جب مصیبت میں تمہارانام لوں   دُور ہوتی ہے بلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿89﴾ تم کہاں اور شاعری میری کہاں   بخش دو کچھ حوصلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿90﴾ سارے عالم کی تم ہی ہو روشنی   آپ ہی بدرالدجیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿91﴾ روئے روشن کی نہیں کوئی مثال   زلف ہے کالی گھٹا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿92﴾ واہ رے ضربت نہیں کوئی جواب   زخمِ خوردہ کب جیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿93﴾ عاصیوں کی لاج رکھنی ہے تمہیں   شافعِ روزِ جزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿94﴾ آشنائے نکتۂ دینِ مبیں   کون ہے تیرے سوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿95﴾ پتھروں کی بارشیں تھی جسم پر   پھربھی تم نے دی دعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿96﴾ اپنی امت کی بھلائی کے لئے   جو کِیا تم نے کِیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿97﴾ سب سے بہتر آپ ہیں بعدِ خدا   کون ثانی آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿98﴾ باعثِ صد افتخارِ تخت و تاج   آپ کا وہ بوریا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿99﴾ نازشِ کونین ہے تیرا وجود   آپ کو رتبہ مِلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿100﴾ جس کے دل میں آپ کا غم جاگزیں   ہوگیا غم سے رہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿101﴾ ہوگیا دل کا سکوں اس کو نصیب   جو ترے گھر آگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿102﴾ آپ نے ڈالی نگاہِ مہر جب   جوبھی دکھ تھا کٹ گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿103﴾ یاد دل میں آپ کی جب آگئی   دردِ دل جاتا رہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿104﴾ ہوگئی سیراب میری پیاسی روح   وہ سکوں تم سے ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿105﴾ دوجہاں میں ہوگیا وہ سربلند   جو ترے در پرگرا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri
Collection of Mohammad Hyderabad India

﴿106﴾ ہرطرف گونجی تمہارے ہی سبب   قُل ھُو اللّٰہ کی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ پاک سنجیدہ دلوں کو کرگئی   تیری پاکیزہ نوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ حشر میں تیری شفاعت کے طفیل   بخشی جائے گی خطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ کس قدر ہے استوار اللّٰہ رہے   تیرا حق سے رابطہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ دینِ ابراہیم کی تم سے بقا   ہے یقینا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ عشق غیروں سے کروں کس واسطے   ”دل ہواتم پرفدا یا مصطفٰی“ ﷺ
﴿112﴾ رونما جنگِ احد میں جو ہوا   دل شکن تھا سانحہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ تیرا انداز کرم ہے بالیقیں   دہر میں سب سے جدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ آپ کو رب نے بلایا عرش پر   خوش ہوا عرشِ علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ کو حاصل ہوا معراج میں   بالیقیں قربِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ جنت و دوزخ بھی دیکھا آپ نے   بر سرِ عرشِ علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ عرش اعظم پرشبِ معراج کو   کون جانے کیا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ دین میں داخل ہوئے جاتے ہیں لوگ   قافلہ در قافلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ رونما جنگِ احد میں جو ہوا   دل شکن تھا سانحہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ تابشیں جلوئوں کی تیرے برنفس   کس قدر ہیں خوش نما یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ زینتِ گلہائے خنداں لب ترے ہے   گلستاں لب کشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ آپ آئے تو سویرا ہوگیا   ظلمتوں کا غم چھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ قصرِ بستی میں اجالے کا نمود   آپ کے دم سے ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ تم ہی محبوبِ خدا ہو اس لئے
”دل ہواتم پرفدا یا مصطفٰی“ ﷺ
﴿125﴾ آپ کا احکمؔ بہت مجبور ہے   کیجئے چشمِ عطا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Sahib Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad India Digitization eGangotri

احمدؔ

نام :- رضوان انصاری
تخلص :- احمدؔ
ولدیت :- جناب ممتاز احمد صاحب
پیدائش :- 01-04-1998۔ جبل پور، مدھیہ پردیش
شرف تلمذ :- حضرت محترم جناب بابو نورؔ نظامی صاحب جبلپوری
شاعری آغاز :- 01-07-2017 سے شاعری کا آغاز ہوا۔
تعلیم :- میٹرک، اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دہلی سے ڈپلوما
پیشہ :- تجارت
ادبی خدمات :- مشاعروں کے نشستوں کا اہتمام
آدھی ملاقات کے لئے :- 7-561، نزد منصوری بارات گھر۔ گوہلپور ، جبلپور 482002
مدھیہ پردیش۔ الہند۔

Mobile No: 0091-9893643634

* * *

﴿1﴾ حق تعالیٰ کی رضا یا مصطفیٰ
سورۃ الٗاز وضّحی یا مصطفیٰ

﴿2﴾ آرہی تھی سورہ اقرأ کی مہک
جیسے میں پہنچا حرا یا مصطفیٰ

﴿3﴾ وسعت کونین میں ہرگز نہیں
آپ جیسا آئینہ یا مصطفیٰﷺ

﴿4﴾ میرے لب پر اک وظیفہ یے سدا
مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ

﴿5﴾ رات بھر ہوتی رہی رحمت نزول
اور میں پڑھتا رہا یا مصطفیٰﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qudeer Digitization eGangotri

﴿6﴾ ساری دنیا آپ کی ایک مقروض ہے رہنمائی ہے وجہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہرمرض کی اک دوا صلِ علی ہم کو بتلایا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ ہیں امی مگریہ بھی ہے سچ آپ کو رب نے پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ کی آمد کا یہ فیضان ہے کُل جہاں روشن ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کی مدحت کروں کیسے بیاں رب نے جب خود کردیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ کی تعریف خود اللہ نے کیا کِیا کیا کیا کِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ایک بھی سائل ہُوا نہ نااُمید جو بھی آیا لے گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ اول و آخر ہو یا ظاہر باطن آپ نے سب کچھ بتایا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ کے دم سے ہے دم میں دم بدم ورنہ بے دم دم کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ سے چارہ گری کی ہے امید کیجئے کچھ تو مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کے اذکار کا ہے یہ صلہ دل چمک اٹھا مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آپ کے صدقے گناہوں کو مرے بخش دے گا سب خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کی اس خوش بیانی کو سلام جوسنا وہ کہ اٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ قہر سے اللہ کے اک ایک کو آپ نے آگاہ کرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ فلسفہ انوار کا کُل کھل گیا آپ ہیں نورالھدی یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ کتنے خوش قسمت ہیں جنکو مل گئی کالی کملی کی ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ عظمتیں انصار کو میرا سلام آپ نے اپنا کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ سایئہ ابرِکرم کا دیکھ کر چھاگئی نوری گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ ہوگئی معراج ایماں کی مرے بھید ہر اک کھل گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ اس جہاں سے شرک کی بنیاد کا کردیا کُل خاتمہ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ میں حرم جیسے ہی پہنچا تھا کہ بس   دل پکار اٹھا خدایا مصطفیٰ ﷺ
﴿27﴾ دیکھتے ہی خانۂ کعبہ کو دل   لاآلہ کہ اٹھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿28﴾ سامنا خضرا کا جیسے ہی ہوا   دل مرا بس روپڑا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿29﴾ مسجدِ نبوی گیا پڑھنے نماز   پڑھتے پڑھتے کھو گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿30﴾ پھولوں کی چادر چڑھانے لائے لوگ   ہم نے اپنا دل چڑھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿31﴾ آگئے لو آگئے لو آگئے   مرحبا صلِّ علی یا مصطفیٰ ﷺ
﴿32﴾ جیسا بھی ہوں آپ کا ہوں امتی   در گزر کیجئے خطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿33﴾ آرزو ہے اک دفع دیدار کی   واسطہ اللہ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿34﴾ ناتوان مسکین ہے بس غمزدہ   سب کو سینے سے لگایا مصطفیٰ ﷺ
﴿35﴾ سب سے آخر آئے اور اول ہوئے   آپ کا رتبہ جدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿36﴾ ہم گنہگاروں کی پُرسش کیلئے   آپ کو رب نے چنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿37﴾ اوّلَ نوری میں آیا جو وجود   نورِ مطلق آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿38﴾ آپ کی الفت رقم ہے دست پر   رنگ لائے گی حنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿39﴾ سارے عالم کے لئے در کار ہے   آپ جیسا رہنما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿40﴾ ربِ ھبلی امتی کی سی دعا   آپ نے کی بارہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿41﴾ عالمِ جاہلیت یثرب تھا اور   اب مدینہ ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿42﴾ میرے دل میں آپ کی ہر ہر ادا   کرگئی گھر یا خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿43﴾ بوبکرؓ فاروقؓ عثمانِ غنیؓ   مرتضیٰؓ مشکل کشا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿44﴾ قافلہ در قافلہ طیبہ گیا   میں اکیلا رہ گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿45﴾ میں مدینہ آخرش کب آؤں گا   آپ نے سب کو بلا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کو جس نے بھی بے شک پالیا   پالیا اس نے خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿47﴾ آپ کے نقش قدم پہ چل کے میں   آدمی اچھا بنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿48﴾ عادت و اطوار میرے دیکھ کر   ہیں سبھی حیرت زدہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿49﴾ آئے گی گردش بھلا کیا دین پر   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿50﴾ ہوگئے حیران خود ہی جبرئیل   دیکھ کر بدرالدجیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿51﴾ احتراماً روضہ اقدس پہ سَر   خود بخود جھکنے لگا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿52﴾ رنگ خود بے رنگ سارے ہوگئے   آپ کا جب سے چڑھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿53﴾ دوسروں کو بعد میں دیتے تھے درس   خود عمل پہلے کِیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿54﴾ دشمنوں کی خیریت خود پوچھنا   آپ کا تھا مشغلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿55﴾ کُل جہاں میں سارے بچوں سے جدا   آپ کا بچپن رہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿56﴾ منتظر ہوں کب سے میں خوش آمدید   دیکھتا ہوں راستہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿57﴾ رحمۃ للعالمیں کا تاج بس   آپ کے سر پر سجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿58﴾ ہے خدا اول کہ اس میں شک نہیں   ہیں مگر بعد از خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿59﴾ میں بھٹکتا پھر رہا ہوں در بدر   دیجئے اب آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿60﴾ وقتِ رخصت آپ کا دیدار ہو   بس یہی ہے التجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿61﴾ آپ کی سنت پہ چلتا ہی رہوں   یہ مرا ہے مدعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿62﴾ قاب و قوسین کا منصب ملا   مرتبہ صدرالعلی یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿63﴾ ساری خلقت آپ کی مطلوب ہے   آپ مطلوبِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿64﴾ رحمۃ للعامین القاب میں   شان میں نورالھدی یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿65﴾ اے امیں صادق محمد ہاشمی   مکی و مدنی صفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ برکتیں داعی مبلغ حق نما　　　عظمتیں کہف الوری یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ ایک اک ذرہ شہادت آپ کی　　　دے رہا ہے مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ سب سے افضل خود یہ قرآنِ مجید　　　معجزہ ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ باندھ کر پتھر خود اپنے پیٹ پر　　　حوصلہ سب کو دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ چاند دو ٹکڑے ہوا سورج اُگا　　　آپ کا ہے معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ فضلِ ربی پورا قرآنِ مجید　　　آپ پر نازل ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ تین سو تیرہ نے سینچا ہے اسے　　　دین جو پھولا پھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ اک کنواں زیر سفر جو خشک تھا　　　پھر لبا لب بھر گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ فیض ہے یہ آپ کے فیضان کا　　　سوئے قبلہ جو پھرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ عالم اطفال میں دیکھا گیا　　　چاند کو جھولا جھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ ہے معلق آج بھی پتھر وہیں　　　جس جگہ تھی خاکِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ امتحاں لینے رکانہ آیا تھا　　　مات کھائی بول اٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ ایک مٹکا گھی کا پیتالیس برس　　　پھر بھی خالی نہ ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ برکتی خرمے ہُریرہ کو دیئے　　　دو دَہائی تک چلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ آپ نے کعبے میں آیت کیا پڑھی　　　بت کدہ گرنے لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آخرش بوجہل منکر ہوگیا　　　اور کنکر کہہ اٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ بے قرار اس واسطے تھا وہ ستوں　　　چاہتا تھا رابطہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ ایک چشمۂ مبارک انگلی سے　　　آپ نے جاری کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ جَو کی روٹی وہ بھی آخر چار سیر　　　سارے لشکر کو کھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ ہیں کچھ انصاری کہ شاہد چشم دید　　　اونٹوں نے سجدہ کیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ ایک اعرابی نے مانگی تھی دلیل ۔۔۔ پیڑ آیا کہہ اٹھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ غزوئہ خیبرعلیؓ حیدر کا درد ۔۔۔ آپ نے اچھا کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ ایک لڑکا فضلِ حق حکم خدا ۔۔۔ قبر سے زندہ اٹھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ آپ نے چادر بچھائی صلح کی ۔۔۔ ہوگیا حل مسئلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ تابِ بینائی کرن کے شاہ کو ۔۔۔ آپ نے جبہ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ آپ نے جب سر رکھا تھا بکرؓ پر ۔۔۔ ڈس رہا تھا اژدھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ صرف دعوت پادری کا عذر تھا ۔۔۔ اصل میں شیدائی تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ تذکرہ بھی مختلف اکتاب میں ۔۔۔ آ چکا ہے آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ کاسئہ دشتِ انا لے کر لہب ۔۔۔ دھول میں ھی مل گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ طٰہٰ، یٰسٓ، قٓ، حٰمٓ و نٓ ۔۔۔ رمز اسکا کچھ بتا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ کرتے ہیں صد شکریہ اللّٰہ کا ۔۔۔ کھاتے ہیں صدقہ ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ اس لئے لازم ہے تیری اتباع ۔۔۔ راستہ سچا ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ اے شفیع المذنبیں نور خدا ۔۔۔ مرض لاحق مبتلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ کائناتِ ابتداء کی وجہ آپ ۔۔۔ آپ ہی ہو انتہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ ایک مادر زاد گونگا فضلِ حق ۔۔۔ بولنے سے لگ گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ منبر اقصی امامت آپ کی ۔۔۔ مقتدی کل انبیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ اُمتی کی خیر خواہی کے لئے ۔۔۔ آپ نے پیالہ پیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ زینتِ عرش معلی کے لئے ۔۔۔ حق تعالی نے بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ حکمِ حاکم تھا کہ ساق عرش پر ۔۔۔ کلمہ طیّب لکھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ آپ کا تشریف لانا تھا کہ بس ۔۔۔ بجھ گیا آتشکدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿106﴾ قلبِ اطہر زمزمِ تنویر سے آپ کا دھویا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ قاب و قوسین سدرہ لامکاں کا سفر کیسا رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ رُک گئے اورکہ اٹھے یہ جبرئیل سدرۃ المنتہٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ عرش اعظم پر کلائی چارتر تحفۃً رب نے دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ کربلا میں آپ کے گھر بار نے دین کو بخشی بقا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ فاطمہؓ حسنینؓ مولا مرتضٰیؓ ہیں ہمارے پیشوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ حضرتِ شبیرؓ کا صدقہ ہمیں دیجئے یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ کربلا گزرے تو صدیاں ہوگئیں پھر بھی غم تازہ رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ قصد جب جب نعت کا میں نے کیا دل مہل اٹھا مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ نعت کہنے کے لئے درکار ہے منفرد سا زاویہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ ہوں گے تخت پرجلوہ نشیں ہوگا جس دن فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ بھید سب کا حشر میں ہوگا عیاں کون کتنا پارسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ سر ابلتا ہے گناہ کی لپٹ سے سایئہ رحمت اوڑھایا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ حشر میں کہتے ملیں گے سب یہی شَافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ ساری دنیا میں ذلیل وخوار ہیں کیجئے حق میں دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ ڈر رہا ہوں قبرکی تاریک سے ہوعطا جلوہ ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ آگئی جب ہند طیبہ کی ہوا دل خوشی سے کھل اٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ہدیۂ نعتِ مقدس کے لئے شکریہ صد شکریہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کی سیرت پڑھا دل کہ اٹھا
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ"
﴿125﴾ آپ نے احمدؔ کو بخشا ہے شرف مدّحِ خیرالوری یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rahim Hyderabad Digitization eGangotri

احمدؔ

نام :- محمود احمد

تخلص :- احمدؔ

ولدیت :- حاجی پیر محمد

پیدائش :- 1951-04-منصور آباد۔ جبلپور

شاعری کا آغاز :- 2014ء

شرف تلمذ :- محترم جناب اصغر شبنم غضنفری صاحب

تعلیم :- میٹرک

آدھی ملاقات کیلئے:- آدھارتال، روبرو وارثی منزل، جبلپور 482002 (ایم۔ پی)

Mobile No: 0091-7898745736

* * *

﴿1﴾ آپ کا کلمہ پڑھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میں مسلماں ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ سُن لو میری التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سُنتے ہو سب کی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ زینتِ عرشِ عُلٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نور ہو اللہ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ کا سایہ بنے تو کس طرح
ہو خدا کا آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ مُشکلیں ساری ہماری اک طرف
آپ کی بس اک عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿6﴾ مرحَبا صلِّ علیٰ یا مصطفٰی
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی"ﷺ

﴿7﴾ میرے گلشن پر بھی ہو نظرِ کرم   تم ہو رحمت کی گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ تمرے در کی خاک آنکھوں پر مَلی   مجھ کو سب دِکھنے لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ جِسم ہے نورِ خدا خود جلوہ گر   تم ہو ایسا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کے لطف و کرم سے دہر میں   فیض کا دریا بہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ آئے ہو تصوّر میں مرے   دل مرا روشن ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ کررہا ہوں التجا میں آپ سے   میری بگڑی دو بنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ غازی و سالار جس پر ہیں چلے   ہم کو اُس رہ پر چلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ پیاس طیبہ میں بجھائی ہم نے کیا   جامِ کوثر پی لیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ کا ثانی نہیں سایہ نہیں   آپ نورِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ عرش پر ہو رُوبَرو اللہ کے   نورِ حق کی تم ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ مصطفٰی تم ہی رسول اللہ ہو   آپ ہی صدرالعُلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ اک اشارے میں ہُوا ٹکڑے قمر   مَرحبا بدرالدّجیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ رحمت للعالمیں خیرات دو   آپ ہو خیرالوریٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ خوشبو لے کر آئی ہے دربار سے   یہ مدینے کی ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ ہو سارے ہی نَبِیّوں کے امام   آپ شاہ انبیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کو محبوب کہتا ہے کریم   آپ کا یہ مرتبہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ نور کی بدلی جہاں پر چھائی ہے   بکھری ہے زُلفِ دُتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ نور جو اترا تھا کوہِ طور پر   تم ہو وہ نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ سے چمکی ہے ساری کائنات   ہر طرف جلوہ نما یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ سرورِ کونین ختم المرسلیں ہے یہ رتبہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿27﴾ وہ خدا ہے مالکِ ربِّ کریم تم حبیبِ کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿28﴾ دُھول اُڑ کر کے جو درپر آگئی بن گئی خاکِ شِفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿29﴾ ہوگیا مولا محافظ اُس کا بھی جو تمہار ہو گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿30﴾ جو محبت دی ہے مجھ کو آپ نے ہو نہ یہ مجھ سے جُدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿31﴾ جو بھی درپہ آگیا سائل اگر کر دیا اُس کا بھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿32﴾ جو بھی ہے گستاخ آقا آپ کا وہ ہے مجرم آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿33﴾ مہرباں اس پر ہوا اللّٰہ بھی دین حق پر جو چلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿34﴾ مل گئی ایماں کی جس کوروشنی ہو گیا وہ بے رِیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿35﴾ لکھ رہا ہوں نعت میں بھی آپ کی حوصلہ دیجے ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿36﴾ نعت پڑھتا ہوں کہیں جب آپ کی گونج اُٹھتی ہے صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿37﴾ کیجئے امداد میری کیجئے دے رہا ہوں مَیں صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿38﴾ منزلِ مقصود اُس کو مل گئی دل سے جس نے کہہ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿39﴾ دیکھ پاؤں میں زمیں سے عرش تک وہ نظر کردو عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿40﴾ آپ کی چشمِ عنایت ہوگئی درد دل کا مٹ گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿41﴾ آپ سے امداد ہی درکار ہے ہے خدا مجھ سے خفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿42﴾ گلِستاں کے پھول ہوں یا تِتلیاں رنگ سب میں آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿43﴾ ہر طرف اسلام ہی اسلام ہو کیجئے ایسی عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿44﴾ جب بھی میں نے نعت سرور نے سُنی بو اُٹّھا دل مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿45﴾ آپ کی چشمِ کرم کا شکریہ پھول دل کا کھل گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Collection Peer Sahab Qudeer Ali

(46) مشکلیں سر سے مرے ٹلتی گئیں   میں نے جب جب بھی کہا یا مصطفٰی ﷺ
(47) جگمگاتے ہیں ستاروں کے ہجوم   اِن میں ہے جلوہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
(48) عرش بھی بے تاب تھا معراج میں   چومنے وہ نقش پا یا مصطفٰی ﷺ
(49) آپ کی یادوں سے ہے دل باغ باغ   آپ سے باطن ہرا یا مصطفٰی ﷺ
(50) آپ کے دیدار کا طالب ہُوں میں   کیجئے مجھ پر دَیا یا مصطفٰی ﷺ
(51) ٹل گئیں ساری بلائیں پل میں ہی   نام تمرا جب لیا یا مصطفٰی ﷺ
(52) نورِ ایماں سے ہُوا محروم وہ   جس نے کی تم سے دَغا یا مصطفٰی ﷺ
(53) میں تو کہتا ہوں کہ جب مانگے کوئی   دے تمارا واسطہ یا مصطفٰی ﷺ
(54) آپ کے احکام پر جو بھی چلا   ہوگیا وہ پارسا یا مصطفٰی ﷺ
(55) اِس لئے تو سائلوں کی بھیڑ ہے   آپ ہو حاجت روا یا مصطفٰی ﷺ
(56) آگیا ہم کو مدینہ یاد پھر   جب چلی ٹھنڈی ہوا یا مصطفٰی ﷺ
(57) آپ کی سرکار میں سب ایک ہیں   ہو وہ چھوٹا یا بڑا یا مصطفٰی ﷺ
(58) بیٹھے بیٹھے ہو زیارت آپ کی   وہ نظر کردو عطا یا مصطفٰی ﷺ
(59) اُس کی عظمت ہے بلندی پر یہاں   جو تمارا ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
(60) چل کے طیبہ سے یقیناً آئی ہے   لائی ہے خوشبو صَبا یا مصطفٰی ﷺ
(61) پیکرِ انسانیت پر بھی ستم   سُن کے بھر آیا گلا یا مصطفٰی ﷺ
(62) جو ملا ہے علم ہم کو آپ سے   یہ تماری ہے عطا یا مصطفٰی ﷺ
(63) دل سے کرتا آپ سے فریاد جو   کرتے ہو اُس کا بھلا یا مصطفٰی ﷺ
(64) لے کے آئے معجزے سارے نبی   تم سراپا معجزہ‘ یا مصطفٰی ﷺ
(65) بجلیوں میں جگنوؤں میں یہ چمک   سب میں جلوہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

«66» دو جہاں میں آپ کی سرکار سے فیض کا دریا بہا یا مصطفٰی ﷺ
«67» آپ نے جس پر نظر اک ڈال دی ہوگیا اُس کا بَھلا یا مصطفٰی ﷺ
«68» یا محمد ﷺ مصطفٰی صلِّ علیٰ ہے مرے دل میں بسا یا مصطفٰی ﷺ
«69» دونوں عالم کی خوشی حاصل ہوئی آپ کا دامن ملا یا مصطفٰی ﷺ
«70» اب زیادہ کچھ نہیں حاجت مری میری عقبٰی دو سجا یا مصطفٰی ﷺ
«71» رہ گیا ہو کر تمہارا ہی وہ پھر دل سے جو تم سے ملا یا مصطفٰی ﷺ
«72» لاج رکھیئے گا ہماری حشر میں پنجتن کا واسطہ یا مصطفٰی ﷺ
«73» آپ کے دیدار کا طالب ہُوں میں سن لو مری التجا یا مصطفٰی ﷺ
«74» ہب جفاکاروں کے سر اُٹھنے لگے بگڑی دنیا کی فضا یا مصطفٰی ﷺ
«75» چار یاروں پر یہ دل قربان ہے سب کے سب ہیں باوفا یا مصطفٰی ﷺ
«76» اب مری مشکل کشائی کیجئے اے مرے مشکل کشا یا مصطفٰی ﷺ
«77» ہم یہاں پر بے سر و سامان ہیں المدد یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
«78» صاحبِ ادراک نے ڈھونڈا بہت کوئی تم سا نہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
«79» کنکروں نے دی گواہی آپ کی مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
«80» خاک و جس پر قدم تیرے پڑے ہر مرض کی ہے دوا یا مصطفٰی ﷺ
«81» رفتہ رفتہ آرہا ہے سامنے آپ نے جو کچھ کہا یا مصطفٰی ﷺ
«82» ایک ہو جائیں مسلماں دہر میں کیجئے ایسی عطا یا مصطفٰی ﷺ
«83» دشمنِ دیں سر اُٹھاتے ہیں یہاں دیجے ہم کو حوصلہ یا مصطفٰی ﷺ
«84» وہ مرض پل میں مٹادیتے ہو آپ ہے نہیں جس کی دوا یا مصطفٰی ﷺ
«85» ہوگا اُس پر مہرباں اللہ بھی جو کرے تم سے وَفا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Quadri Hyderabad India Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ بخش دیں اُس کی خطائیں پیار سے   جس نے کی تم سے جَفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ بخش دینا ہم گنہ گاروں کو آپ   آپ نہ ہونا خفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ کٹ رہی ہے یوں ہی میری زندگی   آپ کا صدقہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ اِتنی ہے مجھ کو محبت آپ سے   جان و دل کردوں فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ خوشبو در سے آپ کے یہ لائی ہے   مہکی ہے بادِ صبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ کر رہا ہوں التجاء میں آپ سے   در پہ لو مجھ کو بُلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ صاحبِ ایمان ہوں منظور ہے   آپ کا ہر فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ آپ کا دیدار ہم کو ہو نصیب   جب بھی ہو وقتِ قضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ شمس واپس آگیا' جو کی نظر   آپ ہو شمس الضحٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ ہم یہاں پر صاحبِ ایمان ہیں   یہ کرم ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ کون پہنچا ہے سِوائے آپ کے   زینتِ عرشِ علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ کیجئے ہم پر کرم شاہ زمن   آپ کا ہے آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کی چشمِ کرم درکار ہے   پھیلی ہے جگ میں وَبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ کیجئے امداد' کہ مرتے ہیں لوگ   پھیلی ہے جگ میں وَبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ غم میں جو آنسو گرا ہے آپ کے   بیش قیمت ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ جب ستاتے ہیں مجھے دنیا کے غم   دل لگاتا ہے صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ آپ کی چوکھٹ پہ ہو جس وقت سر   دم نکل جائے مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ میں خوشی سے مرسکوں گا بالیقین   آئیں جو وقتِ قضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ کرتا ہے اُس کا سفر آسان رب   دل میں جو کہتا چلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ آج کل ایمان والوں پر یہاں   ظلم ہر سو جابجا یا مصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahab Qadri

﴿106﴾ آپ طٰہٰ اور ہو یٰسٓ بھی یہ لقب رب نے دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ بانٹتا ہے خود خدا اس دہر میں صدقۂ صلِّ علیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ نعت لکھنے کا سلیقہ دیجئے کیجئے مہر و عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ آپ کے لطف و کرم کا ہر گھڑی جاری ہے یہ سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ دیکھ لوں میں اک جھلک بس آپ کی اِس لئے میں جی رہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ کرکے کوشش دیکھ لی انسان نے بن نہ پایا آپ سا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ مُحسنِ انسانیت ہیں آپ ہی کُل جہاں یہ مانتا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ مل نہ پایا رب سے کوئی آج تک یہ شرف تم کو ملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ نور آنکھوں کو ملا دل کو قرار دیکھ کر روضہ ہرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ میں پریشاں حال ہوں امداد ہو شاہِ دیں صلِّ علیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ جب مُصیبت میں پکارا آپ کو ٹل گئی سر سے بلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ آپ کے دربارِ عالی شان میں ایک ہیں شاہ و گدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ کیوں نہ مانیں آپ کو صادق امیں جو کہا سب سچ کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ کشتئ ایماں ہے پھر طوفان میں کیجئے ساحل عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ اُس کو کرتا ہے پسند اللہ بھی جو ہے پیارا آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ میں زمیں کی دھول ہوں پیارے نبی آپ دریا نور کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ آپ رحمت کا سمندر یا نبی میں ہوں صحرا پیاس کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ رکھ دیا ہے ہاتھ جس پر آپ نے وہ مریض اچّھا ہُوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ ہے خدا کے بعد عظمت آپ کی ہے یہ احمدؔ کو پتہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ کامیابی ہو مسلماں کو نصیب ہے یہ احمدؔ کی دعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

ارشاؔد

نام :- سید عبدالموٴخر القادری لااُبالی الجیلانی

تخلص :- ارشاؔد

ولدیت :- حجۃ العلماء والمشائخ ڈاکٹر سید محی الدین قادری ھادی لااُبالی الجیلانیؒ

پیدائش :- 1996-01-06 حیدرآباد دکن۔

شاعری کا آغاز : - 2020ء

تعلیم :- M.A.Arabic(OU) کامل الفقہ (جامعہ نظامیہ)

آدھی ملاقات کیلئے :- 13-4-486، اندرون احاطہ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب۔
مستعد پورہ کاروان، حیدرآباد دکن۔500006، تلنگانہ اسٹیٹ، الھند

ای میل و فون :- 0091 - 569459301

samquadri301@gmail.com

* * *

﴿1﴾ آپ ہی تو ابتدا یا مصطفٰیﷺ
آپ ہی ہیں انتہا یا مصطفٰیﷺ

﴿2﴾ میں ہوں چوکھٹ پَر کھڑا یا مصفٰیﷺ
ہو عطاؔ روح صفا یا مصطفٰیﷺ

﴿3﴾ ہوں میں کتنا ہی بُرا یا مصطفٰیﷺ
لاج رکھ لیجے ذرا یا مصطفٰیﷺ

﴿4﴾ مصطفٰے یا مصطفٰے یا مصطفٰیﷺ
یہ وظیفہ ہے مرا یا مصطفٰیﷺ

﴿5﴾ مرحبا صلی عَلیٰ یا مُصطفٰیﷺ
"دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی"ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہے مدینہ علم کا یا مصطفیٰ   باب اس کے مرتضیٰؓ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ عرش پر جو نام تھا یا مصطفیٰ   نام تھا وہ آپ کا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ اس طرح ہے تذکرہ اوصاف کا   "الا میں" صدر العلیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ آپ کی خیرات پا کر ہی تو بس   ہے گزارہ یہ میرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ جب بھی میں نعتیں لکھوں تو باخدا   لہجہ ہو حَسّاں یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ہے "الم نشرح" کلام پاک میں   ہے یہ اعزاز آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ آپ کی نعتوں کا یہ دربار ہے   باخدا "دارلھدیٰ" یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ مقتدی ہیں انبیاء اور اصفیاء   آپ سب کے مقتدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ آپ کی زلفیں ہیں مثلِ لیل سی   اور چہرہ والضحیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ آپ کا جلوہ ہے جلوہ طور سا   آپ ہیں نورِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ توڑ بیٹھے جس طرح دنداں اویسؓ   عشق کی تھی انتہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ یہ محبت کابھی تو ہے واقعہ   اب نہ ہوگا دُوسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ سنتوں پر آپ کی چلتا ہے جو   غوثؓ اور خواجہؒ بنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ رحمۃ للعالمیں صرف آپ ہیں   اور ہیں نورالھدیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ دو جہاں کے آپ ہیں مالک فقط   ہر طرف ہے تذکرہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا   بس یہ میری ہے دعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ یَا نَبِی اللّٰہِ اِسْمَعْ قَالَنَا   سب کی سن لیجیے سدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ دستِ اقدس کا اشارہ جب ہُوا   چاند ٹکڑے ہوگیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ اسم جب بھی آپ کا میں نے سنا   پڑھ لیا صلِّ علیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ آپ کی آمد پہ سب تاریکیاں   ہوگئیں رشن سدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴾26﴿ چاند بھی شرما گیا تھا اس گھڑی   جب ہوئے جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾27﴿ کہہ دیا رب نے ”رفعنا“ مرحبا   ہے یہ رتبہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾28﴿ زلف ہے وَالّیْل چہرہ وَالضُّحٰی   حق سراپا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾29﴿ حضرتِ عبداللہ کے لختِ جِگر   آپ جانِ آمنہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾30﴿ دادا عبدالمُطَلِّبؓ نے کہہ دیا   یہ ہے میرا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾31﴿ ہیں خدیجہؓ عائشہؓ حفصہؓ بھی ہیں   زوجیت میں برملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾32﴿ اُمِ سلمہؓ صفیہؓ اور سودہؓ بھی ہیں   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾33﴿ بنتِ حارثؓ، ماریہؓ، میمونہؓ کا   بخت ہے، بختِ رسا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾34﴿ زینبؓ و ام حبیبہؓ بھی تو ہیں   ہیں سبھی تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾35﴿ قاسمؓ ابراھیمؓ، عبداللہؓ بھی   یعنی ابنِ مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾36﴿ ہیں رقیہؓ، زینبؓ و کلثومؓ بھی   شاہ زادی فاطمہؓ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾37﴿ محسنؓ و کلثومؓ و زینبؓ سے جڑا   حُسن ہے حَسنینؓ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾38﴿ ہوگئے بو بکرؓ بھی تو غارِ یار   ثور میں یہ کہہ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾39﴿ بعد گر ہوتے نبی ہوتے عمرؓ   یہ ہے فرماں آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾40﴿ آپ نے دو نور والے کہہ دیا   یہ لقب عثمانؓ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾41﴿ آپ کے ہیں بھائی اور داماد بھی   یہ علیؓ کا مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾42﴿ بو بکرؓ، فاروقؓ، عثمانؓ اور علیؓ   آپ پر چاروں فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾43﴿ آپ کے صدق و صداقت دیکھ کر   خلق نے ”صادق“ کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾44﴿ دست اقدس سے ہُوا ٹکڑے قمر   آپ کا ہے معجزہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾45﴿ آپ کو اعجازِ شقِّ صدر نے   کر دِیا سب سے جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ یہ کرم اللہ کا مجھ پر ہُوا   اُمّتی ہُوں آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ ہی ہیں رحمة للعالمیں   اور ہیں کَہفُ الوَریٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ راستہ میں آپ کے تو ہر حَجرَ   پڑھتا ہے صَلّی علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ اہلِ مکّہ کہتے ہیں جس کو امیں   یہ لقب ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ انبیاء کے بادشاہ بھی آپ ہیں   اور ہیں "خیرالوریٰ" یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ زندگی کی روشنی بھی آپ ہیں   آپ ہیں شمس الضحٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ مصطفٰی کے نور سے ہیں دو جہاں   آپ ہیں "نور الھدیٰ" یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ آپ کا اسمِ مبارک پڑھتے ہی   ٹل گئی سب کی بلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ سب وبائیں دور ہوتی جائیں گی   ہے دُرودوں کی دَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ سب وباؤں کا یہی ایک توڑ ہے   آپ کا ہو تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ کیوں رکھوں میں اب طبیبوں سے غرض   آپ ہی شافی شفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ ہے یہ دنیا مطلبی اور خود غَرَض   ہر گھڑی مجھ کو بچا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آپ سے ہے التجا ہر دم یہی   سر پہ سایا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ مدحتوں کو آپ کی بس وہ لکھے   جس کو ملتی ہے عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ کے ہی واسطہ ہیں دو جہاں   کیا ھی رتبہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ راہِ حق پر ہی چلایا آپ نے   ہادیِ راہ ھدٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ یا علی شیر خدا یا مرتضیٰ ؓ   فاطمہ ؓ خیرالنسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ دین کے ہیں حق، حُسین ؓ ابنِ علی ؓ   اور ہیں شانِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ پنجتن کے واسطہ سے ہو قبول   ہِم فقیروں کی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ جس کے دل میں پنجتن کا بغض ہے   دیں سے وہ ہٹ گیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Quadri

﴿66﴾ جس نے سر کو کربلا میں دے دیا   وہ نواسہ آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿67﴾ پنجتن دل میں ہمیشہ ہیں میرے   غوث کا ہوں میں گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿68﴾ ہر طرف اخلاق ہی سے آپ کے   دین کا ڈنکا بجا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿69﴾ یا رسول اللہ کا نعرہ لگے   ہر طرف ہو یہ صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿70﴾ آپ کے نقشِ قدم پر چل پڑے   مل گئی راہ ہدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿71﴾ غوثؓ کا ہے لا اُبالی خاندان   یہ شرف مجھ کو ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿72﴾ ایک سو پچیسواں یہ عرس ہے   میرے عبداللہؒ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿73﴾ ہادی و رزاق طاہر اور لطیف   یہ مرا ہے سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿74﴾ سلسلہ در سلسلہ ہر سلسلہ   آپ سے ہے جا ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿75﴾ ہم نے لکھا اک سو پچیس شعر   بھائی نے لکھنے کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿76﴾ چار بھائی ماں کے ہمراہ دیکھا ہوں   وہ مدینہ اور حِرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿77﴾ ہم سبھی کو پھر بُلا تو اے خدا   ہے یہ میری التجا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿78﴾ آپ کی نعلین کے صدقے میں ہی   ہے ہمارا گھر بقا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿79﴾ وارڈوں میں نسل ساری آپ پر   آپ کا ہوں میں گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿80﴾ آپ کی خوشبو سے ہے مہکا ہوا   یہ گھرانہ غوثیہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿81﴾ مرتضیٰؓ بھی فاطمہؓ حَسنینؓ بھی   ہے یہ میرا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿82﴾ دین و دنیا کی ملی سب نعمتیں   سب کرم ہے آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿83﴾ ہے تمنا دیکھ لوں میں خواب میں   ہے وسیلہ غوث کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿84﴾ نعمتیں مجھ کو ملی ہیں بے شمار   ہے غلامی کا صلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿85﴾ رب کا ہے ارشاد یہ نُورٌ عَلٰی   نُورٌ ہے بس آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

«86» نقشِ پا پر آپ کے میں مَر مِٹوں   یہ فنا میری بقا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«87» روح کو میری سدا تازہ کرے   آئے طیبہ سے ہُوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«88» ہو مدینے کا سفر اک با پھر   دیجئے ایسی دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«89» ہے مری تو التجا ہر دم یہی   طیبہ ہو مدفن مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«90» آئینگے جب بھی فرشتے قبر میں   آپ کا ہو آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«91» پوچھیں گے مجھ سے تو کہدونگا یہی   ہوں محبِّ مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«92» نقشِ پا سے روشنی ہو قبر میں   یہ مری ہے التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«93» خُلد میں آرام سے ہوگی بسر   عشق کا ہوگا صلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«94» روزِ محشر جب اُٹھوں میں قبر سے   سر ہو سایہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«95» پار کرلوں پل صراط اکرام سے   دیکھ کر حُسنِ ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«96» ائے خدا سائے میں رکھنا حشر میں   لب پہ میرے ہے دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«97» نامہء اعمال کے اوزان میں   بس ہو اسمِ مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«98» آپ جب کوثر عطا کرنے لگیں   مجھ کو بھی ہو وہ عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«99» حوضِ کوثر پر جو آپ آئے نظر   پاؤں دھوکر پی لیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«100» رَبِّ زِدْنِی ہے کہا عِلْمًا کے ساتھ   آپ ہی عالم سدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«101» با ادب جبریلؑ نے یا مصطفٰی   کہدیا صد مرحبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«102» آپ کے تلوؤں کو جب جبریلؑ نے   گال سے مل کر کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«103» ہے بلاوا آج اوجِ عرش پر   منتظر ہے کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«104» انبیاء میں آپ کا رتبہ بڑا   آپ ہیں سب سے جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«105» آپ کے قدموں سے جنت بن گئی   یعنی طیبہ بس گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelé Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ ہی کے نور سے روشن جہاں   آپ کی ہے یہ عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ دو جہاں میں آسرا بس آپ کا   کچھ نہیں اس کے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ میرے دل پر اک نظر ہوآپ کی   دل غموں سے ہے بھرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ زخموں پرمل لوں اگر ملجائے تو   آپ کی وہ خاکِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ روز پڑھتا ہوں دُرودِ پاک میں   دردِ دل کی ہے دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ دھڑکنوں میں بس یہی اک نام ہے   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ جو بھی میرے پاس ہے دراصل ہے   آپ کی ہے سب عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ کی نعلین کے صدقے میں ہی   ہے گزارا بس مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ نعمتیں مجھ کو ملی ہیں بے شمار   ہے غلامی کا صلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ ہی ہیں بس امام الانبیاء   یوں نہ ہوگا دوسرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ رب بنا کر نور سے پھر یوں کہا
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ"

﴿117﴾ خاک کی مخلوق میں ہیں منتخب   یہ شرف سب سے بڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ کالی کملی میں جگہ مل جائے بس   ہے یہ ہم سب کی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ کاش میں ہوتا وہ بغلی کا حجر   تا قیامت چومتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ ہو مدینے کا سفر اک بار پھر   میں نہ واپس آؤنگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ ایک سو پچیس شعروں کو لکھا   جب کرم مجھ پر ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ واقفِ اسرارِ کُن ہیں آپ ہی   آپ سے کیا ہے چُھپا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ سنّتوں میں عصر و مغرب اور ظہر   فجر بھی ہے اور عِشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ دیجئے قدموں میں جا ارشاد کو   ہے دعا یہ کر رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ کہتا ہے لَاریْبؔ یہ ارشاد بھی   کوئی کب ہے آپ سا یا مصطفٰی ﷺ

ارشدؔ

نام :- محمد عمر علی ارشد
قلمی نام۔ :- ارشد شرفی
تخلص :- ارشدؔ
ولدیت :- محمد علی زیرک شرفی
تعلیم :- ڈپلومہ ان ہارڈ ویر انجینئرنگ، بی۔ اے لینگویجس (عثمانیہ)
پیشہ۔ :- تجارت
شرف تلمذ :- ملک الشعراء حضرت اوج یعقوبی صاحب،
شاعر اعظم حضرت خواجہ شوق صاحب
آدھی ملاقات کے لئے:- A.R.Pride, Flat No. 402,
H.No. 10-3-747, Vijay nagar colony, Hyderabad-500057,T.S.India
Email: arshadsharfi@gmail.com
omeraliarshad@hotmail.com
Mobile No.9395550559 / 8639494819

* * *

﴿1﴾ شافعِ روزِ جزا یا مصطفیٰ ﷺ
ہو کرم جود و سخا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں بدر الدجیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿3﴾ اصل میں اللہ والا ہے وہی
درس دے جو آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿4﴾ آتی جاتی میری ہر اک سانس پر
آپ کا ہے تذکرہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿5﴾ آنکھ چاہے ہے بصیرت یا نبی
ڈال دیجے اک نگہ یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pehlwan Mohammed Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ یا نبی بس یا نبی کہتا ہوا خلد تک میں جاؤں گا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ آپ تک پہنچی ہے نسبت دیکھئے سلسلہ در سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿8﴾ کون ہوگا اب بھلا دل میں مرے آپ کو دل دے دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿9﴾ میں فنا فی الرسول اللہ ہوں اس فنا میں ہے بقا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿10﴾ اپنے قدموں میں جگہ دے دیجئے بس یہی ہے التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿11﴾ دور محشر میں رہے گا آپ سے جو یہاں کھنچ کر رہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿12﴾ دوجہاں میں سرخرو ہوگا وہی جو بھی چوکھٹ پر جھکا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿13﴾ آپ کی آمد سے ہوگا بالیقیں دل مرا غارِ حرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿14﴾ آپ سے ہی لولگی ہے قلب کی
دل ہوا تم پر فِدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿15﴾ راستہ بتلائیے اللہ کا واقفِ سرِّ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿16﴾ اس لئے محشر سے ڈر لگتا نہیں آپ کا ہے آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿17﴾ دین کی دولت عطا کر دیجئے حامی دینِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿18﴾ اک نظر میں ہی عمرؓ جیسے شجیع آپ پر شیدا ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿19﴾ ہرنفس کی آمد و شد پر ہیں آپ ہر نفس پر ہے ثنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿20﴾ شوق دل کا ہے تقاضہ روز وشب دل کو کر دیجے حِرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿21﴾ بس تصور ہی کیا تھا آپ کا ٹل گیا ہرحادثہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿22﴾ اب نظر آجائے میرے حضور جل گیا دل کا دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿23﴾ آپ کے در پر نگاہِ ناز کو گھومتا کعبہ ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿24﴾ لاج رکھ لیجے سرمحشر مری ہوں برے سے بھی برا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿25﴾ کیا مری اوقات کیا میرا وجود ہے خدا ہی جب فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ خلد بھی آئے مہکنے کو جہاں   وہ ہے طیبہ کی فضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ یا محمد کی صدا جو میں نے دی   چھٹ گئی غم کی گھٹا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ میں ہوا کے دوش پر ہو کر سوار   آ گیا ہے دست و پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ جگمگا دیجے مقدر کو مرے   آپ ہیں نورالھدی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ دل کی نیرنگی پہ نغمہ ہے یہی   یا نبی صلِّ علی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ چاند تارے جگمگانے لگ گئے   لے کے قدموں سے ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ کیمیاء ہے عاشقوں کے واسطے   آپ کی اک خاکِ پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ یا نبی صلِّ علی لکھتے ہوئے   رنگ دوں ارض و سما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ ڈر کے بیٹھا ہے شریعت سے مگر   ہے قلم بے ساختہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ یا محمد جب کہا لب میں مرے   آگیا دہرا مزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ آپ کی امداد ہی درکار ہے   یا مرے مشکل کشا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ دم نکلتے وقت میرا اے خدا   لب پہ ہو یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ پھر تصور کو مزہ آنے لگا   پھر ملا مصرع نیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ صرف طیبہ ہی نظر آنے لگا   مجھ کو ہر صبح و مسا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ رب نے فرمایا ہے کس کے واسطے   دو جہاں کا ارتقا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ آپ کی آمد سے روشن ہوگیا   گوشہ ہر دوسَرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ انبیاء سب آپ کے ہیں مقتدی   کل جہاں کے پیشوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ بھیک دے دیجے مجھے دیدار کی   یا حبیبِ کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ آپ کا ہی واسطہ رب کو دیا   جب اٹھا دستِ دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ دیکھ لیجے اک نظر آکر یہاں   دل میں محشر ہے بپا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿46﴾ ذاکرو سن لو مری تسبیح تم — میرے لب پرہے سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ کے دربار سے ہم کو ملا — خلد کا ہر راستہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ سرخرو ہوگا یقیناً حشر میں — عاشقوں کا قافلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ گنبدِ خضری کا بس آیا خیال — ہوگیا گلشن برا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ہے ہر اک لمحہ وہ ترسٹھ سال کا — معجزہ ہی معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ ہے چٹائی مسندِ عرش بریں — آپ ہیں شاہِ ہدی یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ دو جہاں کی خاک چھانی تو ملا — آپ کے در کا پتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ مجھ کو جنت کے عوض دے دیجئے — خلد طیبہ کی ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ خیر خوبی سے رہوں گا حشر میں — آپ ہیں خیرالوری یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ عرش پر بھی عاصیوں کے واسطے — آپ نے مانگی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ ہی بتلائیے سدرہ پر — کون تھا اورکیا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ تھا مخفّی جو خدا کا نور وہ — آپ سے ظاہر ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ مجھ کو قسمت سے ملا غم آپ کا — میں تومر کرجی اٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ عاصیوں کے بخشوانے کو ہے بس — اک نواسہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ کلمۂ توحید میں بھی یا نبی — آپ ہیں جلوہ نما یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ دل کی دھڑکن میں جگر میں سانس میں — تذکرہ ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ اس طرف زحمت نہ کرنا اے طبیب — دردِ دل کی ہے دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ نعت کہنے کا کرم سے آپ کے — حوصلہ مجھ کو ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ نعت گو مجھ کو بنا کر آپ نے — کاں سے کاں پہنچا دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ میں کیا میری حیثیت کیا ہے حضور — آپ پر شیدا خدایا مصطفٰی ﷺ

«66» سیرت قرآن ہیں پیارے نبی نورِ حق کا آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«67» جا نہ پائے جس جگہ سدرہ نشیں جسمِ بے سایہ گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«68» جنبشِ زنجیر بتلائی ہمیں عرش کا وہ فاصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«69» آپ کے دربار کے ذرات بھی عقل سے ہیں ماوریٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«70» کیوں بشر کو کہہ دیا مثل بشر یہ تو بس جانے خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«71» لاج رکھنا حشر کے میدان میں مالکِ روزِ جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«72» ہیں خطائیں ھی خطائیں زیست میں ہو خطاؤں پر عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«73» اک شہنشاہ بھی بھکاری کی طرح آپ کے در پر ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«74» بس یہی کہتاہوں اب تو روز و شب منتظر ہوں دید کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«75» کُن کا پہلا ارتقا ہیں آپ ہی کن کی حدِّ انتہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«76» ہے خدائے پاک کو کتنا پسند آپ کا ہر فیصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«77» ہے شہنشاہوں سے بھی اعلیٰ ترین آپ کے در کا گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«78» ہوگیا وہ تو ولی اللہ کا آپ کا جو ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«79» خاکِ پا مَن خاکِ مَن تو مرتفع تو کجا اور من کجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«80» اپنے اُلجھے بخت کو سلجھائیے کیجئے یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«81» ہوگیا وہ سر بلند و سُرخرو جو عقیدت سے جھکایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«82» خستہ دل ہوں اک نگاہِ لطف ہو ہے ادب سے التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«83» میں مئے وحدت کا میکش ہوں حضور آپ کا ہُوں آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«84» مَیں نکیروں سے کہوں گا جھوم کر آپ کا ہُوں آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«85» نعت لکھتے لکھتے مجھ کو دیکھئے کیا سے کیا میں ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(86) اس سے بڑھ کر اور مجھے کیا چاہیئے   آپ کا دامن ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(87) دھوپ کیا جھلسائے گی حالات کی   آپ کا ہے آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(88) رب سے سودا کر لیا ہے دین کا   آپ کا اک لاڈلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(89) ہنستے ہنستے سر کٹا دوں گا مرا   گر اٹھے پھر کربلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(90) جس نے بھی قدموں کا دھوون پی لیا   اُس نے کوثر پی لیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(91) پھر قلم کو دستگیری دے گئی   آپ کی آواز پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(92) دیکھ کر ہی آپ کو نکلے گا دم   آئیے وقت قضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(93) آتے جاتے ہیں مدد کے واسطے   یا علی شیرِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(94) ہائے یہ کیسی وبا پھیلی یہاں   ہو رہے ہیں سب جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(95) اس کورونا کو فنا کر دیجئے   ہے زہریلی وبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(96) نعت لکھوا کر گذشتہ شب مجھے   آپ نے چونکا دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(97) جب سِرا قوسین کا ڈھونڈا گیا   مجھ پہ تب عقدہ کُھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(98) میں نزع میں دیکھ کر یہ کہہ اٹھوں   مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(99) دم بہ دم کہتا پھروں میں دہر میں   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(100) پھر زمانہ طنز فرمانے لگا   یا مرے غوث الوری یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(101) دیں ملا کلمہ ملا قرآں ملا   آپ سے کیا کیا ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(102) آپ کے دربار کے زینے تلے   خلد کا نقشہ ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(103) اس طرح کھو جاؤں دھن میں آپ کی   خود سے ہو جاؤں جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(104) اپنے تلوؤں سے جدامت کیجئے   میں بھی ہوں اک خاکِ پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(105) واسطہ دے کر خدا کو آپ کا   بس مناتا ہی رہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri Collection Peer Sahib Qadri

﴿106﴾ یہ سنا تھا دید ہوگی لحد میں   اس لئے میں مرگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ اپنی کملی میں چھپا کر ایک بار   پھر نہ کیجے گا جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ میں دکن میں آپ طیبہ میں حضور   ختم کر دیں فاصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ میرے گھر کا بچہ بچہ آپ پر   جان و دل سے ہے فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ آپ ہم کو کیا ملے پیارے نبی   ہر سلیقہ مل گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ جام عرفاں کا پلا دیجے ہمیں   اے خدا کے آشنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ ہم گنہ گاروں کو رب کے درمیاں   اک وسیلہ مل گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ اِنَّا اَعْطَیْنَا گواہ ہے آپ کو   رب نے سب کچھ دے دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ حکم حق لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ   حشر تک صادر ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ نعت پڑھنے کا مزہ آتا رہا   میں نے جب قرآں پڑھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ ماورائے عقل اور ہوش و خرد   آپ کا ہے مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ رب نے لکھ کر نام دانے دانے پر   آپ کا صدقہ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ اک نگاہِ لطف کی خیرات کو   دست بستہ ہوں کھڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ ہے کرم کا عاجزانہ ذکر بس   یہ نہیں شکوہ گلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ آپ کے جلوے میں رب کو دیکھ لوں   ہے یہ احساسِ وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ دل کے داغوں میں بہار عشق ہے   ہوں تصور میں سدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ آپ کے ہی فیض سے یہ ہوگئی   ایک چھوٹی سی ثنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ آپ ارشد کے ہیں آقا اے حضور   آپ کا ہے ارشدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ آرہے ہیں دیکھ ارشدؔ وہ اِدھر   دل نے آہستہ کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ آپ کا دستِ عطا ارشدؔ تلک   آتے آتے آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

اسدؔ

نام :- اسد عثمانی کربلائی
تخلص :- اسدؔ
ولدیت :- عبدالحمید عثمانی
پیدائش :- 03-11-2002، جبلپور
شاعری کا آغاز :- 2020
شرف تلمذ :- محترم جناب اسلم ماجد جبلپوری
تعلیم :- حافظ قرآن، بی ٹیک، (جاری)
آدھی ملاقات کے لئے :-1833، رانی درگاوتی وارڈ، گڑھا، جبلپور، 482001، ایم۔ پی
موبائیل نمبر :- 0091- 9098425398

* * *

﴿1﴾ آپ سے جو بھی پھرا یا مصطفیٰ ﷺ
بد سے بدتر ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿2﴾ آپ سے خیر الوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
فیض کا دریا بہا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿3﴾ نفرت و بغض و ریا یا مصطفیٰ ﷺ
جُڑ کے تم سے میں بچا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿4﴾ آپ سے ہے ابتدا یا مصطفیٰ ﷺ
آپ پر ہی انتہا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿5﴾ آپ آئے نور زا یا مصطفیٰ ﷺ
سارا عالم جگمگا' یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Qadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ یہ سنا تھا دید ہوگی لحد میں
اس لئے میں مر گیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿107﴾ اپنی کملی میں چھپا کر ایک بار
پھر نہ کیجے گا جدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿108﴾ میں دکن میں آپ طیبہ میں حضور
ختم کر دیں فاصلہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿109﴾ میرے گھر کا بچہ بچہ آپ پر
جان و دل سے ہے فدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿110﴾ آپ ہم کو کیا ملے پیارے نبی
ہر سلیقہ مل گیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿111﴾ جام عرفاں کا پلا دیجے ہمیں
اے خدا کے آشنا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿112﴾ ہم گنہ گاروں کو رب کے درمیاں
اک وسیلہ مل گیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿113﴾ اِنَّآ اَعۡطَیۡنَا گواہ ہے آپ کو
رب نے سب کچھ دے دیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿114﴾ حکم حق لَا تَرۡفَعُوۡٓا اَصۡوَاتَکُمۡ
حشر تک صادر ہوا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿115﴾ نعت پڑھنے کا مزہ آتا رہا
میں نے جب قرآں پڑھا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿116﴾ ماورائے عقل اور ہوش و خرد
آپ کا ہے مرتبہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿117﴾ رب نے لکھ کر نام دانے دانے پر
آپ کا صدقہ دیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿118﴾ اک نگاہِ لطف کی خیرات کو
دست بستہ ہوں کھڑا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿119﴾ ہے کرم کا عاجزانہ ذکر بس
یہ نہیں شکوہ گلہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿120﴾ آپ کے جلوے میں رب کو دیکھ لوں
ہے یہ احساسِ وفا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿121﴾ دل کے داغوں میں بہار عشق ہے
ہوں تصور میں سدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿122﴾ آپ کے ہی فیض سے یہ ہوگئی
ایک چھوٹی سی ثنا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿123﴾ آپ ارشد کے ہیں آقا اے حضور
آپ کا ہے ارشدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿124﴾ آرہے ہیں دیکھ ارشدؔ وہ اِدھر
دل نے آہستہ کہا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿125﴾ آپ کا دستِ عطا ارشدؔ تلک
آتے آتے آگیا یا مصطفیٰ ﷺ

اسدؔ

نام :- اسد عثمانی کربلائی
تخلص :- اسدؔ
ولدیت :- عبدالحمید عثمانی
پیدائش :- 03-11-2002، جبلپور
شاعری کا آغاز :- 2020
شرف تلمذ :- محترم جناب اسلم ماجد جبلپوری
تعلیم :- حافظ قرآن، بی ٹیک، (جاری)
آدھی ملاقات کے لئے :- 1833، رانی درگاوتی وارڈ، گڑھا، جبلپور، 482001، ایم۔ پی
موبائیل نمبر :- 0091- 9098425398

﴿1﴾ آپ سے جو بھی پھرا یا مصطفٰیﷺ
بد سے بدتر ہوگیا یا مصطفٰیﷺ

﴿2﴾ آپ سے خیر الوریٰ یا مصطفٰیﷺ
فیض کا دریا بہا یا مصطفٰیﷺ

﴿3﴾ نفرت و بغض و ریا یا مصطفٰیﷺ
جُڑ کے تم سے میں بچا یا مصطفٰیﷺ

﴿4﴾ آپ سے ہے ابتدا یا مصطفٰیﷺ
آپ پر ہی انتہا یا مصطفٰیﷺ

﴿5﴾ آپ آئے نور زا یا مصطفٰیﷺ
سارا عالم جگمگا یا مصطفٰیﷺ

﴿6﴾ پُھول بھی شرما گیا یا مُصطفٰی   مسکرانا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ آپ ہی نورالھدیٰ یا مُصطفٰی   آپ ہی شمس الضحٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ قافلہ طیبہ چلا یا مُصطفٰی   میں کھڑا روتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی   آپ کی بس خاکِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ چمکی اس دم، فکر میں جو آگیا   جب تصوّر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ہو عطا اب ہم گنہگاروں کو بھی   ابرِرحمت کا مزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ ہر پریشانی نے اس کو راہ دی   جس نے بھی دل سے کہایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ ہو مداویٰ دردِ عشق دہر کا   ہو عطا ہم کو شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ مرحبا صد مرحبا صد مرحبا   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ صاف ہے یہ ماجرا قرآن سے   چاند بیشک شق ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ اُمّتی ہم آپ کے کیا ہوگئے   مہرباں رب ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ آیتیں قرآن کی دنیا کو دی   لب تمہارے معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ جو بِکا ہاتھ آپ کے مالک بنا   عشق کے بازار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ آپ کی آمد پہ ہر سُو گونج ہے   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ نشّے میں ڈوبے جہاں کو آپ نے   جامِ عرفانی دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آپ نے دنیا کو روشن کر دیا   اِک دیا ایسا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آپ ہیں آقا مرے داتا مرے   اُمتی میں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ المدینہ چل مدینہ وِرد ہے   میری ہر اک سانس کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ بارہا گنبد کو دیکھا پھر بھی میں   دل نہیں بھرتا مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ ائے خدا جب موت آئے لب پہ ہو   مصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ آسماں کا چاند بھی شیدائی ہے آمنہ کے چاند کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ بعد طیبہ کے میسر ہو ہمیں کربلا کو دیکھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ آپ کے دربارہی سے ہے ملا خلد کا ہم کو پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ ایسی ویسی مئے کا میں طالب نہیں ہوں مئے دیدار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ مالک کون و مکاں خیر الوریٰ نورِ حق صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ آپ کو دیکھا تو اپنے آپ میں مَیں تو خود ہی کُھو گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ عشق قرآں سے ہُوا حافظ بنا نور نورانی صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ یہ کرم کی انتہا اپنا کہا تو کجا اور من کجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ بچپنے میں آپ کے ہونٹوں پہ تھی رَبِّیْ هَبْلِیْ کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آپ پر نازاں ہیں حُسنِ کل جہاں حُسنِ یوسف نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ ممبر خُم نے بتایا مرتبہ حیدرِ کرار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ موقع معراج میں جاری رہی ربِّی حَبْلِی کی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ صرف اپنے کیا، غیروں کو بھی در گزر فرما دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ آپ نے تلوار دی تو چھاگیا خوفِ تیغِ مرتضٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ آنا ہے طیبہ کی جانب مجھ کو بھی پنکھ ہوں مجھ کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ برگزیدہ رب کے بندوں سے مِلا آپ کا ہم کو پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ آپ کے کِردار سے ظاہر ہوئی دہر میں شانِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ ہم تو طٰہٰ اور یٰسٓ جانتے رب ہی جانے مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ اپنا لوہا پڑھ کے نعتِ مصطفٰی میں نے بھی منوا لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ آمنہ کے چاند کا صدقہ ملے ہر ستارہ بولتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection: Mohammad Hyderabad India

﴿46﴾ فتح یابی پھر قدم چومے نہ کیوں   جب عَلَمؔ تم نے تَھامَا، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ جسم ہی کیا روح کی بھی جان ہے   نغمہ صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ آپ سے ہم کو ملے ہیں سب علوم   گیَان کیا وِگیَان کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ گرم ہے بازارِ نفرت کچھ کریں   قلب ہو ٹھنڈا مِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ بات دل اور جان پر رکتی نہیں   سب کا سب ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ دین بھی ایمان بھی قرآن بھی   آپ ہی سب کچھ مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ قتل کا لے کر ارادہ آئے تھے   تیغ تھامے کہہ دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ ورد ہے میرا درودِ پاک اور   نعرہ ہے صَلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ یا نبی کہ کر کیا ہے عمر بھر   مشکلوں کا سامنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ آپ کے قدموں کو چومے گی جبیں   ہو گا جب بھی سامنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ بن کیا شہرِ وبا شہرِ شفا   آپ کے کیا نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ جب کیا سجدہ خدا کو دہر میں   سر نہ بت کو پھر جھکایا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ آپ کا پایا پتہ، یا یوں کہوں   میں خدا کو پا لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آپ سے جو بھی پھرا وہ مٹ گیا   شمر ہو یا ہرملہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ جذبۂ عشقِ رسول اللّٰہ نے   کوزہ میں ساگر بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ جامِ عشقِ اولیاء کی دین ہے   نشّۂ کرب و بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ آپ کے کردار کے عکّاس ہیں   نجم ہو یا ہو ضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ بد سے بدتر زندگی ہوجائیگی   ہو گئے جو تم خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ ہے خفا سارا جہاں منظور ہے   آپ مت ہونا خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ جان دینا آپ پر ایمان ہے   آپ پر یہ جاں فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India Collection Mohammad Digitization eGangotri

﴿66﴾ ہے تمنّا آپ کا دیدار ہو
جس گھڑی آئے قضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ مومنوں کی زندگی دشوار ہے
ہر طرف ظلم و جفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿68﴾ آپ کے دیوانے کوئی کم نہیں
راہ مانگے ہر بلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿69﴾ لیجئے سرکار اب میری خبر
ہے صدائے غم زدہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿70﴾ جس پہ نازاں ہو گلوں کی خوشبوئیں
وہ پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿71﴾ ناز وہ کرنے لگا تقدیر پر
آپ نے بُلوا لیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿72﴾ جس جگہ بھٹکیں کبھی میرے قدم
ہاتھ میرا تھامنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿73﴾ اِک اشارے میں ہُوا شق چاند بھی
کیا اشارہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿74﴾ آپ جو چاہیں تو طیبہ آؤں مَیں
پھر نہیں کچھ مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿75﴾ آپ کی ٹوٹی چٹائی پر فدا
کل جہاں ہے با خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿76﴾ آپ نے فرما دیا شق ہوگیا
چاند بھی کہتا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿77﴾ وردِ نامِ پاک کی برکت سے ہے
ٹھوس میرا حافظہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿78﴾ ہو بیاں کیسے تمھارے رُخ کی شان
جو ہے تفسیرِ ضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿79﴾ آپ کی تعریف ہے سب سے بڑی
خود قسم کھائے خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿80﴾ جانتی ہے مجھ کو دنیا آپ سے
تھا میں کیا، کیا ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿81﴾ آپ کی موجودگی محسوس کی
جب جہاں میں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿82﴾ کہکشاں ہے کہکشاں ہے کہکشاں
خاندانِ مصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿83﴾ اشک ٹپکینگے یقیناً گر ہُوا
جالیوں کو تھامنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿84﴾ ہر میں ہے آپ کے منگتوں کی شان
بادشاہوں سے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿85﴾ کون روکے گا مری رفتار کو
آپ کی جب ہے عطا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India — Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ خلد اُن کو مل گئی دستار میں
آپ نے جِن کو پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ خوفِ طوفاں روک سکتا ہی نہیں
آپ ہیں جب ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آپ نے دلوایا عبداللہ سے
صدقہءِ کرب و بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ مشکلیں خود مشکلوں میں پڑ گئیں
جب کہا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ دین کی شہزادیوں کو ہو عطا
پھر ردائے فاطمہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ ہو رہی ہے نعت بھی اور ہیں نہیں
ذہن میں اب قافیہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ اپنی کملی میں چھپا لینا ہمیں
حشر ہوگا جب بپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ رحمة للعالمیں ہیں آپ بس
آپ سے راضی خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ کشتیءِ دینِ خدا محفوظ ہے
آپ ہیں جب نَاخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ آپ ہیں راضی ہوئی تصدیق جب
ہو گیا راضی خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ کیوں طلب ہو مال و تخت و تاج کی
تم ملے سب مِل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ حاضری دیتے ہیں آکے صبح و شام
در پہ سارے اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ ہے فقط در آپ کا پہنچے جہاں
شاہ بھی بن کر گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کی الفت میں جو کچھ بھی ملے
ہر سزا میں ہے مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ کچھ نہ دو بس اِک سفر دو "کربلا"
ہے دعا یہ بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ اِک گذارش ہے بُلائیں آپ جب
ساتھ میں ہوں والدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ بیٹیاں ہوں کیسے اِن کی پردہ دار
مائیں ہیں جب بے ردا، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ ساری مخلوقِ خدا ہے آپ کی
آپ سے ہیں آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ جو نہیں ہیں آپ کے، وہ لوگ ہیں
ہر مرض میں مبتلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ کیوں نہ اِس کو ہر گھڑی دُہرائیں ہم
نام پر ہے جھومنا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Qadri Collection Peer Sahib Hyderabad India Digitization eGangotri

«106» نام جب کشتی پہ دیکھا آپ کا خد ہی طوفاں ڈگمگا' یا مُصطفٰی ﷺ
«107» آپ کی الفت نہ ہو گر قلب میں سب کا سب ہے بے مزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«108» حضرتِ "بُہلُوْل" سا تاجر نہیں جنّتی ویاپار کا یا مُصطفٰی ﷺ
«109» فتح یابی مومنوں کی جس میں ہے وہ ہے سورہ فاتحہ یا مُصطفٰی ﷺ
«110» آپ کے دربار کو جو چھوڑ دے میں نہیں وہ سر پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
«111» دِل کسی بھی چیز میں لگتا نہیں آپ سے جب دل لگا' یا مُصطفٰی ﷺ
«112» آپ تو بلوائیے بھرِ سخا آؤں گا میں تیرتا یا مُصطفٰی ﷺ
«113» آسماں کا چاند تابع حکم ہے آمنہ کے چاند کا یا مُصطفٰی ﷺ
«114» آپ کا بیمار ہوں کیجے علاج آپ ہی دیجے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
«115» گِر نہیں سکتے کبھی وہ دہر میں آپ کے جو نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«116» چند قطروں کی ضروت ہے مجھے آپ ہیں بھر سخا یا مُصطفٰی ﷺ
«117» آپ کے دیوانوں میں اِک نام ہے حضرت خواجہ پیا یا مُصطفٰی ﷺ
«118» میں نے پیمانے پہ لکھا یا نبی گر کے بھی وہ بچ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«119» آپ کو ہم چھوڑ دیں ممکن نہیں ہو ہمارا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
«120» بغض جو تم سے رکھے اس شخص کی بد سے بدتر ہے دشہ یا مُصطفٰی ﷺ
«121» ہاں لُعابِ پاک بیشک آپ کا ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
«122» کشتیءِ الفت نہ ڈوبے گی میری اس کے ہو تم ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
«123» آپ کا اُس دم ہمیں دیدار ہو وقت ہو جب موت کا یا مُصطفٰی ﷺ

«124» ہم غلاموں کا یہی نعرہ ہے بس
"دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ"

«125» عرس "عبداللّٰہ" ہے اور نعت ہے کچھ نہیں اب سوچتا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کے دربار سے جائے "اسدؔ کربلائی" کربلا یا مصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Quadri, India

اسلمؔ

نام :- اسلم فرشوری
تخلص :- اسلمؔ
ولدیت :- ریاض حسن فرشوری
سنہ و مقام پیدائش :- 8/7/ 1947، حیدرآباد دکن
شاعری کا آغاز :- 1974
شرف تلمذ :- ۱۔ سعید الحسن صاحب ۲) عزیز وارثی صاحب
تعلیم :- M.A (اردو) M.Phil(OU)
مصروفیت :- MANUU میں اکزامینر کے حیثیت سے مصروف رہتے ہیں۔
پیشہ :- درس و تدریس
آدھی ملاقات کے لئے :- 6-2-27,M-1/A, سن سٹی، بنڈلہ گوڑہ، حیدرآباد 500086 تلنگانہ اسٹیٹ۔ الہند
موبائیل نمبر :- 0091-9949890428, 0091-9248197786

* * *

(1) آپ نے جو کچھ کہا یا مصطفٰی ﷺ
ہم نے قراں میں پڑھا یا مصطفٰی ﷺ

(2) دین حق ہم کو دیا یا مصطفٰی ﷺ
آپ کا ہے معجزہ یا مصطفٰی ﷺ

(3) حق کا جب چرچا کیا یا مصطفٰی ﷺ
یہ جہاں دُشمن بنا یا مصطفٰی ﷺ

(4) دیکھ کر سب نے کہا یا مصطفٰی
مصطفٰی صلّی علیٰ یا مصطفٰی ﷺ

(5) قصد جب حج کا کیا یا مُصطفٰے ﷺ
قافلہ مکّہ چلا یا مُصطفٰے ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ پر ہیں ہم فدا یا مصطفٰی — آپ ہی سے ہے وفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہوگئی رب کی عطا یا مصطفٰی — دین حق ہم کو ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آمنہ کی آنکھ کا تارہ ہو تم — ہے فدا بھی سعدیہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ جو ابوطالب نے کی تھی پرورش — تھے بڑے مشفق چچا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ کام بچپن میں کیا نہ آپ نے — مرضئ رب کے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ کمسنی میں جب چچا کا آپ کے — سر سے سایہ اُٹھ گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ہر قدم پر بس خُدائے پاک ہی — تھا محافظ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ حوصلہ تھا آپ میں جو بے پناہ — سر پہ تھا دستِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ جب آئے تو آئے تھے یتیم — چل بسیں پھر والدہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ تھے بھتیجے پر ابوطالب فدا — بے تحاشہ پیار تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ تھا قبائل کا عرب کے حال یہ — لڑتے رہتے تھے سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ آپ نے جب آنکھ کھولی دہر میں — ظلم کی تھی انتہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ دیکھ کر غمگین رہتے تھے بہت — تم عرب کا ماجرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ جب نئی تعمیر کعبہ کی ہوئی — ساتھ بھی تم نے بھی دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ واسطے حق کے تھی اک فطری تڑپ — ایک عجب ہی جوش تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کے احساں ہیں ہم پہ بے بہا — کس طرح حق ہو ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ لڑ رہے تھے لوگ اسود کے لئے — آپ سے جھگڑا مٹا، یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ حجر اسود کو مبارک ہاتھ سے — خود نصب تم نے کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ خوش ہیں ہم سب فیصلے پر آپ کے — ہر قبیلے نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کی آمد سے پہلے یہ جہاں — تھا بنا ظُلمت کدہ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Qadari Digitization eGangotri

﴿26﴾ لوگ سب کہتے تھے صادق آپ کو تھا اثر اخلاق کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ پاس رکھتے تھے امانت آپ کی تھا بھروسہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ مال لے کر بھی تجارت کو گئے جب خدیجہ نے کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ تھی تجارت میں مہارت آپکو اور منافع خو ب تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ واپسی پرمیسرہ تعریف سے یوں کہو تھکتا نہ تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ دیکھ کر اور سُن کے سب حالات کو تھیں خدیجہ بھی فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ دیکھ کر سچائی ہی کو آپ کی اجنبی بھی تھے فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ تھے علیؓ کمسِن مگر تھا حوصلہ دین حق پہ تھے فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ زید بن حارث نے بھی اسلام کا شوق سے کلمہ پڑھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ ڈوبے رہتے تھے خدا کی یاد میں دل میں گہرا درد تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ لے کے وہ پیغام رب کا اگئے جب گئے غارِ حرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ ہوگئیں داخل وہیں اسلام میں جب خدیجہؓ نے سُنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ جب پتہ بوبکرؓ کو اسکا چلا سُنتے ہی کلمہ پڑھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ دیکھتے ہی دیکھتے کچھ روز میں بن گیا اک قافلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ رفتہ رفتہ دین حق مکّہ میں تب پھولنے پھلنے لگا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ کام دیں کا کُفر کے ماحول میں بے دھڑک ہو کر کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ لے کے آئے آپ حق کی روشنی تب جہاں روشن ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ دشمنوں کی' کی خطائیں درگذر اُن پہ وہ احساں کیایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ پھر خدا کا گھر' خدا کا گھربنا جو بنا تھا بت کدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ راستہ روکا بہت تھا کفر نے دینِ حق غالب ہُوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ ہو گیا اب امن قائم ہر طرف   ظلم دنیا سے مٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ بول بالا ہر طرف حق کا ہُوا   کُفر جب پسپا ہوا یا مُصطفٰے ﷺ
﴿48﴾ فتح مکّہ پر تشدد بھی نہیں   نہ کسی کا خوں بہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ منتظر تھی آپ کی انسانیت   ہر طرف تھا تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ نے ہر اک قدم پر اک ستم   واسطے حق کے سہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ ظالموں کی ہار ہوکر ہی رہی   فتح، مکّہ بھی ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ نے اعلان حق کا کردیا   حُکم جب رب کا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ لوگ سب مَکّے کے دشمن ہوگئے   کام جب دیں کا کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ آپ نے ہنس کر سہا دیں کے لئے   بے بہا جور و جفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ حضرت حمزہؓ مسلماں ہوگئے   بو جہل رُسوا ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ قتل کرنے کو چلے تھے جو عمرؓ   ہو گئے تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ کرکے ہجرت آپ جب یثرب گئے   کام واں دیں کا کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آپ کے آنے سے قسمت بن گئی   اہل طیبہ نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ اہل طیبہ نے فروغ دین میں   کردیا ہے حق ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ تب مہاجر اور ان انصار نے   کارِ دیں مل کر کِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ ہر قدم پر دین کی خاطر کِیا   سامنا تکلیف کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آپ نے آکر مٹایا ظلم کو   ہوگئی جب انتہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آپ ہی نے جنگ کے میدان مَیں   زیر دُشمن کو کِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ لے کے آئے آپ حق کی روشنی   تب جہاں روشن ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ رُک سکا نہ آپ کے عشّاق کا   جب قدم آگے بڑھا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India. Collection of ... Digitization eGangotri

﴿66﴾ بن گئی دونوں جہاں کی زندگی　　جو فدا تم پر ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ ذہن میں اصحاب نے سب رکھ لیا　　آپ سے جو بھی سُنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ حِلم سے دُشمن کو اپنے ہر قدم　　آپ نے بے بس کِیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ آپ کی اُمت میں جو پیدا کیا　　مجھ پہ ہے رب کی عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ آپ نے ہر اک قدم پر ہے کیا　　ہر کسی کا ہی بھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ دُشمنوں سے بھی کِیا ہے درگذر　　دُشموں پر بھی عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ میں نے جب سیرت پڑھی ہے آپ کی　　دِل ہُوا روشن مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ نارِ دوزخ سے بچائے گی ہمیں　　آپ ہی کی اقتدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ جب بڑھی دنیا تباہی کی طرف　　آپ نے بخشی جِلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ ہی کے واسطے دُنیا بنی　　آپ ہی ہیں مُدعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ دُشمنوں نے بھی ہے دیکھی بارہا　　آپ کی شانِ عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ دین و دُنیا اور طریقِ زندگی　　آپ سے سب کچھ ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ کے احساں ہیں ہم پہ بے بہا　　کس طرح حق ہو ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ ہاں یقیناً قابل تقلید ہے　　آپ کی ہر اک ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ آپ کے اخلاق کا میں کیا کہوں　　ہر کوئی شیدا ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿81﴾ بچ گیا اِس گردش ظلمت سے وہ
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿82﴾ ہو گئی برباد اُس کی آخرت　　جو شریعت سے ہٹا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ کاش میں پابندِ دین حق رہوں　　اور رہوں اُس پر جما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ دور ہوسکتا نہیں وہ آپ سے　　ہوگیا جو آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ آپ ہی بتلا دیئے سب کے حقوق　　دینِ کامل بھی دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qudrat Digitization eGangotri

﴿86﴾ دین حق پہنچا کے ہم تک آپ نے   کس قدر احساں کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ شہر طیبہ کی ہے یہ خوش قسمتی   آپ کا مسکن بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ دین حق پہنچا کے جب فارغ ہوئے   جنگ سے پردہ کرلیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آپ نے پھیلا دیا ہے ہر طرف   نورِ حق نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ آپ کے آنے سے گہوارہ بنا   سارا عالم امن کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ جاں نثاروں کا تھا لشکر ساتھ میں   تھی زبانوں پر صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ تھی زبانوں پر سبھی عشاق کے   لا شریکَ لَکَ صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ بول بالا ہر طرف حق کا ہُوا   کُفر جب پسپا ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ یہ ہمارے واسطے تاویل ہے   حج میں جو خطبہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ دور ہُوں ہندوستاں میں آپ سے   ہُوں مگر تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ کے روضے پہ دے کر حاضری   اک مجھے عرصہ ہوا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آپ کے بِن دل مرا بے چین ہے   اب تو لو در پر بُلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ غم کا بس اظہار ہے تو آپ سے   آپ ہیں درد آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ دُور ہُوں مدت سے میں جو آپ سے   اتنی بھی مت دو سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ پوری ہو گی حشر میں ہی یہ مری   دید کی ہے جو قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ آپ کے روضہ پہ آؤں کاش پھر   لے کے تحفہ نعت کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ تنگدستی فقر و فاقے کا ہمیں   کچھ نہیں ہے اب گلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ سب وسیلے سے ملا ہے آپ کے   یہ طلب سے بھی سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ کام آجائیں سر محشر مرے   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ آپ نے دکھلائی راہ حق مجھے   میں اندھیروں سے بچایا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Qudarabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ میرا جینا ہی یہاں بیکار ہے　تم ہو گر مجھ سے خفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ میرے اس قلبِ حزیں کو آپ ہی　بخش دیجے گا جِلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ بے بسی میں حشر کے میدان میں　لیجے کملی میں چُھپا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ دِل میں رکھنے کی اجازت دیجئے　دِل سے نکلی ہے ندا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ پُرسکوں ہُوں اپنی کُٹیا میں ہی مَیں　ہے یہ بنگوں مین وبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ عشق میں ہوں غرق بے حد آپ کے　وصل ہے اس کی دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ہے ازل سے آپ کا دیدار بھی　میری قسمت میں لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ خوش حلیمہ دیکھتے ہی ہو گئیں　گود میں جیسے لیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ اونٹنی کی دیکھ کر رفتار تھا　محوِ حیرت قافلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ کی اُلفت ہے سینے میں بسی　ہے محبت بے بہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ دور رہ کر آپ سے میں نے سدا　غم کے اشکوں کو پِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ ہُوں مدینے میں' تو جنت میں ہُوں میں　مجھ کو تو ایسا لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ پڑھ کے نکلا جب دُرودِ پاک میں　ہر مصیبت سے بچا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ میرا دل دنیا کے جھگڑوں سے بس اب　سچ کہوں اُکتا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ نام آئے آپ کے عُشاق میں　میں سخنور بن گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ بے خودی سی چھا گئی اسلمؔ پہ بھی　عشق میں یہ ہے فنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ آپ کا عاشق ہے اسلمؔ اس لئے　نعت کا چسکا لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ہے رضا اسلمؔ کی بھی بے شک وہی　آپ کی ہے جو رضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ جس کو تھی اسلمؔ تلاشِ حق وہی　بول اُٹّھا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ طنئے کیا ہے یہ کہ اسلمؔ بھی لکھے　حال اب کچھ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabadi India Collection of Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

اشرفؔ

نام۔ محمد منور حسین قلمی نام: اشرف یعقوبی

تخلص۔ اشرفؔ ولدیت۔ محمد یعقوب انصاری

سنہ ومقام پیدائش۔ 01-01-1951 نالندہ (بہار)

شرف تلمذ۔ محترم جناب شہود عالم آفاقی صاحب۔ محترم جناب حلیم صابر صاحب

آغاز شاعری۔ 1983۔ تعلیم۔ میٹرک پاس۔

پیشہ۔ تجارت۔

تصانیف (۱) سرخ آبی پرندہ (2008) (۲) پاگل ہَوا پردے میں (2015)

انعامات واعزازات۔ (۱) بہار اردو اکاڈمی کی جانب سے فضل حق ایوارڈ۔ (۲) بہار علمی مجلس (پٹنہ) کی جانب سے پرویز شاہدی ایوارڈ

(۳) شاد عظیم آبادی اردو اسٹڈی سرکل کی جانب سے شاد عظیم آبادی ایوارڈ (۴) پاگل ہَوا پردے میں پر ادبی ایوارڈ (2015)

(۵) کلکتہ ہندی پتریکہ تریونی کی جانب سے) 2020) میں پروفیسر اگم شرما ایوارڈ۔

ان کے علاوہ اور کئی اعزازات سے سرفراز کئے گئے ہیں۔

آدھی ملاقات کے لئے:۔

6/2/H1, K.B. First lane, Narkul Dang-KOLKATA-700011,West Bengal
e-mail.ashrafyaqubi35@gmail.com
Mobile No: 0091-9903511902

* * *

﴿1﴾ خاکِ طیبہ ہے دوا یا مصطفٰی ﷺ
اور ہَوا پانی غِذا یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ بعد از ذکر خدا یا مصطفٰی ﷺ
پڑھتا ہوں صل علی یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ ہر گھڑی ہے التجا یا مصطفٰی ﷺ
ہو قبول اپنی دعا یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ سنتِ حسان کا صدقہ ہے یہ
نعتیہ اشعار کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ فرش تا عرشِ بریں والے نے بھی
کلمۂ طیب پڑھا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہے کرم اللہ کا یا مصطفٰی
”دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی“ ﷺ

﴿7﴾ زندگی میں زندگی کے بعد بھی آسرا ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ روضۂ اطہر پہ چھائی ہر گھڑی رحمتوں کی ہے گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آ کے تیرے در پہ جبریلِ امیں پڑھتے ہیں صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ مجھ کو دکھلائی مدینے کی گلی مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ ہے تمنا خواب میں دیکھوں کبھی روئے روشن آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ حاضری دربارِ طیبہ میں ہوئی فضل رب موقع ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ شکریہ صدقے ذبیح اللہ کے میں نے بھی زم زم پِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ چوم کر روضے کی جالی دم بدم رقص کرتی ہے ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ سنگ ریزوں نے پڑھا کلمہ ترا معجزہ یہ بھی ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ میری کشتی ہے بھنور میں ناخدا اک خدا اور دوسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ بزم میں اب نعت پڑھنے کا شرف مجھ کو بھی حاصل ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ بات اتنی ہے کہ ہم ہیں آپ کے غم نہیں‘ ہیں سب خفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ تھا طوافِ کعبہ میں مصروف میں پڑھ رہا تھا دل مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ کوئی کچھ لکھے کتاب زیست میں میں مگر لکھتا رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ رنج و غم کی دھوپ سے مجھ کو بچا یا محمد مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ سچ یہی ہے یہ جہانِ رنگ و بو آپ کی خاطر بنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کے تابع تھے تابع ہی رہے دھوپ بادل اور ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آئی ہیں صدقے تیرے تبدیلیاں شہر دل میں خوشنما یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ فتح و نصرت کا ہُوا پرچم بلند آپ نے جب کی دعا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ جنت میں اسے لے جائیں گے   سنتوں پرجو چلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿27﴾ جب چلے معراج کی جانب قدم   نورکا تھا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿28﴾ یہ غلامانِ نبی پر ہے کرم   جس نے جو سوچا ہُوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿29﴾ کیوں کوئی ابلیس بھکائے اُسے   ہے کرم جس پرترا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿30﴾ خوب ہے حاجت روائی آپ کی   بے طلب سب کو دیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿31﴾ قریہ قریہ جنت الفردوس ہے   سر زمینِ پاک کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿32﴾ آپ پہ قرباں مرے ماں باپ ہوں   سیدِ خیرالوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿33﴾ مجھ کو سلطانی ملے یا نہ ملے   مل گیا در آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿34﴾ معجزہ دیکھا اشارہ آپ کا   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿35﴾ نورِ حق سے جا ملا نورِ نبی   یا امام الانبیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿36﴾ آپ کے آنے سے سارے دہر میں   کفر کا بادل چھٹا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿37﴾ کہہ رہی ہے آرزوئے دل میری   پھر مجھے طیبہ بلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿38﴾ قوم ذلت کے اندھیرے غار سے   دے رہی ہے پھر صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿39﴾ واسطہ ہے سارے ولیوں کا تمہیں   رحمتیں پھر ہو عطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿40﴾ میں بشر ہوں آپ ہیں خیرالبشر   دو جہاں ہے آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿41﴾ بت کدے میں مچ گیا کہرام جب   آگئے خیرالوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿42﴾ عظمتِ خیرالبشر بھی آپ ہیں   آپ ہی خیرالوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿43﴾ سب سے پہلے نورسے اللہ نے   عرشِ اعظم پر لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿44﴾ پوری دنیا پر ہے قائم آج تک   حیرتوں کا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿45﴾ ہوتی ہے مقبول اپنی صبح وشام   آپ کے صدقے دعا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ روضۂ اقدس پہ جاکر ہوگیا   صاف دل کا آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ ورد کرکے دیکھ، آئے گا سُکوں   دردِ دل کی ہے دوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ کم سے کم پر ہو قناعت یا نبی   ہو عطا صبر و رضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ دل میں پیدا ہو مرے حبِّ نبی   ہم سے ہو راضی خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ آپ کے ادنیٰ سے ادنیٰ بھی غلام   ہوگئے ہیں کیا سے کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ بوسہ لیں ہم خواب میں آجائیے   آپ کی دستار کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ ہوخلافت پھر عطا اِس قوم کو   ہے خدا کا واسطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ جوکِیا روشن جہاں میں آپ نے   بجھ نہیں سکتا دِیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ نے سکھلا دیا جینے کا ڈھب   منع کیا کیا ہے روا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ راہِ حق تم نے دکھائی ہے ہمیں   ہم تو تھے نا آشنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ پانچ وقتوں کی اذانیں اور نماز   تحفہ ہے معراج کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ جو ہمیشہ شرک میں مصروف ہیں   ان کی صحبت سے بچا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ نقشۂ مکہ و طیبہ آج بھی   ہے میرے دل میں بسا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ اپنی آنکھوں میں بسا کر رکھ لیا   روضۂ اطہر ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ سارے عالم پر ہے جو چھائی ہوئی   ٹال دو سَر سے بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ یہ زمیں ہو یا ہو ساتوں آسماں   ہر طرف شہرہ ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ جب بھی مانگی آپ کے صدقے دعا   مِل گیا حد سے سوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ ہم خرافاتِ زمانہ سے الگ   جیتے ہیں خیرالوریٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ دو جہاں قرباں ہے جس کے نام پر   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ خاکِ طیبہ قیمتی میرے لئے   اور مشکیزہ ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ زینتِ عرش بریں نعلین ہیں   زینتِ ارض وسما یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ آپ کہلائے امام الانبیا   مرحبا صدمرحبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ ہو احد کی جنگ یا جنگِ بدر   معرکه سب سرکیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ دشمنوں کا ہر ستم مکے میں بھی   ہنس کے تم نے سه لیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ یه کرم ہے آپ ہی کا فیض ہے   نعت میں کہتا رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ ذکر سے جس کے ہوئے ہم محترم   نام احمد آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ روشنی آنکھوں میں واپس آگئی   معجزہ ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ یاد آتے ہی تبسم آپ کا   مسکراتی ہے حیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ بن گیا گلشن جو صحرائے عرب   یه کرم ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ آپ کی یثرب میں جو آمد ہوئی   وہ مدینه بن گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ کیوں نه ہم پلکیں بچھائیں راہ میں   پڑھ کے کلمه آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ آپ کو یٰسٓ، طٰہٰ حا و میم   رب نے آیت میں کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ ہیں شاہِ امم خیرالبشر   آپ ہی نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ دیکھ لیں چلتے ہوئے حیرت سے سب   حشرمیں سکه ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ آخرت کے واسطے توشه بنا   خطبه وہ حج کا ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ دیکھنے کو مظہر شانِ جمال   ہرکوئی طالب ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ محترم شانِ حرم میں آپ ہی   آپ ہی ہیں مجتبیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ چل کے تیرے اسوۂ حسنه په اب   دن گزرتا ہے مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ خوب جبریلِ امیں کو بھاگئی   بات کرنے کی ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ ہے یقیں یه جامِ کوثر حشرمیں   مجھ کوبھی ہوگا عطا یا مصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ آپ پہ اترا ہے قرآنِ مبیں   مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ رقص کرتی ہے تجلی نور کی   در پہ جنت کی ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ روضۂ اقدس پہ ہم عاصی ترے   مانگنے آئے دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آئینے عشق و وفا کے جتنے ہیں   آئینوں کا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ نطق نے بوسے مرے لب کے لئے   نام جب آیا ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ مرحبا صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ   ہو وظیفہ یہ مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ عشق جن کو ہوگا تم سے نبی   پڑھتے ہیں کلمہ ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ بے سکونِ قلب کی حاجت جنہیں   لب پہ رکھتے ہیں سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ہر گھڑی اور ہر جگہ سنتا ہے وہ   تم سے راضی ہے خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ آپ کے جس جس جگہ آئے قدم   اس جگہ سبزہ اگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آفریں صد آفریں آقا مرے   بھوکے رہ کر کی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ پھر مسلمانوں کی ہو کایا پلٹ   پھر کریں ہم کچھ نیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ سنتوں پر آپ کی چلتے رہیں   اپنی ہے رب سے دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ سر جھکایا خانہ کعبہ میں اور   در پہ تیرے دل جھکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ہو شرف مجھ کو عطا دیدار کا   خواب میں اک دن تو آ یا مصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ مجھ کو بھی در پر بلا یا آپ نے   شکریہ صد شکریہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ اس کی نیت پر بھی ملتا ہے ثواب   جو نہ در پر جاسکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ سب خبر اس کی میرے آقا کو ہے   رب سے جو مانگی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ عرش کے زینے پہ رکھ دی ہے نظر   اور اپنا مدعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ میں تری تعریف اور توصیف میں   جتنا آتا ہے کہا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri
Collection Mohsin Hyderabad India

﴿106﴾ گونجتی ہے وادئ فاران میں   آپ نے جودی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کی سیرت پڑھی جس جس نے بھی   ہوگیا وہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ گفتگو میں پیارا انداز آپ کا   دوجہاں کو بھاگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ محبوبِ خدا ہیں یا نبی   کون ہے اور آپ سا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ ہو خاتون جنت کے پدر   ہے کرم اللہ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ ہے نگہبانی میں دو عالم تری   کون ہے ترے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ہم تو واپس آگئے درسے تیرے   اور لبوں پررہ گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ وہ عصائے موسی ہے اپنی جگہ   اور اپنا ہے عصا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ آپ ہی ہیں رحمۃ للعالمین   آپ کو رب نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ جس جگہ ایمان کی پھوٹی کرن   ہے وہ در غارِ حرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کے دربار میں شیر و شکر   ہوگئے شاہ وگدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ آپ کے پاکیزہ قدموں کے نشاں   ہے نشانِ رہنما یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ سُرخُرو رکھنا دوعالم میں مجھے   آپ سے ہے التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ وہ سفینہ غرق ہوسکتا نہیں   تم ہوجس کے ناخدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ مانگتا ہوں تیرے صدقے رب سے   جو آپ کو سب ہے پتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ گھرمرا ہے پھونس کا توکیا ہُوا   پختہ ایماں ہے مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ میری چاہت ایسی ہو آقا مرے   ہو نہ جس کی انتہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ نازہے طاق حرم کو آپ پر   آپ ہیں شمع خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کی خاطرکیا اللہ نے   یہ جہاں آراستہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ مجھ میں اشرف نعت گوئی کا ہنر   ہے عطا کردہ ترا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Qudaria Digitization eGangotri

اشرفؔ

نام۔ محمد محبوب اشرف قلمی نام۔ م۔ اشرف

تخلص۔ اشرفؔ ولدیت۔ محمد فیروز احمد خاں

تاریخ پیدائش۔ 25-01-1966

تعلیم۔ ڈپلوما (الکٹریکل)

ملازمت۔ الکٹریکل انجینئر (ایس بی پی ڈی سی ایل)

تصانیف۔ وہ جو کہنا امر محال تھا

ادبی دنیا کی پہلا کثیر القوافی غزل کا مجموعہ (زیر اشاعت)

آدھی ملاقات کے لئے۔

Rahmat Nagar, Isupur, Phulwari Shareef-801505,Dist. Patna.

Email: meemashraf54@gmail.com

Mobile No: 0091-8804200851, 0091-7763814548

* * *

(1) پڑھ کے بسم اللہ یہ میں نے کہا ﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ

(2) بخش دے رب جو کہے یہ برملا
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ

(3) سب سے بہتر حسنِ دست کبریا
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ

(4) جب خدا شیدا ہوا تو میں ہوں کیا
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ

(5) عشق جب کامل ہوا تو کہہ اٹھا
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ حسن کی یہ آرزو یہ مدعا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ تم سے جنت میں ہے جنت کا مزہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ تھا لعاب دہن میں پنہاں شفا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ شمس بھی یہ کہہ کے اوپرآگیا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ اک اشارے سے قمر بھی شق ہوا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ موم بن کر سنگ نے بوسہ لیا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ بولا کنکر مٹھی میں جو بند تھا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ چار سو معراج میں یہ شورتھا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ ہے تمہاری ابتدا ہی انتہا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ فرش سے ہے عرش تک یہ سلسلہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ حل ہواتم ہی سے ہر اک مسئلہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ کہہ رہا ہے صلحِ حدیبیہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ کشتئ حق کے تم ہی ہو ناخدا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ مرحبا اے مرحبا اے مرحبا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ خود خدا سے ہی محمد کہہ دیا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ بعد خالق ہے تمہارا مرتبہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ تم ہو تو آسان ہے ہر مرحلہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ تم ہومشعلِ راہ فتحِ معرکہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ یوں قرار و قول تھا ناپا تُلا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ تم ہی قدرت کا حقیقی آئینہ دل ہوا تم پرفدا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«26» قلب روشن صدق دل کی ہے سدا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» تم سزاواروں کو بھی دو ہو جزا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» آندھیوں میں تم ہی ہوا جلتا دیا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» محور انوار ہو تم بے بہا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» زوجہ تھیں اس وقت کی دس صالحہ　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» کلمۂ توحید بھی یہ کہہ رہا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» مرضی مولا تمہارا فیصلہ　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» عرش کے اوپر بھی دیکھو ہے لکھا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» تھا بدن زخمی مگر لب پردعا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» جائے پیدائش ہے اعلی مکتبہ　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» فیصلہ اسود پہ تھا کتنا بڑا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» بس تمہارے دین میں ہی ہے بقا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» گھر حلیمہ کا تمہارا مدرسہ　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» کہہ رہی تھی اونٹنی جب تھن بھرا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» پائے جو تم کو نہیں وہ نارسا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» رشک کرتا اب بھی ہے غارِ حرا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» سدرۃ بالا سے تم ہو آشنا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» آئیں گے عیسیٰؑ بھی لیکر یہ وفا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» دیکھ کر بولا یہ سدرۃِ منتہی　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» اک محمد ہرمرض کی ہیں دوا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿46﴾ تم ہی سے اسلام کا جھنڈا گڑا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ رب کے آگے سب سے بہتر راستہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ عرش والے کہہ رہے تھے بارہا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ لذت قرب حقیقی پر مٹا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ کاش تم کو دیکھتا اور بولتا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آخری تم ہو رسالت کی ضیا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آج بھی روشن ہے ہر اک نقشِ پا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ یہ صدا تو کہہ دے جا کے اے صبا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ مقتدی سب تم امام الانبیا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ یا نبی پہنے ہوئے پاپوش آ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ مسجدیں یہ کہہ رہی ہیں ہر جگہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ جس نے دیکھا وہ ہوا تم پر فدا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ بعد رب کے سب تمہارے مدح خواں دل ہو اتم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ عشق میں پنہاں نہ تھی کوئی جفا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ کہہ کے یہ مکڑی نے بھی جالا بُنا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ ظالموں سے بھی نہ ہوتے تھے خفا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ اک شریعت میں ہے سارا فلسفہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ مقتدی سب اور تم ہو مقتدا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ بندیوں کی بھی سلامی لو ذرا دل ہوا تم پرفدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ کیا مکارم رب سے تھا مکالمہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ غم نہاں کیونکر بھلا ہوخود نما　　دل ہوا تم پر فد ایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ خو اب میں بھی آئیے صلے علی　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ دو نہ مجھ کو اور صبرِ آزما　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ کیاتھامنظرجب تھارب کا سامنا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ میزباں اللہ تمہارا ہُوا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ رب کے تھے تم میہماں خیرالوری　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ ہے زباں پر کلمہ طیب کی ردا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ دید میں امید کی چھائی گھٹا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ کہتا ہے چڑیوں کا سارا چھچہا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ سوئے طیبہ ہو قدم پیہم مرا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ تحفے میں ہی سورہ بقرہ ملا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ سبز گنبد ہے تصور میں بسا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ بدنصیبا بھی ہوا قسمت خوشا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ عشق احمد میں مقیّد ہوں سدا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ کہتے ہیں عرفات مزدلفہ منٰی　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ میکشِ وحدت کا یثرب میکدہ　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ شمع وحدت جل رہی ہے جابجا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ ہو مدینے میں مرا بھی جھونپڑا
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ مرتے دم تک کر نہیں سکتا گلہ　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ ہے نہ شکوہ اورنہ کوئی چوں چرا　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohiuddin Qudri / Collection Hyderabad Digitization eGangotri

«86» ہو نہیں بخشش بھی تمہارے بنا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«87» بعد از خالق تمہارا آسرا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«88» کاش اک پل کالی کملی اوڑھتا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«89» مشک سے بہتر پسینہ مہکتا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«90» رب ہو راضی گر ہو تمہاری رضا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«91» ہوتا ہے غفلت سے ہی دل سوختہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«92» ڈھانک دو شفقت سے مرے جرم و خطا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«93» ہو مرا نیکی کمانا مشغلہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«94» پڑھتا جائوں میں دُرود و فاتحہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«95» عرش بھی آتا تمہارے زیرِ پا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«96» اک عبادت ہے تمہارا تذکرہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«97» دل کشادہ ہوگئے اہل کسا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«98» طے کیا ہے اورکیا ہے تصفیہ دل ہوا تم پرفدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«99» ہے شجرہا اورحجرہا کن ثنا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«100» شاہ بھی در پر کھڑا مثل گدا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«101» فقر میں اللہ کا ہے شکریہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«102» راز سر بستہ فلک کا بھی کُھلا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«103» ساری امت کے تم ہی ہو دل ربا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«104» شمع دیں سے قوم اٹھے جگمگا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«105» درد اب یہ ہورہا ہے لا دوا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadari Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہوجواں ملت کی کرنیں اور شفا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ غم زدوں کا رشک بھی گوہر بنا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ جونہیں سمجھا وہ ہے شامل نرا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ چرخ کے دامن کو چھوتا حوصلہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ خاک پا میں عیش و غم فقر و غنا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ کہہ کے حاضر ہے فقیرِ بے نوا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ بال وپر ڈھونڈے ہے طیبہ کی فضا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ تم ہی تم ہو آئیں ایسے خوابہا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ ہے خموشی میں جنوں کا ولولہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ گریہ و فریاد بنتا قہقہہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ بن تمہارے چار سو دکھتا خلا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ جو نہ بولے قلب ہے اسکا سیہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ شہر طیبہ سانہ پھر کوئی دکھا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ جو تمہارا ہے نہ ہوگا غمزدہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ شہسوار بس تم بنے براق کا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ بڑھتا جائے دین کا ہر قافلہ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ تم ہی کو رب نے کیا حاجت روا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ بگڑا سا بن گیا ہے معاملہ دل ہوا تم پرفدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ عمر کی طیبہ میں ہووئے انقضا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ اشرف کا بھی ہو جائے بھلا دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آصفؔ

نام :- محمد آصف انجم دموہی تخلص :- اصفؔ

ولدیت :- عبدالشکور انجمؔ

پیدائش :- 5-6-1972

مقام پیدائش :- منصور آباد۔ جبلپور۔

شاعری کا آغاز :- 1992ء

شرف تلمذ :- والد عبدالشکور انجم اور اسلم ماجد جبلپوری،

تعلیم :- بی۔ اے، ڈی۔ ایڈ

مصرفیت :- اجمیر شریف میں عرس کے موقع پر مسلسل 17 سالوں سے کل ہند مشاعرہ میں
شرکت اور صدر، بزم انجمن اردو ادب دموہ، ایم۔ پی

پیشہ :- سرکاری ملازمت (مدرس)

آدھی ملاقات کے لئے :- سلطانی محلہ بذریعہ نمبر 05، دموہ (ایم۔ پی)

موبائیل نمبر :- 0091- 7869690786, 0091- 9424483786

❁ ❁ ❁

﴿1﴾ مجتبیٰ یا مرتضیٰ یا مُصطفٰیﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ مرحبا اک ادا یا مُصطفٰیﷺ
تم سراپا معجزہ یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ آپ کا عاشق ہوا یا مُصطفٰیﷺ
مل گیا اب آسرا یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰیﷺ
تم امام الانبیا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ مرحبا شمس الضحیٰ یا مُصطفٰیﷺ
جان و دل تم پر فدا یا مُصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

﴿6﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی   ہے یہی دل کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہر جگہ ہم پر عطا یا مُصطفٰی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ ہے وہی رب کی رضایا مُصطفٰی   آپ نے جو کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ غم کے ماروں کی صدا یا مُصطفٰی   غم زدوں کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ سوئی قسمت کو جگا یا مُصطفٰی   طیبہ ہم کو بھی دکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ میرا رُتبہ ہے بڑا یا مُصطفٰی   آپ سے ہے واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ہے یہ دیوانہ تِرا یا مُصطفٰی   مرتے دم کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ سے جو مل گیا یا مُصطفٰی   پھر وہ مالک سے مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ اس لئے پھیلی وبا یا مُصطفٰی   آپ ہیں ہم سے خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ در آپ کا جس کو ملا یا مُصطفٰی   مل گیا اُس کو خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ جائے گی رب تک دعا یا مُصطفٰی   آپ کا ہے واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ مانتا ہُوں، ہُوں بُرا یا مُصطفٰی   ہوں تو لیکن آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ گُنبد خضرا دکھا یا مُصطفٰی   گُل اُمیدوں کا کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ گُھٹ رہا ہے دم مِرا یا مُصطفٰی   بھیجو طیبہ کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ ہیں تمہارے نور سے عالم بنے   خلق کی تم ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ سے روشن ہوئے دونو جہاں   آپ عالَم کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ جس کو دیکھا آپ کاشیدائی ہے   آپ پر ہر شئے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ حُسنِ یوسفؑ پر کٹی تھیں انگلیاں   آپ پر یوسفؑ فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ صدقہ دو حسنینؓ کا آقا ہمیں   ہے خدا کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Qadri Digitization eGangotri

«26» کشتیٔ اُمت ہے طوفاں میں گِھری   ناخدائی ہو ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
«27» سلسلوں میں دم تمہارے نام سے   تم سے ہے ہر سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«28» بندمُٹّھی میں بھی کلمہ آپ کا   کنکروں نے پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
«29» اک اشارہ' چاند جو شق کر دیا   کیا کِھلونہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«30» روزِ محشر سب کی ہوگی یہ صدا   المدد یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«31» دِل جگر ذہن و نظر میں آپ ہیں   ہے نہ کوئی دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
«32» انبیاء و اولیاء جِن و بشر   سب کے ہو تم پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
«33» آؤ یہ نعرہ لگائیں ہم سبھی   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«34» اولیاء ہو یا ہو ابدال و قطب   آپ کے سب زیرِ پا یا یا مُصطفٰی ﷺ
«35» آپ کے صدقے ہمیں اللہ سے   پیارا سا قرآں ملا یا یا مُصطفٰی ﷺ
«36» کامیابی کا سفر آسان ہے   کامیابی کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
«37» دُور کردو مشکلیں سب کی حضور   آپ ہیں مشکل کُشا یا مُصطفٰی ﷺ
«38» نام آیا جب لبوں پر آپ کا   جسکو دیکھو کہ اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
«39» دونوں عالم میں نمایاں بالیقین   آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
«40» شکریہ اللہ کا صد شکریہ   آپ کا دامن ملا یا مُصطفٰی ﷺ
«41» آپ کا پایا اشارہ جس گھڑی   ڈوبا سورج آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«42» ہر طرف پھیلے نہ کیسے روشنی   آپ ہو نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«43» ہر گھڑی اُمّت کی بخشش کے لئے   آپ نے کی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«44» اِس جہاں میں آپ کی آمد کے بعد   یہ جہاں روشن ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
«45» آپ نے اپنا لیا' اپنا کہا   اس کرم کا شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Hyderabad Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Qadri, India

﴿46﴾ بادشاہوں سے بھی افضل بالیقین   آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ کاش میں اپنی قضا سے پیشتر   دیکھ لوں در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ وقتِ رخصت نانا سے بولے حسینؓ   قافلہ کربل چلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ بزمِ عالم میں کہیں جبرئیلؑ کو   کوئی تم سا کب ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ابتداء سے لے کے روزِ حشر تک   آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آپ کیا ہم کو ملے، سب مِل گیا   مل گیا ہم کو خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ پار کرلیں گے یقیناً پُل صراط   لب پہ ہے صلِّ علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ راستہ ہم کو تُمھارا کیا ملا   خلد کا رستہ ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ یا نبی امداد کو اب آیئے   ہر طرف پھیلی وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ کی آمد پہ سب کے لب پہ تھا   مرحبا یا مصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ سارے نبیوں میں نمایاں آپ ہیں   تاجدارِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ کی اُمّت میں پیدا ہم ہوئے   شکر ہے اللہ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ مل گیا اُس کو خدا کا قربِ خاص   آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ کرتے ہو تم سب کی پوری التجاء   سب کے تم حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ مبتلائے غم ہیں عاشق آپ کے   درد کی کردو دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کا ہوں آپ کا ہی میں رہوں   ہے یہی بس اِلتجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ دین و دنیا راحت و چین و سکون   جو ملا تم سے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ یا نبیؐ مجھ پر عنایت کیجئے   اُمّتی ہوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ حکم پایا آپ کا جس دم وہیں   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ کُل جہاں کے مالک و مختار ہو   ہے خدا بھی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ ہوگیا ہے ہوتا ہے ہوگا سدا آپ نے جو کہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ اگلے پچھلے دَور کا ہر علم کا غیب کب تم سے چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ سب سلامی پیش کرتے ہیں حضور لو سلام اک ایک کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ آقا ہو ہمارے یا نبی جب صحابہ نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ اُس کے قدموں میں ہمارا دِل نثار آپ کو جو مانتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ التجا ہے آپ سے جاری رکھو رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ آپ کے بیمار ہم ہیں یا نبی دو مریضوں کو شِفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ یاد میں طیبہ کی آقا اب یہاں جی نہیں لگتا مِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ خیر فرمائیں ہمارے حال پر آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ شاد ہیں آباد ہیں ہم یا نبی آپ کی یہ سب عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ یہ نوازش ہے میرے سرکار کی کیا تھا میں کیا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ ہر خوشی ہم کو میسّر ہوگئی سب کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ جو لگایا تھا مرے سرکار نے پیڑ ہے اب تک ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ دل تمہاری یاد میں جب کھو گیا دل منوّر ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ عشقِ احمد سے یہی ہے التجا آمیرے دل میں سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ ہر بُرائی سے بدی سے کفر سے دِل کو کر دو آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ یا خُدا اُمّت کو میری بخش دے آپ کے دِل کی دُعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ دورِ حاضر میں نواسوں کے طُفیل جینے کا دو حوصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آندھیوں میں چلنے کا اور صبر کا حوصلہ تم سے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ کے قدموں کی برکت کے طفیل فیض کا دریا بہا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

«86» آندھیوں کی زد میں ہیں آقا کرم ہے تم ہی سے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» سب پریشاں حال ہیں بگڑا نصیب سب کی بگڑی کو بنا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» نامِ نیکی' نامۂ اعمال میں کچھ نہیں اب تک لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» روزِ محشر لے کے میں یہ جاؤں گا آپ کا بس واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
«90» فاطمہ ؓ زہرہ کے صدقے میں حضور بخش دیجے ہر خطا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» میں اکیلا ہوں بظاہر ساتھ میں آپ رہتے ہیں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» اب غمِ دُنیا کی کچھ پرواہ نہیں غم میسّر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» پڑھتا ہے تم پر دُرودِ پاک جو خوشبوؤں میں ہے بسا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» نفرتوں سے پاک ہو یہ دل مرا دِل سے ہر نفرت مِٹا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» سارے آقاؤن کے آقا آپ ہیں میں گداؤں کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» آپ سے ہی مانگتا ہوں بس حضور منگتا ہوں میں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» آپ راضی ہم سے رہنا یا نبی راضی ہم سے ہو خدایا مُصطفٰی ﷺ
«98» یا خدا اُمّت کو میری بخش دے کی آپ نے رو کر دُعا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» اک نظر فرمائیے آقا مرے ہے مخالف یہ ہَوَا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» آپ کا صدقہ خدا سے بارہا مانگتے سب اَولیا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» مومنوں کے دل سے اب کردیجئے نفرتوں کا خاتمہ یا مُصطفٰی ﷺ
«102» یا نبی امداد کو آجائیے آ نہ جائے اب قضا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» دونوں عالم میں ہمارا یا نبی کون ہے تمرے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» انبیاء و اولیاء پروانے ہیں نور کا وہ تم دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» مقتدیٰ کُل انبیاء ہیں آپ کے آپ سب کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Digitization eGangotri
Collection Hyderabad India

﴿106﴾ آپ جب چلتے تو چلتا ساتھ ہے
خوشبوؤں کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ ظالموں سے اب بچا لیجے ہمیں
ظُلم کی ہے اِنتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ آڑ میں ایماں کی ایماں کا شِکار
اہلِ ایماں کو بچا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ ایک مدّت سے ہُوں غم میں مُبتلا
دِن مسرّت کے دکھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿110﴾ رحمتِ عالَم ہو تم تم سے جڑا
رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿111﴾ ہیں زمانوں میں زمانے جتنے بھی
ہر زمانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿112﴾ آپ کے عاشق پہ دوزخ ہے حرام
ہے یہی ایماں مِرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿113﴾ عالَموں کو آپ ہی کے واسطے
خلق اللہ نے کِیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿114﴾ نیکیاں کرتا رہوں کرتا رہوں
ہر بُرائی سے بچا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿115﴾ اس طرح سے سر کرینگے پُل صراط
لب پہ ہوگی یہ صدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ بس یہ لکھا نعت خود ہوتی گئی
مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿117﴾ آپ سے اُلفت نہیں جس شخص کو
وہ مرے کس کام کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿118﴾ بند یہ آنکھیں ہوں اِس سے پہلے ہی
دیکھ لوں در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿119﴾ مُنتظِر تھا سانپ غارِ ثَور میں
آپ کے دیدار کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿120﴾ جسم سے روح اُس گھڑی پرواز ہو
سَر ہو سجدہ میں مِرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿121﴾ دن مبارک آگیا یا مُصطفٰی
میں مدینے کو چلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿122﴾ آپ صدقے کے ٹکڑے مرحبا
سارا عَالَم پَل رَہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ آپ کا کلمہ مبارک یا نبی
ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿124﴾ جنّتُ الفردوس تک پہنچائے گا
آپ ہی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿125﴾ اپنے آصف پر کرم کر دیجئے
مشکللوں میں ہے گِھرا یا مُصطفٰی ﷺ

اطیبؔ

نام۔ محمد محبوب شریف قلمی نام۔ اطیبؔ اعجاز قادری
تخلص۔ اطیبؔ ولدیت۔ غلام رفیع الدین صاحب

تاریخ ومقام پیدائش۔ 16-07-1967 حیدرآباددکن

شاعری کا آغاز۔ 1985ء

تعلیم۔ بی۔اے (اردو میڈیم)

تصانیف۔ (۱) لمس کی خوشبو (شاعری) 2001 (۲) رفاقتوں کے درمیاں (شاعری) 2004
(۳) لفظ لفظ خوشبو (شاعری 2007 (۴) میں نے کہا؟ (شاعری) 2018

انعامات/ایوارڈس:۔(۱) اترپردیش اردو اکیڈمی لکھنو (2001,2013,2014)
(۲) اردو اکیڈیمی مغربی بنگال (۳) اردو اکیڈمی ہریانہ۔
(۴) عثمانیہ یونیورسٹی ڈپارٹمنٹ آف اردو (۵) درگاہ حضرت لنگوٹ بند 2020
آدھی ملاقات کے لئے۔

9-10-241 رسالہ بازار قلعہ گولکنڈہ، حیدرآباد۔500008 تلنگانہ۔الہند
Mobile No: 0091-9849339588

* * *

﴿1﴾ رب کی مرضی اور رضا یا مصطفٰی ﷺ
آپ کی ہر اک ادا یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ قلب میں روشن ہوا یا مصطفٰی ﷺ
آپ کا گنبد ہرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ تم ہو شاہا میں گدا یا مصطفٰی ﷺ
چشمِ رحمت ہو ذرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ ہیں بدرالدجٰی یا مصطفٰی ﷺ
آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ کر گئی جگ میں ضیا یا مصطفٰی ﷺ
آپ کی نوری ردا یا مصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ آپ سے ہر ابتداء یا مصطفٰی   آپ ہی ہو انتہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ دل ہے مسکن آپ کا یا مصطفٰی   مِٹ چکا ہر فاصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ ہیں خیرالوریٰ یا مصطفٰی   منبع جود و سخا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ دینِ حق اس کو ملا یا مصطفٰی   جس نے کلمہ پڑھ لیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ابر طیبہ سے اٹھا یا مصطفٰی   نور کی چھائی گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ، سب کا آسرا یا مصطفٰی   شاہِ بطحا دوسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ آج امت ہے پریشاں آپ کی   لاج رکھ لینا ذرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ زندگی ہے آپ ہی سے زندگی   زندگی کا آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ بے جھجک آجائیے آجائیے   عرش پر رب نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ خلق کیا خالق کو بھی آئی پسند   آپ کے رخ کی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کے آنے سے جگ میں یا نبی   ہوگیا سب کا بھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ہیں دریدہ پیراہن! ہم ناتواں   دیجئے ایمانی قبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ مل رہی ہے نعت کہنے سے بہت   مجھ کو روحانی غذا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کے در تک رسائی کے لئے   دل تڑپتا ہے سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ میرے خوابوں اور خیالوں میں سدا   شہرِ طیبہ ہی رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ طیب و طاہر کا محشر میں مجھے   تم بنانا جھنجھنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ کچھ نہ تھا جب ماسوا اللہ کے   آپ ہی کا نور تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ یہ دیا حق کا جلے گا حشر تک   کیا بجھائے گی ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ حشر کے دن ایک بس ہو آپ ہی   امتی کا آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ نے جو کہہ دیا وہ بالیقیں   وہ ہوا حکمِ خدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ آپ ہی کے نور سے پھیلا یہاں	نورِ حق نورِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ آپ جب آئے جہاں میں آپ سے	گل محبت کا کھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ کیجے اُمت پر کرم کی اک نظر	پیش ہے یہ مدعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ رب دیا ہے آپ کو ایسے لقب	طٰہٰ، یٰسٓ، مجتبیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ میرا سب کچھ ہے نچھاور آپ پر	جان و دل بھی دے دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ آئے لب پر آپ ہی کا پیارا نام	جب بھی آئے گی قضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ جو مدینہ کی طرف جاتے ہیں وہ	راستوں نے بھی کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ آپ کے صدقے میں بخشش چاہیئے	اُمتی کی ہے دعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ میرے دل کی دھڑکنوں میں آپ ہیں	ہے مرے دل کی ندا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ سب خرد مندوں سے ہے ہوشیار جو	ہے دیوانہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ ڈال دیجے اس کی جھولی میں بھی کچھ	در پہ آکے ہے کھڑا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ تم مرے محبوب ہو دلبر بھی ہو	کہہ رہا ہے یہ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ آپ نے جو کچھ کہا! حکم آپ کا	کب ہوا رب سے جدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ آپ نے روشن کیا تھا جو کبھی	جل رہا ہے وہ دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ حشر میں بس آپ ہی ہو آسرا	کون ہے اب دوسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ عرش پر تشریف لائے آپ جب	سب فرشتوں نے کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ ہے یہی بس آخری خواہش مری	مجھ کو رکھنا زیرِ پا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ آپ کے آتے ہی چھائی دہر میں	اجلی اجلی سی فضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ ظلمتوں کا تھا بسیرا چار سُو	آپ لے آئے ضیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ کربلا کا معرکہ جب سر ہوا	دین نے پائی بقا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ در پہ آکر جھک گیا ہوں آپ کے
چھوڑ آیا ہوں انا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿47﴾ آپ کے در چاہتا ہے حاضری
آپ کا ادنی گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿48﴾ گنبدِ خضریٰ کو دیکھا تو لگا
چاند پھرروشن ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿49﴾ رب نے جو تعریف کی ہے آپ کی
خودہے قرآں میں لکھایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿50﴾ دین کی راہوں میں جو کچھ بھی ملا
آپ کے در سے ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿51﴾ آپ کے در پر کھڑے سب ایک ہیں
شاہ کیا اورکیا گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿52﴾ چوم لیں گے ہم عقیدت سے اُسے
مل گیا جو نقشِ پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿53﴾ آپ کے آنے سے دنیا خوش ہوئی
آسرا سب کو ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿54﴾ بدر میں جب نصرتیں حاصل ہوئیں
دیں نے پائی ہے جِلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿55﴾ آپ کا منکر کہاں پائے گا چین
ہو رہے گا وہ فنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿56﴾ دل میں میرے، آپ ہی کے عشق کی
روشنی ہے باخدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿57﴾ مجھ سے راضی ہو گا رب ہے یہ یقیں
آپ کی ہو بس رضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿58﴾ میں بھی طیبہ جاؤں! رہتی ہے یہی
دُھن مجھے صبح و مسا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿59﴾ مجھ کو ہو جائے گا جنت کا یقیں
ہو جو دیدار آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿60﴾ آپ سے بڑھ کر نہیں جگ میں کوئی
راہبر اور رہنما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿61﴾ ہے یہی حق بعد رب کے بالقیں
ہو تمہیں مشکل کشا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿62﴾ یوں بھی ہو اللہ کا مجھ پر کرم
خواب میں آنا ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿63﴾ آرزو ہے خانۂ کعبہ کے گرد
میرا بھی ہو گھومنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿64﴾ میں تڑپ کر جب پکاروں آپ کو
میری جانب دیکھنا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿65﴾ نعت پڑھ کر محفلوں میں آپ کی
روح نے پائی غذا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Digitization eGangotri

﴿66﴾ ہاتھ لگ جائے جو سوکھے پیڑ پر
وہ بھی ہو جائے ہرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿67﴾ سب کے احسانوں میں روزِ حشر تک
آپ کا احساں بڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿68﴾ مرتے دم تک ہے یہی خواہش مری
در پہ رہ جاؤں پڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿69﴾ خاک میں طیبہ کی پنہاں ہے شفاء
ذرہ ذرہ ہے دوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿70﴾ اب ہمارے واسطے ہو حشر تک
آپ ہی اک رہنما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿71﴾ آپ سا کوئی نہیں کوئی نہیں
دل نے یہ دی ہے صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿72﴾ گنبدخضریٰ کا نقشہ ہی سدا
میری نظروں میں رہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿73﴾ صبح طیبہ سے یہ ہو کر آئی ہے
کیا سہانی ہے صبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿74﴾ مل گیا جس کو! اسے جنت ملی
آپ کا وہ نقشِ پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿75﴾ آپ سے پہلے تھیں نا انصافیاں
خونِ ناحق بھی بہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿76﴾ سابقہ نبیوں کی بھی چاہت ہو تم
تم براہیمی دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿77﴾ آپ ہی ہوآپ ہی ہو آپ ہی
شافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿78﴾ لاج رکھ لینا ذرا نادار کی
آگیا ہے بے نوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿79﴾ ڈال دیجے رحمتیں اس میں بھی کچھ
خالی ہے کاسہ مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿80﴾ یاد آئی جب بھی طیبہ کی مجھے
دل مدینہ کو چلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿81﴾ آپ ہی کے نورنے پھیلائی ہے
ساری دنیا میں ضیایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿82﴾ یاد بی بی ہاجرہ کی آگئی
میں نے جب زم زم پیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿83﴾ فضلِ حق سے امتی ہوں آپ کا
ہوگیا مَیں کیا سے کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿84﴾ ہو مقدر میں مرے اللہ کرے
جالیوں کا چومنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿85﴾ اُسوۂ حسنہ سے بے شک غیر بھی
پا رہے ہیں فائدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ معجزہ شق القمر کا جو ہوا ہے وہ اب تک فلسفہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ فضلِ رب سے آپ نے دکھلا دیا معجزہ در معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ میں مرے بچے مرے ماں باپ سب جائے حج یہ قافلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ دل سے طیبہ کا نہیں کچھ فاصلہ ہند سے ہے فاصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ یا نبی کہتے ہی مشکل ٹل گئی یہ مِلا مجھ کو صلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ عرش پر کیا فرش پر کیا ہر جگہ آپ کا ہے تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ ربیع الاول کی بارہ کی طرح نور کا ہے سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ عبد و رب میں دوریاں تھیں جس قدر گھٹ گیا وہ فاصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ بوریوں میں بخت آور بوریہ آپ ہی کا بوریہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ آپ ہی کے دم سے ہے یہ آج تک زندگی کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ ہی سے دین کا یہ عکس ہے آئینہ در آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ ساری دنیا میں ہے قائم آپ سے رحمتوں کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ نے جو فیصلہ فرما دیا ہے وہ رب کا فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ ہی ہیں رحمة للعالمین مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ میرے لب پر آپ ہی کا نام بس ورد ہے صلّ علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ سارے جگ میں آپ ہی سے خیر ہے آپ ہیں خیرالوریٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ کر لیا اللہ نے جس کو پسند آپ وہ ہیں مجتبیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ رب تو رب ہے اس کی وحدت بے گماں رب کا ہو تم آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ کیجئے میرے بھی حق میں آپ کا رحمتوں کا باب وا یا مصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ میں مدینہ جاؤں "بس" سوچا کیا کام آئے سوچنا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ جب وسیلہ آپ کا میں نے لیا   رنگ لائی وہ دعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿107﴾ یہ امامت آپ ہی فرمائیے   سارے نبیوں نے کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿108﴾ رب نے قرآں میں مبیں تم کو کہا   ظلمتوں میں ہو دِیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿109﴾ اب کسی کی بھی مجھے حاجت نہیں   آپ کا ہوں آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿110﴾ آپ نے بس وہ کِیا پیارے نبی   جس میں تھی رب کی رضا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿111﴾ رب دیا ہے آپ ہی کو یہ مقام   آپ دیں کے پیشوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿112﴾ کنکروں سے ڈھیر ہاتھی ہوگئے   ڈر کے بھاگا ابرہہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿113﴾ آپ ہی کے عشق میں بیمار ہوں   ہے یہی اک عارضہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿114﴾ جس گھڑی میرے نبی پیدا ہوئے   گِر کے بت اوندھے ‘کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿115﴾ آپ کی سیرت پہ گر اُمت چلے   تب ہی ہو اس کا بھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿116﴾ جابجا قرآن میں موجود ہے   آپ ہی کا تذکرہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿117﴾ میں نے بھیجا آپ پر جب بھی درود   بابِ جنت وا ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿118﴾ جز خدا کے کون ہے میرا یہاں   آپ ہیں درد آشنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿119﴾ آپ ہی کا جابجا قرآن میں   تذکرہ رب نے کیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿120﴾ پا لیا ہے آپ سے اطیبؔ نے بھی   سحر گاہی کا پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿121﴾ پڑھ رہے ہیں سب فرشتے بھی دُرود   جب بھی اطیبؔ نے کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿122﴾ اپنے اطیبؔ کو بلا لیجے حضور   آپ سے ہے التجا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿123﴾ ہوگئی مقبول رب کے فضل سے   آج اطیبؔ کی دعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿124﴾ آج تک اطیبؔ نے جھیلے ہیں ستم   ہو عنایت اب ذرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿125﴾ رب سے اطیبؔ کی سفارش کیجئے   ہے یہ عصیاں سے بھرا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moham Hyderabad Digitization eGangotri

اظہارؔ

نام :- محمد اظہار خان تخلص :- اظہارؔ جبلپوری
ولدیت :- محمد نثار خان
تاریخ پیدائش :- 01-07-1977
مقام پیدائش :- چھوٹا تال۔ جبلپور۔ مدھیہ پردیش
تعلیم :- بی۔ کام (عدم تکمیل)
شاعری کا آغاز :- 2012ء
شرف تلمذ :- محترم جناب محمود اصغر شبنم غضنفری صاحب
پیشہ :- تجارت
مصروفیت :- جلسوں اور مشاعروں میں شرکت

آدھی ملاقات کے لئے :- ای۔ ڈبلیو۔ ایس۔ 100۔ نیو آنند نگر،
پمپ ہاؤس گراونڈ، لال بہادر شاستری وارڈ، 482002 مدھیہ پردیش
موبائیل نمبر :- 0091-8770808997

* * *

﴿1﴾ معجزہ ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
آپکی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ وہ حسیں روضہ ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
راستہ ہے خلد کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ سے ہے کیا چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں حق آشنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ در سے جو بھی ہے پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
ہے یقیناً سر پھرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ کچھ نہیں تُمرے بِنا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہی کُن کی بناء یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ پیاس نظروں کی بُجھا یا مُصطفٰی   دید کا شربت عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ کیسے ہوسکتا ہے پھر ثانی کوئی   جب کہ سایہ بھی نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ گھر بلاؤں سے مرا محفوظ ہے   جب سے چوکھٹ پر لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ صاحبِ قرآن ہو ذیشان ہو   آپ ختم الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ ہی کے حُسن کے صدقے میں تو   حُسن یوسفؑ کو ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ حضرت آدمؑ کے بھی آیا ہے کام   آپ ہی کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ بس یہی ہے ورد لب پر روز وشب   یا علیؓ یا فاطمہؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ پر بعدِ نبوت بند ہے   آپ سے ہی یہ کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ نے سوچا ہی تھا اللہ نے   کعبے کو قبلہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ پار کیسے ہوگا ہم سے پُل صراط   آپ آکر تھامنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آفتیں اور مشکلیں گھبرا گئیں   نام جب بھی لے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ بھر گیا ہے دشمنِ اسلام کے   پھر سے پَاپوں کا گھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ مرحبا صلِ علٰی کہتے ہوئے   پھول گلشن میں کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ جتنے ہیں اہلِ سیاست ہے یہاں   بھیجو رہبر قوم کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ نے دشمن کو بھی دیدی امان   آپکا دل ہے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ ہم ہی کیا کرتی ہے ساری کائنات   آپکی مدح و ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ جس نے دیکھا آپکا نوری جمال   آپ ہی کا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ ہر مصیبت سے نکالا ہے ہمیں   آپ نے ہی بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ چاہتا ہوں روضۂ انور کی میں   جالیوں کو چومنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ کم سے کم خادم ہی بن جاؤں حضور   آپ کے خُدّام کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ اک سوائے حق تعالیٰ کے حضور کون ہے تم سے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ سر بلندی آپ کی جانِ کریم عرش ہے جب زیرِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ آپ نے ہی کہ دیا اپنا مجھے ہوگئے سب ہمنوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ عشق میں تمرے فنا جو بھی ہوئے مل گئی اُن کو بقا یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے نماز روح کی میری غذا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ تبصرہ ہے میرے بھی اشعار میں سورۂ رحمٰن کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ اپنے ساتھ رکھنا اُس گھڑی ہم ہوں جب پیشِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ اُس کو راہِ حق کبھی ملتی نہیں آپ کی رِہ سے ہٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ کے آتے ہی سناٹا سا اک بتکدوں میں چھا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ سے ہم مانگتے ہیں اس لئے آپ سے سب کو ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ کے دربار سے رُکتا نہیں رحمتوں کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ آپ کے آنے سے ہی کِھل کر رچی دستِ دختر میں حِنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ بس یہی دو ذات تو بے مثل ہیں یا تو ذاتِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ حق تعالیٰ نے کِیا مالک تمھیں کوثر و تسنیم کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ دیکھتے ہی حق پرستی آپ کی رنگ باطل کا اُڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ نورِ پاک ہیں ہم خاک ہیں فرق ہے اتنا بڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ ہی کے نور کے یہ نور ہیں ہند میں خواجہ پیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ گرتے پڑتے آئے ہیں اب تھام لو آپ کے ہم ہیں گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کو پہلے سے تھی اِس کی خبر کربلا میں جو ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ رنگ بھرتا ہے ہماری زیست میں آپ کا گنبد ہرا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کی آمد پہ گونجا ہر طرف — مرحبا صد مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ ہر مصیبت میں تم ہی کام آئے ہو — یہ ہے ذاتی تجربہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿48﴾ جس کسی نے آپ کی عزت نہ کی — خوب ذلت سے مَرا، یا مصطفیٰ ﷺ
﴿49﴾ آپ ہی تو دم بدم ہمدم رہے — جب جہاں برہم ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿50﴾ مجھ کو ساحل پر لگایا آپ نے — بحرِ غم میں جب پھنسا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿51﴾ دہر میں جھوٹے نبی جو بھی بنے — ہوگئے سب لاپتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿52﴾ عرش نے بوسہ لیا معراج میں — آپ کی نعلین کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿53﴾ آپ ہی کا ذکر ہے ہر اک نَفس — ہر گھڑی ہر ایک جا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿54﴾ لیکے آئے سب کو جو اک راہ پر — بھیجدو وہ رہنما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿55﴾ آپ کے تابع ہیں اِس دنیا کے سب — اولیاء و انبیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿56﴾ آپ گر سنتے نہ تو سُنتا ہے کون — بے نواؤں کی نَوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿57﴾ روٹھ جائے گا خدا جو روٹھے آپ — آپ مت ہونا خفا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿58﴾ آپ کی مدحت مری پہچان ہے — کون مجھ کو جانتا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿59﴾ ہو وہ اپنا یا پَرایا ہو کوئی — آپ نے سب کو دیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿60﴾ جلد لیجے جائزہ یا سیِّدی — ہند کے حالات کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿61﴾ ابتداء تم سے نبوت کی ہوئی — اور تم ہی پر انتہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿62﴾ آپ کے ہی نام یہ اعرزاز ہے — تم ہی دولھا حشر کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿63﴾ ایک تو اشرف ہوں اُس پہ ہے شرف — تم نے امت میں چُنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿64﴾ مصر والے حُسنِ یوسفؑ پر مٹے — اور وہ تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿65﴾ انبیاء کُل آپ کے ہیں مقتدی — آپ سب کے مقتدا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ آئے تو بہاریں آگئیں ورنہ سب ویران تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ دیکھ لوں جلوہ تمہارا، اُس کے بعد شوق سے آئے قضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپکے تلوؤں کی دُھووَن سے ملی چاند تاروں کو ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ جو کردیں سفارش حشر میں بخش ہی دیے گا خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ جس کو ٹھکرایا زمانے نے اُسے تم نے سینے سے لگایا یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ آپ کے رحم و کرم کی بھیک پر سارا عالم پَل رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ تا قیامت کم نہ ہو دل سے مرے عشقُ اہلبیت کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ یادِ طیبہ آئی تو آئی نہ نیند ہوگیا پھر رَت چکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آپ کے جس میں پسینے کی مہک پھر چَلے ایسی ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ آگیا ہے حُسن والوں میں غرور جلوہ دکھلادو ذرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ آپ کی ہوگی حکومت تا ابد یہ ازل سے طئے شدہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ آپ کی شمعِ رسالت کیا جلی بجھ گیا آتش کدہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ تیرے ٹُکروں کے علاوہ کچھ نہ ہو میرے بچوں کی غذا یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ بھولتی ہے بھولے دنیا، غم نہیں تم نہ مجھکو بھولنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ سب مری اوقات سے بڑھ کر ہے وہ آپ نے جو بھی دِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ جس نے دیکھا جلوۂ زیبائی کو دیکھتا ہی رہ گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ کے نقشِ قدم جس دم پڑے پھول صحرا میں کِھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ ہر زمانہ آپ کا تھا، اور ہے کیا پرانا کیا نیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ بو جہل ہی جان کر انجان ہے کنکری کو علم تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ آپ کے جیسی کسی کی بھی نہیں خوش کلامی خوش ادا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

﴿86﴾ ساتھ چلتا ہے تمہارے ہر گھڑی
رحمتوں کا قافلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿87﴾ آپ کے گھر کے سبھی افراد ہیں
پیکر جود و سخا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿88﴾ جس میں تیری آل کی الفت نہیں
دل ہے وہ کس کام کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿89﴾ پھر ضرورت ہے صلاح الدین کی
پھر مخالف ہے ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿90﴾ ویسے تو سب کا کوئی محبوب ہے
تم ہو محبوب خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿91﴾ جو گِرا قدموں میں آقا آپ کے
سَر اُٹھا کر وہ چلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿92﴾ مشکلیں ہر گز نہ پیش آئے اُسے
دل سے جو ہے بولتا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿93﴾ کب بُلائیں گے مجھے طیبہ حضور
کب مدینے آؤنگا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿94﴾ آپ تو نورِ الٰہی کے ہیں نور
جگ ہے مٹی سے بنایا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿95﴾ آپ کی عظمت پہ آقا ہے نثار
ذرّہ ذرّہ جسم کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿96﴾ سب کے ٹھکرانے کا مجھکو غم نہیں
آپ نے اپنا لیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿97﴾ کردیا مولا علیؓ کو آپنے
تاجدارِ اولیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿98﴾ پھول جیسے جسم کے بھی بن گئے
پتھروں پہ نقش پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿99﴾ ذرۂ طیبہ کے آگے کچھ نہیں
ہیرا کوہِ نور کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿100﴾ آپ کے آتے ہی آیا ہر طرف
بُت کدوں میں زلزلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿101﴾ کیسے راضی رب نہ ہوگا حشر میں
دیں گے تیرا واسطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿102﴾ تم نے جو روشن کیا حق کا چراغ
آندھیوں میں وہ جَلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿103﴾ مانتے تھے وقت کے باطل یہ بات
تم نے ہر دم حق کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿104﴾ آئیے یا رحمتٌ للعالمیں
ظلم کو کرنے صفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿105﴾ مجھکو بھی شامل کیا مداح میں
شکریہ صد شکریہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ کرتے ہیں کرتے رہینگے حشر تک   آپ ہی کی اتباع یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ حق نے بخشا ہے تمہیں وہ اختیار   جو کہا وہ ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ مل گئی جس کو غلامی آپ کی   تاج کو ٹھکرادیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ کی خاطر ہی تھا ثور میں   جال مکڑی نے بُنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ مالکِ نسیم و کوثر آپ کو   حق تعالیٰ نے کِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ وہ خدا کا کیسے ہوسکتا ہے پھر   آپ کا نہ ہو سکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ نے دیکھا اُسے نزدیک سے   طور پر جو نور تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ مثلِ جنت ہی نہیں جنت بھی ہے   شہرِ طیبہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ آپ کے احسان ہم پر ہیں بہت   کیسے ہوگا حق ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ روزِ محشر سب پکاریں گے یہی   یک نظر کُن سوئے ما یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کی خاطر بنے کون و مکاں   یا شہِ ہر دوسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جس کو حکمت دیکھنی ہے آپ کی   دیکھے سوئے کربلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ وادئ جنت سے کوئی کم نہیں   طیبہ کی آب ہُو ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ ہی کی ذات کو اللہ نے   قاسمِ نعمت کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ کی عظمت' بلندی آپ کی   عقل سے ہے ماورا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ حشر کا سورج سوا نیزے پہ ہے   اپنی کملی میں چھپا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ہے شفاعت کا تمہیں بس اختیار   شافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ جان کی قیمت ہی کیا' کچھ بھی نہیں
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ"

﴿124﴾ نعت لکھی ہے سوا سو شعر کی   لگ رہا ہے خواب سا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ شان میں یہ آپ کی اظہارؔ نے   جو لکھا وہ کم لکھا یا مصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ ساتھ چلتا ہے تمہارے ہر گھڑی رحمتوں کا قافلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿87﴾ آپ کے گھر کے سبھی افراد ہیں پیکر جود و سخا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿88﴾ جس میں تیری آل کی الفت نہیں دل ہے وہ کس کام کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿89﴾ پھر ضرورت ہے صلاح الدین کی پھر مخالف ہے ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿90﴾ ویسے تو سب کا کوئی محبوب ہے تم ہو محبوب خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿91﴾ جو گِرا قدموں میں آقا آپ کے سَر اُٹھا کر وہ چلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿92﴾ مشکلیں ہر گز نہ پیش آئے اُسے دل سے جو ہے بولتا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿93﴾ کب بُلائیں گے مجھے طیبہ حضور کب مدینے آؤنگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿94﴾ آپ تو نورِ الٰہی کے ہیں نور جگ ہے مٹی سے بنایا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿95﴾ آپ کی عظمت پہ آقا ہے نثار ذرّہ ذرّہ جسم کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿96﴾ سب کے ٹھکرانے کا مجھکو غم نہیں آپ نے اپنا لیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿97﴾ کردیا مولا علیؓ کو آپنے تاجدارِ اولیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿98﴾ پھول جیسے جسم کے بھی بن گئے پتھروں پہ نقش پا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿99﴾ ذرۂ طیبہ کے آگے کچھ نہیں ہیرا کوہِ نور کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿100﴾ آپ کے آتے ہی آیا ہر طرف بُت کدوں میں زلزلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿101﴾ کیسے راضی رب نہ ہوگا حشر میں دیں گے تیرا واسطہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿102﴾ تم نے جو روشن کیا حق کا چراغ آندھیوں میں وہ جَلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿103﴾ مانتے تھے وقت کے باطل یہ بات تم نے ہر دم حق کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿104﴾ آئیے یا رحمتٌ للعالمیں ظلم کو کرنے صفا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿105﴾ مجھکو بھی شامل کیا مداح میں شکریہ صد شکریہ یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ کرتے ہیں کرتے رہینگے حشر تک   آپ ہی کی اتباع یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ حق نے بخشا ہے تمہیں وہ اختیار   جو کہا وہ ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ مل گئی جس کو غلامی آپ کی   تاج کو ٹھکرادیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ کی خاطر ہی تھا ثور میں   جال مکڑی نے بُنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ مالکِ نسیم و کوثر آپ کو   حق تعالیٰ نے کِیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ وہ خدا کا کیسے ہوسکتا ہے پھر   آپ کا نہ ہو سکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ نے دیکھا اُسے نزدیک سے   طور پر جو نور تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ مثلِ جنت ہی نہیں جنت بھی ہے   شہرِ طیبہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ آپ کے احسان ہم پر ہیں بہت   کیسے ہوگا حق ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ روزِ محشر سب پکاریں گے یہی   یک نظر کُن سوئے ما یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کی خاطر بنے کون و مکاں   یا شہِ ہر دوسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جس کو حکمت دیکھنی ہے آپ کی   دیکھے سوئے کربلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ وادئ جنت سے کوئی کم نہیں   طیبہ کی آب ہُو ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ ہی کی ذات کو اللہ نے   قاسمِ نعمت کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ کی عظمت، بلندی آپ کی   عقل سے ہے ماوَرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ حشر کا سورج سوا نیزے پہ ہے   اپنی کملی میں چھپا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ہے شفاعت کا تمہیں بس اختیار   شافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ جان کی قیمت ہی کیا، کچھ بھی نہیں
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ"

﴿124﴾ نعت لکھی ہے سوا سو شعر کی   لگ رہا ہے خواب سا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ شان میں یہ آپ کی اظہارؔ نے   جو لکھا وہ کم لکھا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

اعجازؔ

نام۔ سید اعجاز احمد قادری
قلمی نام۔ اعجاز مانپوری
تخلص۔ اعجازؔ
ولدیت۔ سید شاہ فیاض احمد قادری

سنہ و مقام پیدائش۔ 18-03-1963، محلہ جوڑا مسجد مانپور (بہار)

تعلیم۔ ایم اے، اردو (رانچی یونیورسٹی)

تصنیف۔ رنگِ سخن (2012)

انعامات و اعزازات۔ (ا) رنگِ سخن کتاب ایوارڈ سے نوازا گیا۔

آدھی ملاقات کے لئے:۔

KHANQUAH-E-QUADRIA, JORA MASJID, MANPUR
P.O. BUNIYAD GUNJ, DIST. GAYA-823003 BIHAR
MOBILE NO. 0091-9955810985

* * *

﴿1﴾ مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میرے دل کی ہے صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ نورِ حق صلی علی یا مصطفٰی
نام لوں صبح و مسا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ چار سو جلوہ نما یا مصطفٰی
آپ ہیں شمس الضحی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ شہکار خدا یا مصطفٰی
مظہرِ رب العلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ حضرت خیر الوریٰ یا مصطفٰی
یعنی ختم الانبیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Qadri Hyderabad Collection Digitization eGangotri

﴿6﴾ پیکرِ جود وسخا یا مصطفٰی   مظہرِ نور خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ سلسلہ در سلسلہ یا مصطفٰی   پھیلی ہے نوری رِدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ یہ بھی ہے اک معجزہ یا مصطفٰی   سنگ بھی گویا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ کو جس نے بھی دیکھا ایک بار   ہو گیا وہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ جگمگا اٹھی خدائی آپ سے   آپ ہیں نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ کے آتے ہی فوراً چھٹ گئی   کفر کی کالی گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ناز کرتی ہے جبیں جبریلؑ کی   چوم کر تلوا تیرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ مطلع انوار چہرہ آپ کا   لیل ہے زلفِ دوتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ ہوگئی کافور ساری تیرگی   دیکھ کر حُسنِ ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ گنبدِ خضرا نگاہوں میں رہے   اک یہی ہے ولولہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کے در پہ سلامی کے لئے   رخ بدلتی ہے ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ نام احمد جب لیا منجھدھار میں   ٹل گئی موجِ بلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ عمر کاٹوں مدحتِ سرکار میں   اپنا ہو یہ مشغلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ معتبر ہے با خدا اپنے لئے   آپ کا ہی نقشِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ چشم گردوں میں بہاروں میں ہمیں   آپ کا جلوہ دِکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ چاند سورج کی چمک بھی ماند ہے   دیکھ کر نا خونِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ لب پہ جاری تھی ولادت کے سمئے   ربّی ھَبلی کی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ ڈھونڈھتا ہوں نقشِ پا میں آپ کے   زندگی کا فلسفہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ دیکھ کر برقِ تبسم کی ضیا
”دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ“
﴿25﴾ آپ ہی کے نام پر اب ختم ہو   زندگی کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ کے آتے ہی اب چاروں طرف   رقص کرتی ہے صبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ یا نبی ہے آیتِ لا تقنطو   آپ ہی سب کی بِنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ ناز کرتی ہے خدائی آپ پر   آپ لولاک لَمَا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ خود بخود ایمان میں داخل ہوئی   جھک کے تلوارِ انا یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ عشق سرور میں خودی کو بھولنا   ہے یہی راہِ بقا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ عشق سرور سے ہو خالی دل تو پھر   کیسے ہو سجدہ ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ جو تصور میں نبی کے کھو گیا   دیدۂ بینا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ رکھ نمازوں پر مقدم شاہ کو   ہے علیؓ کا فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ روزِ محشر کام آئے گی ہمیں   آپ ہی کی بس دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ سر کے بل پہنچوں گا در پہ آپ کے   حکم ہو گر آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ خواب ہی میں دیکھ لیتا آپ کو   ہے یہی اک التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ ہوں میں عصیاں میں گِھراجاؤں کدھر   اک نظر بہرِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آتے جاتے بس خیالوں میں رہے   آپ ہی کا تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آگ اُس کو چھو نہیں سکتی کبھی   ہو گیا جو آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ راستے میں آپ کی تعظیم کو   پیڑ بھی جھکنے لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ہند میں جینا بھی ہے مشکل بہت   کھول دیں بابِ عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی ناراضگی کے خوف سے   رات بھر روتا رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ زندگی کا یہ اُجالا دہر میں   آپ کے صدقے ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ ہی کے نام کا اسلام میں   ہر طرف ڈنکا بجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ جس کا آدم نے لگایا واسطہ   عرش پہ تھا وہ لکھا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

«46» ہم گنہگاروں پہ ہو چشمِ کرم   ہے صدائے بے نوا یا مصطفٰی ﷺ
«47» آدمی کو آپ سے عظمت ملی   مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
«48» پانی پانی چاند کی پیشی رہی   مہر بھی الٹا پھرا یا مصطفٰی ﷺ
«49» دھیرے دھیرے عمر بھرجلتا رہا   تمری یادوں کا دیا یا مصطفٰی ﷺ
«50» آتی جاتی سانسیں بھی پڑھتی رہیں   کلمۂ طیّب سدا یا مصطفٰی ﷺ
«51» صدقہ ہے بوئے بدن کا آپ کے   بوئے گل بوئے ضیا یا مصطفٰی ﷺ
«52» اِس دلِ بیتاب کو اِس ہند میں   آسرا ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«53» سارے عالم میں ہمہ دم گونجتی   آپ ہی کی ہے صدا یا مصطفٰی ﷺ
«54» شاخ و گل حمد و ثنا کرتے رہے   بیل بُوٹوں نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
«55» آپ نے گر پھیر لی اپنی نظر   جیتے جی مرجائوں گا یا مصطفٰی ﷺ
«56» ذرہ ذرہ آپ کے دربار کا   نور میں ڈوبا ملا یا مصطفٰی ﷺ
«57» اے شفیعِ روزِ محشر ہو کرم   لیں خبر روزِ جزا یا مصطفٰی ﷺ
«58» ہمکلامی رب سے حاصل آپ کو   اللہ اللہ مرتبہ یا مصطفٰی ﷺ
«59» اے امیر الانبیاء رشکِ اِرم   مظہرِ رب العلا یا مصطفٰی ﷺ
«60» اے ظہورِ احد احمد مجتبی   آبشار پُر ضیا یا مصطفٰی ﷺ
«61» کلمۂ طیّب میں ہیں جلوہ نما   اے حبیبِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
«62» اے مکرم اے معظم آپ کے   ہاتھوں میں کوثر رہا یا مصطفٰی ﷺ
«63» آپ کی آمد سے ملتا ہے ہمیں   موسمِ گل کا پتہ یا مصطفٰی ﷺ
«64» ناخونِ پا کا تیرے ادنٰی سا عکس   چاند تاروں کی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
«65» لیتے لیتے نام سرور ایک دن   مجھ کوآجائے قضا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Qadri, Hyderabad / Collection of Mohammad Hussain Digitization eGangotri

﴿66﴾ مشکلوں میں لیجئے نام نبی
دردِ دل کی ہے دوا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿67﴾ آپ ہی کے نام پر اب ہوگا طے
زیست کا ہر مرحلہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿68﴾ عرش اعظم سے نہ مجھ کو مل سکا
تم میں پوشیدہ خدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿69﴾ کر دیا سب کچھ حوالے آپ کے
سوچتا کیا، دیکھتا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿70﴾ آپ کا ہر فعل اُمت کے لئے
بن گیا اک آئینہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿71﴾ ہر نفس نام نبی لیتا رہا
لیتے ہیں شاہ و گدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿72﴾ دین حصے ہیں مکمل دین کے
ثور، اک غارِ حرا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿73﴾ اُس مجسّم حُسن پہ قربان جا
جو ہے بخشش کا صلہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿74﴾ رحمتِ حق جوش میں آتی ہو جب
ہو لبوں سے بس ادا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿75﴾ آگ چھو سکتی نہیں اُس کو کبھی
نام سے جس کے جڑا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿76﴾ روشنی کے واسطے رکھ قبر میں
لکھ کے نام مجتبٰی یا مصطفیٰ ﷺ

﴿77﴾ آنکھ دکھلاتی ہے اُمت کو تیری
ہند کی کالی ہوا' یا مصطفیٰ ﷺ

﴿78﴾ ان تعصب کی ہوا کو موڑ دے
کاش طیبہ کی صبا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿79﴾ اُمتی پہ بس کرم کرتے رہیں
زیست نہ ہو بد مزہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿80﴾ سیرتِ سرکار سے ہو سُرخرو
مرحلہ در مرحلہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿81﴾ آپ ہی کے ذاتِ اقدس سے ہمیں
سایۂ رحمت ملا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿82﴾ کیجئے حاجتِ روائی کیجئے
آپ ہیں حاجت روا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿83﴾ خود کو سمجھوں گا دھنی گر آپ کے
در پہ ہو سجدہ ادا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿84﴾ روز و شب طیبہ کی گلیوں میں لگی
نور میں ڈوبی فضا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿85﴾ آرزو دل کی ہے قدموں میں ترے
جان و دل کردوں فدا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ یاد طیبہ نے ہے لی انگڑائیاں   جب چلی ٹھنڈی ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿87﴾ آپ کی ٹوٹی چٹائی کو سلام   آپ ہیں شانِ وفا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿88﴾ ہم گنہگاروں کا دنیا میں شہا   کون ہے تمرے سوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿89﴾ بے سہاروں کے سہارا آپ ہیں   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿90﴾ سوئے طیبہ کا ہے ذرہ معتبر   قطرہ بھی دریا بنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿91﴾ ٹکنالوجی، سائنس آگے آپ کے   علم سب بونا پڑا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿92﴾ ساتھ بچوں کے وہ ہرنی آگئی   حکم پا کر آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿93﴾ با وضو ہونے لگے اصحاب جب   انگلی سے چشمہ بہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿94﴾ ناتواں بکری تونگر ہوگئی   یہ بھی تھا اک معجزہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿95﴾ آپ ہی کی ذات سے ہے آج تک   دین کا پودا ہرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿96﴾ آپ کی فرقت میں ہوں میں جاں بلب   دردِ دل کی ہے دوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿97﴾ حالِ دل اپنا ہے ظاہر آپ پر   آپ راز آشنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿98﴾ کیوں نہ بھائیں یہ ادائیں آپ کی   آپ مقبول خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿99﴾ آپ کے پروانہ کیوں نہ ہم بنیں   آپ ہی نورِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿100﴾ ہم فدا ہیں آپ کے ہی حُسن پر   آپ ہی ہیں دلربا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿101﴾ میرا قبلہ میرا کعبہ آپ ہیں   آپ ہی قبلہ نما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿102﴾ طوبیٰ و فردوس یا عرش بریں   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿103﴾ اپنی اُمت کی جو غمخواری کریں   شافعِ روزِ جزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿104﴾ آپ سلطانِ دو عالم خلق میں   آپ ہی ہیں بادشہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿105﴾ مشکلیں اپنی کریں آسان وہ   آپ ہی مشکل کشا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ داغِ دل چھوٹا نہ ہم سے، لاکھ ہی
چشم کو دریا کیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ دست بستہ مَیں کھڑا ہوں کیجئے
مجھ پہ بھی رحمت ذرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ امت عاصی پہ بھی لطف کرم
ہو برائے مدّعا یا مصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ بے کسوں پہ کیجئے مہر و کرم
یا امیر الانبیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿110﴾ ہے پھنسا اعمال میرا اس لئے
ہو عنایت مجتبٰی یا مصطفٰی ﷺ

﴿111﴾ ہے عبادت کے لئے دَر آپ کا
کعبۂ اہلِ صفا یا مصطفٰی ﷺ

﴿112﴾ لالہ و گل میں قمر میں کچھ نہیں
اُس رُخِ انوار سا یا مصطفٰی ﷺ

﴿113﴾ کہتے ہیں شہر شفاعت ہم جسے
فیض کا دریا لگا یا مصطفٰی ﷺ

﴿114﴾ ایسا لگتا ہے کہ سر کے بَل چلوں
دیکھ کر روضہ ترا یا مصطفٰی ﷺ

﴿115﴾ آمدِ سرکار پہ چاروں طرف
نور کا دریا بہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ باغ میں پڑھتا ہوا کلمہ ترا
پھول کا ہالہ مِلا یا مصطفٰی ﷺ

﴿117﴾ آپ کے ہوتے ہوئے کیونکر کروں
غم کسی بھی بات کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿118﴾ سیرت سرور پہ چلنا سیکھ لے
دین کا یہ قافلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿119﴾ مانتا ہوں دینے والا ہے خدا
بانٹتے ہیں مجتبٰی یا مصطفٰی ﷺ

﴿120﴾ ہرطرف بس آپ کا جلوہ ملا
آئینہ در آئینہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿121﴾ دید کی خواہش بڑھی، بڑھتا گیا
تشنگی کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿122﴾ دیکھ کر اخلاق کا دریا رواں ﷺ
"دل ہواتم پر فدا یا مصطفٰی"

﴿123﴾ ماننے والا ہوا ہے سُرخرو
آپ کا ہر فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿124﴾ آرزو ہے کہ دمِ آخر میری
چشمِ نم سے ہو ادا یا مصطفٰی ﷺ

﴿125﴾ رحمتِ حق کی سواری آئے جب
میں کہوں صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

آفاقی

نام۔ محمد عبدالجبار قلمی نام۔ نور آفاقی

تخلص۔ آفاقی

ولدیت۔ محمد عبدالعزیز المعروف بہ وجودی شاہ چشتی قادری

سنہ و مقام پیدائش۔ 1942 گرمٹکال۔ ضلع گلبرگہ شریف

آغاز شاعری۔ بعمر 15 سال

شرف تلمذ۔ والد محترم جناب محمد عبدالعزیز المعروف بہ وجودی شاہ چشتی صاحب۔

تعلیم۔ H.S.C. کنٹری میڈیم، ڈپلوما ان فارمیسی انگلش میڈیم۔

تصانیف۔ کلیات، زیر طبع

آدھی ملاقات کے لئے۔

H. No, 10-49, Marlu, Christianpally-Palkonda Road,
Mahboobnagar-509002(T.S.)
Mobile No: 0091-9396310163, 0091-9885929786

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں نور الہدیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
آپ ہیں کہف الوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿3﴾ کیا روا کیا ناروا یا مصطفیٰ ﷺ
آپ نے بتلا دیا، یا مصطفیٰ ﷺ

﴿4﴾ آپ کی خوش کن ادا یا مصطفیٰ ﷺ
دل ربا ہے دل ربا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿5﴾ یاد ہے قالوا بلیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
ہم ہیں پابند وفا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ نورِ حق، صل علی یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دل ہوا تم پہ فدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ اک نظر سوئے گدا یا مصطفیٰ   دے رہا ہے وہ صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ مل گیا حق کا پتا یا مصطفیٰ   میں نے اُلٹی جب انا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ آپ کے در آگیا، یا مصطفیٰ   دل بھر آیا خوش ہوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ آپ نے جب بھی بلا یا مصطفیٰ   دست بستہ آگیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ آپ کو دل سے پڑھا یا مصطفیٰ   ہر سبق تازہ ہوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ آپ کا ہے تذکرہ یا مصطفیٰ   روح افزا جاں فزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ زخمِ دل ہے خوشنما یا مصطفیٰ   آپ ہیں اس کی دوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ خواب میں دیکھوں کسی دن آپ کو   بس یہی ہے لخلخہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ حسنِ اخلاقِ حمیدہ کے سبب   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ گو مجاہد ہم اَقَلِّیَّتْ میں ہیں   ہے ہمارا دبدبہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ ہے عیاں مِنْ نور سے صل علی   تم ہو شہکارِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ ذکرحق کی ہے یہاں خوشبو الگ   کون ہے دل سوختہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ آپ کا خود بولنا صل علی   ہے خدا کا بولنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ حسبِ فطرت ہے یہاں سب کاظہور   اوّلاً تم مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ مانتے ہیں آپ نے جو کچھ کہا   کس کو ہے تابِ چَرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آپ کا درہے درِجنت نشاں   من کجا آں درکجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ اللہ اللہ عبدہ کی خود دلیل   نامِ نامی آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ قابل دید انجمن میں آپ کی   چشمِ پُر، انور ادا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ آپ ہیں چرخِ نبوت پر مدام   مطلع عِزّ و علی یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Collection Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad India Digitization eGangotri

﴿26﴾ کیوں نہ جائے ہر بلا منہ موڑ کر   آپ ہیں صد رَدُ بلا، یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ نامِ نامی آپ کا صل علی   عقدئہ مشکل کشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ کون مظہر ہے پس مظہر کہو   ہو تم ہی حق آشنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ اس سے آگے کیا کہوں، میری بساط   عقل سے ہے ماوریٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ آپ کے نقشِ قدم ہیں رہ نما   باز ہے چشمِ وفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ مراٰۃِ روئے محب کا ہے کمال   خود خدا ہے خود نما یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ ہے خدا بِالذَّات تم بالعرض ہو   صاحبِ جود و سخا یا مصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ رنگبیں مخمور آنکھیں آپ کی   معدنِ لطف وعطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ کی ذاتِ گرامی فطرتًا   منبعِ جود و سخا یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ کے ہی نطق پر ڈھلتا گیا   وہ کلامِ حق نما یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ کا پر نور سینہ حَبَّذا   مصدرِ صدق وصفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ منتخب ہے نامِ نامی آپ کا   مصطفٰی صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ ”لا تلومونی“ کو سمجھا ’غم سہا   یہ مرا ہے اقتضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ جب حقیقت کھل گئی میں بول اٹھا   آپ ہیں نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ چشمہ ز م زم کا منبع آپ ہیں   اور پس مروہ صفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ سجدہ گاہِ عاشقاں نقشِ قدم   اور رُخ قبلہ نما یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی روشن جبیں حُسنِ خدا   اس پہ آنکھیں نیم وا یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ جسمِ اطہر نور زا بے داغ ہے   آپ رشکِ مہ لقا یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ”قل ھو اللہ احد“ کا وہ سبق   پڑھ لیا آموختہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ مرمٹیں ہم کیوں نہ کہئے، آپ ہیں   نورِ ایماں کا دیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Qudari Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ جانتے ہیں آپ کہ ہے دل مرا　　درد کی دولت سرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ لو احد احمد سمجھ میں آگیا　　میم کا پردہ اٹھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ آپ ہیں صل علی صل علی　　نورِ چشمانِ ولا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ ربنا فغفرلنا کہ تو دیا　　اب تمہارا آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ روزِ محشر امتحاں رحمت کا ہے　　کافروں کے لب پہ آیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ آپ کے صدقے میں خواں چشت کا　　میں بھی ہوں زَلّہ ربا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ ہجر میں رو رو کے شب بھر آپ کے　　رشک سے دامن سجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ نام لے لے کر تمہاری آل کا　　پیاس کو اپنی بجھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ وہ تو دیوانہ تھا لیکن حالِ دل　　گر کے قدموں پر کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ آپ کے صدقے میں یہ مشہور ہے　　لا اُبالی سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ منفرد سارے گُپھاؤں میں گُپھا　　وہ حرا کا ہے گُپھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ کلمہ طیب کو پڑھ کردم بہ دم　　شرک سے دامن بچا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ آپ جب رحمت بدوش اٹھے حضور　　ہاتھ توبہ کا اٹھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ اس کو کس منہ سے دیوانہ کہوں　　آپ کے پائیں گرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ آپ کا حسنِ تصور ہے بہ ہے　　میرے دل پر چھا گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ میں نے پہچانا خدا کو آپ سے　　آپ ہیں وہ رہنما یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ رشکِ صد تختِ سلیماں بن گیا　　آپ کا اک بوریا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ ہے تمہارا آج تک سکہ رواں　　تم شہ ہر دوسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آمد آمد پر تمہاری غل ہُوا　　عرش تا تحت الثریٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ "کنت کنزا مخفیا" سمجھائیے　　آپ ہیں عقدہ کشا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ کیا کہوں؟ پس پردہ دنیا رنگ   کون ہے وہ؟ ہے خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿67﴾ آپ ہیں ہم عاصیوں کے واسطے   شافع روزِ جزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿68﴾ وائے قسمت ڈھونڈتا ہی رہ گیا   مل نہ پایا، نقشِ پا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿69﴾ کیوں نہ کرتا آپ کا ہردم طواف   آپ ہیں روشن دیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿70﴾ ہاں زِ آدم تا دمِ عیسیٰؑ مسیح   تم سا ہم پایہ نہ پا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿71﴾ کج کلاہِ اولیاء پیرانِ پیرؒ   تم ہو تاجِ انبیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿72﴾ جب پڑھا لا تقنطوا ڈھاس بندھی   تھا "کہا" یہ آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿73﴾ موت سے تو خوف ہم کھاتے نہیں   موت ہے خوش ذائقہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿74﴾ "جاھدوا فینا" کی آیت نے ہمیں   خوابِ غفلت سے جگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿75﴾ جو ہے جیسا ویسا دکھلایا کہ آپ   ہیں مصفّٰی آئینہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿76﴾ آپ کے سر چشمۂ فیضان سے   پی لیا ہاں پی لیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿77﴾ نرغۂ کفار میں ہم ہیں نڈر   کفر سے جنگ آزما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿78﴾ میری قسمت آپ کی چوکھٹ پہ   آج پھول ہوں بکھرا ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿79﴾ میمِ "احمد" برزخِ کبریٰ نشاں   استعارہ ہے نیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿80﴾ صدقے پھرتی ہے مرے بادِ صبا   آپ کا ہے تذکرہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿81﴾ ذکرِ رب کرتے ہوئے مَیں آخرش   رابطہ قائم کیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿82﴾ آپ کے دیوانے کھچ کر آگئے   ذکر تھا آہن رُبا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿83﴾ رات دن "لا تقنطوا" پڑھتے ہوئے   آفتوں میں مسکرایا مصطفیٰ ﷺ
﴿84﴾ عمر اپنی چل پڑی سوئے عدم   سنتے ہی بانگ درا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿85﴾ کیوں نہ بر آتیں دعائیں جیتے جی   آپ کا تھا واسطہ یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ رہنمائی آپ کی تھی مل گیا
سیدھا رستہ حق رسایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿87﴾ ہوگئی کشتِ تمنا پھر ہری
یاد جب ہم نے کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿88﴾ آپ کی ذاتِ گرامی کیا کہوں
قاطعِ جور و جفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿89﴾ چارہ سازِ عاصیاں صل علی
آپ ہیں یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿90﴾ آپ کے ہاتھوں میں ہے، عزت مری
آپ کا ہوں آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿91﴾ کون جائے تابہ منزل پوچھتے
آپ ہیں جب رونما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿92﴾ حکمِ ربی نامِ نامی سنتے ہی
پڑھتا ہوں صلِّ علی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿93﴾ شرحِ قرآنِ مبیں ہیں آپ ہی
غیب سے آئی ندا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿94﴾ پانی پانی مہر دو ہفتہ ہوا
دیکھ کر رخ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿95﴾ میکدہ اسلام کا مشہور ہے
آپ ہیں پیر مغاں یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿96﴾ دیپ سے جیسے جلے دیپ ایک ایک
آل کا ہے سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿97﴾ ہرمسلماں پاک ہے بے پال ہے
یہ "کہا" ہے آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿98﴾ ہم فقیروں کی ہے صورت خودسوال
جانتے ہیں حالِ ما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿99﴾ ہر کھرا کھوٹا پرکھنے کے لئے
جوہری ہو آپ سا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿100﴾ مرضئ مولٰی کے آگے با ادب
سر ہمارا ہے جھکایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿101﴾ ہم ہیں فانی فطرتاً تم نے کہا
دائماً ذاتِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿102﴾ دورِ حاضر کے نئے حالات نے
خواب سے چونکا دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿103﴾ "واعتصموا" پڑھتے ہی یاد آگیا
وہ سبق بھولا ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿104﴾ آپ کے روضہ کو چھو کربا ادب
آتی ہے بادِ صبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿105﴾ آمد آمد پر تمہاری حَبَّذا
جلوہ ساماں ہے فضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Qadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ میں فنا فی الشیخ ہو کر بول اٹھا   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ ہر نبی کا مرتبہ اپنی جگہ   آپ ان سب سے سوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ چوم کر روضہ کو آتی ہے صبا   لے کر خوشبوئے حنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ گل بہ داماں آپ کے آنے کے بعد   باسی گل کی بات کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ دل سے دل کو راہ ہوتی ہے تو پھر   کیوں ہے ویراں دل مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ جَو کی روٹی اور سرکہ خوب ہے   ہم غریبوں کی غذا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ کیوں تڑپتا ہوں کسی سے کیا کہوں   آپ ہیں درد آشنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ میرے کانوں میں اَلَسْتُ کی صدا   گونجتی ہے بارہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ ایک کمبل بہتر از دو شالہ ہے   آپ کی ہے یہ عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ سانچ کو آنچ آ نہیں سکتی تھی   آپ کا ہے یہ "کہا" یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ وہ سہاگن ہے پیا چاہے جسے   میں سہاگن تم پیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ ہم اَقَلِّیَتْ میں ہیں مانا مگر   ہے ہمارا دبدبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ حسنِ اخلاق حمیدہ کے سبب   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ جب سنی میں نے اذاں یادشت بخیر   سوئے مسجد چل پڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ دستِ میرا کار دنیا میں مگن   دل میں یادِ دل ربا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ اہلِ دل کرتے ہیں روضہ کا طواف   دیدنی ہے ولولہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ رات و دن ہے اللہ اللہ کا مدام   باطنی ہے مشغلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ جب اٹھے محشر میں تم رحمت بدوش   عاصیوں میں غل ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ حکمِ ربی نامِ نامی سنتے ہی   دل مرا روشن ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ لاابالی، نورؔ آفاقی فقیر   آپ تک یہ آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آفتابؔ

نام:- سید آفتاب احمد قلمی نام:- آفتاب احمد اعظمی

تخلص:- آفتاب مجاہدؔ

ولدیت:- سید نہال الدین

تاریخ ومقام پیدائش :- 20-12-1964 ، مبارک پور اعظم گڑھ

شرف تلمذ :- ملت لوحیاوی صاحب

تعلیم :- سی۔ ایم۔ ایس، ای۔ ڈی انڈین انسٹیٹیوٹ فار ہلتھ، کولکاتا، بنگال

مصروفیت :- مدرسہ رحت سرائے میر سے وابستگی۔ بانی سیکریٹری منیجر 1997 سے تا حال
صحافت 2009 سے 2012 تک روزنامہ آگ (اردو)

شاعری کا آغاز : - 2010ء

آدھی ملاقات : - مدرسہ راحت اسکول، سرائے میر، اعظم گڑھ، یوپی

موبائیل نمبر :- 0091 - 9151525485

Madrsa Rahat School Haryali Colony Saryey MIll,Phoolpur
Road,Opp. Purvanchal Dhaba, PIN.276305

* * *

﴿1﴾ نازشِ خلقِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شافعِ روزِ جزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ زندگی تھی بے مزہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہم سے ہوتی تھی خطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ بخت' ہم اسلام میں پیدا ہوئے
یہ بھی ہے فضلِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ جو تہِ دل سے کہیں صلّ علیٰ
ان کا ہو جائے بھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ سن کے جو ایمان لائے آپ پر
معتبر وہ ہو گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Feroz Sahib Hyderabad India · Collection of Mohammad Qadri, Digitization eGangotri

﴿6﴾ نور افشانی کو ہر سُو دیکھ کر   بولہب اندھا ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ عرش پاک پر مہماں ہوئے   یہ بلاوا رب کا تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ عرش پر بلوا کے رب نے آپ کو   خلد کی کنجی دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ ہیں تمثیل کے اعلیٰ بہت   آپ ہیں سب سے جدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ دیکھ کر دینِ محمد ﷺ کا عروج   بو جہل غش کھا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ زندگانی آپ کی صلِ علٰی   مشعلِ راہِ وفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ سونچ کر تلوار نکلے تھے عمرؓ   دل بھی گرویدہ ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ وقت پر معراج کی تصدیق کو   آن پہنچا قافلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ خوش بیانی آپ کی بے مثل ہے   آپ پر ہی سب فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ سب سبھی کے ہو نہیں سکتے مگر   ہے زمانہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کی مدحت تو مجھ سے ہو نہ ہو   ہے ثنا خواں خود خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ رحمت عالم لقب ہے آپ کا   ہے بہت رتبہ بڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کا فیضان ہے ہر ایک پر   فیضِ رب کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آئینہ تھی انبیاء کی زندگی   آئینوں کے آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ فتحِ مکہ پر ملا جو حکم وہ   رحم سے لبریز تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ رحم بیواؤں یتیموں پر کرو   حکم بےباکی بھرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ ظالموں کے ظلم پر کیا کیا کہوں   ظلم خود پسپا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ سید لولاک کی الفت میں دل   دے رہا ہے اب سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ جلوۂ شہرِ مدینہ کے طفیل   گاؤں بھی اچھا لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ جو سُکوں دے دے ہمارے قلب کو   ہے مدینے کی ہوا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Hyderabad India / Collection Sahib Qadri Digitization eGangotri

«26» ورد ہوتے ہی دُرودِ پاک کا　　جشن سا لگنے لگ یا مصطفیٰ ﷺ
«27» ظلمتوں میں آپ نے روشن کیا　　حق پرستی کا دیا یا مصطفیٰ ﷺ
«28» تھی فنا کی زد میں اپنی زندگی　　آپ سے پائی بقا یا مصطفیٰ ﷺ
«29» عظمتِ انسانیت میں آپ ہی　　خلقتِ حق کا آئینہ یا مصطفیٰ ﷺ
«30» تشنہ لب کو آبِ رحمت چاھئے　　فیضِ ایثار و سخا یا مصطفیٰ ﷺ
«31» فکرِ انسانی نہ چھو پائی وہ در　　عظمت و اخلاص کا یا مصطفیٰ ﷺ
«32» آنکھ سے آنسو رواں ہونے لگے　　سامنے روضہ جو تھا یا مصطفیٰ ﷺ
«33» رت جہالت کی گئی آئے جو آپ　　پر سکوں چھائی فضا یا مصطفیٰ ﷺ
«34» سنتوں پر ہے عمل پیرا جو دل　　وہ ہدایت پا گیا یا مصطفیٰ ﷺ
«35» اس قدر لطف و عنایت ہو گئی　　ظالموں کو دی دعا یا مصطفیٰ ﷺ
«36» دشمن حق جانتا تھا ہی نہیں　　آپ پر ہوگا فدا یا مصطفیٰ ﷺ
«37» ہر نظر پر حق و باطل آشکار　　آپ نے خود کردیا یا مصطفیٰ ﷺ
«38» رحمتُ للعالمیں احسان ہے　　خیر کی سوغات یا مصطفیٰ ﷺ
«39» رہبری کو ناز جس رہبر پہ ہے　　آپ ہی ہیں باخدا یا مصطفیٰ ﷺ
«40» ہوسفینہ جس گھڑی منجدھار میں　　آپ ہوئیں ناخدا یا مصطفیٰ ﷺ
«41» آپ ہی کی ذات سے انسانیت　　سُرخرو ہے با خدا یا مصطفیٰ ﷺ
«42» مشکلوں میں انبیاء تھے سارے رُسل　　کی توسط سے دعا یا مصطفیٰ ﷺ
«43» بخشوائیں گے یقیں امت کو ہے　　شافعِ روزِ جزا یا مصطفیٰ ﷺ
«44» ہم بیاں مدحت کہاں کر پائیں گے　　آپ شاہ انبیا یا مصطفیٰ ﷺ
«45» کاش مرتے دم رہے لب پر مرے　　نغمئے صلے علٰی یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Hyderabad Digitization eGangotri

(46) آپ کے قدموں تلے جو گرد ہے   ہر مرض کی ہے دوا یا مصطفیٰ ﷺ
(47) ہو گیا ہر سو اجالا دہر میں   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
(48) آپ کے فرمان دل کو چھو گئے   مغفرت رب کی رضا یا مصطفیٰ ﷺ
(49) اے اِمامِ انبیاء محبوبِ حق   فضلِ ربّ شاہِ ہدا یا مصطفیٰ ﷺ
(50) لکڑیاں شمشیر کے کام آگئیں   جنگ میں جب کی عطا یا مصطفیٰ ﷺ
(51) ہادئ خلقت شفیع المذنبیں   ہے یہ عظمت کا پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
(52) فخر خود کرتا ہے صَنّاع ازل   سُر خرو خاکی ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
(53) گنبد خضرا پہ جب پہنچی نظر   چشم نم جاری ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
(54) جب ہٹا پردہ رُخِ انوار سے   نور کا تڑکا ہُوا' یا مصطفیٰ ﷺ
(55) رہنماؤں کے ہیں رہبر آپ ہی   خوب تر ہے راستہ یا مصطفیٰ ﷺ
(56) کس زباں سے ہو بیاں شان آپ کی   کس طرح پھر ہو ثنا یا مصطفیٰ ﷺ
(57) آپ کے در پر فقیروں کی طرح   شاہ کو دیکھا گیا یا مصطفیٰ ﷺ
(58) لطف سے حُبِّ رسول اللہ میں   حُبِّ دنیا ہے خطا یا مصطفیٰ ﷺ

(59) خالقِ کونین نازاں تم پہ ہے
" دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ"

(60) حقِّ عرفاں سے کِیا ہے آپ نے   ہم سبھی کو آشنا یا مصطفیٰ ﷺ
(61) نعمتوں پر نعمتیں کیا لطف ہے   آپ سے ہے انتہا یا مصطفیٰ ﷺ
(62) آپ ہی کی رحمتوں کا ہے اثر   ساری دنیا نے کہا یا مصطفیٰ ﷺ
(63) ہے معطر دل دُرودِ پاک سے   اور یہ ارض و سما یا مصطفیٰ ﷺ
(64) جس کو حاصل دولتِ ایماں ہوئی   صاحبِ ثروت ہُوا یا مصطفیٰ ﷺ
(65) شہر کوئی بھی ہو کیوں اچھا لگے   شہر طیبہ کے سوا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheem Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ رحمتُ للعالمیں کی شان میں   ایک عاصی ہے کھڑا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿67﴾ ہو گیا راہوں پہ چل کر آپ کی   اک بشر اتنا بڑا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿68﴾ اخروی کیا زندگی تھی کیا خبر   آپ نے واضح کیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿69﴾ آپ کا عاشق وطن کو چھوڑ کر   سوئے طیبہ آ گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿70﴾ ہو گئی اس پر دوزخ حرام   دیدہ ور دانا جو تھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿71﴾ منہ پہ تالا تھا پڑا بے داد کا   رحمتوں سے ہے کھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿72﴾ آئے جبریلِ امیں جب غار میں   تھی وحی کی ابتدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿73﴾ میہماں بننے پہ سب کو فخر ہے   خالقِ کونین کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿74﴾ رک نہیں سکتا زمانے میں کبھی   مدحتوں کا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿75﴾ نعرۂ توحید سے ہی ختم شد   کفر کا قصہ ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿76﴾ آپ سے شاداب دھرتی ہوگئی   خوب برسی ہے گھٹا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿77﴾ فیض سے ہے آپ ہی کے ہر طرف   رحمتِ حق بے بہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿78﴾ خوش دلی سے آپ کا ادنی غلام   جامِ وحدت پی رہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿79﴾ آپ کے اسلام کا چاروں طرف   بول بالا ہو گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿80﴾ دستِ الفت پا کے دامانِ رسول   غرقِ عشرت ہو گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿81﴾ آپ کے حُسنِ کرم سے دو جہاں   آپ پر شیدا ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿82﴾ ہم عبادت میں بہت کمزور ہیں   رب کی ہوجائے رضا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿83﴾ عشق احمد میں ہُوا جو معتبر   فخر اس پر ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿84﴾ دہر میں کمزور ہیں ناچار ہیں   بے نوا کے ہم نوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿85﴾ لا دوا امراض میں ہُوں مبتلاء   مجھ کو دلوائیں دوا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheminm Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

﴿86﴾ نام ہوتا ہے مرا بیمار میں   مجھ کو مل جائے شفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ ڈوب کر مغرب سے پلٹا آفتاب   معجزہ ہی معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ گل ہوں وہ حسنین جیسے خوش نصیب   گلِستاں ہو آپ سا یا مصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ ہر طرف اصنام اوندھے تھے پڑے   نور چمکا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ مسجد الاقصی میں یوں عالی مقام   تھے امام الانبیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ فتح مکہ نے صحیح ٹھہرا دیا   رب کا تھا وہ فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ موت تک کلمہ رہے لب پر مرے   یا نبی صل علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ لا الٰہ سے صفائی ہوگئی   میل دل کا چھٹ گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ قلزمِ اسلام موجیں جب اٹھیں   یہ جہاں حیراں ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ بدرِ کامل اس طرح ہوتا ہے شق   جیسے پھل کاٹا ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ غمزدہ چہرے تھے شرک و کفر کے   بت ہُوا اوندھا پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ قلب کو عزمِ عمل موصول ہو   ذہن کو فکرِ رسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ دار عبدالمطَّلِب میں جشن ہے   مرحبا صلے علٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ احمدِ مختار' آمد کے سبب   پر مسرت ہے فضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آسمانوں سے فرشتے صف بہ صف   آرہے ہیں بارہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ہے عنایت خاص یہ اللّٰہ کی   آپ کو قرآں ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ آپ کے صدقے میں چلتا ہے چلے   اس جہاں کا سلسلہ یا یا مصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ قیصر و کسریٰ کی چولیں ہل گئیں   دینِ حق بڑھتا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ معرکے جنگ و جدل کے آپ کو   کس قدر سہنا پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ بیٹیاں تھیں آپ کو دل سے عزیز   سب سے پیاری فاطمہؓ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad Collection Peer Sahib Digitization eGangotri

﴿106﴾ فرش سے تا عرش ہے جلوہ گری   رونما ہے معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ ہو مرے ہاتھوں میں دامانِ رسول   ہے مری یہ التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ ہوں مرے ماں باپ قرباں آپ پر   اُمتی ہوں آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ اِس کمالِ نعت گوئی کے سبب   کتنوں کو رتبہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ منبعِ علم و ہدایت آپ ہیں   مرکزِ رشد وہُدیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ باعثِ تخلیقِ عالم آپ ہیں   آپ ہیں نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ منصبِ اعلیٰ و ارفع آپ ہیں   اے امام الانبیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ خوف اب کوئی بھٹکنے کا نہیں   راہ بر و رہنما یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ عام ہے عالم میں شیطاں کی رِوش   شر سے بچ جاؤں سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ اول و آخر مزیّن دل رہے   درد ہو توحید کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ ظلمتیں مٹتی رَہیں حق کے سبب   خوب ہے پھیلی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ شمع دنیا آپ کے ایثار سے   دین مستحکم ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ چاہتا ہے دل سدا پڑھتا رہے   نغمئہ صلے علٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ باغِ جنت میں ٹہلنا گھومنا   چاہتے ہیں ہم سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ دیکھ کر تعریف ہے قرآن میں   دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ ہے گزارش آپ سے کہ خواب میں   آپ کو ہو دیکھنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ جاہ و حشمت جانِ رحمت پر سلام   ہر طرف سے ہے ندا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ کام آجائے گی محشر میں یہ نعت   مجھ کو ہے یہ آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ جاں فضا طیبہ کا منظر دیکھ لُوں   ہے مرے دل کی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ کام آئے دین کی، نعتیں لکھے   ہے مجاہدؔ کی دعا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

آفتاب

نام :- الحاج حافظ آفتاب عالم رضوی

تخلص :- آفتاب

ولدیت :- محترم انور حسین صاحب

تاریخ ومقام پیدائش :- 10/05/1993 - کلکتہ

شاعری کا آغاز :- 2012

شرف تلمذ :- گوہر مرزاپوری (یوپی)

تعلیم :- حافظ قرآن، ایم۔اے (اردو) (MANUU)

پیشہ :- تجارت

آدھی ملاقات کے لئے :- 1/272، رام نگر لین، منگرا تالاب، گارڈن ریچ، مٹیا برج کلکتہ۔ 700024

موبائیل نمبر :- 0091-7980571086

* * *

﴿1﴾ مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
آپ محبوبِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿2﴾ سروَرِ ہر دوسَرا یا مصطفیٰ ﷺ
دوجہاں ہے آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿3﴾ آپ جانِ اصفیا یا مصطفیٰ ﷺ
آپ شانِ انبیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿4﴾ مظہرِ ذاتِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
آپ رب کا آئینہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿5﴾ بھیج دو اپنی عطا یا مصطفیٰ ﷺ
بخش دو جرم و خطا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ دور ہو رنج و بلا یا مصطفٰی   درد کی کردو دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ دیکھ لوں روضہ ہرا یا مصطفٰی   دل تڑپتا ہے مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ دل کو ہو ٹھنڈک عطا یا مصطفٰی   دیکھ لوں جلوہ ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ مضطرب دل کی صدا یا مصطفٰی   ہو کرم بہرِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ تم حبیبِ کبریا یا مصطفٰی   اور محبوب خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ دافعِ جملہ بلا یا مصطفٰی   شافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ذرہ ذرہ آپ کا یامصطفٰی   قطرہ قطرہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ربَّنَا وَابۡعَثۡ خلیل اللہ نے   رب سے مانگی تھی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ رب تعالی نے دعا مقبول کی   آپ کو بھیجا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ جب تشریف لانے دہر میں   وقت خوشیوں کا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ کی آمد سے گونجی دہر میں   لا الہ کی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ خانۂ کعبہ کے بت گرنے لگے   قیصر و کسری ہلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ حضرتِ جبریلؑ نے گاڑا علم   عرش تک پھیلی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کی تعظیم اور توقیر میں   خانئہ کعبہ جھکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ بے سہاروں کا سہارا آگیا   مرحبا یا مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ بے ٹھکانوں کو ٹھکانا مل گیا   مرحبا یا مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ برکتوں کا سلسلہ جاری ہوا   آپ آئیں تو شہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ آئیں تو جہاں روشن ہوا   آپ سے پھیلی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ حضرتِ آدم نے دیکھا خلد میں   نام پیارا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کی تعریف میں اللہ نے   تیس پارے لکھ دیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadari Digitization eGangotri

﴿26﴾ حضرتِ یوسف کو تمرے حسن کا   چند ہی قطرہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ چند ہی قطرے میں یوسف ہوگئے   مصر میں سب سے جدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ آپ کی نسبت پہ مجھ کو ہے یقیں   خلد میرا ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ نور ہے اول تخلیق میں   تجھ سے ہی پھیلی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ انبیاء آتے رہیں آفاق میں   آپ کا رتبہ سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ آپ اپنی خوبیوں میں آپ ہیں   آپ سا نہ دوسرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿32﴾ جان ہے میری تمہارے نام پر
"دل ہوا تم ہر فدا یا مصطفٰی ﷺ"

﴿33﴾ دل بنایا ہے خدا نے اس لئے   دل کروں تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ کے جیسا جہاں میں کون ہے   آپ ہیں تنہا شہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ کے صدقے خدائے پاک نے   دوجہاں پیدا کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ جب خدا ہے خود تمہارے سامنے   اور کیا تم سے چُھپا یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ مرحبا صلی علی کے ورد سے   دل معطر ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آپ جنت بانٹتے ہیں یا نبی   کیجئے مجھ کو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ ہی تو ہیں ہمارے غمزدہ   آپ ہی حاجت روا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ حشر میں ہم آپ کے دامن تلے   چُھپ کے جائیں گے شہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ ہی سے مانگتا ہوں یا نبی   کل جہاں ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ خالقِ کل نے بنایا آپ کو   مالک ہر دوسَرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ جس طرف اٹّھی نگاہیں آپ کی   رحمتوں کا در کھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ رحمتوں سے گھر ہمارا بھر گیا   نام تمرا جب لیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ آپ جس کے ہوگئے اُس کا خدا   آپ راضی تو خدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ چہرۂ انوار کی کرنوں سے ہُوے   دونوں عالم پر ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ کا روئے مبارک دیکھ کر   چاند بھی شرما گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ چودھویں کا چاند ہے گر اک طرف   اک طرف تلوا ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آپ پر اللہ نے اتمام کی   دین کامل ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ نے دیکھا خدا پاک کو   یہ شَرَف ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ روئے انور پر قمر تمثیل ہو   وہ بھی اک ذرہ ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ ہی سے دین کی دولت ملی   آپ ہی سے رب ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ عاصیوں کی لاج تمرے ہاتھ ہے   آپ سے راضی خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ ہاتھ پھیلائے ہوئے ہیں سامنے   بے سرو ساماں گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ سب کو بانٹتے ہیں یا نبی   ہو کرم مجھ پہ شہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ کے پائے مبارک نے کیا   بنجروں کو بھی ہرا یا مصظفیٰ ﷺ
﴿57﴾ ذرہ ذرہ جگمگایا نور سے   ہر طرف پھیلی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ نقش ہوجائے مرے اذہان پر   آپ کا ہر نقشِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ کفر کی شمع بجھائی آپ نے   نور غالب ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ خانۂ کعبہ کی عظمت آپ سے   رکنِ کعبہ کھہ اُٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ خانۂ کعبہ کا کعبہ ہوگیا   سبز گنبد آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ دیکھتے ہی آنکھ روشن ہوگئ   سبز گنبد آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ گنبدِ خضریٰ کا بھی سایہ نہیں   اور نہ سایہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ سبز گنبد کے تلے آرام سے   ذکر ہو لب پر ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ ہے زمیں کی آبرو رکّھے ہوے   سبز گنبد آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ ہی سے سلسلا جاری ہوا   آپ ختم الانبیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ مفلسی ہے پاؤں میں پھندہ کئے   روکتی ہے راستہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ ہر گھڑی نظروں میں تم ہی تم رہو   اور نہ کوئی دوسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ دیکھنے والوں نے دیکھا، کہہ اٹھے   آپ کا جلوہ ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ آپ کے در سے پھرا، پھرتا رہا   چین نہ اس کو ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ سوزشِ عصیاں نے دل جھلسا دیا   دل کرو ٹھنڈا مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ دوجہاں میں اُس کا سر اونچا ہوا   آپ کے در پر جھکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ عمر کٹ جائے وہیں دربار میں   ہے یہی بس التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آپ نے مجرم کو اپنے بخش دی   آپ کی ایسی عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ مانگنے والوں نے پھر مانگا نہیں   آپ نے جس کو دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ بے زباں بھی آپ کی دہلیز پر   کر رہا ہے التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ کیوں نہیں ہم آپ کو آواز دیں   آپ سنتے ہیں صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ اونٹنی آئی وہاں دربار میں   عرض کرنے مدعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ سنتے ہیں ہر ایک مجبور کی   کیجئے حاجت روا یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ اجڑی اجڑی سی ہے دنیا قلب کی   پھول رحمت کا کھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ خوشبوئیں آئی مدینے پاک سے   دل گلستاں ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ کب مرے سرکار آئیں گے یہی   پوچھتا ہے دل مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ میں بھی پیاسا آپ کے دیدار کا   بھیک ہو مجھ کو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ اِک جھلک، دیدار کی حسرت لئے   تک رہا ہوں راستہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ چاند سورج آپ کی دہلیز پر   مانگنے آئے ضیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Hyderabad India
Collection of Peer Sahab Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ چاند، سورج آپ کی باتیں کریں   پیڑ سجدے میں جھکا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ پھول، خوشبو آپ کی باتیں کریں   غنچہ غنچہ ہے آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ آپ کا ثانی نہیں پیدا ہوا   آپ ہیں خیر الوری یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ سر جھکا کر آپ کی دہلیز پر   بادشاہوں نے کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ بخشوائیں گے خدا پاک سے   آپ ہی روزِ جزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ اک پیالہ دودھ ستر کے لئے   آپ نے کافی کِیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ جس نے دیکھا آپ کو وہ آپ کا   اک نظر میں ہو گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ آپ کے دربار سے شاہ و گدا   جو گیا لے کر گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ ہاتھ اٹّھا اور کرم ایسا ہوا   کُھل گیا بابِ سخا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ سات نسلوں تک مہک باقی رہی   عطر تم سے جو مَلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ آج تل دربار سے کوئی بشر   جب گیا لے کر یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ مانگنے والا وہاں دربار سے   جو گیا بھر کر گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ اے خدا امت کو میری بخش دے   آپ نے مانگی دعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ آپ نے ہم کو غلامی میں لیا   ہے کرم یہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ آپ کی امت میں آنے کے لئے   انبیاء نے کی دعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ آپ کو پایا خدا کو پالیا   آپ ہی سے رب ملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ بدر کے میدان میں ویسا ہوا   آپ نے جیسا کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ بو جہل حیران ہو کر رہ گیا   کنکروں نے جب پڑھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ وہ جہنم میں یقیناً جائے گا   آپ سے جو بھی پِھرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ چند ہی قطرے سحابِ نور سے   عاصیوں کو ہو عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

﴿106﴾ کون کرتا ہے عنایت کی نظر اک تمہارے ہی سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ دامنِ رحمت میں ہم کو لیجئے معاف ہو جرم و خطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ کو اللہ نے معراج میں روبرو اپنے کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ بحرِ ظلمت میں سفینہ پھنس گیا پار ہو بہرِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ جس کو چاہیں اُس کو بخش دے آپ کا پیارا خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ چاند، سورج آپ کے صدقے بنے تارہ تارہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ خلد کے اشجار میں مکتوب ہے نام پیارا آپ کا یا مصطفی ﷺ
﴿113﴾ آپ نے ایماں کی بخشی روشنی دل منور ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ چند ہی قطرے ترے دربار سے رحمتوں کے ہوں عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ ہم کہاں جائیں تمہارے در سے اب کون ہے تمرے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ انبیاء و مرسلیں میں آپ کا سب سے اونچا مرتبہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ رحمت للعالمیں اعلیٰ صفت شان ارفع ہے ورا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ مجرموں کے حشر میں حامی ہو تم تم شفیع روز جزا کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ ربِ کعبہ نے بلند اوصاف کو آپ میں تنہا کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ یاد آتی فکر میں جب آپ کی دل مدینہ ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ غیب کی کنجی خدائے پاک نے آپ کو کردی عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ دل نکل جاتا ہے جیسے جسم سے جب ہُوا طیبہ جدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ باآدب جاؤں ترے دربار میں حکم ہے قرآن کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ یا رسول اللہِ انظر حالنا بھیک ہو داتا عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ہے پریشاں آفتابؔ ناتواں بھیج دو اپنی صبا یا مصطفٰی ﷺ

افروزؔ

نام۔ سید معین الدین　　قلمی نام۔ معین افروزؔ
تخلص۔ افروزؔ　　ولدیت۔ حکیم سید حبیب الدین صاحب
تاریخ ومقام پیدائش۔ 1988-03-07 حیدرآباد کن
شرف تلمذ۔ حضرت محترم آفتابِ سخن سردار سلیم صاحب
تعلیم۔ M.D (E-H) M.A. URDU. M.A HISTORY JMC

تصانیف۔

(۱) حقیقت اور افسانہ (ناول) 2007ء　　(۲) دل ہے ورق ورق (شعری مجموعہ) 2016ء
(۳) حق گوئی و بے باکی (نثری مضامین) 2017ء　　(۴) دل پہ ورق ورق (شعری مجموعہ) دوسرا ایڈیشن 2017ء
(۵) یادوں کے رتجگے (شعری مجموعہ) 2018ء　　(٦) تنکا تنکا خوابوں کا (شعری مجموعہ) 2019ء

اعزازات وانعامات۔

(۱) گرونانک ایوارڈ (2019) گرونانک آرگنائزیشن (پنجاب)
(۲) جیول آف تلنگانہ ایوراڈ (2018) ڈپارٹمنٹ آف لینگویج اینڈ کلچرل گورنمنٹ آف تلنگانہ۔
(۳) مسیح الملک ایوارڈ (2018) آل انڈیا طبی کانگریس (مغربی بنگال)
(۴) فخر دکن ایوارڈ (2018) ادبی وثقافتی تنظیم ارض دکن

آدھی ملاقات کے لئے۔
Mobile No: 0091-9182459182, 9703813944

* * *

(1) ذرے ذرے کی نوا یا مصطفی ﷺ
پتے پتے پر لکھا یا مصطفی ﷺ

(2) تاج بن جائے میرے سر کا کبھی
آپ کی نعلین پا یا مصطفی ﷺ

(3) ٹل گئی مشکل ہر اک سر سے مرے
دل نے جب بھی دی صدا یا مصطفی ﷺ

(4) رحمة العالمیں جب بھی کہا
غیب سے آئی ندا یا مصطفی ﷺ

(5) منبر و محراب آئے وجد میں
آج پھر کس نے کہا یا مصطفی ﷺ

Collection Peer Sahib Qadari Digitized

﴿6﴾ مسندِ شاہی سے اعلی ہے بہت
آپ کا اک بوریا یا مصطفی ﷺ

﴿7﴾ لاج رکھ لیں آپ ہی آقا مری
ہوں بظاہر پارسا یا مصطفی ﷺ

﴿8﴾ حسرتِ دیدارِ طیبہ میں فقیر
ہند میں ہی مر گیا یا مصطفی ﷺ

﴿9﴾ آپ کی نعلین کا سایہ ملے
وقت نے جھلسا دیا یا مصطفی ﷺ

﴿10﴾ ہو گیا دل پارہ پارہ درد سے
دیجئے اب آسرا یا مصطفی ﷺ

﴿11﴾ آپ کی پشتِ مبارک پر حُسینؓ
آئینے پر آئینہ یا مصطفی ﷺ

﴿12﴾ آپ پر قربان میرا گھر کا گھر
یا علیؓ یا فاطمہؓ یا مصطفی ﷺ

﴿13﴾ آپ کی ذاتِ کریمی کے طفیل
مل گیا حق کا پتہ یا مصطفی ﷺ

﴿14﴾ عشق سے پھر آج میری آنکھ میں
دید کا سرمہ لگا یا مصطفی ﷺ

﴿15﴾ آپ کے عشاق کو ملتا ہے بس
مَنۡ رَاٰنی کا پتہ یا مصطفی ﷺ

﴿16﴾ لا کو پہنچا اور الا اللہ ملا
کیا نفی، اثبات کیا یا مصطفی ﷺ

﴿17﴾ ہے نظر تیری ہی مازاغ البصر
آپ کی شانِ ادا یا مصطفی ﷺ

﴿18﴾ یا محمد مصطفٰی صلی اللہ
جب پڑھا آئی ندا یا مصطفی ﷺ

﴿19﴾ طالبانِ دیدِ احمد کا ہجوم
اور جلوہ آپ کا یا مصطفی ﷺ

﴿20﴾ سُن کے سجدہ ریز ہے لا ترفعوا
سارا عالم تھم گیا یا مصطفی ﷺ

﴿21﴾ کرلیا عہدِ صراط المستقیم
پا گیا راہِ ہُدیٰ یا مصطفی ﷺ

﴿22﴾ لا الہ ذات الا اللہ صفت
اور دونوں کی ردا یا مصطفی ﷺ

﴿23﴾ دل الم نشرح سے پھر گونجا کرے
ہو صدا بانگِ درا یا مصطفی ﷺ

﴿24﴾ اب بھی سنتاہوں میں حکمِ کُن فکاں
اب بھی آتی ہے صدا یا مصطفی ﷺ

﴿25﴾ وقتِ رخصت آخری خواہش ہے بس
سر مرا در آپ کا یا مصطفی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammed Hyderabad Digitization eGangotri

(26) قل ھو اللہ احد ہے ابتداء   انتہا صلی اللہ یا مصطفی ﷺ
(27) وجد کیا ہے اس قلم سے پوچھئے   لوح پر جس نے لکھا یا مصطفی ﷺ
(28) عبد و رب کے درمیاں پردہ ہیں آپ   حق کہوں یا حق نما یا مصطفی ﷺ
(29) جب انا من نور کا عقدہ کھلا   کھل گیا سینہ مرا یا مصطفی ﷺ
(30) جب پڑھا ہے میں نے کلمہ آپ کا   دل ہوا سَو لاکھ کا یا مصطفی ﷺ
(31) لم یلد کی روشنی میں دیکھئے   وحدہٗ کا ہے پتہ یا مصطفی ﷺ
(32) نور کی کرنوں سے ہو روشن نظر   مظہر نورِ خدا یا مصطفی ﷺ
(33) کُنتُ کنزًا مخفیًا کا راز بھی   احمدی پردے میں تھا یا مصطفی ﷺ
(34) آپ سے میں آپ ہی کو مانگ لوں   آپ ہیں راہِ ہدی یا مصطفی ﷺ
(35) جب الم نشرح پڑھا قرآن میں   کہہ اٹھا بے ساختہ یا مصطفی ﷺ
(36) کشتگانِ خنجرِ تسلیم پر   میں بھی ہو جاؤں فدا یا مصطفی ﷺ
(37) آپ کی مدحت کو دل بے چین تھا   انا اعطینا پڑھا یا مصطفی ﷺ
(38) وقتِ آخر نام لے کر آپ کا   سر جھکایا مر گیا یا مصطفی ﷺ
(39) میم کی تشدید ہے پردہ مہین   لا الہ کی ردا یا مصطفی ﷺ
(40) گنجِ مخفی اب کہاں مخفی رہا   ہے ظہورِ مصطفٰی یا مصطفی ﷺ
(41) بس گئی سانسوں میں خوشبوئے رسول   ہو گیا دل باغ سا یا مصطفی ﷺ
(42) آپ کی گلیوں کا کچرا چوم کر   ہند لے کر آگیا یا مصطفی ﷺ
(43) میری جھولی میں بھی صدقہ ڈال دو   عشق کی خیرات کا یا مصطفی ﷺ
(44) آیتِ وَیْلٌ لِّکُلِّ جب پڑھا   خوب رویا گڑگڑا، یا مصطفی ﷺ
(45) چورا چورا کرنے والی آگ کا   خوف دل میں بس گیا یا مصطفی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahab Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ اُم معبد کا مقدر مرحبا   دودھ سے گھر بھر گیا یا مصطفی ﷺ
﴿47﴾ دل میرا دارالخلافه بن گیا   نور سے جو بھر گیا یا مصطفی ﷺ
﴿48﴾ نورکا فانوس بھی ہے نور کا   آپ کی کالی کملیه مصطفی ﷺ
﴿49﴾ ہے یہی محراب و مبر کی صدا   یامحمدﷺمصطفٰی یامصطفی ﷺ
﴿50﴾ منجمد تھا کل جہاں وقتِ سفر   وقت دیتا تھا صدا یا مصطفی ﷺ
﴿51﴾ جب ورفعنا لك ذكرلك پڑھا   علم کا اک در کھلا یا مصطفی ﷺ
﴿52﴾ حال روشن آپ ہی پر ہے تمام   عالمِ ارواح کا یا مصطفی ﷺ
﴿53﴾ پائے اقدس پر ہو اک سجدہ طویل   اور کیا چاہے گدا یا مصطفی ﷺ
﴿54﴾ نائبِ ربِ جمیل ابن خلیل   تم ہو شاہ انبیا یا مصطفی ﷺ
﴿55﴾ ہے بہت کچھ، ہم غریبوں کے لئے   اک تمہارا آسرا یا مصطفی ﷺ
﴿56﴾ پھیر دے ڈوبے ہوئے سورج کو بھی   دستِ قدرت آپ کا یا مصطفی ﷺ
﴿57﴾ دل کی دنیا نور سے معمور ہے   جب سے دل پر لکھ لیا یا مصطفی ﷺ
﴿58﴾ خوف کیوں کھائے دلِ بیمار پھر   آپ کا خانه شفا یا مصطفی ﷺ
﴿59﴾ حضرتِ موسیٰ کے رہبر ہیں خضر   تم خضر کے رہنما یا مصطفی ﷺ
﴿60﴾ واقف گنجِ خفی بھی آپ ہیں   آپ ہی سرِّ انا یا مصطفی ﷺ
﴿61﴾ سات رنگوں کا ہے دل قوسِ قزح   اس میں ہے رنگ آپ کا یا مصطفی ﷺ
﴿62﴾ میری اک اک سانس نغمه آپ کا   گاؤں بس صلِّ علی یا مصطفی ﷺ
﴿63﴾ راز مجھ پر احسنِ تقویم کا   نحن اقرب سے کھلا یا مصطفی ﷺ
﴿64﴾ آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے نماز   میری ٹھنڈک مصطفٰی یا مصطفی ﷺ
﴿65﴾ آپ ہی ہیں انتہائے کائنات   آپ ہی ہیں ابتدا یا مصطفی ﷺ

﴿66﴾ سارے عالم ہو گئے سر بہ سجود
ہے سبھی کے دلربا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿67﴾ پوچھنا ہے مجھ کو یہ جبریل سے
کیوں نہیں کہہ کر بڑھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿68﴾ کیا مقدر پا لیا براق نے
پشت پر ہیں مصطفٰی یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿69﴾ آپ ہی پردہ انا بشرٌ کا ہیں
آپ ہی نورِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿70﴾ جل رہا تھا زندگی کی دھوپ میں
آپ نے سایہ کیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿71﴾ مل گیا ہے لا کے گھیرے میں مجھے
گر‘ نفی اثبات کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿72﴾ بو حنیفہ نے انس سے پا لیا
ہُن لعابِ دہن کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿73﴾ کہکشاں بھی دھول ہے نعلین کی
کیا کہوں رتبہ عُلٰی‘ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿74﴾ دین ہو ایمان ہو یا جان ہو
جو ملا تم سے ملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿75﴾ آئینہ ہو جائیں ہم اجداد کا
سلسلہ در سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿76﴾ آپ کی جلوہ گری تھی یا کہ پھر
اک مہکتا خواب تھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿77﴾ میرے گھر سے آپ کے دربار کا
کب مٹے گا فاصلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿78﴾ آنسوؤں نے درد کی روداد کو
کہہ دیا ہے برملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿79﴾ کون کر سکتا ہے کائنات میں
آپ کی حمد و ثنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿80﴾ نام لب پر آپ کا جگمگ کرے
سامنے ہو جب قضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿81﴾ نامۂ اعمال جب کھلنے لگے
رحمتوں کی ہو ردا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿82﴾ ہے شہنشاہوں سے بھی اعلی بہت
آپ کے در کا گدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿83﴾ بانصیبوں کو ہی ہوتی ہے نصیب
آپ کی رحمت کی چھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿84﴾ ایک سجدہ بندگی کا یوں بھی‘ ہو
سامنے ہو رخ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿85﴾ ہیں منور آپ سے دونوں جہاں
ابتدا تا انتہا‘ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahab Hyderabad Digitization eGangotri

﴾86﴿ روح تازہ ہوگئی اور آنکھ نم   جب سنا جب جب سنا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾87﴿ آپ ہی نے مجھ کو اپنایا ہے بس   مجھ کو سب نے آزما' یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾88﴿ ہو زباں پر یہ وظیفہ عمر بھر   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾89﴿ آپ کے تلوں کو چومے رات دن   روشنی کی مہ لقا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾90﴿ ہے میری آنکھوں کی ٹھنڈک سبز رنگ   چین کالی کملیہ یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾91﴿ سارے عالم کو منور کر دیا   آپ کا گنبد ہرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾92﴿ جب تمہارے عشق میں آنسو بہیں   قطرہ قطرہ ہو ہرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾93﴿ دونوں عالم میں میسر ہو مجھے   کالی کملی کی ہوا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾94﴿ یہ وظیفہ چَین دیتا ہے مجھے   یا علی مشکل کشا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾95﴿ اک نظر کا بس اشارہ چاہئے   تاجدارِ انبیا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾96﴿ کب تلک بھٹکوں جہاں میں دربدر   پیشوائے پیشوا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾97﴿ اک اشارہ چاہئے اس قلب کو   درد و غم سہتا رہا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾98﴿ کائناتِ کل کا محور آپ ہو   آپ ہی حاجت روا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾99﴿ آپ کی نعلین ہے نیت میری   آپ ہی قبلہ مرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾100﴿ ہند سے طیبہ کا ائے محبوب رب   ہے ذرا سا فاصلہ یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾101﴿ زہرِ دنیا بھر گیا نس نس میں پھر   دید ہے بس اک دوا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾102﴿ پارہ پارہ ہوگئے کفار سب   چاند جب ٹکڑے ہوا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾103﴿ قلبِ آدم قلبِ ابرہیم میں   آپ ہی کا نور تھا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾104﴿ تھام کر جالی کو میں کل خواب میں   دیر تک ٹھہرا رہا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾105﴿ یہ دلِ تاریک بھی بن جائے اب   دوسرا غارِ حرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ لوٹ آیا لوٹ آنے کے لئے پھرنہ لوٹوں آئندہ یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿107﴾ ذرہ ذرہ روشنی ہے نور ہے آپ کے دربار کا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿108﴾ آگیا دربار تک یہ بے ادب تھرتھراتا کانپتا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿109﴾ آپ کے جلوں کا صدقہ ہے تمام خوشبوئیں، بادل، ہوا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿110﴾ مشکلوں سے مَیں کبھی ڈرتا نہیں آپ ہیں مشکل کشا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿11﴾ رات بھر کل خواب میں یہ سر مرا آپ کی چوکھٹ پہ تھا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿112﴾ سانس میری ہے مصلّیٰ آپ کا دل میرا غارِ حرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿113﴾ پڑھ رہا ہے نعت وہ طوفان میں ٹمٹماتا اک دیا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿114﴾ حق سے باطل کو جو یک سرپاٹ دے ہو عطا ایسا عصا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿115﴾ آپ ہی کی دُھن میں بس کھویا رہوں مبتلا در مبتلا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿116﴾ دید کا ہر دم نشہ طاری رہے ہوش آئے نہ ذرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿117﴾ بھولنے کی فصل جلنی تھی جلی یاد کا موسم ہرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿118﴾ ذاتِ اقدس، حشر کا دن اور میں کس طرح ہو سامنا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿119﴾ ہیں علیؓ عثمانؓ وصدیقؓ وعمرؓ آسروں کا آسرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿120﴾ آپ کی جلوہ نمائی مرحبا مرحبا صد مرحبا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿121﴾ دوئی کی بو بھی نہ ہوا ایمان میں میں نہ دیکھوں دُوسرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿122﴾ آل ہونے کا شرف بخشا مجھے ہے کرم کی انتہا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿123﴾ دیکھ کر حسنِ حبیب پاک کو ہوگئے یوسفؑ فدا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿124﴾ کس طرح نقشہ اتارے گا معینؔ والضحیٰ واللیل کا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿125﴾ ہے خموشی مدعا افروز کا اے حبیبِ کبریا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri Collection Peer Sahib Hyderabad, India

اکرمؔ

نام:-سید لیاقت اکرم   تخلص:- اکرمؔ

ولدیت:-   سید عبدالرحیم

سنہ ومقام پیدائش :-15-06-1981 حیدرآباد

شاعری کا آغاز :- 2019ء

شرف تلمذ :-ڈاکٹر الحاج حضرت سید شاہ عبدالمہیمن قادری لااُبالی الجیلانی

تعلیم:- اردو عالم، SSC کامیاب

مصروفیت:-مشاعروں اور دیگر محافل میں شرکت   پیشہ:-تاجر

آدھی ملاقات کے لئے :-

13-4-488, Mustaid Pura, Karwan Road,
Hyderabad - 500006 Telangana State, India
Mobile No : 0091-7095112433

* * *

﴿1﴾ دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
روز کرتا ہوں ثنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کے دل کا سکوں یا سیّدی
فاطمہؓ بی صاحبہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہیں خیر الوریٰ یا مصطفٰی ﷺ
آپ ہی ہیں با صفا یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ گشت کرتا ہے ہر اک پل ہی مرے
ذہن میں آموختہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ قادرِ مطلق کا پیارے سیّدی
تم نے بتلایا پتا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad India
Collection Peer Salim Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ ذہن کھلتا ہی نہیں ہے اب مرا   کھول دیجے گا گرہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ خوف دوزخ کا رُلائے ہر گھڑی   بند ہو یہ غم کدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ پھر فراست مومنوں کو دیجئے   ہے وارثت گم شدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ آپ سے وابستہ ہو کر خوش ہیں سب   کون ہے آفت زدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ جس میں شامل ہے دُرودِ پاک بھی   رنگ لائے گی دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ جب وسیلہ آپ کا میں نے دیا   ہوگئی پوری دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ وقت کا سلطان ہوتا ہو تو ہو   آپ مت ہونا خفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ لے کے آیا ہوں یہ تحفہ دیکھیئے   نعتیہ اشعار کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ جب تصور کرلیا طیبہ کا میں   غم ہوا دل سے جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ اک نظر ہو اک نظر ہو اک نظر   آگیا آفت زدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ آپ کے دربار کا ادنیٰ گدا   وقت کا ہر سورما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ چوٹ سہہ کر بھی دعا دیتے رہے   اہل طائف کو دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ رشک کرتا ہے وہ کنکر آج بھی   آگیا جو زیرِ پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ جیتے جی ہی مرگیا ہے ' لائے جو   دین میں نکتہ نیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ آپ ہی سے ہے امیدیں یا نبی   شافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آپ کا دیدار ہی درکار ہے   آئے گی جب بھی قضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ باطلوں کی کوشش سب رائیگاں   نقش ہے ہر زیر پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ نام لیوا ہر گھڑی ہر ایک پل   شان سے ہر اک جیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ آپ سے نسبت کی ڈوری مل گئی   آپ شاہا میں گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ چھو لیا ہے آپ نے جس پیڑ کو
ہے پھلوں سے وہ لدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

«26» بو لہب کی عقل پر پتھر پڑے   تھا بہت ہی وہ بُرا یا مصطفٰی ﷺ
«27» جو مخالف آپ کا اُبھرا کبھی   سب کی نظروں سے گِرا یا مصطفٰی ﷺ
«28» آپ کے رستے سے ہٹ کر جو چلا   جیتے جی ہی وہ مر گیا یا مصطفٰی ﷺ
«29» دوریوں کا ذکر کرنا ہے فضول   دل میں روضہ ہے بسا یا مصطفٰی ﷺ
«30» میں بھی آؤں گا مدینہ ایک دن   آپ کی ہو جو رضا یا مصطفٰی ﷺ
«31» بدر کی جب جنگ کا قصّہ سُنا   دل وہیں پر رو پڑا یا مصطفٰی ﷺ
«32» ہے مدینہ نور سے پُر نور سا   دل کو بھاتی ہے فضا یا مصطفٰی ﷺ
«33» زندگی مشکل ہوئی جاتی ہے اب   فضلِ حق اب ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
«34» میں مدینہ جاؤں ہے اتنی دعا   روتے روتے کی دعا یا مصطفٰی ﷺ
«35» میں ہوں ادنیٰ سا گدا پیارے نبی   آپ کے دربار کا یا مصطفٰی ﷺ
«36» خواب میں ہی دیکھ لوں میں ایک بار   نور والی وہ ردا یا مصطفٰی ﷺ
«37» کونے کونے میں دہر کے آج بھی   تذکرہ ہے جا بجا یا مصطفٰی ﷺ
«38» جب مدینہ آیا تو خوشیاں سبھی   سب ہی میں نے پا لیا یا مصطفٰی ﷺ
«39» آج تک دنیا میں اک بس آپ کا   نام لے کر ہی جیا یا مصطفٰی ﷺ
«40» فتنہ پرور سازشیں رچنے لگے   ایک محشر ہے بپا یا مصطفٰی ﷺ
«41» آپ کے رستے سے ہٹ کر جو چلے   قد ہمارا گھٹ گیا یا مصطفٰی ﷺ
«42» دل کی دھڑکن کی ہر اک آواز میں   آپ ہی ہیں با خدا یا مصطفٰی ﷺ
«43» میرا گھر ہے نام لیوا آپ کا   دم بہ دم ہے تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
«44» اب مدینہ حاضری بخشو مجھے   ہوچکی اب انتہا یا مصطفٰی ﷺ
«45» نعتیہ اشعار میں نے لکھ دینے   آپ سے ہے رابطہ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudarabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کا ثانی کہاں مل پائے گا   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ آپ کا ہمسر نہیں ہے دوسرا   آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ جُز خدا کے نور کے اور آپ کے   ہو رہے گا سب فنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ مرحبا یا مرحبا یا مرحبا   آپ کا کیا پوچھنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ یاد آتا ہے ہمیشہ ہی مجھے   اونٹنی کا واقعہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ بڑھتے بڑھتے بڑھ گیا ہے اس قدر   دشمنوں کا حوصلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ سب صحابہ آپ کے پیارے نبی   نور کا ہیں سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ رہ گیا کیا اور دنیا میں بھلا   رب ہُوا جب آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ میں وطن میں ہُوں مگر کہ دل مرا   شہر طیبہ میں رہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ مصطفیٰ یا مصطفیٰ صد مرحبا   دل سے نکلی یہ صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ چاند تارے آسماں کی روشنی   آپ ہی کی ہے ضیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ عمرہ کا موقع ملا مجھ کو تبھی   میں نے زم زم پی لیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ منتظر تھا عرش پر معراج میں   آپ کا رب العلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ ہے پریشاں آپ کا ہر اُمّتی   ٹال دیجے یہ بلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ اب یہی ہے مشغلہ بس رات دن   آپ ہی کو سوچنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ میرے غم کا ہو مداویٔ اک ذرا   مجتبیٰ یا مجتبیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ خوش ہے کتنا اِس سفر سے دیکھنے   حج کا ہر اک قافلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ تازگی چھانے لگی ہے روح پر   کیا سہانی ہے صبا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آگیا طیبہ تو مجھ کو یوں لگا   روح نے پائی غذا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ لاج رکھ لو لاج رکھ لو یا نبی   آگیا، ہوں بے نوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ اُٹھ کے در سے جاؤں گا اب میں کہاں   در پہ رہنے دو پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ آخری ہو تم نبی یا سیّدی   ہے یہ قرآں میں لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ شہرِ طیبہ کی ہے خوبی دیکھئے   خاک ہے اک کیمیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ کام ایسا کرسکوں ہر بار میں   آپ کی ہو بس رضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ کچھ مداوئ کیجئے میرے حضور   دل غموں سے ہے بھرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ شہرِ طیبہ کا نظارہ یا نبی   دل میں میرے بس گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ مشکلوں سے کب بھلا ڈرتا ہوں میں   آپ ہیں مشکل کُشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ نام لے کر آپ کا جو کھالیا   کام کرتی ہے دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آپ کی حکمت نے بخشی ہے جِلا   دیں نے پائی ہے بقا یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ جو بھی طیبہ جائے کہتا ہے یہی   پیاری پیاری ہے ہَوَا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ ہر دعا میں آپ ہی ہیں آپ ہی   آپ ہی ہیں مدّعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ سب کے سب پیرو تمہارے یا نبی   تم ہو میرِ قافلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ کے روضے پہ آکر ہو گیا   برکتوں سے رابطہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ آئے آگیا ہے بالیقیں   رحمتوں کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ رب کو بھاتی رب کو بھاتی آپ کی   ہر ادا ہے ہرا ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آپ ہی ہیں آپ ہی ہیں آپ ہی   میرے دل کا آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ ہو عنایت اور شفَقّت کی نظر   آپ ہی کا ہوں گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ آپ پر اُترا ہے قرآں یا نبی   مرحبا صلِّ علٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ کی امت پہ ہے ایسا کرم   ہے خطا پر بھی عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ جو پڑھے قرآن بولے بس یہی   آپ حصّہ نور کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ آپ کے لائے ہوئے قرآن سے　سب نے پائی ہے ضیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ سب کا سب منظور، رب نے کرلیا　آپ نے جو کچھ کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ آپ کی نسبت کا مجھ کو ہے بھرم　اور کیا ہے مدّعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ دھوپ غم کی کیا بگاڑے گی مرا　آپ کا ہے آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ ہم گنہ گاروں کی بخشش کے لئے　آپ ہیں رب کی عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ امداد ہو امداد ہو یا سیِّدی　سروری کا واسطہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ میرے آقا نے جو فرمایا وہ سب　بات ہر اک تھی بجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ آپ کی ہو جو رضا یا سیِّدی　رب نے خود ہی وہ کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ آپ ہی کا راستہ ہے یا نبی　حق رسی کا راستہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ رب سے اُمت کے لئے مانگی دعا　فیض ہے یہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ آل کے قدموں پہ قرباں جان ہے　ہوں غلامِ مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ رب سے بالکل روبرو ہو آئے ہیں　ہے شرف بس آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ نور کی تقسیم جاری ہے ابھی　سلسلہ در سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ بو لہب کا تھا مقدر ہی بُرا　وہ بہت مغررو تھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ حج کو جاکر دیکھ آیا تھا جو مَیں　یاد ہے غارِ حِرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ تھام کر جائے گا جنت اُمّتی　مل گیا ہے وہ سِرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ آپ اول آپ آخر یا نبی　نتہا اور ابتدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ دین لا کر دیدیئے سنسار کو　روشنی کا سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ غم زدوں کی ہر گھڑی امداد ہی　آپ کا شیوہ رہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ آپ کے رستے پہ جو بھی چل پڑا　وہ کرے کیوں کر خطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہوگئے حیران سارے دیدہ ور   چاند جب ٹکڑے ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿107﴾ آپ ہی محبوب رب محبوب خلق   با خدا ہے با خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿108﴾ پھر نہ کوئی پاسکا وہ مرتبہ   آپ کو رتبہ ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿109﴾ بادشاہ ہو یا گدا ہو، کوئی ہو   در پہ آکر جھک گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿110﴾ آپ رب کے ہو چہیتے یا نبی   آپ کا رب العلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿111﴾ دین، دنیا کو ملا تو آپ کی   مہربانی سے ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿112﴾ تھا نہ ہوگا دو جہاں میں یا نبی   ہے نہ کوئی آپ سا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿113﴾ رب کی مرضی کے مطابق ہی ہوا   آپ کا ہر معجزہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿114﴾ میں دُرودِ پاک پڑھتا ہی رہوں   آپ پر صبح و مسا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿115﴾ آپ کی سنت کو جس نے پالیا   پائے گا رب کا پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿116﴾ پھر رہے تھے در بہ در جو یا نبی   بے گھروں کو گھر ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿117﴾ آپ کی دیتا دہائی ہر گھڑی   دل ہمارا غم زدہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿118﴾ آپ کا گنبد ہرا یا سیّدی   دل کی دنیا میں بسا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿119﴾ پیارا پیارا وہ نظارہ یا نبی   دل میں آکر بس گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿120﴾ دیکھتے ہی سبز گنبد کو، مرا   دل تمہارا ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿121﴾ اپنی کملی میں چھپالو حشر میں   اور آساں قبر کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿122﴾ آپ کا طیبہ نگر یا سیّدی   پھر دوبارہ دیکھنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿123﴾ یہ تمنا دل میں لے کر آگیا   دیدو قدموں میں جگہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿124﴾ جو رضا ہے آپ کی پیارے نبی   ہے خدا کی وہ رضا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿125﴾ آگیا اکرمؔ مدینہ دیکھنے   یہ بھی پائے گا شفا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

امیرؔ

نام۔ محمد نورالدین قلمی نام۔ نورالدین امیرؔ
تخلص۔ امیرؔ ولدیت۔ محمد جمال الدین حسن مرحوم
سنہ ومقام پیدائش۔ حیدرآباد دکن
شرف تلمذ۔ آفتابِ سخن محترم جناب سردار سلیم صاحب
تعلیم۔ ایس۔ ایس۔ سی

مصروفیت۔ بحیثیت پیشہ خط نستعلیق اور خط نسخ، خط دیوانی خفی وجلی اور خط ثلث میں مہارت رکھتے ہیں۔ خطاطی کی دنیا میں آپ کو سلیم خوش نویس کے نام سے شہرت حاصل ہے۔ شعروشاعری سے بھی لگاؤ ہے۔

آدھی ملاقات کے لئے

H. No. 18-8-219/19, Near Mahboobia Masjid,
Riyasat Nagar, Hyderabad - 500059 T.S.
Mobile No: 0091-9347252885

* * *

﴿1﴾ یہ کرم مجھ پر ہوا یا مصطفٰی ﷺ
آپ کا دامن مِلا یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں رب کی رضا یا مصطفٰی ﷺ
اس کا ہے سب کو پتہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ قلب ایماں پر چَھپا ہے آپ کا
نور والا نقشِ پا یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ اقتدا میں آپ کی اقصیٰ گواہ
ہیں مصلّیِ انبیاء یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ تم خدا بالکل نہیں یہ بھی ہے سچ
کب خُدا تم سے جُدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ میرے دل میں آپ کی آمد ہوئی   دل بَنا غارِ حِرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ناتواں بیمارِ ایماں کے لئے   ہو عطا خاکِ شِفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ کی سیرت میں صورت میں حضور   حق کی ہے اک اک ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ رحمتوں کی ہم پہ بارش ہو حضور   رحمتوں کی ہیں گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ محفلِ مدح نبی کی شان میں   ہے سنہرا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ ہر عمل ایمان کا کہتا ہے یہ   آپ کے گھر میں پَلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ اک نظر بخشش کی کیجے، آپ کو   واسطہ حَسنینؓ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ یہ قَرن سے کہہ چُکے حضرت اویسؓ
دل ہوا تم پر فِدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ روح سے سانسیں مری کہنے لگی   پڑھ رہا ہے دل ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ حشر میں یہ التجا کر لیں گے ہم   جامِ کوثر ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ گردشیں کرنے لگیں خود ہی طواف   ذکر جب دل نے کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ نعتِ احمد کے سبھی الفاظ کا   وجد جیسا ہے مزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ رب اُسی بندے کا بے شک ہو گیا   دل سے جس نے کہ دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ حشر کے میدان میں چاروں طرف   ہو گی ہر دل کی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ یاد مولا کی دِلا کر بن گئے   حادثے بھی رہنما یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ ہی کلمہ پڑھا دیجے حضور   کُفر کی ہے یہ سزا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آسمانوں سے بھی اونچا ہو گیا   مدح میں دل جو جُھکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کی مدحت کا یا نورِ خُدا   کس طرح حق ہو ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے حضور   نورِ عین فاطمہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ سب ملک اسریٰ کی شب کہنے لگے   مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheman Hyderabad India
Collection of Mr Sahil Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ پڑھ کے قرآن دل مرا پڑھنے لگا   المدد یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿27﴾ آپ کی تعلیم وحدت کے سبب   دین زندہ ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿28﴾ آپ کی ہجرت کے غم میں یا نبی   کعبہ ہے اب تک کھڑا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿29﴾ حَرفِ ایماں بن کے روشن ہوگیا   آپ نے جو بھی کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿30﴾ آپ کی ایمانی قوت دیکھ کر   کُفر مُردہ ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿31﴾ جُز خدا کے کوئی بھی سمجھا نہیں   آپ ہیں وہ فلسفہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿32﴾ آپ کی سیرت کے چرچوں کے طفیل   خُلد اپنا ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿33﴾ آپ سُن لیتے ہیں لمحوں میں حضور   بے کسوں کا مدّعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿34﴾ التجا ہے یہ عفو فرمائیے   گر ہوئی ہم سے خطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿35﴾ فضل رب کے فیض سے احسان سے   آپ کا میں ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿36﴾ آپ کی مدحت سے میرے قلب کو   چین ہوتا ہے عطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿37﴾ فرض سنت نفل میں بالکل عیاں   تذکرہ ہے آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿38﴾ حشر تک ملتا نہ تھا رب کا پتہ   آپ ہیں رب کا پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿39﴾ آپ کے اذکار کا کیسے کہوں   ہے الگ ہی ذائقہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿40﴾ آپ کے اُسوے پہ جو چلتا رہا   رب کی قربت پا گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿41﴾ اہل جنت سے بھرا ہے حد بھرا   گھر کا گھر ہے آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿42﴾ معجزے سب با ادب کہنے لگے   آپ خود ہیں معجزہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿43﴾ خُلد کے گلشن میں داخل ہوگیا   آپ پر جو بھی مٹا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿44﴾ گردشِ ایام‘ پانے کو سکوں   تو بھی کر لے تذکرہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿45﴾ آپ کے قدموں میں مرجاؤں گا   جب بھی ہوگا سامنا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«46» حادثے خدمت میں آئے با ادب
وِرد جب میں نے کیا یا مصطفٰی ﷺ

«47» آپ کیا مجھ کو ملے میرے حضور
مِل گیا ہر آسرا یا مصطفٰی ﷺ

«48» ہیں جو بوجہلی صفت کے اُن پہ ہی
خوف کا ہے دبدبہ یا مصطفٰی ﷺ

«49» ہے ثناء صدیوں سے جاری پھر بھی اب
لگ رہی ہے ابتداء یا مصطفٰی ﷺ

«50» آپ کے ہر ہر دُرودِ پاک سے
شاد ہے میرا خدا یا مصطفٰی ﷺ

«51» وجد میں آیا قلم قرطاس پر
نام جب میں نے لکھا یا مصطفٰی ﷺ

«52» قبر میں مجھ کو نکیرو حکم دو
پڑھ غلامِ مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ

«53» مُسکرا کر چاند بھی کہنے لگا
آپ ہیں بدر الدُجیٰ یا مصطفٰی ﷺ

«54» گرمئ محشر سے ہم کو ہے یقیں
آپ ہی لیں گے بچا یا مصطفٰی ﷺ

«55» ذکرِ احمد کرنے والا اُمتی
ہوگیا رب میں فنا یا مصطفٰی ﷺ

«56» شمس کی اک رائے بھی ہوگی یہی
آپ ہی شمس الضحٰی یا مصطفٰی ﷺ

«57» آپ کے در سے بہت پاتا رہا
مانگنے والا گدا یا مصطفٰی ﷺ

«58» حشر میں سب اُمتی فرمائیں گے
آپ ہیں حاجت روا یا مصطفٰی ﷺ

«59» رب مِلا اُسوہ مِلا جنّت مِلی
آپ سے سب کچھ مِلا یا مصطفٰی ﷺ

«60» اک نظر اِس سمت بھی فرمائیے
راہِ دکّن میں کھڑا یا مصطفٰی ﷺ

«61» باغِ قدرت کے ہیں گُل سب انبیاء
انبیاء کی انتہا یا مصطفٰی ﷺ

«62» حشر میں پوچھا تو رب کہہ دوں گا میں
آپ کی دُھن میں جیا یا مصطفٰی ﷺ

«63» وہ رضی اللّٰہ عنہٗ ہوگیا
آپ کا جو بھی ہوا یا مصطفٰی ﷺ

«64» یہ زمیں سایہ نہ پاکر کہہ اُٹھی
نور کی ہے انتہا یا مصطفٰی ﷺ

«65» ہم گنہ گاروں کا اے پیارے حبیب
آپ نے ذمہ لیا یا مصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Quadri India

﴿66﴾ ہر طرح سے آپ کے عُشاق پر
ہے پریشانی فِدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ آپ کے قدموں میں رکھ لیجے حضور
میں گدا ہوں آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿68﴾ عاشقِ نُورِ خدا کہتے ہیں یہ
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مصطفٰی ﷺ

﴿69﴾ ذکرِ طیبہ چھیڑتے ہی خود بہ خود
دل دھڑکنے لگ گیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿70﴾ ذہن و دل کچھ مشوروں میں رہ گیا
ہوگیا میں آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿71﴾ ہر گھڑی یہ دل میرا کہنے لگا
آپ ہی نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿72﴾ آپ کے ہی شہر میں بس جاؤں میں
یہ اِرادہ ہے مرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿73﴾ ہر شکستہ دل کی یہ فریاد ہے
اب کرم کردو ذرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿74﴾ نعت گوئی اِس لئے کرتے ہیں ہم
ہے یہ نوری مشغلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿75﴾ آپ کا چہرہ ہو میرے سامنے
دم میرا تب ہو جدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿76﴾ انبیاء ذی شان ہیں سارے مگر
ہے نہ کوئی آپ سا یا مصطفٰی ﷺ

﴿77﴾ حکمِ رب سے آپ کے فیضان سے
کلمہ کنکر نے پڑھا یا مصطفٰی ﷺ

﴿78﴾ نورِ رب ہے میری ہر ہر سانس میں
ہے یہ نسبت کا صلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿79﴾ قاعدے قانون کی مجبوری تھی
میں جو طیبہ سے پھرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿80﴾ آپ کے صدقے میں کیا جِن و بشر
شاد ہیں آب و ہَوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿81﴾ خُلد اُس کی ہوگئی اِیماں سے جو
دید کا پیالہ پِیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿82﴾ مسجدِ نبوی میں خاموشی کا اب
شورِ مدحت ہے بپا یا مصطفٰی ﷺ

﴿83﴾ نعت سُننا مصطفٰی کی شان ہے
پڑھنا میرا مشغلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿84﴾ یہ مشائخ اور یہ عَالِمِ سبھی
آپ کا ہیں سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿85﴾ چوٹ کھاکر بھی دعا دیتے ہیں آپ
وصف ہے یہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Quadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ زندگی کی جنگ میں عُشّاق کے ڈھال ہے صبر و رضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ یہ خصوصیّت ہے طیبہ پاک کی ہے عطاؤں پر عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آپ کے صدقے میں دین ایمان کا چل رہا ہے قافلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ خوشبوئیں بے ساختہ کہنے لگیں نام ہے مہکا ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ اے دُرودِ پاک تیرے فیض سے دل مچلنے لگ گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ شاعری میں جگمگانے ہے لگا بندگی کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ کے اذکار کے فیضان سے رحمتوں میں ہوں گِھرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ رحم ہم پر کیجئے شاہِ زمن یا نبی صلِ علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ یہ طویل اک نعت کہنے کے لئے مجھ کو اک عرصہ لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ ہے دعا یہ حضرتِ حسّان کی آئے سب میں حوصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ خدمتِ رب میں پہونچنے کے لئے ہے وسیلہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آپ کی تعریف ہم اب کیا کریں رب کرے ہے تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ منتظر ہیں آل کے صدقے کے ہم فیض کر دیجے عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کی مدحت کے ہی فیضان سے میں بھی شاعر بن گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ سایۂ دامن عطا ہو حشر میں آپ ہیں حق آشنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ یہ زمین و آسماں اللہ گواہ آپ کے دونوں گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ ہاں شبِ اسریٰ وہ جانا عرش پر معجزہ ہے معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ آپ ہی تو ہیں امام الانبیاء کون ہے اب آپ سا یا مصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ یک بہ یک سب مشکلیں رُخصت ہوئی جب کہا بے ساختہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ پاکے اُنگلی کا اشارہ آپ کی چاند بھی چلنے لگا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ کی قامت کے آگے کیا کہوں　　یہ فلک چھوٹا لگا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ سارا قرآں آپ کی تفسیر ہے　　آپ ہیں نورِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ اولیاء اصحاب ہیں سب آپ کے　　آپ کے ہیں انبیاء یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ حق نے خود قرآن میں فرما دیا　　آپ قرآں کی ضیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ اُسوۂ آقا جسے بھی مل گیا　　جنتی وہ ہوگیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ کیا کہوں خلدِ بریں سے کم نہیں　　آپ کے در کا پَتا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ گردشو میرا تعاقب چھوڑ دو　　ساتھ ہیں مُشکل کُشا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ آپ کی مدحت کروں‘ ممکن نہ تھا　　یہ کرم رب نے کِیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ یہ جہاں کل حشر کے میدان میں　　ہے ہمارا آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ ہم سبھی کو بخشوانے کے لئے　　آپ نے دی ہے دعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ آل ہی کی بھیک پر میں عُمر بھر　　شان سے جیتا رہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ فکر کی حد با ادب کہتی ہے یہ　　فہم سے ہیں ماوریٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ کون کتنا چاہتا ہے آپ کو　　آپ کو سب ہے پَتا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ حمدیہ الفاظ کے ہر لفظ میں　　نعت کا ہی ہے مزہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ ذکرِ آقا جس جگہ برپا ہُوا　　در ہے وہ دارُالشِّفاء یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ فضلِ رب سے آپ کی ہر ہر ادا　　ہے نمازوں میں ضیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ ایک سو پچیس اِن اشعار میں　　ہے ہزاروں کا مزہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ آپ کے عاشق‘ یہ ہے سجادؔ کا　　کچھ نِرالا فیصلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ بھا گئی ہے دل کو تحریکِ ثناء　　حکم ہے سجّاد کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ اے امیرؔ اِس نعت کے ہر شعر میں　　ہے تلاوت کا مزہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization

﴿انورؔ﴾

نام :- محمد فاروق قادری انورؔ

تخلص :- انورؔ

ولدیت :- محمد فرید صاحب

سنہ ومقام پیدائش :- 1986-07-01، سرگپہ۔

شاعری کا آغاز :- 2015ء

شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمھمین قادری لاأبالی سجادؔ

تعلیم :- حافظ قرآن

مصرفیت :- تقریر وتحریر۔ شاعری۔ امامت وخطابت

پیشہ :- امامت وخطابت

آدھی ملاقات کے لئے :- 1014-554 وارڈ، پاروتی نگر، سرگپہ، ضلع بلھاری۔ 583121، کرناٹک۔ الھند

موبائیل نمبر :- 0091-9036749468

* * *

﴿1﴾ رفعتوں کی ابتدا یا مصطفٰی ﷺ
عظمتوں کی انتہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ جان و دل تم پر فدا ہے یا نبی
روح کی بھی التجا یا مصطفٰی

﴿3﴾ آپ کے نعلین کی خیرات کچھ
مجھکو بھی اب ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ زخم کھا کر دی دعائیں آپ نے
دشمنوں نے بھی کہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ دیکھنا تم کو خدا کو دیکھنا
وہ حسیں جلوہ نما یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہر گھڑی دل کی صدا یا مصطفیٰ
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿7﴾ آپ کو معراج میں رب نے کہا مرحبا صد مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿8﴾ ایک میں ہی کیا تمھاری یاد میں ہر پیمبر نے کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿9﴾ ایک پل میں ہی مدد کو آگئے جب کسی نے بھی کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿10﴾ وقتِ آخر ہو زباں پر یا نبی مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿11﴾ مشکلیں سر سے مری سب ٹل گئیں نام جب میں نے لِیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿12﴾ چوم کر قدمِ نبی جبرئیلؑ نے کہہ دیا بے ساختہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿13﴾ آپ کی چوکھٹ پہ جو بھی جھک گیا سُرخرو وہ ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿14﴾ ان کی عظمت کی کوئی حد ہی نہیں عظمتوں کی انتہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿15﴾ لکھ دیا قرآن میں رحمٰن نے آپ کی ہر اک ادا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿16﴾ بعدِ رب آقا تمھاری ذات ہے نور حق نور خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿17﴾ شانِ احمد ﷺ دیکھ لو قرآن میں ہر سپارے میں لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿18﴾ قبر کی تایکیوں میں یا نبی دید ہو مجھ کو عطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿19﴾ ہر گھڑی لب پر تمہارا نام ہے دھڑکنوں میں بھی بسا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿20﴾ ہے رضا میں آپ کی رب کی رضا آپ محبوب خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿21﴾ آپ کے گھر کے گداؤں میں شہا میں بھی ہوں ادنیٰ گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿22﴾ انبیاء نے تم کو دیکھا تو کہا آپ ہی بعد از خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿23﴾ رات دن دل میں تہماری یاد ہو ہے یہی رب سے دعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿24﴾ آپ کے گھر پر جسے آئی قضاء پا گیا وہ مدّعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿25﴾ حسنِ یوسف پر کٹی تھیں انگلیاں سر ہوئے تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

«26» کالی کملی میں چُھپا لیجئے مجھے   میں سراپا ہوں خطا یا مصطفٰی ﷺ
«27» اپ کے بیمار کو دے دیجئے   اپنے دامن کی ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
«28» آپ کے دربار کے بن کر فقیر   ہیں کھڑے شاہ و گدا یا مصطفٰی ﷺ
«29» آپ کی خدمت جسے بھی مل گئی   ہو گیا وہ با خدا یا مصطفٰی ﷺ
«30» چاہتے ہو گر خطائیں معاف ہو   یہ لبوں پر ہو سجایا، یا مصطفٰی ﷺ
«31» کی امامت انبیاء کی آپ نے   انبیاء کے مقتدا یا مصطفٰی ﷺ
«32» پیتھروں نے دی گواہی آپ کی   کنکروں نے بھی پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
«33» تم خدا کے دلبر و دلدار ہو   شافع روز جزا یا مصطفٰی ﷺ
«34» آپ کی خاطر بنے ہیں عالمیں   وجہ تخلیق و بِنا یا مصطفٰی ﷺ
«35» حاضری ہو پھر مدینے میں میری   ہو اشارہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«36» عشقِ احمد ﷺ کی بدولت مل گئی   راہِ حق راہِ ھدیٰ یا مصطفٰی ﷺ
«37» مل گئی دونوں جہاں کی برکتیں   نام احمد ﷺ جب لیا یا مصطف ﷺ
«38» الفتِ سرکار جس کے دل میں ہو   بس وہی دل کِھل اُٹھا یا مصطفٰی ﷺ
«39» گنبدِ خضریٰ کی چھاؤں ہو نصیب   دل بڑا ہے غمزدہ یا مصطفٰی ﷺ
«40» فکرِ دنیا سے مجھے آزاد کر   رب کو دیتا ہوں صدا یا مصطفٰی ﷺ
«41» ہے یقیں مجھ کو، مَیں بخشا جاؤنگا   آپ کا ہے آسرا یا مصطفٰی ﷺ
«42» حشر میں جسکی شفاعت ہو قبول   کون ہے تمرے سوا یا مصطفٰی ﷺ
«43» دید ہوگی مصطفٰی کی ایک دن   مان کر زندہ رہا یا مصطفٰی ﷺ
«44» وہ مدینے کے حَسیں شام و سحر   پھر دکھا دے ائے خدا یا مصطفٰی ﷺ
«45» روزِ محشر دیکھتے ہی آپ کو   سب کہینگے یک زباں یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India eGangotri

﴿46﴾ آپ کی نعتیں جو میں پڑھنے لگا رنج و غم سب مٹ گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ خود خدا بھی آپ پہ قربان ہے ہو حبیبِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ مستقل ان کی اطاعت جو کئے بخت ان کا جاگ اُٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ ہے یقیناً وہ مقدر کا دھنی جو تمہارا ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ کا در چھوڑ کر جائیں کہاں آپ کے در کے گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آپ کے قدموں کی بَرکت سے ملی دونوں عالم کو ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ رحمتوں کی بارشیں ہیں رات دن آپ کے در پر شہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ لیکے خواہش آپ کے دیدار کی آپ کے در پر پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ رحمتِ عالم بنا کر آپ کو رب نے یوں احساں کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ دونوں عالم پر حکومت آپ کی آپ محبوب خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ ہی کا ہے سہارا بس ہمیں دو جہاں کا آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ جس نے دیکھا آپ کو یا سیِّدی دید رب کی پالیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ ربِّی ھَبْلِی اُمَّتِی لب پر رہا اس طرح سجدہ ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ یہ عطائے مصطفٰی کی شان ہے بن گئے شیر خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ پڑ گئی جس پر نگاہِ مصطفٰی مل گیا اس کو خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ یا نبی کردو کرم کی اک نظر دور ہو میری بَلَا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ میں بھی اک دن در پہ حاضر ہو گیا یوں ہُوا فضلِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ رات کو گر، دن کہا تو آپ نے وہ یقناً دن ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ لے کے آئے ہر پیمبر معجزہ تم سراپا معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ اک اشارہ آپ نے جو کردیا چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudari Digitization eGangotri / Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿66﴾ ڈوبا سورج پھر پلٹ کر آگیا آپ نے جب کہ دیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿67﴾ رو برو رب کے پہنچ کر آپ نے یاد امت کو کیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿68﴾ عرشِ اعظم پر بلا کر آپ کو خود خدا نے بھی کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿69﴾ آپ کو رب نے بلایا عرش پر آپ ہی وہ دلربا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿70﴾ ان کے در پر حاضری جب ہوگئی دل کا غنچہ کھل اُٹھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿71﴾ انبیاء نے دی سلای آپ کو ہو امام الانبیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿72﴾ تھا ارادہ کچھ، مگر حضرت عمرؓ آپ کو دیکھا تو، کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿73﴾ آمد سرکار پر سارا جہاں جھوم کر کہنے لگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿74﴾ تم نہ ہوتے تو نہ ہوتا یہ جہاں آپ کی خاطر بَنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿75﴾ شہر طیبہ تیری عظمت کو سلام تو مقامِ مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿76﴾ غمزدہ دل کی یہی فریاد ہے لب پہ ہو صبح و مسا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿77﴾ روح جب تن سے جدا ہوجائیگی ہو یہ میّت پر لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿78﴾ زندگی ساری گناہوں میں کٹی بھیک دو بخشش عطا یا مصطفٰ ﷺ
﴿79﴾ عظمت نعلینِ آقا دیکھئے عرش نے بوسہ لیا ایا مصطفیٰ ﷺ
﴿80﴾ دامن سرکار میں چُھپ جائینگے عاشقانِ با وفا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿81﴾ فکر کیونکر ہو ہمیں جو حشر میں آپ کا ہے آسرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿82﴾ آپ کی تعظیم میں جو جھک گیا قرب حق اس کو ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿83﴾ حق تعالیٰ تک ہمیں لے جائیگا ـآپ ہی کا نقش پا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿84﴾ منزلِ مقصود ان کو مل گئی آپ نے جس کو چُنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿85﴾ ہو کرم اب میرے حالِ زار پر سخت مشکل میں گھرا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ ہند میں اُمت پریشاں ہوگئی   آپ کی بس ہو عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿87﴾ نفرتوں کی آگ ہے چاروں طرف   آپ کا ہے آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿88﴾ اپنی امت پر کرم کی ہو نظر   وقتِ مشکل آ پڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿89﴾ اب مٹانے مذہب اسلام کو   ہر کوئی پیچھے پڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿90﴾ کالی کملی کا سہارا دیجئے   سر یہ آئی ہے بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿91﴾ زندگانی آپ پر ہے منحصر   ورنہ مجھ میں کیا رکھا ہے یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿92﴾ ہر پیمبر کی زباں پر آپ ہیں   ہر زمانہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿93﴾ حضرت آدم کی بخشش ہوگئی   جب زباں پر آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿94﴾ ڈوبنے کا ڈرنہیں کشتی میری   آپ ہیں جب ناخدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿95﴾ آپ میری قبر سرکار جب آئینگے   پھر سُکوں مل جائیگا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿96﴾ حشر میں سرکار آئیں جس گھڑی   ہر طرف ہوگی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿97﴾ میں بہا نہ پاکے ایک دن موت کا   آپ سے مل جاؤنگا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿98﴾ آپ کی امت میں ہم پیدا ہوئے   ہم پہ ہے فضل خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿99﴾ آپ کے تہت آپ کے کہلائینگے   آپ کے ہیں ہم گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿100﴾ قبر میں آکر فرشتے دیکھ لیں   ہے کفن پر بھی لکھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿101﴾ ہاں نمازوں میں تمہارا ذکر ہے   ہے اذاں میں تذکرہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿102﴾ جان دے کر جو بچائے دین کو   وہ نواسہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿103﴾ سو رہوں میں آپکی دہلیز پر   لب پہ ہو صلِ علیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿104﴾ جب اتارا جاؤنگا میں قبر میں   نور کا ہو اک سما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿105﴾ نام لے کر آپ کا جو چل پڑے   راستہ ان کو مِلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qadri

﴿106﴾ نعت لکھنے کی مجھے توفیق دی واسطہ حسان کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کی ہر اک ادا ہے یا نبی دونوں عالم سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ سارا عالم آپ کے دربار میں آپ کا منگتا بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ دیکھ کر صورت رسولِ پاک کی بو جھل گھبرا گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ شافعِ محشر تم ہی ہو یا نبی اب ہمیں پھر خوف کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ ہر قدم پر آپ نے امداد کی منبع جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ایک عورت آپ کی گستاخ تھی اس نے بھی اک دن کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ چھوڑ کر جبریلؑ کو آگے بڑھے آپ ہی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ مجھکو بھی اپنے شہر میں آپ لئ ایک دن بلوا لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ رات دن آقا تمہاری یاد میں میں پڑھوں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ بو بھی جنّت کی نہ وہ پائے کبھی آپ کا جو نہ ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ اپنا دوزخ میں ٹھکانہ دیکھ لے جو نہیں ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ جو نگاہِ مصطفٰی ﷺ سے گر گیا وہ کہیں کا نہ رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ دین و دنیا کی بھلائی آپ ہیں آپ ہی رب کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ دیکھ لوں میں بھی رُخِ انور ذرا نور رب وہ نور زا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ اس کا سارا علم آقا جہل ہے تم کو جو نہ جانتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ سارے عالم پر تمہاری ہے نظر آپ سے ہے کیا چھپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ مل گئے مجھکو مہیمن قادری آپ کی ہے یہ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ مدحت سرکار کی کرنے کے لئے چاہیے رب کی زباں یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ قادری انورؔ پہ ہو نظرِ کرم خالی کاسہ ہے میرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿انورؔ﴾

نام :- شیخ محمد انور قادری

تخلص :- انورؔ

ولدیت :- جناب شیخ عبدالرحمٰن چشتی قادری

تاریخ ومقام پیدائش :- 6-3-1968 - ترپاتور، ٹمل ناڈو

شرف تلمذ :- خواجہ انوراللہ شاہ چشتی قاردی رحمۃ اللہ علیہ

تعلیم :- انٹرمیڈیٹ

پیشہ ومصرفیت :- ٹیلرنگ

آدھی ملاقات کے لئے :- # 7 ،بیلائی امن کوئیل گلی، ترپاتور 635601 ترپاتور، ٹمل ناڈو، انڈیا

فون نمبر :- 0091-954382234

* * *

﴿1﴾ ہو کرم مجھ پر سدا یا مصطفٰیﷺ
آپ کا ہوں گدا یا مصطفٰیﷺ

﴿2﴾ میں مریضِ عشق ہوں بس آپ کا
ہو عطا مجھ کو دوا یا مصطفٰیﷺ

﴿3﴾ غم میں نالوں میں خوشی میں ہر گھڑی
میرے لب پر ہے ندا یا مصطفٰیﷺ

﴿4﴾ بس یہ میری ہے تمنا آخری
تم پہ کردوں جان فدا یا مصطفٰیﷺ

﴿5﴾ کیا ہو توصیف آپ کی مجھ سے بھلا
ہے خدا تم پر فدا یا مصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ساری دنیا کی فضا ہو جائے پاک   دُور ہو جائے وبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ زندگی کی کشمکش سے ہوں نڈھال   ہو کرم بھرِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ کا اسمِ مبارک لب پہ ہو   خلد میں ہو داخلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ ایک پروانہ ہوں میں ادنیٰ غلام   آپ ہیں شمع ہُدیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ فرش ہی کیا عرش کے ہیں رازداں   آپ لو سب ہے پتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ تشنگی باقی رہے گی حشر میں   جامِ کوثر ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ خود خدا نے یہ کہا قرآن میں   وہ مرا جو آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ کے دیدار میں ہے رب کی دید   آپ رب کا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ قبر میں کیوں کر اندھیرا ہو مرے   آپ کی ہوگی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ ہے پسند اللہ والوں کو بہت   آپ کی ہر اک ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ سے پہلے تھی تِیرہ کائنات   آپ سے نور آگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ چاند سورج اور ستارے کہکشاں   آپ پر ہیں سب فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ سدرہ سے آگے نہ پہنچے جبرئیل   آپ پہنچے مُنتہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ دور تھی اللہ سے دنیا تمام   آپ سے اللہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ لے رہے ہیں آفتاب و ماہتاب   آپ ہی سے تو ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ بھیجتے ہیں آپ پر ہم بھی سلام   آپ ہو قبلہ نما یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ جانِ مس بھی ہیں جان جہاں   آپ پر دل بھی فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ اُمتی کو دہر میں اور قبر میں   ہے سہارا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ گفتگو میں آپ کی ہے وہ مٹھاس   ہوگئے اعدا فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ معجزوں کا تذکرہ میں کیا کروں   ہو سراپا معجزہ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Hyderabad India Collection PM Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ ہو گیا ہے وقت کا وہ پیشوا　　آپ کا جو ہے گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ مسجدِ اقصیٰ میں نبیوں نے کہا　　مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ دوسَرا میں آپ کا ثانی نہیں　　نہ ہُوا ہے دُوسُرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ اس کی کشتی کا خدا ہے ناخدا　　جو ہوا ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ مزمل　یٰسٓ　طٰہٰ　مدّثر　　یانبی رب نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ جو ہے صادق آپ کی محفل میں وہ　　بوبکرؓ ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ بعد میرے گر نبی ہوتا کوئی　　وہ عمرؓ ہوتا کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ جس نے قرآں کو دیا ترتیب وہ　　ہے غنیؓ وہ ہے سخا یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ ہے وہ مولا آپ مولا جس کے ہیں　　وہ علیؓ مشکل کُشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ مال کیا ہے آل پر جاں ہے نثار　　ہے فدا سب کچھ مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ ہم گنہگارانِ امت کے لئے　　آپ ہیں جود وسخا یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ دونوں عالم کا اُجالا آپ سے　　دوجہاں کی ہو ضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ ہم غریبوں بے بسوں کے واسطے　　نہ کوئی تمرے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ اک اشارے سے کیا شقّ القمر　　آپ ہیں بدرا لدجیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ ڈوبے سورج کو کِیا پھر سے طلوع　　آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ چہرہ ہے والشمس واللہ آپ کا　　اور ہے زلفِ دوتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ مشک عنبر کو مہک جس سے ملی　　وہ پسینہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ہو میسر تولگاؤں آنکھ میں　　آپ کی ہی خاکِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ کُنْتُ کَنْزاً میں چُھپا تھا رب مگر　　آپ نے ظاہر کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ مشکلیں بھی مشکلوں میں پڑ گئیں　　دل سے میں نے جب کہا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudari Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ کی نظرِ عنایت سے مری   زیست ہے جنّت نما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ سر میں بھی سودا فقط ہے آپ کا   دل مرا گھر آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿48﴾ آپ کی یادوں کے جلتے ہیں دیئے   آپ ہی کی ہے ضیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿49﴾ حاضری جب درپہ ہوگی آپ کے   تب مجھے آئے قضا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿50﴾ میں ہوں بندہ اور آقا آپ ہیں   ہے بڑا یہ سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿51﴾ آپ کے در کے گدا ہیں سب کے سب   کیا ملک کیا انبیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿52﴾ اک بیاباں جو مدینہ ہوگیا   بن گیا شہرِ بقا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿53﴾ بگڑیاں بنتی ہیں در پر آپ کے   کچھ ادھر بھی ہو عطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿54﴾ رب کا ہے احسان، مَیں امت میں ہوں   آپ کا دامن ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿55﴾ اپنے جیسا آپ کو کہتا تھا جو   ہو گیا وہ لاپتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿56﴾ کیا پڑھوں میں نعت میری کیا مجال   مدح خوں ہے خود خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿57﴾ حق وباطل کا ملا ہم کو سبق   آپ سے کیا نہ ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿58﴾ آپ کے ہی دم قدم سے ہے جہاں   آپ روحِ دوسَرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿59﴾ رحمتوں کا جس جگہ پر ہے نزول   وہ مدینہ آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿60﴾ آپ کے اخلاق قرآنِ مبیں   ماں نے امت کی کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿61﴾ تم نے دل میں کعبے کو قبلہ کہا   سن لیا رب نے صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿62﴾ آپ کے رحم و کرم کے ہی طفیل   خضر کو رستہ ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿63﴾ صدقہ دیں نورانی تن کا زلف کا   صدقہ دیں نعلین کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿64﴾ خلد کا میں بھی نظارہ کرسکوں   میں بنوں درکا گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿65﴾ میں نہیں تھا اب ہوں اور میں نہ رہوں   آپ ہی ہو دارلبقا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴾66﴿ من میں تن میں اور نَیَنْ میں جان میں نام نامی بس گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴾67﴿ غوث و خواجه اور قلندر اولیاء سب تمہارے ہیں گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴾68﴿ اُس کو دوزخ کیا جلائیگی بھلا عشق میں ہے جو جَلا یا مصطفٰی ﷺ
﴾69﴿ اُس سے راضی ہے خدائے پاک بھی ہوگیا جو آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾70﴿ یاد کی شمع مرے دل میں جلی میں بھی پروانہ بنا یا مصطفٰی ﷺ
﴾71﴿ ہوگئی مقبول میری ہر دعا نعت جو لکھتا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴾72﴿ حشر میں امت کی ہوگی مغفرت رب نے یہ وعدہ کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴾73﴿ مصر میں کٹتی ہیں انگشتِ زناں بدر میں تو سر کٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴾74﴿ آپ ہی ہیں دونو عالم کا نظام آپ ہی ہیں پیشوا یا مصطفٰی ﷺ
﴾75﴿ مجھکو کیوں منزل کی ہوگی اب تلاش آپ جب ہیں رہنما یا مصطفٰی ﷺ

﴾76﴿ کوئی بھی بھاتا نہیں دل کو مرے
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی" ﷺ

﴾77﴿ آپ کے ہاتھوں میری تقدیر ہے دل پہ قبضہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾78﴿ حرصِ دنیا خوف عقبا کا نہیں جب سے میں ہوں آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾79﴿ عرش نے نعلین چھو کر یہ کہا میری قسمت کو جگا یا مصطفٰی ﷺ
﴾80﴿ شخص بھی ہو اور تم ہو عکس بھی اور ہو تم آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴾81﴿ ذرہ ذرہ ہے معطر دہر کا سونگاہوں گل آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾82﴿ گردِ نعلینِ مبارک گر ملے وہ بنے سرمہ مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴾83﴿ دیکھ کر محشر میں کہیئے گا مجھے یہ تو ہے میرا گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴾84﴿ بدرِ کامل دیکھ کر شرمائے جو وہ ہے چہرہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾85﴿ آپ کے در پر جھکا ہے سَرمرا اور دل بھی جھک گیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

«86» آپی سے سچی محبت ہے جسے ہوگیا وہ پارسا یا مصطفٰی ﷺ
«87» میرے دل میں اور میرے ذہن میں آپ ہی ہیں ہر جگہ یا مصطفٰی ﷺ
«88» میری آنے والی نسلوں کے لئے دولتِ دیں ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
«89» سچ تو یہ ہے لامکاں کا وہ مکیں ہو گیا ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«90» اپنی نس نس میں بسا کر عشق کو مَیں بھی تو عاشق بَنَا یا مصطفٰی ﷺ
«91» مومنوں کی جان ہو ایمان ہو اور شانِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
«92» بن کے رہتا آپ کے اتنے قریب تا قیامت خاکِ پا یا مصطفٰی ﷺ
«93» میں گداگر ہوں تمہار یا نبی بھیک ہو مجھ کو عطا یا مصطفٰی ﷺ
«94» کارواں ہو آپ منزل آپ ہو آپ ہی ہو رہنما یا مصطفٰی ﷺ
«95» لاپتہ ہوتے ہیں اُس کو ڈھونڈ کر تم پتے کے ہو پتہ یا مصطفٰی ﷺ
«96» روضۂ انور سے سب ہیں فیضیاب اولیاء و انبیا یا مصطفٰی ﷺ
«97» پیرِ کامل کے وسیلے سے ملا آپ کے در کا پتہ یا مصطفٰی ﷺ
«98» ہو تصور آپ کا وقتِ نزع لب پہ ہو صلِّ علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
«99» ہم گنہگاروں کی بخشش کے لئے ہے وسیلہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«100» حشر میں ہر اک کہے گا المدد نبیوں کی ہوگی صدا یا مصطفٰی ﷺ
«101» رب سے وعدہ انبیاء نے یہ کِیا ہے ہمارے پشوا یا مصطفٰی ﷺ
«102» نوری جلوہ دیکھ لوں میں ایک بار میم کا مقنہ اٹھا یا مصطفٰی ﷺ
«103» سب سے اول ہے خدا بعد از خدا آپ کا رتبہ بڑا یا مصطفٰی ﷺ
«104» دیکھ لیتا ہوں میں جھک کر ہر گھڑی دل میں مَیں نے لکھ لیا یا مصطفٰی ﷺ
«105» نور ہو کر بھی بشر خود کو کہے سادگی پہ جاں فدا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Hyderabad Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Qudarabad India

﴿106﴾ تم سے ہی ادراک حق مجھ کو ہُوا　　تم ظہورِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ ہے فرشتوں کی زباں پر ہر گھڑی　　آپ کی مدح و ثنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ لاج رکھ لیجے مری بھی حشر میں　　میں سراپا ہوں خطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ ہم تو انجانے تھے اور بے گانے تھے　　تم سے رب ہم کو ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ پر نازل ہوا رب کا کلام　　آپ ہیں سرِّ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ بزم میں بے شک خدائے پاک کی　　ذکر بس ہوتا رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ جس طرف دیکھوں اُدھر بس آپ ہیں　　میری آنکھوں کو جچا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آنکھ میں خضرا کا منظر بس گیا　　دل مدینہ ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ ذرّے ذرّے میں تمہارا نور ہے　　معدنِ نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ تھی طلب قطرہ ملے لیکن مجھے　　مل گیا حد سے سِوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کے دربار سے انسان کو　　جام‘ وحدت کا ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ آپ کی چشمِ کرم مجھ پر پڑی　　فیض جاری ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ تذکرہ چھیڑا ہے دل نے آپ کا　　کیف طاری ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ اُمتی ہو جائیں ہم سب آپ کے　　آرزوئے انبیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ مجھ پہ رحمت کا کرم کا لطف کا　　ایک قطرہ ہو عطاء یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ دو جہاں میں آپ کا ثانی نہیں　　آپ ہیں سب سے جدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ورد ہے میری زباں پر ہر گھڑی　　مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ خلق ساری کھا رہی ہے یا نبی　　ہے اُتارا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ہو کرم کی اک نظر انورؔ پہ بھی　　آپ کا ہے یہ گدا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheman Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

انورؔ

نام۔ قاضی ریاض الدین

تخلص۔ انورؔ

ولدیت۔ قاضی تمیز الدین

سنہ ومقام پیدائش۔ 1960۔ مہاراشٹرا

آغاز شاعری۔ بعمر ۵۰ سال کی 2010 سے شاعری کا آغاز ہوا۔

تعلیم۔ میٹرک اردو میڈیم۔ بطور مدرس ضلع پریشد بلڈانہ میں خدمات مختلف جگہوں پر انجام دیں، اور 2016 میں ملازمت رضا کارانہ طور پر ترک کردی۔ فی الحال وظیفہ یاب ہیں۔

آدھی ملاقات کے لئے۔

H.No. 198, Vidya Nagar, Colony, MSK Mill Road, Gulbarga - 585103 Karnataka
بلڈانوی لائف کیر میڈیکل اسٹور، جامع مسجد اقبال چوک، بلڈانہ مہاراشٹرا
Mobile No: 0091-9730542130

* * *

(1) یاد جب تم کو کیا یا مصطفیٰ ﷺ
چین اُس دل کو ملا یا مصطفیٰ ﷺ

(2) حق نگر، تم حق نما، یا مصطفیٰ
ہے خدا تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ

(3) مرحبا، صد مرحبا، یا مصطفیٰ
تم جہاں کے رہنما یا مصطفیٰ ﷺ

(4) ہو تم ہی بدر الدجیٰ یا مصطفیٰ
ہو تم ہی شمس الہُدیٰ یا مصطفیٰ ﷺ

(5) مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ
تم ہو محبوبِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہو تم ہی نورالہدیٰ یا مصطفٰی   ہو تم ہی خیرالوریٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ گوہر یکتا زمانے کے تم ہی   بیش قیمت جو بڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ خوفِ عقبیٰ کیوں بھلا اُس کو رہے   جو تمہارا ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ مسجدِ نبوی میں تھا چوبی ستوں   یاد میں وہ رو پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ دونوں عالم کی قیادت کے لئے   رب نے بس تم کو چُنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ ہو تم ہی مطلوبِ عالم یا نبی   انبیاء کی تم دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ تم جہاں کے واسطے انعام رب خاص   یہ رب کی عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ناخدا تم ہو سفینے کے تو پھر   ڈر نہیں منجدھار کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ حاضری دیتا ہے روضہ پر سدا   قدسیوں کا جمگھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ ہے زباں پر ورد احمد ہر گھڑی   دل مرا بولے سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ دید روضہ کی ہوئی جس کو اُسے   گو خزانہ مل گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ میں ہوں عاصی، ہے مگر لب پر مرے،   مدحتِ صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ اک تمہارے واسطے ہی یا نبی
دل ہوا تم فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ اِلتجا یہ ہے کہ مجھ کو حشر میں   جامِ کوثر ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ بِن تمہارے کچھ نہیں ہے یہ جہاں   تم اثاثہ دہر کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ ہے تمہارے نام میں مشکل کا حل   دردِ دل کی تم دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ اِک تم ہی معمار ہو تہذیب کے   عہدِ نو کی تم بِنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ راحتِ جاں بھی تو ہو سرکار تم   روح کی تم سے غذا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ زورِ باطل تم نے توڑا ہے یہاں   درسِ حق جگ کو دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ باغِ عالم میں ہے تم سے دلکشی   یہ تم ہی سے ہے ہرا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ حُسنِ سیرت بھی تمہارا منفرد		آئینہ اوصاف کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ کنکروں نے بھی تمہارا یا نبی		ہے یہاں کلمہ پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ تھا وِلادت پر سماں اک جشن کا		مرحبا کا شور تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ تم اِمام المرسلین، ختم رُسُل		منفرد سب سے جدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ در سے لوٹا ہی نہیں خالی کوئی		سب کا دامن بھر دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ مانتا ہے رب تمہاری بات کو		رد نہ کی کوئی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ تم سے حاصل فیض ہے سب کو یہاں		ہے سبھی کو فائدہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ وجہ تخلیق جہاں بھی ہو تمہی		رونقِ ارض و سما یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ ہو تم ہی خُلقِ مجسم شاہِ دیں		نیکیوں کا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ دونوں عالم میں کوئی تم سا نہیں		ہو تم ہی شمس الضحیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ زیر تم نے کفر و باطل کو کیا		کام یہ تنہا کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ جب بھی کرتی ہے زباں ذکر نبی		جھوم اٹھتی ہے فضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ ہے عمل میں قول میں یکسانیت		کر دکھا یا جو کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ رحم دل تم کس قدر ہو یا نبی		دشمنوں کو دی دُعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ کامیابی کا ہے ضامن دہر میں		بس تمہارا راستہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ نام ہے روشن تمہارا دہر میں		تم مِنار انور کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ اِنقلاب دہر یوں پیدا کیا		سرنگوں باطل ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ حشر تک باقی رہے گا دہر میں		گلسِتاں یہ دین کا یامصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ہے تم ہی سے حسنِ عالم اے نبی		روز و شب ہیں خوشنما یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ مُنکشف اسرار تم پَر ہیں سبھی		تم کو ہر شے کا پتا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ مفلسوں کے ہومُربّی بھی تم ہی — آسرا مجبور کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ خیر کا مخزن تمہاری ذات ہے — پیکرِ صبر و رضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ تم چلو قُدسی بچھا ئیں اپنے پر — واہ کیا ہے مرتبہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ نیکیوں نے تم سے پائی ہے جِلا — حق کا تم روشن دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ یوں تو ہواُمیّ لقب سرکار تم — علم ہے سب سے سوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ اَوج تم سے آدمیت کو نبی — تم سے ہے مہر و وفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ دردکے ماروں کی تم ہی آس ہو — مفلسوں کا حوصلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ ہر عمل گنجینۂ حکمت بھی ہے — قول بھی ہے بے بہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ اک تمہارے دم سے اِس عالم میں ہے — یہ عروج و اِرتقا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ فیض تم سے دہر کو ہے تا ابد — سب پہ ہے احساں بڑا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ بس تم ہی تو ہو جری اس دہر میں — کوہ تم ہو عزم کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ تم پہ نازاں ہے بنی انسانیت — آشتی کا تم دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ تم مُعلم بھی جہاں کے یا نبی — تم سمندر علم کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ ہو جہاں میں بس تم ہی اعلیٰ نسب — تم ہو شاہِ اصفیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ مہرباں، منصف، سخی، محسن تم ہی — تم مجسم ہو سخا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ تم کو حاصل بھی بزرگی بعد رب — نام کو بھی ہے بقا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ آئینہ بھی حُسنِ سیرت کا تم ہی — تم عفیف و پارسا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ نیک خو تم سا زمانے میں نہیں — متقی تم پارسا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ دین کے تم پیشوایا مصطفیٰ — تم امام الانبیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ رب نے وہ قوت عطا کی ہے تمہیں — چاند کو بھی شق کیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection of Mohsin Hyderabad

﴿66﴾ صاحبِ معراج بھی تم یا نبی　　رب کی پائی ہے لِقا یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ جسمِ اطہر خوب صورت دل نشیں　　خوشبوؤں میں ہے بسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ دین کا تحفہ عطا جگ کو کیا　　سب پہ احساں ہے بڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ ہے تمہاری دین اس سنسار کو　　فلسفہ اسلام کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ سنت نبوی ہے بے حد قیمتی　　قیمتی ہر ضابطہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ جو تمہاری راہ پر دل سے چلا　　مل گیا اُس کو خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ حضرتِ آدم نے دیکھا عرش پر　　کلمۂ دیں تھا لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ تم سے ہی دنیا نے سیکھی ہے نبی　　زندگی کی ہر ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ہے کلام اللہ، جو قرآں نبی　　آپ کا ہے معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ نامِ احمد ساتھ رب کے نام کے　　ہر گھڑی ہے گونجتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ راستہ جو ہے تمہارا شاہِ دیں　　حق کا وہ ہے راستہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ ہر ہدایت ہے تمہاری قیمتی　　جس میں مُضمر فائدہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ قولِ احمد بیش قیمت از گہر　　ہر عمل حکمت بھرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ بات تم لا ریب کرتے ہو وہی　　جو بھی کہتا ہے خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ دولتِ ایمان بھی تم سے ملی　　دین بھی تم سے ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ نامِ احمد شادمانی کا سبب　　تم ہو ہر غم کی دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ احمدِ مرسل تمہارے دم سے ہے　　خیر کا ہر در کھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ تم سے دنیا اُنس کی آباد ہے　　تم سے ہے رسم وفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آبِ کوثر بھی تمہارا شاہِ دیں　　شافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ اک تمہارے ہی سبب آسان ہے　　آخرت کا مرحلہ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad India Collection of Digitization eGangotri

﴿86﴾ صاحبِ بحرِ عطا یا مصطفٰی
صاحبِ جود و سخا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿87﴾ از طفیلِ مصطفٰی نظمِ جہاں
دو جہاں کی تم بِنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿88﴾ میٹھا میٹھا ہے تمہارا نام بھی
کام بھی سب سے بھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿89﴾ اِس قدر محبوب تم اللہ کو
نام کو بخشی بقایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿90﴾ منفرد یکتا زمانے میں تم ہی
مرتبہ سب سے بڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿91﴾ سب سے ذی شاں بھی تم ہی ہو
تم ہو شاہِ دوسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿92﴾ قائدوں کے تم ہو قائد یا نبی
رہبروں کے رہنما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿93﴾ شاہ تم شاہوں کے ہو شاہِ زمن
شاہ ہیں در کے گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿94﴾ رونقِ بزمِ دو عالم بھی تم ہی
تم پہ عالم ہے فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿95﴾ حامی مظلوم بھی آقا تم ہی
بیکسوں کا آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿96﴾ اک تمہارے دم سے ہے قائم یہاں
خیر کا ہر سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿97﴾ تم یتیموں کے بھی والی سیدی
تم دُکھی دل کی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿98﴾ روبرو رُخ کے تمہارے یا نبی
ماند سورج کی ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿99﴾ آپ نے اسود نصب یوں کر دیا
خوش ہوا چھوٹا بڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿100﴾ اَن گنت اوصاف کے حامل ہو تم
بحر تم اوصاف کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿101﴾ تم ہو مخزن، اُنس کے، ایثار کے
تم ہو ساحل رحم کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿102﴾ تم نقیبِ امن بھی آقائے دیں
شمس ہو تم علم کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿103﴾ محسنِ انسانیت سرکار تم
تم ہو دریا عفو کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿104﴾ بس تمہارے واسطے مخصوص ہے
معجزہ قرآن کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿105﴾ ہو سراپا نور تم پیارے نبی
نیک سیرت با وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ ہو معلّم، تم نے سکھلایا ہمیں   دین کا ہر مسئلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ اُنس کی انسانیت کی امن کی   ابتدا تم انتہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ تم حبیبِ کبریا، یا مصطفٰی   نورِ حق کا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ تم شہِ دیں بھی شہِ لولاک بھی   تم سراج الاتقیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿110﴾ رحمت للعالمین بھی ہو تم ہی   تم ہو رحمت کی گھٹا یا مصطفٰی ﷺ

﴿111﴾ خوب رُو تم سا زمانے میں نہیں   کون یاں تم سا ہوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿112﴾ چاند تم کو دیکھ کر حیران ہے   رُخ ہے ایسا پُر ضیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿113﴾ آئینہ قرآن کا سیرت بھی ہے   مرحبا صلّ علی یا مصطفٰی ﷺ

﴿114﴾ تم ہو صادق بھی امیں بھی یا نبی   تم صداقت کی بِنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿115﴾ تم ہو داعی خیر کے خیرالبشر   پیکرِ صدق و صفا یا مصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ تم سے باطل کے اندھیرے مٹ گئے   یہ جہاں روشن ہُوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿117﴾ تم نبی آخر زماں ہو دہر میں   تم ہو مُزَّمِّل عُلٰی یا مصطفٰی ﷺ

﴿118﴾ ہو نبی برحق شہِ ابرار تم   ہو تم ہی اِک خوش ادا یا مصطفٰی ﷺ

﴿119﴾ دین کے سَروَر بھی تم شاہِ اُمم   آئینہ کردار کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿120﴾ یاد کر انورؔ تمہیں رویا بہت   کرب میں ہے مبتلا یا مصطفٰی ﷺ

﴿121﴾ غیر ممکن تھا جو انورؔ دہر میں   کام وہ تم نے کیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿122﴾ ملتجی انورؔ شفاعت کا ہے بس   آئے جب روزِ جزا یا مصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ تم تصوّر میں ہو انورؔ کے بسے   اُس کے دل کی تم صدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿124﴾ رب کرے انورؔ کو در کی دید ہو   آئے جینے کا مزا یا مصطفٰی ﷺ

﴿125﴾ کیجئے انورؔ پہ بھی نظر کرم   آپ کا ہے اک گدا یا مصطفٰی ﷺ

انیسؔ

نام۔ انیس احمد قلمی نام۔ قاری انیس احمد

تخلص۔ انیسؔ ولدیت۔ غنی احمد

سنہ و مقام پیدائش۔ 05-11-1957۔ حیدر آباد، دکن خطاب۔ انیسؔ القراء

شرف تلمذ۔ محترم جناب بے ہوش محبوب نگری صاحب۔ محترم جناب نصیر الدین بسملؔ صاحب۔ محترم جناب خواجہ شوقؔ صاحب۔ محترم جناب جمیل الدین شرفیؒ۔

تعلیم۔ قاری سبعہ و عشرہ (جامعہ نظامیہ) بی کام (عثمانیہ یونیورسٹی)

مظاہرہ دستکاری:۔ ہندوستان کی مختلف ریاستوں خصوصاً پہلے سارک فیسٹول تین مورتی بھون نئی دہلی، انڈین امریکن فورم سمٹ نئی دہلی۔ فلک نما پیالیس، خلوت پیالیس، کرشنا اوبرائے ہوٹل وغیرہ میں کئی مرتبہ فن کے مظاہرہ کا موقع حاصل ہوا۔

بیرون ہند:۔ مختلف ممالک میں LIVE DEMONSTRATION کے بے شمار مواقع مختلف اوقات میں حکومتی اور خانگی سطح پر ملتے رہے۔ جیسے امریکہ، آسٹریا، سنگاپور اور دبئ وغیرہ

مصروفیات۔ درس و تدریس قرأت کلام پاک، شاعری و دستکاری۔

آدھی ملاقات کے لئے

19-3-265/11/B, Vattepally, Hyderabad - 500053 T.S. INDIA
Mobile No: 0091-9848959175, 0091-9398804342

* * *

﴿1﴾ تم ہو شانِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
جلوۂ رب العلٰی یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ عشق کی تم ابتداء یا مصطفٰی ﷺ
حسن کی خود انتہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ رب کی ہو تخلیق پہلی آپ ہی
کُنْتُ کَنْزاً کی ضیاء یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ مظہر ذاتِ قدم ہو آپ ہی
مرأۃِ ذات خدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ کی میلاد کے صدقے ہمیں
حق نے سب کچھ دے دیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pasha Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(6) سب زمانوں کے لئے رب نے کیا   دو جہاں کا پیشوا یا مصطفٰی ﷺ
(7) معجزہ ہے وصف ایک اک آپ کا   ہر نفس اعجاز تھا یا مصطفٰی ﷺ
(8) آپ کا شُہرہ ازل سے تا ابد   ہر زمانے میں رہا یا مصطفٰی ﷺ
(9) آندھیوں میں بھی چراغ ایمان کا   ہر گھڑی جلتا رہا یا مصطفٰی ﷺ
(10) بد دعا کے جو ہوئے تھے مستحق   پائے وہ بھی دعا یا مصطفٰی ﷺ
(11) آپ کی چشمِ عنایت دم بدم   ہے ہمارا آسرا یا مصطفٰی ﷺ
(12) ہوں ابوذرؓ یا کہ سلمانؓ و صہیبؓ   آپ پر ہیں سب فدا یا مصطفٰی ﷺ
(13) التجائیں ہیں کئی لب پر مرے   ایک رحمت کی ادا یا مصطفٰی ﷺ
(14) اوج پر میری فقیری دن بدن   تم کرم کی انتہا یا مصطفٰی ﷺ
(15) اقتدا کی، ہر نبی نے آپ کی   یا امام الانبیا یا مصطفٰی ﷺ
(16) زیرِ سایہ رہتا جو دیوار کے   خلد منظر دیکھتا یا مصطفٰی ﷺ
(17) دیکھ کر شانِ کریمی آپ کی   لب پہ آیا برملا یا مصطفٰی ﷺ
(18) آپ کے ارشاد نے سمجھا دیا   کیا ہے شر اور خیر کیا یا مصطفٰی ﷺ
(19) آپ کے انوار کے صدقے سدا   دل کا روشن ہے دِیا یا مصطفٰی ﷺ
(20) آپ کے اکرام سے آباد ہوں   ہوں بھی تو کس کا گدا یا مصطفٰی ﷺ
(21) عشق پرور جانفزاء حسن ملیح   "دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی" ﷺ
(22) کیوں نہ ہوتی یاد دل سے رات دن   تم ہو میرا مدعا یا مصطفٰی ﷺ
(23) سائلِ در آپ کا بولے یہی   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
(24) رات دن تقسیم ہو کر بھی کبھی   کم نہیں ہوتی عطا یا مصطفٰی ﷺ
(25) مرتبہ دانی سے عاجز ہے خرد   فضل کی تم انتہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ ماہِ کامل سے منور آپ کا　روئے زیبا والضحیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿27﴾ آپ کے آداب میں لا ترفعوا　حکم نازل ہو گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿28﴾ یاد فرمایا کئی القاب سے　عاشقِ ایک اک ادا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿29﴾ ہے رسا نسبت یہ پائے ناز تک　سلسلہ در سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿30﴾ ملجا و ماویٰ نہیں جز آپ کے　کس کی جانب دیکھنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿31﴾ کس کو ہم اپنی سنائیں قلب کی　کس سے آخر بولنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿32﴾ سننے والا ہم غریبوں کی صدا　کون ہے جز آپ سا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿33﴾ آپ کے اکرام کا افضال کا　کس کو ہے کامل پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿34﴾ پھر قدمبوسی کے ساماں ہوگئے　پھر کرم مجھ پر ہُوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿35﴾ عندلیبِ گلشنِ طیبہ ہُوا　آپ کا نغمہ سرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿36﴾ آپ کی معراج کا شاہد بھی خود　قُبّۂ صحراء ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿37﴾ منشائے حق آپ کی مرضی ہوئی　کعبہ قبلہ ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿38﴾ لڑکیوں کے دفن سے باز آگئے　تھا رواج اشقیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿39﴾ جو نہ مانے فیصلے کو آپ کے　قتل ہے اس کی سزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿40﴾ قرنِ شیطاں نجد ہے ارشاد میں　شرکی ہے وہ انتہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿41﴾ ہے دعا شام ویمن کے حق میں جب　ہم بھی کرتے ہیں دعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿42﴾ صدقۂ فیضِ نظر سے ہی عمر ؓ　ساریہ ؓ کو دی صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿43﴾ ساتھ مولیٰ کے فرشتے سب کے سب　پڑھتے ہیں صلِ علی یا مصطفیٰ ﷺ
﴿44﴾ آپ کی گویائی کا کیا پوچھنا　لہجہ ہے قرآن کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿45﴾ لمس پا کر آپ کا پتھر تلک　نور میں خود ڈھل گیا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(46) آپ کے نعلین کی وہ قدر ہے   بیش قیمت بے بہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(47) بادشاہی سے بھلی چادر مجھے   نعت گوئی کا صلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(48) چَین والی زندگی اور یہ سکوں   نعت خوانی نے دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(49) انبیاء پر ہے گواہی آپ کی   ہے یہ رتبہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(50) دیکھنا پھر دیکھنا ہے آپ کا   ماسلف ما بعد کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(51) منزلِ حق کا بنا ہے خود نشاں   آپ کا ہر نقشِ پا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(52) آپ کی مدح و ثنا کرتا رہا   صدیوں کا دورانیہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(53) ہوگیا روشن چراغ آسماں   در پہ جھکنا تھا ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(54) آپ کے گیسو کی خوشبو سونگھ کر   غنچۂ دل کھِل اٹھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(55) عاشقوں کی آنکھ سے سَیلِ رواں   جاری ہو کر کب تھما یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(56) اور روشن ہوگئی چشم فلک   لی جو بوسہ پاؤں کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(57) عمر کو جبریلؑ کی بتلا دیا   نوری سجدہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(58) سنتے سنتے نم ہوئیں آنکھیں سبھی   داستانِ کربلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(59) عرش قامت آپ کا خلقِ عظیم   صورتِ قرآں ملایا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(60) ہر ادا پرآپ کی لاکھوں دُرود   اور سلام اللہ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(61) آپ ہیں یا حق ہی حق ہے راز یہ   مَا رَمَیت سے کُھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(62) یانبی کہنے ‘کوسمجھا شرک جو   حشرمیں وہ بھی کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(63) جس نے دیکھی شہر طیبہ کی پھبن   دیکھتا ہی رہ گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(64) روئے زیبا کی چمک کو دیکھ کر   اتری سورت والضحیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(65) فرطِ حیرت سے دمِ آخر ہر اک   دیکھتا ہی رہ گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ الفتِ خیرالوری بڑھتی گئی مدح جو کرتا گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿67﴾ مژدۂ جنت سناتے شوق سے بو ہریرہؓ چل پڑا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿68﴾ بو ہریرہؓ کا سدا بستہ بھرا دورِ عثماںؓ تک رہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿69﴾ شیرِ یزداں کیوں نہ ہوں مولا علی معرکہ در معرکہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿70﴾ من رَاٰنی آپ کے ارشاد سے پردۂ حق اٹھ گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿71﴾ خیر کا سامان بننے لگ گیا مطلعِ غارِ حرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿72﴾ حُسنِ خوبی سے ہوا طے سب کا سب ثور کا ہر مرحلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿73﴾ آپ کی سنت میں ہو لب پر مرے ربیّ الاعلی سدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿74﴾ عاشقوں سے صحن طیبہ آج بھی معمولاً پھر بھر گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿75﴾ نقش پا تک جاتی ہے نسبت مری واقعی ہے یہ رسا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿76﴾ آپ کی چشم کرم جونہی ہوئی چھائی سَاوَن کی گھٹا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿77﴾ اس برس بھی شہر طیبہ کی طرف دل مرا کھینچنے لگا یا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿78﴾ پھر رسائی کے مرے سامان ہوں ہے یہی اک مدعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿79﴾ ہر طرف تھی بارشِ انوار ہی جس طرف بھی دیکھتا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿80﴾ دیکھے بن روضہ، تصور رات دن دل بہلتا کب مرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿81﴾ لمحہ لمحہ ذکر اقدس آپ کا راحتِ جاں بن گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿82﴾ صوتِ سرمد ہے مرے حق میں یہی دھڑکنِ دل کی صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿83﴾ چشم ما زاغ البصر میں ہے سدا جلوۂ رب العلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿84﴾ کان جونہی سُن لئے بدرالدجیٰ دل کہا شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿85﴾ جلوہ ناپید سے پیدا ہوا جلوۂ حق آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection Mohammed Hyderabad

﴿86﴾ ہرخطا پر دیکھتا رہتا ہوں میں   آپ کی شانِ عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ عالمِ امکاں بس اک آپ کے   کون حق کا دلربا یا مصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آپ کے انوار سے ہی دہر میں   حق کی پھیلی ہے ضیا یا مصطفٰی ﷺ
ﷺ

﴿89﴾ جان تم پر ہوگئی شیدا مری
”دل ہواتم پرفدا یا مصطفٰی“ﷺ

﴿90﴾ چلچلاتی دھوپ میں بھی حشر کی   سائباں ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ ہے مشامِ جاں مُعطّر رات دن   پھیلی زلفوں کی ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ ہو جو الفت میں تمہاری مبتلا   دُور ہو حرص و ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ آپ کا مسکن اگر ہے دل مرا   دل ہُوا ہے کیوں ہَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ جان ہے مری یہ خود میرے لئے   سَو بلاؤں کی بلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ گرخدا پوچھے اَلَسْتُ ہم سے پھر   لب پہ آئے گا بلیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ جو بھی آئی ہے وبا کی شکل میں   سر سے ٹل جائے بلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ خیر کیا ہے کیا ہے شر میرے لئے   جانیں تم اچھا بُرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ میری کشتی کے ازل سے تا ابد   آپ ہی ہو ناخدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ شکلِ ظاہر میں بشر بھی ہوں اگر   نور ہو تم با خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ رات ہو یا دن ہو یا دن رات ہو   پڑھتے ہیں صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ رات بھی گر نور ہو تو میں کہوں   نور ہو نورٌ عَلٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ ہے مداوٰی آپ ہی کے ہاتھ میں   درد ہے حد سے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ کون جانے مرتبوں کو آپ کے   جانے تو جانے وِلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ بہہ گیا آنسو کے بدلے میں جو خوں   مانگتے ہیں خوں بہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ جان دینا جانِ جاناں پر سدا   شیوہ ہے عُشّاق کا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Hyderabad India Collection PM Sahib Digitization eGangotri

﴿106﴾ دینے والا ہے جہاں کی نعمتیں   قاسمِ ہر دوسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ چاہتے تھے انبیاء امت میں ہوں   چھوڑ کر رتبہ بڑا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ قطرہ دریا میں مِلا، دریا ہُوا   رازِ وحدت یوں کُھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ مانگ تو لی مستعاراً زندگی   شکر کیسے ہو ادا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ مُوتوا قبل ان تموتوا اصل میں   ہے فنا میری بقا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ آپ کے حسنِ ملاحت کی قسم   آپ پر ہیں سب فدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ در کے ٹکڑوں پر ہے میری زندگی   مستقل ہے یہ گدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ آپ کی ذاتِ گرامی ہی رہی   محورِ صدق وصفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ نامِ نامی جس کے پلڑے میں رہا   اُس کا پلڑا جھک گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ دین و دنیا میں ہمیں کافی ہے بس   آپ کا اک آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ وہ دعا ہی با اثر میری رہی   نام جس میں لے لیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ نور نے اللہ کہہ کر نور کو   نام پہلا دے دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ نامِ نامی کو خدا نے آپ کے   با مسمّٰی کر دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ رہرُوِ منزل کے حق میں سر بسر   آپ ہو نورالھدیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ آپ کے انوارسے ہی جل اٹھا   ہر چراغ اتقیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ منزلِ قوسین میں بھی آپ تھے   تھا وہاں کب دوسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ آپ کی معراج کا صدقہ تھا بس   کام اپنا بن گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ حُور و غلماں جام و مئے سے کیاغرض   آپ سے مطلب مرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ جو تمہارا ہی نہیں رب کا نہیں   لینا دینا اُن سے کیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ دیکھ کر سنگِ در پاک آپ کا   سروِ طوبیٰ جھک گیایا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿ایازؔ﴾

نام :- ابراھیم خان ایازؔ

تخلص :- ایازؔ

ولدیت :- نذیر احمد خان شرفی

قلم نام :- ابراہیم خان ایازؔ حیدرآبادی

مقام پیدائش :- حیدرآباد

شاعری کا آغاز :- 2000ء

شرف تلمذ :- محترم جناب علامہ فکری بدایونی صاحب

تعلیم :- بی اے اردو حیدرآباد اوپن یونیورسٹی

آدھی ملاقات :- 10-3-291/5، وجے نگر کالونی، حیدرآباد۔ تلنگانہ۔ الہند

Mobile No: 0091-9059858629

◆

﴿1﴾ آپ کی ہر اک ادا یا مصطفیٰ ﷺ
معجزہ ہی معجزہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿2﴾ آپ آئے تو ملا یا مصطفیٰ ﷺ
معجزہ ہی معجزہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿3﴾ جب چراغوں پر لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
سر جھکائی ہے ہَوا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿4﴾ اک اشارہ آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
چاند دو ٹکڑے کیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿5﴾ نور ہو تم سرتا پا یا مصطفیٰ ﷺ
یہ عقیدہ ہے مرا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہوگیا فضل خدا یا مُصطفٰی   میں مدینہ آگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہاں تمہارا نقش پا یا مُصطفٰی   ہے اجالوں کا پتہ یا ممصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ میں تونگر بن گیا یا مصطفٰی   جب ترا صدقہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ مظہر رب العلیٰ یا مصطفٰی   تم ہو رَب کا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ شہر طیبہ کی ہوا یا مُصطفٰی   ہر مرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ ہے کلی دل کی مٹا یا مصطفٰی   خواب میں جلوہ دکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ٹوٹ کر جائے دم مرا یا مُصطفٰی   نام لے کر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ہم کو خالق کا پتہ یا مُصطفٰی   آپ کے در سے ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ میں بُرا ہُوں یا بھلا یا مُصطفٰی   آپ کا ہوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی   نامِ نامی آپکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ زندہ میں جب تک رہا یا مصطفٰی   تیرے ٹکڑوں پر پلا یامصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ مر بھی جاؤں تو کہے لاشہ میرا   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کا نقشِ کفِ پا کیا ملا   خلد کا رستہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ دونوں عالم میں تمہارا نور ہے   ابتداء تا انتہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ چاند تارے جس کا کرتے ہیں طواف   وہ ہے تیرا نقش پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ چاند میں تاروں میں اور خورشید میں   آپ ہی کی ہے ضیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ ختم تم پر کر دیا اللہ نے   انبیاء کا سلسہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ کہتے تھے اصحاب یہ سرکار سے   آپ پر سب کچھ فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ خالق کل نے بنایا ہی نہیں   آپ جیسا دُوسُرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کے روضے کا منظر آنکھ میں   دھڑکنوں کی ہے صدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ آج تک ممنوں ہے دین مبین   آپ کی اولاد کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ وقت آخر میں لب پر ہو یہی   یا علیؓ یا فاطمہؓ یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ عرش آعظم کی بلندی کیا کہیں   آپ کے ہے زیرِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آرزو ہے جِی تے جی میں دیکھ لوں   آپ کا گنبد ہرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ کچھ نواسوں کا اتارا ڈال دو   ہے تہی دامن مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ تاجداروں سے بڑا یا مصطفٰی   اپ کے درکا گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کا عاشق تو رنج و غم میں بھی   مسکراتا ہے سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آپ کا سایا نہیں ہے اس لئے   آپ ہیں نور خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آرزو ہے نعت میں پڑھتا رہوں   اور آجائے قضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ زخم کھا کر دی دعائیں آپ نے   آپ رحمت سرتا پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ کیا ہیں بس خدا ہی جانے ہے   راز کب سب پر کُھلا یامصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ دور ہوں میں آپ کے دربار سے   رو رہا ہے دل مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ جس کے آگے ہیچ شاہی مسندیں   آپ کا وہ بوریا یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ دین و دنیا میں غلاموں کو سبھی   آپ کا ہی آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ حضرت آدمؑ تھے آب و گل میں جب   نور تھا جب آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ با ادب یہ خضر بھی کہنے لگے   تم ہو سب کے رہنمایا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کا ہے عشق سینے میں مرے   ہے یہ انعامِ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ جب مصیبت میں پکارا آپ کو   ٹل گئیں سرسے بلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ وقتِ مشکل ہے کرم فرمائیے   المدد یا مُصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ مرتضٰیؓ حسنینؓ بی بی فاطمہؓ   نور کا ہے سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ آگئیں ہے سیر کرکے عرش کی   آپ کی نعلین پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ آپ کی چاہت کے صدقے دل میرا   بن گیا ہے آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ مشک و عنبر سے بھی بڑھ کر کیا کہوں   ہے پسینہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ ہرطرف ہے آپ کی آمد کی دھوم   نعت پڑھتی ہے ہَوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ آپ جب سدرہ سے آگے بڑھے   عرشِ آعظم نے کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ انبیاء و اولیاء جن و ملک   آپ کے در کے گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ لاج رکھ لیجے بروز حشر بھی   ہے ہماری التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ ہو زمانے کے طبیبوں سے علاج؟   آپ کے بیمار کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ کی چشم کرم سے ٹل گئی   آنے والی ہر بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ ہم سے کیا ہوگی ادا حمد و ثناء   نعت پڑھتا ہے خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ ہو نہیں سکتا طبیبوں سے علاج   آپ کے بیمار کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ جو لکھائیں آپ وہ لکھتا ہوں میں   کیا ردیف و قِافیہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ سننے والا کون ہے ترے سوا   ہم فقیروں کی صدا یامصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ کیوں بَلَاؤں سے ڈریں جب آپ ہیں   دافع رنج بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ گنبد خضرا کا بھی سایا نہیں   ہے یہ زندہ معجزہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ جارہا ہے شہر طیبہ کی طرف   عاشقوں کا قافلہ یامصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ جل رہا ہے خانۂ دل میں مرے   تمری چاہت کا دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ اسکے قدموں میں ہیں ساری منزلیں   تو ہو جسکے رہنما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ ایک پل بھی جی نہیں پاؤں گا میں   آپ سے ہو کر جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ پہلے آیا تھا نہ آئے گا کوئی   آپ جیسا رہنما یا مصطفٰی

﴿66﴾ لے کے بوسہ آپ کے نعلین کا چاند روشن ہو گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿67﴾ نجدیوں کے دل پہ بجلی گر پڑی سنیوں نے جب کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿68﴾ یاد جب شہرِ مدینہ آ گیا دل میرا رونے لگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿69﴾ ہم گنہگاروں پہ رہتا ہے سدا سایہ رحمت گھنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿70﴾ ہم گنہگاروں کو روز حشر بھی ہے سہارا آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿71﴾ آپ ہر سَو جان سے ہونے لگا حسنِ یوسفؑ بھی فدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿72﴾ آپ کی دہلیز پہ سر ہو مرا اور آجائے قضا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿73﴾ ختم تم پر کردیا اللہ نے انبیاء کا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿74﴾ اللہ اللہ آپ کی قد آوری عرش بھی ہے زیرِ پا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿75﴾ تمری نسبت سے معطر ہوگئی شہر طیبہ کی فضا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿76﴾ ہے تمہارے واسطے بس دو قدم عرش کا یہ فاصلہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿77﴾ آ گئے ہیں قبر میں منکر نکیر المدد یا مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿78﴾ ہم کو سینے سے لگایا آپ نے یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿79﴾ جس کے دل میں آپ کی الفت نہیں دل ہے وہ ظلمت کدہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿80﴾ دور ہیں طیبہ سے ہم سچ ہے مگر آپ سے کب ہیں جدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿81﴾ آپ کے اخلاق سے کردار سے کفرکا سرجھک گیا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿82﴾ سارا عالم آپ کی آمد سے ہے نور میں ڈوبا ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿83﴾ آپ چاہیں تو بدل جائے ابھی میری قسمت کا لکھا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿84﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ بدرالدجیٰ آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿85﴾ آپ جب سے بس گئے دل میں مرے دل مدینہ بن گیا یا مُصطفیٰ ﷺ

(86) مانگ لو رب سے سماعت، پھر سنو
کہہ رہی ہے یہ ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ

(87) انبیاء آئے ہزاروں ہی مگر
ہے خدا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

(88) جب مصیبت میں پکارا آپ کو
ٹل گئی سر سے بلا یا مُصطفٰی ﷺ

(89) آپ ہی کے نور سے دونوں جہاں
آپ ہی ہیں ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ

(90) جو گھٹاتے ہیں تمہاری عظمتیں
ہے خدا اُن سے خفا یا مُصطفٰی ﷺ

(91) آپ کی چشم کرم جس پر ہوئی
ہو گیا وہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ

(92) ہم مریضوں کی دوا یا مُصطفٰی
ہے میدینے کی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

(93) خانۂ دل میں مرے روشن ترا
ہے چراغ نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ

(94) ہیں ستاروں سے بھی بڑھ کر آپکے
ہیں دوانے ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ

(95) انبیاء میں شافع روز جزاء
کون ہے تمرے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ

(96) کیسے ہوتا آپ کا ثانی کوئی
آپ کا سایا نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ

(97) میری جانب ایک ٹکڑا پھینک دیں
ہُوں سگِ در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

(98) جس نے زندہ کردیا اسلام کو
وہ ہے تیرا لاڈلا یا مُصطفٰی ﷺ

(99) آپ جس پتھر پہ پاؤں رکھ دیئے
نقش اس پر بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ

(100) کی دعا لے کر وسیلہ آپ کا
جب اٹھا دستِ دعا یا مُصطفٰی ﷺ

(101) انگلیاں مہکیں قلم بھی جھوم اُٹھا
جب کبھی میں نے لکھایا مُصطفٰی ﷺ

(102) جب مصیبت میں تمہیں آواز دی
ٹل گئیں سر سے بلا یا مُصطفٰی ﷺ

(103) عشق میں تیرے فنا جو ہوگیا
مل گئیں اُس کو بقا یا مُصطفٰی ﷺ

(104) عاشقوں کو باغ جنت کا مزہ
تمرے کوچے میں ملایا مُصطفٰی ﷺ

(105) دونوں عالم میں ہے جاری ہر گھڑی
آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ باعثِ تخلیقِ عالم آپ ہیں
آپ ہیں کُن کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ نجدیوں کے دل پہ بجلی گر پڑی
عاشقوں نے جب کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ زخم کھا کر دشمنوں کے حق میں بھی
آپ نے کی ہے دُعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ آپ کی عظمت بیاں ہم سے ہو کیا
مدح خواں ہیں خود خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿110﴾ ہم غریبوں پر کرم فرمائیے
آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿111﴾ یہ تصدّق ہے تمہارے عشق کا
گلشنِ دل ہے ہرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿112﴾ سارے نبیوں اور رسولوں میں فقط
آپ محبوبِ خدا مُصطفٰی ﷺ

﴿113﴾ یوں تو آئے ہیں ہزاروں انبیاء
ہیں حبیبِ کبریا ہیں یا مُصطفٰی ﷺ

﴿114﴾ آپکا نقشِ کفِ پا کیا ملا
مل گئی راہِ ہدا یامُصطفٰی ﷺ

﴿115﴾ نعت پڑھتے ہیں مدینے پاک کے
پھول پتے اور ہوا یامُصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ آپ کا نامِ مبارک عرش پر
ہے ازل سے ہی لکھا یا مصطفٰی ﷺ

﴿117﴾ جب سے لوٹ آیا مدینہ پاک سے
رو رہا ہے دل مرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿118﴾ آرہا ہے شہرِ طیبہ میں مجھے
باغ جنت کا مزہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿119﴾ رازِ حق مجھ پر ہُوا ہے آشکار
آپ میں ہوکر فنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿120﴾ با ادب ہوکر ہوائیں جھک گئیں
جب دیا تمرا جَلا یا مصطفٰی ﷺ

﴿121﴾ جبّہ ودستار میرے پیر کی
آپ ہی کی ہے عطا یا مصطفٰی ﷺ

﴿122﴾ آپ کا لیکر وسیلہ کی دعا
جب اٹھا دستِ دعا یا مصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ وجہہ تخلیق دو عالم آپ ہیں
آپ ہیں کُن کی صدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿124﴾ اک طرف ہے آپ کی عظمت حضور
ایک طرف سب انبیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿125﴾ خود نگہباں ہوگیا طوفان ایاز
کشتیوں پر جب لکھا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection of Mohammad Qudrat Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منتخب ز شعراء

ب

تعداد کلام (3)

تعداد اشعار (375)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

باوزیرؔ

نام۔ قاری محمد بن احمد باوزیر   تخلص۔ باوزیرؔ
مقام وسنہ پیدائش۔ 12-04-1981۔ حیدرآباد
ولدیت۔ محمد
شرفِ تلمذ۔ استاذِ سخن محترم جناب سردار سلیم صاحب
تعلیم۔ دسویں جماعت کامیاب۔
انعامات واعزازات۔ فضیلت جنگ ایوارڈ۔
آدھی ملاقات کے لئے۔

8-3-140/121, SHASTRIPURAM,
KINGS COLONY, HYDERABAD - 500052 (T.S)
Mobile No: 0091-9704689358, 0091-7093641358

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ
آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿2﴾ سب پریشاں ہیں وبا جو آئی ہے
سب کو ہو جائے شفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿3﴾ ہم کو اپنی آل کا اولاد کا
کیجئے صدقہ عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿4﴾ آپ کے دربار میں آجاؤں میں
یہ ہے میری التجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿5﴾ آپ ہی سے ہے صراط مستقیم
آپ سب کے رہنما یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ چہرۂ انور کو دیکھا آپ کے چاند بھی شرما گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ زندگی میں مجھ کو جو کچھ بھی ملا آپ کے صدقہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ یہ دعا میری خدا مقبول ہو خُزْیَدیٔ سَہِّل لَنَا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ یا محمد ﷺ آپ کے دربار سے کوئی نہ خالی گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کا دیدار ہو جائے نصیب کرتا رہتا ہوں دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ جس نے رکھی محفل نعتِ رسول اس کا ہو ہر دم بھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ دونوں عالم آپ کے قبضے میں ہے کیجئے کچھ تو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ مشکلیں خود راستہ دینے لگی جب زباں سے یہ کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ ربی ھبلی اُمتی کہتے رہے درد امت کا جو تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ فاطمہؓ کے لال نے گردن جو دی دین زندہ ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ چہرۂ انور تمہارا کیا کہوں کعبے کا کعبہ بنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ نام جسکا ہے حسینؓ عالی مقام لاڈلا ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کی چشم عنایت کیا ہوئی حادثوں کا سر جھکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ اک نظر رحمت بھری جب ڈال دی مکہ پھر مکہ بنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آقا سے پہلے یثرب نام تھا بعد میں طیبہ بنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ جب وسیلہ آپ کا میں دے دیا کام بگڑا بن گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آمینہ ماں، باپ عبداللّٰہ کو تم سا شہزادہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کے دشمن پے ہی نازل ہوا سورہ تبّت یدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ بوبکر سے سیر سے روکا اسے غار میں جو سانپ تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ مختصر میرا تعارف ہے یہی پنجتن کا ہوں گدا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ کا دیدار ہے دیدار حق   آپ رب سے کب جدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿27﴾ بوجہل کے ہاتھ میں کنکر جو تھے   چیخ کر سب نے کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿28﴾ اللہ اللہ اک اشارہ آپ کا   چاند دوٹکڑے ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿29﴾ آپ کا بس اک اشارہ دیکھ کر   شمس پلٹا آگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿30﴾ اپنا سب کچھ گنبد خضریٰ یہی ہے   جس پہ ہے کعبہ فدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿31﴾ مل رہا ہے ہم سبھی کو صبح و شام   صدقۂ غوث الوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿32﴾ ہند والوں کو عطا کر دیجئے   صدقۂ خواجہ پیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿33﴾ حق ادا کر ہی نہیں پاؤں گا میں   آپ کے احسان کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿34﴾ کیا حقیقت تھی شب معراج کی   کوئی بھی واقف نہ تھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿35﴾ رب نے اپنے نور سے پیدا کیا   نور ہی نورالھدیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿36﴾ آپ ہی ہیں ابتدا و انتہا   شاہد ہر دوسرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿37﴾ ہم سبھی کو آپ کے ہی فضل سے   دین کا رستہ ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿38﴾ سب نظر والوں کی نظروں میں سدا   آپ ہیں جلوہ نما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿39﴾ ڈائری کھولی گئی اعمال کی   جس میں تھا لکھا ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿40﴾ کامیابی آئے گی قدموں تلے   دل سے تم کہدو ذرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿41﴾ ہر پریشانی کا ہے بس ایک حل   وِردِ لب ہو مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿42﴾ مجھ کو ہے افسوس اس کا دیکھئے   کیوں مدینے سے میں آیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿43﴾ نعت کی کرنوں میں ہی چمکا ہوں میں   دل کا روشن ہے دیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿44﴾ کہتے کہتے رات دن نعت شریف   ہو رہا ہے رت جگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿45﴾ نامِ نامی آپ کا جپتا رہوں   بھاگ جائے ہر بلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿46﴾ اب میری امداد کو آجائے   یا حبیبِ کبریا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ میرے من کی آس ہے مولا علی
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ"

Courtesy: Dr. Syed Abdul Sahib Hyderabad Digitization eGangotri / Collection Peer Mohammad Qadri India

48﴿ ڈال دیجے حشر کے میدان میں　　مجھ پہ رحمت کی ردا یا مصطفٰی ﷺ
49﴿ میں سنہری جالیوں کو تھام کر　　رات بھر روتا رہا یا مصطفٰی ﷺ
50﴿ آپ کی مرضی میں ہے شامل سدا　　حق تعالٰی کی رضا یا مصطفٰی ﷺ
51﴿ بھول سے بھی بھول نہ پاؤنگا میں　　ربی ہبلی کی صدا یا مصطفٰی ﷺ
52﴿ آپ کی ہی پیروی کرتے ہیں سب　　جتنے بھی ہیں انبیا یا مصطفٰی ﷺ
53﴿ میں کبھی غفلت میں جاتا ہی نہیں　　دل پہ کندہ کر لیا یا مصطفٰی ﷺ
54﴿ آپ کی عظمت بیاں میں کیا کروں　　جب خدا خود ہے فدا یا مصطفٰی ﷺ
55﴿ جب کبھی پڑھتا ہوں میں نعت شریف　　وجد طاری ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
56﴿ آپ ہی ہیں آپ ہیں بس آپ ہیں　　لائقِ حمد و ثنا یا مصطفٰی ﷺ
57﴿ آپ کے دربار کا ہوں میں غلام　　ہو کرم اب برملا یا مصطفٰی ﷺ
58﴿ ہوگئی محفل میں آمد آپ کی　　مرحبا صلی علی یا مصطفٰی ﷺ
59﴿ میرے دل میں گونجتاہے یا رسول　　میرے لب پر ہے صدا یا مصطفٰی ﷺ
60﴿ ہونہیں سکتا کبھی مجھ پر اثر　　دشمنوں کے وارکا یا مصطفٰی ﷺ
61﴿ حشر تک تازہ رہے گا قلب میں　　کربلا کا واقعہ یا مصطفٰی ﷺ
62﴿ یا نبی امت پہ ہو نظر کرم　　حال کیسا ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
63﴿ کیا بگاڑیگا کوئی دشمن مرا　　آپ کا ہے آسرا یا مصطفٰی ﷺ
64﴿ نور والی ذاتِ اقدس آپ کی　　ہے لقب صدر العلی یا مصطفٰی ﷺ
65﴿ ہے شہنشاہ آپ کے در پر پڑے　　میں بھی ہوں ادنٰی گدا یا مصطفٰی ﷺ
66﴿ آپ کی مدحت بیاں ہم کیا کریں　　ہے قرآں مدح سرا یا مصطفٰی ﷺ
67﴿ اُس کی دنیا اُس کی عقبٰی اُس کا سب　　جو تمہارا ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
68﴿ حشر میں پوچھینگے کیا لایا ہے تو　　منہ اٹھا کر آگیا' یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿69﴾ دونوں عالم کے ہر اک بازار میں
آپ کا سکہ چلا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿70﴾ دل میں میرے بغض نہ آئے کبھی
دل ہو میرا آئینہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿71﴾ پوچھتا ہوں میں ہواؤں سے فقط
آپ کے در کا پتہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿72﴾ ہیں کرونا سے پریشاں ہم سبھی
سب کو ہوجائے شفا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿73﴾ سر کے بل میں آؤں گا طیبہ نگر
دیکھنے گنبد ہرا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿74﴾ اُمت عاصی کو مولی بخش دے
آپ کرتے ہیں دعا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿75﴾ ظلم سہتے ہی رہے حضرتِ بلال
پھر بھی لب پہ جاری تھا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿76﴾ بغض اہلِ بیت جس کے دل میں ہو
وہ جہنم میں جلا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿77﴾ ہو تکبر دور آئے عاجزی
ہم سبھی میں برملا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿78﴾ آپ سے میں آپ ہی کو مانگ کر
خوش رہا اچھا رہا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿79﴾ جس کو اہلِ بیت کا صدقہ ملا
وہ تونگر بن گیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿80﴾ آپ کا دیدار ہوجائے مجھے
کر رہا ہوں التجا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿81﴾ حشر کے میدان میں جاری رہے
وِردِ لب صلِّ علی یا مصطفیٰ ﷺ

﴿82﴾ جب حلیمہ گود میں لیکر چلیں
اونٹنی نے کہدیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿83﴾ کہتے ہیں کافر ابو طالب کو جو
ان پے لعنت ہو سدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿84﴾ دیکھنے والے مجھے مجنوں کہے
رات دن کہتا رہا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿85﴾ کافروں کے بیچ میں بھی آپ نے
لا الہ کی دی صدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿86﴾ قافلے طیبہ کو سارے چل دئیے
میں اکیلا رہ گیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿87﴾ روکنے ہمت ہے تو روکو مجھے
میں پڑھوں گا فاتحہ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿88﴾ تین سو تیرہ تھے جنگ بدر میں
ان سے خوش تھا خود خدا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿89﴾ تھے بہتّر کربلا کی جنگ میں ان سے رب راضی ہوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿90﴾ مکے میں آمد ہوئی جب آپ کی کعبے کا بھی سر جھکا یا مصطفٰی ﷺ

﴿91﴾ انبیاء میں سب سے پہلے آپ ہیں اور ختم الانبیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿92﴾ ہوگی جب محشر میں آمد آپ کی میری جانب دیکھنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿93﴾ وہ جہنم میں جلے گا حشر میں دین سے جو پھر گیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿94﴾ زلف ہے واللیل آقا آپ کی اور چہرہ والضحی یا مصطفٰی ﷺ

﴿95﴾ کھول دیجے میرے حق میں آج ہی نیکیوں کا راستہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿96﴾ آپ کے دربار میں چاروں طرف رحمتوں کی ہے گھٹا یا مصطفٰی ﷺ

﴿97﴾ وہ رہے گا جنت الفردوس میں دین سے جو جڑ گیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿98﴾ رب نے پوچھا، میں تمہارا رب نہیں سب کہے قالوا بلی یا مصطفٰی ﷺ

﴿99﴾ ہاتھ کو تکیہ کئے سوتے ہیں آپ بسترا ہے بوریا یا مصطفٰی ﷺ

﴿100﴾ آپ کی قربت میں دو زوجین تھیں وہ خدیجہ عائشہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿101﴾ بندہ پرور ذاتِ اقدس آپ کی آپ آقا میں گدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿102﴾ آپ کے، میں ہوں غلاموں کا غلام یا علی یا فاطمہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿103﴾ مانگتا ہوں جتنا بھی میں آپ سے دیتے ہیں اس سے سوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿104﴾ جب لعابِ دہن کا قطرہ گرا پانی میٹھا ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿105﴾ فتح مکہ جب کیا ہے آپ نے کافروں نے بھی کہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ پڑ گئی مجھ پر نظر جب آپ کی کیا تھا میں کیا بن گیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ روز ہی نادِ علی پڑھتا ہوں میں ٹل گئی سر سے بلا یا مصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ دن میں رب کا ذکر ہے اور رات کو نعت کا ہے مشغلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ آپ کے داماد ہیں مولا علی
اور دختر فاطمہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿110﴾ سب وبائیں سب بلائیں ختم شد
جس جگہ نعرہ لگایا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿111﴾ صدقے میں غوث الوری کے مل گیا
لااُبالی سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿112﴾ حضرتِ مشکل کشا غوث الوریٰ
آپ کا ہیں آئینہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿113﴾ لاج رکھ لیجے میری ہر حال میں
آپ سے ہے التجا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿114﴾ دل کی دنیا شاد ہے آباد ہے
آپ کا صدقہ ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿115﴾ رحمت للعالمیں ہیں آپ ہی
رب نے خود فرما دیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿116﴾ آپ کی نعلین کے صدقے کرم
ہو غلاموں پر صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿117﴾ پھر بلا لیجے شہا ہوں منتظر
دیکھنے گنبد ہرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿118﴾ آپ کے چہرے کو دیکھے جب عمر
دی شہادت کی صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿119﴾ میں کبھی غفلت میں جاتا ہی نہیں
دل پہ کندہ کر لیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿120﴾ کیا بگاڑیگا کوئی دشمن مرا
آپ کا ہے آسرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿121﴾ کیا حقیقت تھی شب معراج کی
کوئی بھی واقف نہ تھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿122﴾ زندگی میں مجھ کو جو کچھ بھی ملا
آپ کے صدقہ ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿123﴾ اک نظر رحمت بھری جب ڈال دی
مکہ پھر مکہ بنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿124﴾ میرے دل میں گونجتا ہے یا رسول
میرے لب پر ہے صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿125﴾ آی شانِ مقدس کیا کہوں
عقل سے ہے ماوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri
Collection of Mohammed Quadri

﴿ بدرؔ ﴾

نام :- سید بدر احمد

قلمی نام :- احمد بدر

تخلص :- بدرؔ

ولدیت :- سید سراج احمد

پیدائش :- 9-2-1960 مظفر پور (بہار)

تعلیم :- ایم۔اے (اردو و فارسی)

تصانیف :- ۱) آتنک (ہندی) 1977 ۲) غزل (اردو) 1977

۳) شمس البیان فی مصطلحات الہندوستان۔ ترجمہ (فارسی سے ہندی) 1998

۴) کہاں سے لوٹ آئے (سفرنامہ) 2012،

۵) حاصل مطالعہ (مضامین) 2013۔،

۶) اسرار الصلوٰۃ ورسالہ مرشدیہ ترجمہ (فارسی سے اردو) 2016

ایوارڈ/ انعامات :- غلام سرور ایوارڈ (بہار اردو اکیڈمی) 2014

آدھی ملاقات کے لئے :- شعبہ اردو کریم سٹی کالج، جمشید پور 831001، جھارکھنڈ

موبائیل نمبر :- 0091-9835505010

* * *

﴿1﴾ خیر کی ہر ابتدا یا مصطفٰی ﷺ
خوبیوں کی انتہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ دل کی دھڑک نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
دل کے کانوں نے سنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ اس جہاں میں آپ سا یا مصطفٰی ﷺ
ہم نے دیکھا نہ سُنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کے پَرتَو سے چمکی کائنات
آپ ہی نورِ خدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ چاند سورج کہکشاں جگنو چراغ
آپ سے پائے ضیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ کی رحمت کا ہے وہ مستحق   جس نے بھی کلمہ پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ کملی والے، آپ کو اللہ نے   یَا مُزَمِّلُ ہے کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ یَا مُدَثِّر کی ندا سے سرفراز   کون ہوگا دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ طٰہٰ و یٰسٓ ہے کس کا لقب؟   کس کا تحفہ هَلْ اَتٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ کس کی زلفوں کی قسم کھاتا ہے رب؟   کسکا چہرہ وَالضُّحٰی؟ یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ واسطے کس کے شب معراج میں   غیب کا پردہ ہٹا؟ یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ تاج، ختم الانبیا کا بالیقین   آپ ہی کے سر سجا، یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ ہی ہیں رَحْمَۃٌ لِّلعَالَمِیں   آپ سرتا پا عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ کا اخلاق ہی قرآن ہے   بولیں حضرت عائشہؓ یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ نے اللہ کی پہچان دی   آپ ہی ہیں حق نما یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ جس نے دیکھا صِدق دل سے آپ کو   ہوگیا وہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ جس نے دیکھا آنکھ بھر کر آپ کو   دیکھتا ہی رہ گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ ہم کو بھی اپنی محبت دیجئے   یا حبیب کبریا، یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کا دربار وہ دربار ہے   ایک ہیں شاہ و گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ کےصدقه میں شاہ وقت ہے   یہ فقیر بے نوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ اس جہاں میں آپ ہی کے فیض سے   دین کا ڈنکا بجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آرزو ہے جان نکلے تو رہوں   سبز گنبد دیکھتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ کاش میری قبر سے آتی رہے   رَبِّ سَلِّم کی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ آپ کو بھولے ہیں شاید اس لئے   ہم پہ ہے جور وجفا، یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ ہر طرف سے ہم پہ یورش رات دن   اور غم کا سامنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ ہوگیا دشمن زمانہ کس قدر   سخت ہے یہ مرحلہ ،یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آپ کے نقش قدم کو چھوڑ کر   ہو گئے بے دست پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ دل دہی کرنا رہا کس کا شعار؟   کس کی عادت بخشنایا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ محسنِ انسانیت کس کا لقب؟   آپ کا ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ اس فلک نے آج تک دیکھا نہیں   آپ جیسا پیشوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ اک نظر محشر میں ہم پر بھی رہے   صرف اتنی التجا ، یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ سب سے پیچھے آئے، لیکن آپ ہی   ہیں امام الانبیا ، یا مصطفٰی ﷺ

﴿33﴾ انبیاء آئے تو مکمل ہوگیا
”دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی“ ﷺ

﴿34﴾ سب نبی کرتے تھے اپنے دَور میں   آپ کا ہی تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ آئے تو مکمل ہوگیا   نامکمل دائرہ، یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ کی آمد سے قصرِ کفر میں   آگیا ہے زلزلہ، یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ بجھ گئے آتشکدے ایران کے   روم بھی تھرّا گیا،یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ منھ کے بل سب بت تھے فرش خاک پر   تھا یہ پہلا معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ بارہا دیکھا کہ مرضی آپ کی   ہوگئی رب کی رضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ آپ نے سوچا سو رب نے کردیا   یہ بھی دیکھا بارہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ یہ جو کعبہ اپنا قبلہ ہے ابھی   آپ کا تھا عندیہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی طاعت اطاعت رب کی ہے   ہے یہ رب کا فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ہم ہیں خوش قسمت کہ ہم کو بھی ملا   آپ ہی کا راستہ، یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ کاش ہوجائے کسی صورت سے بھی   کوئی دل کا رابطہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ ہر خوشی میں لب پہ آتا ہے دُرود   ہر مصیبت میں کہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿46﴾ جب کسی مشکل کی آہٹ سی ملی   دل نے چپکے سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ بھیجتا ہوں اول و آخر درود   سن لے رب میری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ آپ ہی کے واسطے سے کی دعاء   انبیاء نے بھی سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ ختم ہوگا آپ ہی کے نور سے   ظلمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ ہی کے لطف سے پائیں گے ہم   خلد کی ٹھنڈی ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ ہم گنہگاروں کو بخشش کے لئے   آپ ہی کا در ملا یا مُصطف ﷺ
﴿52﴾ آپ کو قران جیسا معجزہ   کردیا حق نے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ منہ سے نکلا تھا مبارک نامِ پاک   لے اُڑی اس کو ہَوا ، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ چاند دو ٹکرے ہوا یہ بول کر   آپ ہیں بَدرُالدُّجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ڈوبتا سورج بھی پلٹا بول کر   آپ ہیں شمس الضُّحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ کس کی خاطر گردش دوراں رکی   وقت کا پہیا تھما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ غار کے درباں کبوتر ہوگئے   جب بنایا گھونسلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ جب ہوئی مکڑی محافظ آپ کی   اس نے جالا بُن دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ مل گئی جس کو حمایت آپ کی   اس کا حامی رب ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ جو بھی بد قسمت ہے دشمن آپ کا   اس کا دشمن ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ جس نے بھی توہین کی ہے آپ کی   دین و دنیا سے گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ سر بڑے سے بھی بڑے شیطان کا   آپ کے آگے جھکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ سارے عالم میں فقط اک آپ ہیں   بے نواؤں کے نَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ کے دم سے مدینہ ہوگیا   سارے عالم سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ اپنی امت کے لئے سہتے رہے   ہر مصیبت ابتلا یا مُصطفٰی ﷺ

«66» اصلیت سے ذاتِ حق سبحان کی   آپ ہی ہیں آشنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«67» آپ کی تخلیق نوری جب ہوئی   تب خدا خالق ہُوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«68» وجہِ تخلیقِ دو عالم آپ ہیں   یعنی لَولَاکَ لَمَا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«69» آپ کی خاطر یہ ہفت افلاک کا   شامیانہ تن گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«70» آپ کی خاطر زمین و آسماں   دو قدم کا فاصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«71» کون ہوسکتا ہے؟ بس اک آپ ہیں   رب کے آگے لب کشا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«72» عرش سے جو لوٹ آیا ہو اسے   کیا فناہے کیا بقا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«73» "جھوٹ" بولے سب مگر معراج کو   بو بکرؓ نے 'سچ' کہا، یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«74» سن چکے قرآں جب حضرت عمرؓ   ان کو کہنا ہی پڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«75» مال و زر عثمان ذوالنورینؓ نے   آپ پر صدقہ کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«76» مرتضیٰؓ نے کی نماز عصر بھی   آپ کی خاطر قضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«77» رومی وحبشی، یمانی، فارسی   سب کا نعرہ ایک تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«78» تین سو تیرہ کے لب پر بدر میں   تھا فقط یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«79» جب اُحد میں آپ پر یلغار تھی   سب صحابی تھے فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«80» سب نے دیکھا وقتِ خندق آپ کے   پیٹ پر پتھر بندھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«81» سائلوں کو بُھوکے رہ کر بھی دیا   منبع جودُ و سخا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«82» آپِ دُر سے تھا فزوں اصحاب کو   خندۂ دنداں نما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«83» سارے عالم پر ہے شفقت آپ کی   مصدرِ لطف و عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«84» دیکھ کر سیکھی ہے سب نے آپ سے   عادتِ مہرو وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«85» آپ ہی سے ہم پہ ظاہر ہوسکا   معنیٔ صدق و صفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ آپ نہ آتے تو ہوتا یہ جہاں   شرک ہی میں مُبتلا، یا مصطفیٰ ﷺ
﴿87﴾ محترم خلوت نشینی آپ کی   ساکنِ غارِ حرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿88﴾ بھیجتا ہے آپ پر ہردم سلام   خالق ارض و سما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿89﴾ آپ جیسا کون ہے کونین میں   کیا ہما اور کیا شما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿90﴾ اک نظر ہم بے سہاروں پر بھی ہو   اے شہِ ہر دوسرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿91﴾ چاند اور سورج پہ بھی سکّہ چلے   ہر کوئی فرماں روا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿92﴾ آپ کے احکام کے تابع رہے   آگ پانی خاک ہَوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿93﴾ جانور فریاد کی خاطر گئے   عدل کا کیا مرتبہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿94﴾ اَسْتُنِ حَنَّانہُ رویا ہجر میں   جب بنا منبر بَنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿95﴾ کِنکری نے دی شہادت آپ کی   آپ کا کلمہ پڑھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿96﴾ آپ کے در کے غلام ابن غلام   جتنے بھی ہیں اولیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿97﴾ آپ ہی کی ذات با برکات سے   برکتوں کا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿98﴾ آپ ہی کے در سے ہرال دور میں   فیض کا دریا بہا، یا مصطفیٰ ﷺ
﴿99﴾ ساری مخلوقات ہے رحمت تلے   کون ہے اس سے بچا، یا مصطفیٰ ﷺ
﴿100﴾ آپ کی رحمت ہے بحرِ بیکراں   میرے عصیاں بُلبُلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿101﴾ آپ خود ہی سایہ ربِّ عظیم   آپ کا سایہ کجا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿102﴾ کیا کرے گا جس کے سر سے حشر میں   آپ کا دامن ہٹا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿103 ہر نفس کرتی رہے تو بھی ہے کم   آپ ہی کا شکریہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿104﴾ پڑھ سکوں ہر سانس پر پیہم درود   بس یہی ہو مشغلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿105﴾ وقت آجائے تو کردوں جاں نثار   ہے یہ دل میں ولولہ یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection of Mohammad Digitization eGangotri

﴿106﴾ عبدِ اول آپ ہیں اور آپ ہی   ہیں عبادت کی بِنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ آپ سے پہلے بھلا اللہ کی   کس نے کی حمد و ثنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ آپ نے سمجھا دیا مرنے کے بعد   زندگی کا فلسفہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ کھولتے ہو مرضئِ رب سے زباں   کس کا ایسا بولنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ عمر بھر رکھا سرِ تسلیم خَم   آپ راضی بر رضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ آپ ہی ہیں فضلِ حق سبحان سے   شافع روز جزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ آپ کے اقوال ہم سب کے لیے   مثلِ دُرِّ بے بہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ آپ کے افعال کی ہو روشنی   اور اپنا راستہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ آپ کو صادق امیں پرہیز گار   دشمنوں نے بھی کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ آپ کے اخلاق کا کردار کا   کفر نے کلمہ پڑھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ آپ کا ہی نام لیتے تھے رُسل   وقت جب بھی آپڑا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ آپ کے رتبے سے واقف نہیں   کیا ہے درجہ، مرتبہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ کارِ انسانی نہیں مدح رسول   کون انساں کرسکا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ نعت گوئی کی ہے جب اللہ نے   کیا بشر کرپائے گا، یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ سنت اللہِ ہے نعتِ مصطفیٰ   رسم کرتا ہوں ادا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ نام آجائے کہیں فہرست میں   اس لیے حاضر ہُوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ سن رکھا ہے نعت گو کو آپ نے   بخش دی اپنی رِدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ باریابی کے لیے ہوں منتظر   لے کے فکرِ نارسا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ سارے عالم پر ہے شفقت آپ کی   مصدرِ لطف و عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ بدرؔ کے اشعار بے مایہ سہی   دیدنی ہے حوصلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

برہانؔ

نام۔ صوفی شاہ محمد برہان الدین وارثی

تخلص۔ برہانؔ

ولدیت۔ محمد قادر الدین صاحب وارثیؒ

مقام پیدائش۔ کٹرپچور

شرف تلمذ۔ سید سرور عابدی

تعلیم۔ B.A۔ امبیڈکر اوپن یونیورسٹی اور M.A (اردو ڈسٹینس) مولانا آزاد یونیورسٹی حیدرآباد۔

پیشہ۔ نیم سرکاری ملازم (ریٹائرڈ)

آدھی ملاقات کے لئے۔

8-13-103/4/A۔ رشید کالونی
BACKSIDE NATIONAL HIGH SCHOOL, HASSAN NAGAR X ROAD
HYDERABAD - 500052, Telangana State
Mobile No: 0091-9395557793 -0091-7993757793

* * *

﴿1﴾ اُمتی ہوں آپ کا یا مصطفیٰ
کیوں نہ ہو سب کا بھلا یا مصطفیٰ

﴿2﴾ آپ آئے مصطفیٰ یا مصطفیٰ
کل جہاں روشن ہوا یا مصطفیٰ

﴿3﴾ آپ کی رحمت کا سایا مصطفیٰ
سارے عالم پر ہے چھایا مصطفیٰ

﴿4﴾ مل گیا نوع بشر کو آپ سے
زندگی کا حوصلہ یا مصطفیٰ

﴿5﴾ مرحبا سارے جگت پر چھا گئی
خوشبوئے غارِ حرا یا مصطفیٰ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammad Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«6» شافع محشر ہیں آقا مرحبا　　خوف پھر کس بات کا یا مصطفٰی ﷺ
«7» از حرا تا روضۂ اقدس تمام　　نور کا ہے سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
«8» آخرت اس کی بمثلِ ماہتاب　　آپ پر جو مر مٹا یا مصطفٰی ﷺ
«9» اک نگاہ لطف مجھ پر بھی ذرا　　میں بھی ہوں در پر کھڑا یا مصطفٰی ﷺ
«10» اک بوسہ آپ کے نعلین کا　　بادشاہی سے بڑا یا مصطفٰی ﷺ
«11» شان والا رحمت للعالمین　　میں سراپا پر خطا یا مصطفٰی ﷺ
«12» ارضِ طیبہ کی مبارک خاک بھی　　بن گئی خاکِ شفا یا مصطفٰی ﷺ
«13» آپ کی خاطر شبِ معراج میں　　گنبدِ بے در کھلا یا مصطفٰی ﷺ
«14» آپ کی آمد سے ہم کوشاہِ دیں　　خُلد کا رستہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
«15» آگئے آپ آگئے آپ آگئے　　زور ٹوٹا کفر کا یا مصطفٰی ﷺ
«16» آپ کو کوئی نہ جانا آج تک　　مرتبہ کس پر کُھلا یا مصطفٰی ﷺ
«17» کچھ کرم ہو آپ کے دربار کا　　خالی ہے کا سہ مرا یا مصطفٰی ﷺ
«18» لا الہ کا تحفہ کیا لائے ہیں آپ　　اک دبستاں کُھل گیا یا مصطفٰی ﷺ
«19» آپ نے بخشا، کرم ہے آپ کا　　ہند کو خواجہ پیا یا مصطفٰی ﷺ
«20» آپ کے دیدار کی خاطر شہا　　حشر کا میلہ لگا یا مصطفٰی ﷺ
«21» دیکھنا در پر بڑی امید سے　　میں بھی ہوں ٹھرا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
«22» جالیوں کے روبرو آتے ہی مَیں　　مست وبیخود ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
«23» میرے دل کی ہے صدا دائم یہی　　مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
«24» آپ جب تشریف لائے دھر میں　　خود خدا ظاہر ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
«25» جس پہ بھی عقدہ کھلا ہے آپ کا　　ہوش میں وہ کب رہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ ارضِ طیبہ کے نظارے کیا کہوں   گوشہ گوشہ خُلد کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آپ اگر دیکھیں نہ ہم کو تو شہا   کون دیکھے گا بھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ آپ نے اس کو سنوارا پیار سے   جو بھی ہے ٹوٹا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ میرا گھر قربان ہے تم پر شہا
“دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ”
﴿30﴾ بادشاہوں سے ہے بڑھکر بالیقین   آپ کے در کا گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ آپ کے بیمار کی بخت آوری   کون چاہے گا شفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ صبح دم طائر ترانے گاتے ہیں   نام لے کر آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ راہ طیبہ میں بڑے آرام سے   میں بھی ہوں بکھرا پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ عرش پر بھی آفریں صد آفریں   آپ کا ہے نقشِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ آپ کے ملبوس کی خوشبو سے ہے   گلستاں مہکا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ آپ کے سائے تلے میں جی رہا   آپ ہیں رحمت سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ ہر طرف ماحول ہے بگڑا ہوا   رحم کن بر حالِ ما یا مصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ نعت گوئی' اور آقا آپ کی   تو کجا و من کجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ نے ہم کو کیا رب آشنا   در کھلا عرفان کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ آپ کا دیوانہ دانا ہے حضور   حق کا ہے اس کو پتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ مجھ کو شاہا سبز گنبد کے قریں   دیجئے بس آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ جب سے عمرے کا ملا تحفہ مجھے   ہے نشہ ہی بس نشہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ واسطہ ہے سیدہ کا ہو کرم   ہر مصیبت ہو فنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کے ہمراہ جب ہوں چار یار   آسماں تکتا رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ آئینے کے سامنے تھا آئینہ   عکس بن کر کون تھا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammed Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ من رأنی کہہ دیا جب آپ نے   کھل گیا عقدہ کھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ یہ احد احمد کا بھی کیا رمز ہے   میم اک پردہ بنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿48﴾ فتح مکہ پرعجب نظّارہ تھا   عفو کا دریا بہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿49﴾ نام جس نے بھی لیا طوفان میں   وہ کنارے لگ گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿50﴾ رقص کرنا، وہ بنونجار کا   کیا سہانہ جشن تھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿51﴾ اونٹنی کو کس نے بتلایا بھلا   گھر ابوایوبؓ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿52﴾ ذوالفقارِ ہو ترابی چاہیئے   شورِ باطل اٹھ رہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿53﴾ علم کا دروازہ ہیں شیر خدا   آپ شیر حق نما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿54﴾ عبد و رب میں ربط کیا ہے باہمی   راز دیوہ میں کھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿55﴾ سہل ہو بہر کرم عاصی ہیں ہم   پل صراطی راستہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿56﴾ آپ ہی کے نورسے عالم بنا   نور اول مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿57﴾ ہر گھڑی وردِ دُرود پاک ہے   ہے یہی اک مشغلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿58﴾ روز و شب پڑھنا دُرودِ پاک کا   ہے عبادت بے ریا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿59﴾ ہم فدا ہیں آپ پر شاہ امم   آپ کا شیدا خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿60﴾ وقتِ آخر" جب بھی آئے گا میرا   آپ ہوں جلوہ نما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿61﴾ آپ کے گیسو شہا واللیل ہیں   اور چہرہ والضحیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿62﴾ آپ کے اخلاق کے ہے ماحصل   دینِ حق پُھولا پھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿63﴾ وقتِ رخصت میرے ہونٹوں پرر ہے   بس دُرودوں کی صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿64﴾ آپ کی یادیں عبادت بالضُّرور   عشق ہے آبِ بقا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿65﴾ ہیں صحابہؓ آپ کے اطراف سب   چاند کا ہالہ بنا یا مصطفیٰ ﷺ

(66) اللہ اللہ یہ تصرف مرحبا   چاند دو ٹکڑے ہوا یا مصطفٰی ﷺ
(67) اک اشارہ آپ کا جب ہو گیا   ڈوبا سورج آگیا یا مصطفٰی ﷺ
(68) دیکھ کر چہرہ مبارک آپ کا   پھول شرمندہ ہوا یا مصطفٰی ﷺ
(69) عاصیوں کو آپ کا روزِ حساب   آسرا ہے آسرا یا مصطفٰی ﷺ
(70) وہ یتیموں پر ترحم آپ کا   بھا گئی حق کو ادا یا مصطفٰی ﷺ
(71) آپ سے دو جہاں میں رنگ و بو   ورنہ سب ویران تھا یا مصطفٰی ﷺ
(72) ہے گزارش یا محمد ﷺ اتنی سی   میرے گھر آئیں ذرا یا مصطفٰی ﷺ
(73) نام پیارا کس قدر ہے آپ کا   لب پہ ہے صبح و مسا یا مصطفٰی ﷺ
(74) کیا حقیقی مرتبہ ہے آپ کا   کس نے جانا ہے بھلا یا مصطفٰی ﷺ
(75) آپ آتے ہی شفیع المذنبیں   در شفاعت کا کھلا یا مصطفٰی ﷺ
(76) کام عمدہ وقتِ ہجرت رب نے بھی   اک مکڑی سے لیا یا مصطفٰی ﷺ
(77) فتح مکہ پر معافی عام تھی   مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
(78) جب دُرودِ پاک کی محفل سجی   میرا گھر روشن ہوا یا مصطفٰی ﷺ
(79) ابر ہوتا آپ پر سایہ فگن   اور مہکا راستہ یا مصطفٰی ﷺ
(80) آپ کا عرفانؔ میں بھی پَا رہا   شاہِ وارثؒ کی عطا یا مصطفٰی ﷺ
(81) ہر ادا سبطین کی صد مرحبا   آپ کی ہی ہے ادا یا مصطفٰی ﷺ
(82) دین زندہ ہوگیا کونین میں   بر طفیل کربلا یا مصطفٰی ﷺ
(83) آپ رحمت ہیں سراپا شاہِ دیں   میں سراپا پُر خطا یا مصطفٰی ﷺ
(84) آپ کے در پر بلا لیجے حضور   کب سے ہوں پر تولتا یا مصطفٰی ﷺ
(85) آپ کے عینن ہیں یا ہیں گھر   یا نگینہ خلد کا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«86» ہم مریضانِ جہاں کے واسطے　　آپ کی یادیں شفا یا مصطفیٰ ﷺ

«87» اور کیا نعمت ہمیں اب چاہئیے　　آپ کا اُسوہ ملا یا مصطفیٰ ﷺ

«88» جب بھی سوچا آپ کے بارے میں تو　　اک نیا عقدہ کھلا یا مصطفیٰ ﷺ

«89» اک سعادت ہے یقینا یہ بھی اک　　لب پہ ہو صبح و مسا یا مصطفیٰ ﷺ

«90» یہ اذانوں میں تشہد آپ کا　　کان میں رس گھولنا یا مصطفیٰ ﷺ

«91» آپ ہی اول بھی ہیں آخر بھی　　نور کل ہے دائرہ یا مصطفیٰ ﷺ

«92» ہر دو عالم کو منور کر دیا　　جو دیا تم نے جلا یا مصطفیٰ ﷺ

«93» آپ کے غم میں فنا جو ہوگیا　　ہو گزیدہ ہو گیا یا مصطفیٰ ﷺ

«94» ہندمیں جسم کی نسبت سے میں　　جاں مدینے میں سدا یا مصطفیٰ ﷺ

«95» یہ تومیرے بخت کی معراج ہے　　میں ہُوا تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ

«96» آپ کے اطوار کا کیا ہو بیاں　　ہے جمالی ہر ادا یا مصطفیٰ ﷺ

«97» جب دُرودِ پاک لب پر آگیا　　دِل میں باغیچہ کھلا یا مصطفیٰ ﷺ

«98» ہو تصور میں مرے گنبد ہرا　　اور مدینے کی ہَوا یا مصطفیٰ ﷺ

«99» ہے یہ نذرانہ سوا سو شعر کا　　اک کرشمہ ہو گیا یا مصطفیٰ ﷺ

«100» آپ کے رخسارکو اِخلاص سے　　چاند ہے تکتا ہوا یا مصطفیٰ ﷺ

«101» آپ کی آمد پہ ابلیس لعین　　سر پٹکتا رہ گیا یا مصطفیٰ ﷺ

«102» آپ نے جب مسکرا دیا رات میں　　کمرہ روشن ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ

«103» دونوں عالم آپ کے زیر نگیں　　گھر میں ٹوٹا بوریا یا مصطفیٰ ﷺ

«104» تھی امامت آپ کی اسریٰ کی شب　　ہو امام الانبیاء یا مصطفیٰ ﷺ

«105» آپ کی محفل کا عالم کیا کہوں　　چاند تاروں کی سبھا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ مخزنِ علم الیقیں ہیں آپ ہی آگہی کا در کھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ ذاتِ والا پر بشر تنہا نہیں ذرہ ذرہ ہے فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ بولہب کو اس کی ہٹ دھرمی پہ ہی مل گیا تَبّت یدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ نارِ دوذخ اُس پہ ہے بیشک حرام آپ نے جس کو چھوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ کی ایماء پہ ہندوستان میں چشتیہ دیپک جلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ میرا مجھ میں کچھ نہیں ہے شاہِ دیں جو بھی ہے تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ کس قدر میٹھا محمد ﷺ نام ہے نام ہے ردِّ بلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ حشر کا میدان بھی ہو دیدنی سب کے لب پر ہو صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ آپ ہی مقصود ہیں ہر ایک کا آپ سے بٹتی وِلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ مجھ کو بھی کر دیجئے بھر کرم خوگر حمد و ثنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ مرضئ مولا کے مظہر آپ ہیں رب کو بھائی ہر ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ اور کیا درکار ہو شاہا مجھے آپ کا دامن ملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ روزِ محشر آپ کا سایہ ملے واسطہ حسینؓ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ اک یہی ارمان ہے بس میں رہوں حامل فقر و غنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ درپہ آنے کا ملے پروانہ اب ہجر کا غم چھا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ قبر میں رکھوں گا میری شوق سے دیجئے کچھ خاکِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ آپ کے آنے سے قرآں مل گیا نسخہ ہائے کیمیاء یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ حشر میں رکھنا بھرم شاہِ امم جامِ کوثر ہو عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ یہ کرم بھی آپ کا کچھ کم نہیں مل گئے عبداللہ شاہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ساتھ ہو برہانؔ کو بھر کرم خُلد میں حسنینؓ کا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pasha Sahib Hyderabad India Collection of Mohammad Quadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منتخب ز شعراء

پ

تعداد کلام (2)

تعداد اشعار (250)

پارسؔ

نام۔ تلک راج ٹلوانی ادبی نام۔ تلک راج پارسؔ
تخلص۔ پارسؔ ولدیت۔ لوک راج ٹلوانی
سنہ پیدائش۔ 23-01-1951
شرف تلمذ۔ محترم جناب مرحوم عبدالحی انجم صاحب
شاعری کا آغاز۔ 1975
تصانیف۔ (۱) پتے شور مچاتے ہیں (2002) (۲) تیرے لئے (2008)
(۳) زیر اشاعت (الف یا مصطفٰی)

ابتداء سے ہی شاعری کا شوق رہا، کیونکہ اردو زبان سے واقفیت اور مہارت حاصل تھی، بڑے بڑے مشاعروں میں کلام سنانے کا موقع ملا، علم عروض کے ماہر اساتذہ نے آپ کے کلام پر داد و دہش کی۔ زیادہ تر نعتیں لکھنے کا شوق ہے۔

آدھی ملاقات کے لئے:۔

لچھمی فارما، ماروتی، اسٹینڈرڈ شورم کے سامنے، عیپر ٹاون، جبلپور 482001 مدھیہ پردیش
Mobile No: 0091-9755185404

* * *

(1) آپ کا ہر معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
روشنی کا فلسفہ یا مصطفٰی ﷺ

(2) دیجئے مجھ کو دوا یا مصطفٰی ﷺ
تھوڑی سی خاکِ شفا یا مصطفٰی ﷺ

(3) کون کرتا ہے جفا یا مصطفٰی ﷺ
جانتا ہے سب خدا یا مصطفٰی ﷺ

(4) ہو گئی مجھ سے خطا یا مصطفٰی ﷺ
دیجئے مجھ کو سزا یا مصطفٰی ﷺ

(5) آپ کا ہر اک گدا یا مصطفٰی ﷺ
خوش ہوا لے کر عطا یا مصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ تیری امت کی وفا یا مصطفٰی   لے گی محشر میں صلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿7﴾ کلمہ پڑھنے آگیا یا مصطفٰی   دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿8﴾ مرحبا صلِ علی یا مصطفٰی
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی" ﷺ

﴿9﴾ ایک مکہ، ایک طیبہ سے چلا   زندگی کا فلسفہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿10﴾ حمد پڑھتا ہوں کوئی یا نعت میں   دل سکوں پانے لگا یا مصطفٰی ﷺ

﴿11﴾ آپ کا ہوں یا نواسے کا زمن   ایک سی آئی ہوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿12﴾ میری بیٹی نے چنا ہے خود بخود   فاطمہ کا راستہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿13﴾ اُمتی سے اُمتی کا رابطہ   بھائی جیسا ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿14﴾ ماں خدیجہ کی دعاؤں کے طفیل   سب کی بیٹی فاطمہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿15﴾ راستہ طوفاں نے ہم کو دے دیا   جب سفینے پر لکھا یا مصطفٰی ﷺ

﴿16﴾ کون ہے تیرا نبی پوچھا گیا   بے جھجھک میں نے کہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿17﴾ آپ کو اپنا وسیلہ مان کر   کر رہے ہیں سب دعا یا مصطفٰی ﷺ

﴿18﴾ میں کبھی بھوکا نہیں سویا حضور   آپ نے صدقہ دیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿19﴾ کر دیا تقسیم پوری خلق میں   رب سے تم نے جو لیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿20﴾ بچہ بچہ آپ کے پریوار کا   نور کا ہے سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿21﴾ آپ نے فرمایا جو بھی مستند   زندگی کا فلسفہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿22﴾ آپ کا اسم مبارک جب لیا   مشکلوں کا حل ملا یا مصطفٰی ﷺ

﴿23﴾ نور کی بوچھاڑ کرتے آئے آپ   چار سو پھیلی ضیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿24﴾ اہل باطل کے لئے جنجال ہے   کربلا کا راستہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿25﴾ روز کرتا ہوں ادا شکرِ خدا   نیند سے جب بھی اٹھا یا مصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Qadari eGangotri

«26» حشر میں ہر امتی خوش ہوگیا   جامِ کوثر جب پیا یا مصطفیٰ ﷺ
«27» سنگِ اسود کا اٹھا جب مسئلہ   کر دیا ہے فیصلہ یا مصطفیٰ ﷺ
«28» آپ جب معراج پہ جانے لگے   وقت کیسے تھم گیا یا مصطفیٰ ﷺ
«29» وہ سمجھتا ہے اشارے کی زباں   چاند کیسے شق ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
«30» آپ کا تھا حکم کیسے ٹالتا   پیڑ چل کر آگیا یا مصطفیٰ ﷺ
«31» خاکِ پا نے کر دیا ہے معجزہ   عرش پہ چھائی ضیا یا مصطفیٰ ﷺ
«32» فاطمہ کے عقد میں ہر اک نبی   ہر فرشتہ آگیا یا مصطفیٰ ﷺ
«33» جب شکم پر سنگ باندھا آپ نے   بھوک کو کیسا لگا یا مصطفیٰ ﷺ
«34» بوجھ جس کا لے گئے گھر تک حضور   بکتی ہے دشنام کیا یا مصطفیٰ ﷺ
«35» ہم نے سیکھا ہے قرآن کے شاہ سے   کیسے کرتے ہیں وفا یا مصطفیٰ ﷺ
«36» حضرتِ حسان اور دوسرے کعب   نعت کے دو نَو لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
«37» ثانئ زہرا نے جو خطبہ دیا   ہل گیا دل شام کا یا مصطفیٰ ﷺ
«38» چہرۂ اکبرؓ سے دنیا کو لگا   آگئے پھر مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
«39» حضرتِ عباس آئے تو لگا   آگئے پھر مرتضیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
«40» کھل گئی قسمت حلیمہ دائی کی   ان کے گھر جانا ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
«41» دیکھ لیں گے خود فرشتے رابطہ   میرے سینے پر لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
«42» آپ کے اصحاب ہیں یا آپ کے   نقشِ پا کا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
«43» ایک دن طیبہ میں رہنے سے لگا   جیسے جنت کی فضا یا مصطفیٰ ﷺ
«44» ظلم پرور سے ڈریں ہم کس لئے   دَور ہے یہ آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
«45» آپ کے ہر نام کا ذاکر ہوں میں   وقت بدلا یوں مِرا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India / Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

﴿46﴾ دیکھتا ہوں آپ کو میں خواب میں   یہ ہے قسمت کا لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ کی سنت پہ چلنے کے سبب   ہو گیا میں پارسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ نعت کہتا ہوں جو آقا رات دن   آپ سے ہے رابطہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ خوشبوئیں ہم کو ملی جس کے طفیل   وہ پسینہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ گر پسینہ آپ کا ہوتا نہیں   خوشبو ہوتی بے مزا یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ کٹ گیا ہوں ساری دنیا سے مگر   آپ سے ہے واسطہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ اب تری کملی کا سایہ مل گیا   جل رہا تھا تن مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ مفلسی قسمت میں لکھی تھی اگر   کیسے کرتا میں گلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ دھوپ محشر کی بہت ہی تیز ہے   سایہ کملی کا ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ کا پیغام میری نعت میں   سب کو ہی اچھا لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ روز کہتا ہوں میں آقا ایک نعت   روز ملتا ہے صلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ کا صدقہ ہیں یہ دونوں جہاں   رب نے کیسے کُن کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آپ کی آمد پہ دنیا بن گئی   ورنہ ہوتا بس خلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ آپ کے روضے پہ آکر بس دُرود   ہر فرشتے نے پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ آئیں بس امامت کیلئے   انبیاء کا دل ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آج طیبہ کی زیارت کے لئے   اذن آیا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آپ کی ہم کو غلامی مل گئی   آج سب کچھ مل گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ نعت کی محفل سجاؤں آج پھر   آپ آئیں مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ جب بھنور میں پھنس گئی کشتی مری   نام تیرا ہی لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آیتِ تطہیر آنے کا سبب   ام مومن عائشہ یا مصطفٰی ﷺ

(66) جو تقاضا آپ کا پورا کرے باوفا ہے باوفا یا مصطفٰی ﷺ
(67) حق ضرورت ہو گیا انسان کی چل پڑا یہ سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
(68) پیار سے دل دشمنوں کا جیتنا آپ کی ہے یہ ادا یا مصطفٰی ﷺ
(69) رو دیا میں جب بھی سجدے میں گیا مل گیا مجھ کو خدا یا مصطفٰی ﷺ
(70) چل رہا ہے یہ جہاں جو آج تک آپ کی ہے یہ دعا یا مصطفٰی ﷺ
(71) روشنی کی جستجو میں ہے جہاں آپ آئیں مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
(72) ذکر کرتا ہوں جو مل جاتا ہے پھل روز کا ہے سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
(73) سب کا دامن بھر دیا صدقات سے مہربانی مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
(74) آپ کے نقشِ قدم کی چاہ تھی مِل گیا وہ مِل گیا یا مصطفٰی ﷺ
(75) نعت میں ذکرِ حدیث پاک بھی میں نے کثرت سے کیا یا مصطفٰی ﷺ
(76) خواب چاہے خواب ہو سب کیلئے حق لگا یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
(77) یاد ہیں اقوال ہم کو آپ کے دل میں اک سورج اُگا یا مصطفٰی ﷺ
(78) آپ کے قدموں میں جب سے آگیا چھانتا ہوں خاکِ پا یا مصطفٰی ﷺ
(79) یہ کلامِ پاک کا اعزاز ہے میں نے دل میں لکھ لیا یا مصطفٰی ﷺ
(80) ریزہ ریزہ کوہ ہوجاتا مگر تیرے دل نے سہ لیا یا مصطفٰی ﷺ
(81) ایک نقطہ بھی نہیں ہے نام میں ہے محمد ﷺ میں ضیا یا مصطفٰی ﷺ
(82) اک محمد ﷺ ہے تو اک اللہ ہے پاک نقطے سے سدا یا مصطفٰی ﷺ
(83) آپ کے قدموں کی برکت سے ملا ہر دفینہ مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
(84) آپ کا ثانی ہیں ثانی نہیں مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
(85) حضرتِ صدیق کی نیکی عظیم جاں بچائی مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India / Collection Peer Mohammad Qadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ مکہ سے طیبہ تلک کی راہ پر　　نورجیسی ہے فضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ اُس سفینے میں ہمیں دے دیں جگہ　　آپ جس کے ناخدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ خوابِ غفلت میں جوسوئے امتی　　کیسے جاگے یہ بتا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ اک حدیثِ پاک میں ایسا سبق　　کیا ہے اچھا کیا برا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ زندگی کس کام کی رہ جائے گی　　جونہ سنت میں ڈھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ جو خدا کا رکھتا ہے ڈر وہ یہاں　　ہر برائی سے بچا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ خوش نصیبی ہے مری ایمان میں　　مل گیا ہے داخلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ جو ہدایت پر عمل کرتے نہیں　　کیا ہماری ہے سزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ نام کا وردِ مبارک پاک ہے　　لطف دیتا ہے سدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ مومنوں پہ ہے کرم اللہ کا　　عشق سے سب آشنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ کس قدر بے چین ہے ہر امتی　　آپ کے دیدار کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ آپ کی نسبت ہماری زندگی　　شکریہ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ دیتے ہیں جو بھی غریبوں کو زکوۃ　　اُس سے ملتی ہے بقا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ روز دیتی ہے دعائیں والدہ　　یہ ہے خدمت کا صلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ رات دن صلِ علی صلِ علی　　ہر نفس کی ہے صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ سب زمانوں کی طلب کرتے رہیں　　آپ پر ہُوں، میں فدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ بارہا امداد لینے مَیں گیا　　آپ نے صدقہ دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ آپ نے جس بات سے روکا ہمیں　　بارہا کی وہ خطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ جعفر طیار نے، عباس نے　　دین کو شانہ دیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ دولتِ اخلاق ہم کو دیجئے　　یا نبی یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿106﴾ بے زبانوں نے پڑھا کلمہ ترا   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ کتنے نبیوں کا یہاں آنا ہوا   صرف رب سے تو مِلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ رب نے جو تقدیر میں لکھا مری   آپ نے بدلا ہے کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ ہم ہدایت پر عمل کرتے ہوئے   کرتے ہیں تقوی سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ کر دیا خود کو حوالے آپ کے   اذن کردیں مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ اک مہم کی طرح کار نعت ہے   وہ ہے میرا دائرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ کرتا جو عثمان سے جب بھی طلب   سب خوشی سے دے دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ کی پیشن گوئی بھی حضور   فلسفہ ہے فلسفہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ خواب میں سننے گا مجھسے نعتِ پاک   التجا ہے التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ سارے نبیوں پر خدا نے آپ کو   فوقیت دی مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کے نعلین پا کو چوم کر   عرش چمکا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ نور کے پنڈال میں بیٹھے ہیں سب   آج محفل میں لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ آپ کو جس نے کیا پیدا وہ ہیں   کتنی افضل آمنہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کا دیدار کرنے کیلئے   ہوں مسافر طیبہ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ کو طائف نے زخمی جب کیا   آپ نے دی ہے دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ آپ کی سنت پہ چلنے کے سبب   ہو گیا میں پارسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ سب فرشتے چاہتے ہیں آپ کی   بس غلامی مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ مجھ کو پارس کردیا ہے آپ نے   نعت کا صدقہ دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ مجھ کو حیرت نعت گو پارس پہ ہے   یا خدا صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ جاگتے سوتے ہوں پارسؔ نعت گو   رحمتِ ہادی دعا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qudari Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

مرحوم پاشاہ صاحب کا کلام ان کے فرزند شمس الدین نے پیش کیا۔

﴿پاشاہ﴾

نام :- شیخ حسین عرف پاشاہ میاں (مرحوم)
تخلص :- پاشاہ
ولدیت :- شیخ احمد صاحب
مقام پیدائش : حیدرآباد
شاعری کا آغاز : - 2018ء
شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاابالی صاحب
پیشہ :- تجارت
مصرفیت :- میلاد خوانی (حیدرآباد کے سب سے قدیم میلاد خواں ہیں)
انتقال :- افسوس کہ بتاریخ 5/6/2020 کو انتقال ہوگیا۔

پیرومرشد و استاذ محترم ڈاکٹر سید عبد المھیمن قادری لاابالی نے نماز جنازہ پڑھائی

فرزندان سے آدھی ملاقات :- خلف مرحوم شیخ شمس الدین۔

Mobile: No 0091- 9030723763

* * *

﴿1﴾ منزلوں کا ذِکر کیا یا مصطفٰی ﷺ
راستوں نے بھی کہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کی نظرِ عطا یا مصطفٰی ﷺ
کیا ہے چھوٹا اور بڑا یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ دل نے جھک کر کہہ دیا یا مصطفٰی ﷺ
ہے یہی اک مشغلہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کا ہے مرتبہ یا مصطفٰی ﷺ
ہو امام الانبیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ کا ہوں آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
لاج رکھ لیجئے ذرا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ اور کتنا صبر میں کرتا رہوں   ہوگیا ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہوگا جب بھی حکمِ ربانی تو پھر   سب کو آئے گی قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ تھے صحابہ چار جانب آپ کے   کیا سہانا دَور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ ہے خدا کے بعد جو رتبہ کوئی   مرتبہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ رائج کیا تھا جو کبھی   آج تک ہے فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ جگمگاتا ہی رہے گا دہر تک   آپ نے جس کو چھوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ دشموں کے حق میں بھی پیارے نبی   آپ نے دی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ خوش نصیبی مجھ کو ایسے ہو عطا   میرے سر پر ہو ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ چودہ صدیوں سے برابر آج تک   چل رہا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ صحنِ طیبہ میں مچلتی جھومتی   دل کو بھاتی ہے ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ پار بیڑا ہورہے گا یا نبی   ہو ذرا سا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ دے رہا ہے درس مومن کو نیا   بدر کا وہ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ دشمنوں کو معاف کرنا سیّدی   آپ کا شیوہ رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ ہو دعائے مغفرت میرے لئے   میں گدائے ہوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ ہوں فنا جو آپ ہی کے عشق میں   ہے فنا میں ہی بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ روبرو جب ہوگئے معراج میں   خوش ہوا رب العلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ جب تصوّر مین مدینہ آگیا   دل نے پائی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ زندگی ہے زندگی وہ زندگی   آپ پر ہو جو فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ بے عمل بھی باعمل ہوتا گیا   آپ کا تھا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ دفن ہونے کے لۓ تھوڑی جگہ   ہو مدینہ میں عطا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(26) آپ جس کو مل گئے پیارے نبی ﷺ مل گیا اس کو خدا یا مصطفیٰ ﷺ

(27) میں بھی دیکھوں زندگی میں ایک بار شہرِ طیبہ کی ضیا یا مصطفیٰ ﷺ

(28) نام پڑھ کر اور سُن کر ہی مرا
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ ﷺ

(29) بجھ نہ پایا عشقِ احمد کا چراغ دل میں روشن ہی رہا یا مصطفیٰ ﷺ

(30) خوش ہے کتنا لمس پاکر آپ کا آج بھی غارِ حرا یا مصطفیٰ ﷺ

(31) چال ہے ڈھنگی جو طیبہ میں چلا کھا کے ٹھوکر گِر پڑا یا مصطفیٰ ﷺ

(32) جس کو کہتے ہیں سبھی طیبہ نگر وہ ہے رحمت سے بھرا یا مصطفیٰ ﷺ

(33) نورِ حق سے آج بھی جلتا ہے یہ کل بھی تھا روشن دیا یا مصطفیٰ ﷺ

(34) نام لے کر آپ کا نکلا جو مَیں خوف دل سے جا چکا یا مصطفیٰ ﷺ

(35) گھر میں ساماں کچھ نہیں میرے بچا آگئی عیدالضحیٰ یا مصطفیٰ ﷺ

(36) مرحبا یا مرحبا کی گونج تھی ہر فرشتے نہ کہا یا مصطفیٰ ﷺ

(37) آپ کے دربارِ اقدس کے سوا کیا ہے دنیا میں رکھا یا مصطفیٰ ﷺ

(38) نیکیوں کے کام بندہ جو کیا رب نے بخشی ہے جزا یا مصطفیٰ ﷺ

(39) بھول تھی شدت کی اور تھی پیاس بھی خونِ ناحق تب بہا یا مصطفیٰ ﷺ

(40) مشعلہ ہے اب مرے دل کا یہی آپ ہی کو سوچنا یا مصطفیٰ ﷺ

(41) پیڑ کی قسمت کا کھلنا دیکھئے وہ پھلوں سے ہے بھرا یا مصطفیٰ ﷺ

(42) جامِ کوثر آپ کے ہاتھوں ہی سے ہم کو بھی ہوا عطا یا مصطفیٰ ﷺ

(43) آپ کی امت کا حصّہ مَیں بنا شکریہ ہے شکریہ یا مصطفیٰ ﷺ

(44) پھر تصور سبز گنبد کا وہی دل میں آکر بس گیا یا مصطفیٰ ﷺ

(45) ہے گماں اللہ کو بھی آپ کا ہر عمل اچھا لگا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿46﴾ دور گھبراہٹ ہوئی دل سے مرے   سُن لیا نام آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ ہم بھٹکتے ہی نہیں اب در بدر   ایک ہے اپنا خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ پیاسی آنکھیں دید کی ہیں ملتجی   ہو میسّر اب دَوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ اب بُلا لو غم بہت ہیں ہند میں   آج تک ہوں مَیں پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ لب پہ میرے ہر گھڑی ہر اک پل   ورد ہے صلِّ علٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آپ سے امید رکھتا ہوں سدا   سر بسر مشکل کشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ خشک موسم میں دعا مانگی ہے جو   چھا گئی ہر سُو گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ نورِ اول آپ کو کہتے ہیں سب   ابتداء کی ابتدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ جو کیا وعدہ نبھایا آپ نے   آپ ہی سے ہے وفا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ ہی ہیں آپ ہی ہیں آپ ہی ہیں   کون میرا آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ دین پھیلے ہر طرف دنیا میں اب   کر رہا ہوں یہ دُعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ چار یاروں کی بدولت دیکھئے   گل عقیدت کا کھِلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ دینِ حق کے رہنما و راہبر   آپ ہی ہیں بر مَلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ کون ہے جو سن سکے جز آپ کے   مُلتجی کی التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ نور والی آنکھ پر قربان سب   دیکھنا بھی معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ ہے حدیثِ پاک جو دل میں مرے   سلسلہ در سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آپ کی آمد پہ خوش ہیں اُمتی   ہر کوئی ہے جھومتا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ بھول جاتا ہوں میں اپنے غم سبھی   دل لبھاتی ہے فضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ اپنی امت کے لیئے کی جو دعاء   ہو گیا سایہ گھنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ بس رہے وردِ زباں ہر اک گھڑی   مصطفٰی صلِّ علٰی یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudara Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ کے لائے ہوئے قرآن کی　　روشنی ہے بَر ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ کام آیا آخرت کے واسطے　　اشل ال بھی جب گِرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ نت نئے فتنے اُٹھے ہیں جگ میں آج　　ہوگیا ہے کیا سے کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ حشر میں درکار ہے سب کے لیئے　　کالی کملی کی ردا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ پڑھ کر آدمؑ ہو گئے حیرت زدہ　　عرش پر نام آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ نے سکھلایا ہم کو جو عمل　　بس وہی کام آئیگا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ کام وہ آئے گا رب کو بھی پسند　　آپ کی ہو گر رضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ نبیوں کی امامت جو کیئے　　خوش ہوئے سب انبیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ چٹکیوں میں آپ نے حل کردیا　　کتنا مشکل مرحلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ منہ کے بل شیطان خود ہی گِر پڑا　　ناز خود پر تھا بڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ مصطفٰی یا مصطفٰی کہتا ہے دل　　تم ہو دھڑکن کی ندا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ مجھ پہ بھی ہوجائے اب نظرِ کرم　　سب نے پائی ہے شفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ خوف کا عالم قیامت سی گھڑی　　لے کے آئی یہ وبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ سارے نبیوں میں لگے ہے منفرد　　مرتبوں میں مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ گنبد خضریٰ مجھے دکھلائیے　　آپ کا یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ آپ پہ قربان میری زندگی　　دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ جب درودِ پاک دل میں پڑھا لیا　　بھاگتی ہے ہر بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ میرے گھر میں کدوؤں کی بیل ہے　　رحمتوں کا سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ ہر طرف خوف کا ماحول اک　　کیسی چھائی ہے گھٹا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ یہ گدا ہے آپ کا بس آپ کا　　آپ کا ہے دیکھنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

«86» آپ بس اتنی دعا کردیجئے　　مجھ سے راضی ہو خدا یا مصطفٰی ﷺ
«87» آپ کی دھڑکن میں رب کی ہے ثناء　　رب رہے گا کب جدا یا مصطفٰی ﷺ
«88» آپ کی آمد ہوئی طیبہ میں جب　　چھا گی نوری فضا یا مصطفٰی ﷺ
«89» آپ کے ذریعہ سے پائے ہم سبھی　　تھا اثاثہ گم شدہ یا مصطفٰی ﷺ
«90» زندگی کو زندگی مل جائے اب　　ہو مرا ایماں ہرا یا مصطفٰی ﷺ
«91» فرش سارا جگمگانے لگ گیا　　مل گئ جب بادِ پا یا مصطفٰی ﷺ
«92» تذکرہ جب آپ کا سنتاہے یہ　　دل تڑپنے لگ گیا یا مصطفٰی ﷺ
«93» آپ کو حق نے دیا ہے مرتبہ　　ہو امام الانبیا یا مصطفٰی ﷺ
«94» خواب میں ہو دید محبوبِ خدا　　آج دل سے ہے دعاء یا مصطفٰی ﷺ
«95» چودہ صدیوں سے ہے جاری اب تلک　　روشنی کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
«96» آپ سے چِمٹی تو ہر سُو یا نبی　　راج کرتی ہے ردا یا مصطفٰی ﷺ
«97» دل نے میرے پالیا ہے یا نبی　　آپ کا اک آسرا یا مصطفٰی ﷺ
«98» میری قسمت میں بھی لکّھے رب یہی　　بخشوانا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«99» اُمتی کے واسطے ہیں آپ ہی　　ہر خوشی کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
«100» کام آئیں آپ کی قربانیاں　　دین کا ڈنکا بجا یا مصطفٰی ﷺ
«101» وہ امامت تھی مقدس کس قدر　　مقتدی تھے انبیا یا مصطفٰی ﷺ
«102» منزلوں کا ذِکر کیا یا مصطفٰی　　راستوں نے بھی کہا یا مصطفٰی ﷺ
«103» سیپیوں میں بند موتی نے کہا　　مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
«104» ذکرِ احمد ﷺ مل گیا تو مل گیا　　مِل گیا دارالشفا یا مصطفٰی ﷺ
«105» پھول سارے جَھڑ گئے اغیار کے　　دین کا جب گل کِھلا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Collection, Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«106» کی دعاء جب آپ نے اللہ سے ہوگئی حاصل رضا یا مصطفیٰ ﷺ
«107» جب پڑی تصویرِ خضریٰ پر نظر ہوگیا میں کیا سے کیا یا مصطفیٰ ﷺ
«108» خود خدائے پاک جس پر ہے فدا آپ کا چہرہ ضیا یا مصطفیٰ ﷺ
«109» یاد آئے آپ کی تھمتا ہی نہیں آنسوؤں کا سلسہ یا مصطفیٰ ﷺ
«110» جو تمہارے نام سے روش کیا بجھ نہ پایا وہ دیا یا مصطفیٰ ﷺ
«111» بھاگئی جبریل کو بھی یانبی نور والی وہ ادا یا مصطفیٰ ﷺ
«112» جب مدینہ یاد آیا ہے تو میرے بوجھ دل پے آپڑا یا مصطفیٰ ﷺ
«113» آ رہے ہیں وجد میں اعضاء مرے کہہ رہا ہے دل مرا یا مصطفیٰ ﷺ
«114» عاشقوں کے لب پہ رہتا ہے سدا روز و شب نام آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
«115» گنبدِ خضرا سے شاید مَس ہوئی ٹھنڈی ٹھنڈی ہے صبا یا مصطفیٰ ﷺ
«116» خاکِ طیبہ میں ہے ایسا کچھ اثر ہر مرض کی ہے دوا یا مصطفیٰ ﷺ
«117» اک اشارہ آپ کا ہوجائے گر متحد ہوں مسلمہ یا مصطفیٰ ﷺ
«118» آپ مہمان عرش کے پیارے نبی آپ محبوبِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
«119» لے لیا جب نامِ احمد ﷺ ٹل گئی شب اندھیر اور ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
«120» دھڑکنوں کا ذکر کیا پیارے نبی میری سانسیں ہیں فدا یا مصطفیٰ ﷺ
«121» لوگ جاکر آگئے حج کو مگر دل تڑپتا ہے مرا یا مصطفیٰ ﷺ
«122» آپ کی آمد کا موقع دیکھ کر قدسیوں نے بھی کہا یا مصطفیٰ ﷺ
«123» روزِ محشر لاج رکھ لیجے مری بس یہی ہے التجا یا مصطفیٰ ﷺ
«124» میں ثناخوانِ محمد ﷺ مصطفیٰ آپ کے صدقے بنا یا مصطفیٰ ﷺ
«125» شاد میں قسمت پہ ہوں پاشاہ میاں آپ ہی کا ہوں میں گدا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ت

تعداد کلام (1) تعداد اشعار (125)

﴾تنہاؔ﴿

نام :- محمد ضیاء الدین تنہا
تخلص :- تنہاؔ
پرانا نام :ا- مدھوسودھن سنگھ پارمار
ولدیت :- شیوبرن سنگھ پارمار
سنہ ومقام پیدائش:- 21-11-1973 ناگپور
تلمیذ :- اعجاز احمد اعجاز صاحب (مرحوم)، شبنم اصغر غضنفری صاحب
آغاز شاعری :- 2013
آدھی ملاقات کے لئے:- C/o محمود احمد ربّانی وارثی منزل کے سامنے، کٹرہ ادھارتال۔ جبلپور، ایم پی۔ الھند
CHANDAMETA, DIST- CHINWARA (M.P)
موبائیل نمبر :- 0091-8305686772

* * *

﴾1﴿ سر سے طوفان ٹل گیا یا مصطفٰیﷺ
آپ سے جب کی دعا یا مصطفٰیﷺ

﴾2﴿ آپ سے ہے التجا یا مصطفٰیﷺ
کیجئے سب کا بھلا یا مصطفٰیﷺ

﴾3﴿ آپ فخرِ انبیاء یا مصطفٰیﷺ
آپ ہی نورِ خدا یا مصطفٰیﷺ

﴾4﴿ جس پہ شیدا ہے خدا یا مصطفٰیﷺ
حُسن ہے وہ آپ کا یا مصطفٰیﷺ

﴾5﴿ آپ نے بُلوا لیا یا مصطفٰیﷺ
میں مدینہ آ رہا یا مصطفٰیﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pe... Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri
Collection ... Sahib Quadri

«6» ہم نے جب جب کی دعا یا مصطفٰی   آپ کا صدقہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
«7» آپ کا رتبہ بڑا یا مصطفٰی   آپ محبوبِ خدایا مصطفٰی ﷺ
«8» مل رہا ہے اور ملے گا حشر تک   نعت گوئی کا سِلا یا مصطفٰی ﷺ
«9» مانگنے آیا ہوں میں دل کا سکوں   کیجئے مجھ کو عطا یا مصطفٰی ﷺ
«10» دیکھ کر یوسف بھی ہوجائیں فِدا   حُسن ایسا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«11» بس توجّہ آپ کی ملتی رہے   ہم لگائیں گے صدایا مصطفٰی ﷺ
«12» کیا توقع غیر سے کیسی غرض   آپ کی بس ہو رضا یا مصطفٰی ﷺ
«13» آپ آجانا مری امداد کو   آئے جب مجھ کو قضا یا مصطفٰی ﷺ
«14» سچ ہُوا ہے اور سچ ہوگا سدا   آپ نے جو کچھ کہا یا مصطفٰی ﷺ
«15» ہیں صحابہؓ آپ کے سب سے جُدا   کردیا سب کچھ فدایا مصطفٰی ﷺ
«16» کوئی مانے یا نہ مانے یہ جہاں   آپ کے صدقے پر پَلایا مصطفٰی ﷺ
«17» میرے جو قَلب و نظر میں نور ہے   آپ ہی کی ہے ضیا یا مصطفٰی ﷺ
«18» ہم کریں تمری ثنا تو کی عجب   ہے خدا محوِ ثنا یا مصطفٰی ﷺ
«19» میری ہر اک سانس میں تیرا بھَجن   ہر نفس نوریہ ہوا یا مصطفٰی ﷺ
«20» بعدِ محشر بھی غلامی میں رہوں   ہے مرے دل کی صدایا مصطفٰی ﷺ
«21» وقت کےسلطن سے بڑھ کر لگے   آپ کے در کا گدا یا مصطفٰی ﷺ
«22» مرتبہ اُس کا یقیناً ہے بڑا   جو ہوا تم پر فنا یا مصطفٰی ﷺ

«23» رب کی ہے توفیق مصرع مل گیا
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ"

«24» آپ کی آمد ہوئی کیا دہر میں   نور کی پھیلی ضیا یا مصطفٰی ﷺ
«25» ہم غریبوں کی صدا سنتا ہے کون   آپ ہی کے ماسوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ اپنے قدموں میں جگہ دینا ہمیں ہے غلاموں کی صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿27﴾ رب نے فرمایا کہ تم محبوب ہو کون ہے تم سا بھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿28﴾ صوفیوں کے دل سے آتی ہے صدا مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿29﴾ یاد آیا جب کبھی بھی کربلا اشک آنکھوں سے گرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿30﴾ سب کی سُنتے ہو زرامجھ پر کرم سُن لو میری التجا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿31﴾ مجرموں میں نام جب آئے مرا پیشِ حق کرنا دَیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿32﴾ آپ کا گھر میں مرے نعرہ لگا آنہ پائے گی بَلایا مصطفیٰ ﷺ
﴿33﴾ آپ سے مل کر خدا مل جائیگا چل گیا مجھکو پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿34﴾ صدقے میں حَسنینؓ کے کرنا کرم بخش دینا ہر خَطایا مصطفیٰ ﷺ
﴿35﴾ بسی یہی پہچان محشر میں رہے آپ آقا میں گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿36﴾ ایسادن ہم کو نہ دِکھلائے خدا آپ ہوجائیں خفا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿37﴾ دل کے سارے ہی بتوں کو توڑ کر میں نے بس تم کو رکھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿38﴾ ہم نے دل کو اور روشن کرلیا دل ہی دل میں جب کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿39﴾ آئی مشکل اور مشکل میں پھنسی جب کہا مشکل کشا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿40﴾ زندگی بے خوف میری ہوگئی آپ کا در کیا ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿41﴾ بلیقین جنّت میں داخل ہوگا وہ ہوگیا جو آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿42﴾ اُس سے دنیا میں خدا راضی ہوا آپ جو رہ پر چلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿43﴾ لوگ بولے مرحبا صد مرحبا شعر جب میں نے پڑھایا مصطفیٰ ﷺ
﴿44﴾ عشق کی خوشبو سے مہکا ہے قلم نعت جب میں لکھ نے لگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿45﴾ آپ کی سیرت کو جب میں نے سُنا جھوم کر دل نے کہایا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Momin Saheb Qadri - Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«46» وہ دُعا رَد ہی نہیں ہوتی کبھی جس میں تمرا واسطہ یا مصطفٰی ﷺ
«47» آپ کا کردار ہے اعلیٰ بہت ناز کرتا ہے خدا یا مصطفٰی ﷺ
«48» اگلا پچھلا جو بھی کچھ پوچھا گیا غیب تم سب نے کہا یا مصطفٰی ﷺ
«49» نَزع کے لمحے مرا رکھنا بھَرم دین پر ہو خاتمہ یا مصطفٰی ﷺ
«50» کیجئے امداد اُمّت کی حضور حال ہے اِسکا بُرایا مصطفٰی ﷺ
«51» ہے بڑی چاہت کہ طیبہؔ آؤں میں ہو مجھے صدقہ عطایا مصطفٰی ﷺ
«52» آپ کا دشمن وہ نہیں ' مولا کا ہے وہ جو عَدُو تمرا بنا یا مصطفٰی ﷺ
«53» شُکر ہے اللہ کا احسان ہے آپ کا دامن مِلایا مصطفٰی ﷺ
«54» یہ اماموں کی امامت مرحبا روشنی کاسِلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
«55» ہے نتیجہ آپ کی محنت کا یہ دیں کامل ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
«56» فرش سے عرشِ بریں تک تھی صدا مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی ﷺ
«57» بس یہی ہے التجا مُحسن مرے ہاتھ سرپر آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«58» آپ سے قائم یہی کُل کا وجود آپ سے دل دل بنا یا مصطفٰی ﷺ
«59» میں تو اِس قابل نہ تھا مولٰی مرے آپ نے اپنا لیا یا مصطفٰی ﷺ
«60» آپ نے خورشید پلٹایا نبی آپ ہیں شمس الضحٰی یا مصطفٰی ﷺ
«61» اک اشارے سے کِیا ہے چاند شَق آپ ہیں بدرالدّجیٰ یا مصطفٰی ﷺ
«62» مشکلون میں کام آتا ہے سَدا ال وسیلہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«63» وہ ہے ربِّ العالمیں ربِّ کریم تم حبیبِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
«64» ہیں مقدّر کے دھنی حضرت اویسؓ آپ نے جو دی قبا یا مصطفٰی ﷺ
«65» ہیں پسندیدہ جگہ جو آپ کی اُن میں ہے غارِ حِرایا مصطفٰی ﷺ

﴾66﴿ جس نے دیکھا' دیکھتا ہی رہ گیا   حُسن وہ ہے آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾67﴿ رونقِ ارض و سما بس آ پ ہیں   جا بجا سب نے کہایا مصطفٰی ﷺ
﴾68﴿ دیکھ کر مہر نبوّت بولے سب   تم رسولِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
﴾69﴿ کوفیوں میں ہم گھِرے ہیں المدد   واسطہ حَسنین ؓ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾70﴿ نور اک معراج میں دونوں طرف   تم خدا کا آینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴾71﴿ تم سے الفت کتنی کرتا ہے خدا   یہ خدا ہی جانتا یا مصطفٰی ﷺ
﴾72﴿ جس کی الفت میں بنی ہے کائنات   وہ ہے جلوہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴾73﴿ قادری چشتی نظامی وارثی   آپ کی سب پہ ہے عطایا مصطفٰی ﷺ
﴾74﴿ جاری ہے آٹھوں پہر اس دہر میں   آپ کاہی تذکرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴾75﴿ ہے خدائے پاک کو پیاری بہت   آپ کی ہر اک ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴾76﴿ آپ کی یادوں میں رہتا ہوں مگن   ہے یہ میرا مشغلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴾77﴿ جوبھی روتا آیا وہ ہنستا گیا   وہ کرم تم نے کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴾78﴿ دی معافی آپ نے دشمن کو بھی   فتح مکّہ جب کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴾79﴿ جو ہوا دنیا میں اور جو ہوگا اب   آپکو ہے سب پتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴾80﴿ آپ کا دیکھا ہے ایسا بھی کرم   بدلا قسمت کا لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴾81﴿ ہے تصوّر میں مدینے کی گلی   اور میں اِس میں گُم ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴾82﴿ ہے محبت میں محمد ﷺ نام سے   نام یہ دل پر لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴾83﴿ عشق کے اداب سے انجان تھا   آپ سے بس ہوگیایا مصطفٰی ﷺ
﴾84﴿ میں بھی کُھو جاؤں تمہارے عشق میں   ایسی ہومجھ پر عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴾85﴿ ہے زمیں و آسماں سب آپ کے   آپ کا ہے جب خدایا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

«86» حکم جس دم ہوگیا ہے آپ کا   پیڑ چل کر آگیا یا مصطفٰی ﷺ
«87» جس پہ چل کر مل گیا مجھ کو خدا   آپ کا وہ راستہ یا مصطفٰی ﷺ
«88» ہے نبی کا نام ہونٹوں پر مرے   دل بھی دیتا ہے صدا یا مصطفٰی ﷺ
«89» شاہ عبداللّٰہ کے دربار سے   آپ کا ہے صدقہ ملا یا مصطفٰی ﷺ
«90» تا ابد جلتا رہے گا نار میں   جو یہاں تم سے جَلَا یا مصطفٰی ﷺ
«91» لاکھ ہو سارا جہاں مجھ سے خفا   تم نہ ہونا بس خفا یا مصطفٰی ﷺ
«92» آپ کی چشم کرم درکار ہے   ہُوں مصیبت میں گھرایا مصطفٰی ﷺ
«93» آپ کا ملنا بڑا اچھا رہا   مل گیا مجھ کو خدایا مصطفٰی ﷺ
«94» ہم گنہکاروں کو روز حشر میں   آپکا ہے آسرا یا مصطفٰی ﷺ
«95» یا محمد ﷺ المدد جب جب کہا   ٹل گی سر سے بَلایا مصطفٰی ﷺ
«96» جو مسلماں ہیں یہاں بھٹکے ہوئے   اُنکو سیدھی رہِ عطا یا مصطفٰی ﷺ
«97» مالکِ ارض و سما ہے وہ خُدا   آپ ہیں اُس کا پتہ یا مصطفٰی ﷺ
«98» جانور بھی اُس کا کہنا مانتے   جو ہے عاشق آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«99» جو آٹل حق کی لگاتا تھا صدا   وہ تھا عاشق آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«100» وہ دُعا مقبول جس میں ہو سدا   واسطہ بس آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«101» مانگتا ہوں میں خدا سے ہر دُعا   دے کے تورا واسطہ یا مصطفٰی ﷺ
«102» پھینک کر شمشیر بولے یہ عمرؓ   دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
«103» دوجہاں کی زندگی وہ پاگیا   جو ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ
«104» جس نے طوفاں میں پکارا آپ کو   اسکو ساحل مل گیا یا مصطفٰی ﷺ
«105» جب پکارا رحمتُ للعالمیں   چھائی رحمت کی گھٹا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri / Collection Peer Sahib Hyderabad

﴿106﴾ آبرو جس نے بچائی دین کی   وہ نواسہ آپکا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ رحمت العالمیں اک آپ ہیں   آپ شاہِ انبیاء یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ اپنی نگرانی میں رکھنا تم سدا   میرے دل کی ہے دُعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ تم حبیبِ کبریا فخرِ جہاں   ناز ہے تم پر بڑایا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ سے اور کیا مانگوں گا میں   مل گیا مجھ کو خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ دو جہاں کی نعمتیں مَیں پا گیا   آپکی ایسی عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ہم گنہ گاروں کو روضہ کا ادب   قائدہ کیسے پتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ رکھ لینا ہماری آبرو   رب کا جب ہو سامنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ نعمتیں وہ پالیا ہیں دربار سے   یاد کرتا ہے گدایا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ مجھ کو امیدوں سے بڑھ کر مل گیا   کسقدر تم نے دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ ہیں ستاروں کی طرح پیوند بھی   آپ کی ہے وہ قبا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ آپ کی امت پہ ہے ظلم و ستم   ہوگئی اب انتہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ غیر کی چوکھٹ پہ جاؤں کس لئے   ہے کرم جب آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ گھر کے سارے ہی بتوں کو توڑ کر   آپ کا میں ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ تو مہکے ہوئے ہو تا ازل   ہم کو بھی مہکا دیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ ہے زمیں سے آسماں تل یا خدا   آپکا ہی دَبدبہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ہو گیا سارا یہ عالم بھی باادب   آپ جب ائے شہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ آپ کا احسان ہم پر بالیقیں   اپنی امّت میں لیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ سیّد سجّاد پاشا قادری ہے   ہے تمہار لاڈلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ تج چُکا ہے خاندان کو یہاں   اب ہے تنہا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Quadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضبز شعراء

ث

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

ثقلینؔ

نام۔ سید محمد ثقلینؔ
تخلص۔ ثقلینؔ

ولدیت۔ سید نصرت علی مرحوم

پیدائش۔ 17-06-1955

شرف تلمذ۔ محترم جناب طالبؔ رامپوری صاحب

تعلیم۔ ایم۔اے (روڑکی) ائی۔ٹی۔آئی معلم کا امتحان (جامعہ ملیہ علی گڑھ)

تصنیف۔ ''ادھوراپن'' (2012)

آدھی ملاقات کے لئے۔

14 EHBAAB NAGAR JAWALAPUR
HARIDWAR UTTRAKHAND. INDIA.
Mobile No: 0091-9997477330, 0091-9639125945

* * *

﴿1﴾ آپ شانِ کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تاجدارِ منتہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ آپ کی کیا استوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ممدوحِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ پھر دکھادو معجزہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دین کی ہو ارتقا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ سے ہے ابتداء یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فضلِ حق کی انتہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ آپ محبوبِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں رب کی رضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ   آپ ہیں نورالہدیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿7﴾ ہو عبادت میں مزا یا مصطفیٰ   آپ جب ہوں مقتدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿8﴾ دونوں عالم کی رضا یا مصطفیٰ   زندگی کا مدعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿9﴾ ہوں سراپا میں خطا یا مصطفیٰ   جلد ہو وعدہ وفا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿10﴾ ہو عروج فن عطا یا مصطفیٰ   کر سکوں کچھ حق ادا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿11﴾ آپ کی الفت بنا پیارے نبی   زندگی ہے اک سزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿12﴾ منصبِ تقسیم کے مختار ہو   جو تمہیں بخشا گیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿13﴾ بلبلیں چہکیں، چمن بھی کھل اٹھے   آپ کی سن کے صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿14﴾ کیوں نہ شرمائے بھلا یہ چاندنی   ہے اُجالا آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿15﴾ آپ نے دکھلائی راہِ مستقیم   آپ سچے رہنما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿16﴾ نعت کہنے کو اٹھایا جب قلم   خودبخود لکھنے لگا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿17﴾ ہے ثنا خوانِ محمد ﷺ میرا دل   یہ بھی ہے ذکرِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿18﴾ اک ولی کے درپہ لایا ہوں یہاں   نعتِ احمد مجتبیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿19﴾ اے خداوندا جہاں منظور ہو   نعت گوئی کی ادا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿20﴾ ہر چمن کی ہر کلی کے پھول کے   لب پہ آئی ہے صدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿21﴾ اور کو ہوگا کسی کا ہم کو ہے   پنجتن کا آسرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿22﴾ حامی و عاصی فقط اک آپ ہیں   شافعِ روز جزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿23﴾ آپ کے بخشے ہوئے ہر ساز میں   ہے صدائے جاں فزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿24﴾ آپ ہی ہو رحمت للعالمین   آپ ہی خیرالوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿25﴾ احد و احمد میں ہے پردہ میم کا   راز ہے یہ برملا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿26﴾ چلنے مانا آپ کو رب نہ کہوں　　ہو کہاں رب سے جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ جس جگہ ہوتا ہے آقا کا میلاد　　نور برسے اس جگہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ جب اشارہ آپ نے فرما دیا　　تب کہیں برسی گھٹا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ یہ سنا ہے مومنوں کے واسطے　　خاص ہے روزِ جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ کیسے آؤں آپ کے دربار میں　　ہُوں جہاں میں مَیں برا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ ڈالدو میرے گناہوں پر کبھی　　کالی کملی کی قبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ پوچھتے ہیں ہم سے اب اغیار بھی　　آپ کے درکا پتہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ کجکلاہَوں کا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے　　آستاں پر سر جھکا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ مسجدِ نبوی میں آؤں کس طرح　　ہوں گناہوں میں گِھرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ وقتِ مشکل ہے کرم فرمائیے　　آپ کا ہے آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ کشتئ عصیاں ڈوبا سکتی نہیں　　آپ ہیں جب ناخدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ ہند میں تا عمرجن سے کی وفا　　ہیں وہی مجھ خفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ ملک میں اپنے مری تقدیر میں　　کون جانے کیا لکھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ ہرطرف ظلم وستم کے خوف سے　　اٹھ رہی ہے بس صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ بیشتر جنگ بدر میں آپ کا　　مختصر تھا قافلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ جب مدد اللہ کی آئی وہاں　　پرچمِ دشمن اُڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ تین سوتیرہ ہزاروں کے لئے　　بن گئے سب کی قضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ عاشقوں کی خاص اک فہرست میں　　نام ہو شامل مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ ہر نبی سے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالا تر　　آپ کا ہے مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ آپ کا پیغام ہی شام و سحر　　لائی ہے بادِ صبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«46» خرد کی وسعت کہاں ہے اسقدر   جو کرے تمری ثنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«47» شاعری کیسے کروں میں یا نبی   دو طریقت کی ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«48» حضرتِ آدمؑ کو منزل مل گئی   آسماں پہ جب پڑھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«49» آپ سے اوپر تو کائنات میں   ہے خدا کا مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«50» منزل ایمان دکھلا دیجئے   ہوں بھٹکتا پھر رہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«51» ہم غلاموں کی فقیری شان ہے   ہم رہیں گے با وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«52» تم نے ویرانے کو جنت کر دیا   گل محبت کا کھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«53» روضہ اطہر کی جانب ہر طرف   ہے فرشتوں کی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«54» آپ چاہیں تو مریضِ موت کو   فضلِ رب سے ہو شفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«55» آپ سے بڑھ کر رسالت میں کہاں   ہے کسی کا مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«56» آپ کی امت گناہوں میں یہاں   ہے یقینا مبتلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«57» لو بچا فرقہ پرستی سے ہمیں   ہے خدا کا واسطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«58» سب کے سینوں میں عداوت آگئی   کس سے رکھیں رابطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«59» کیا تباہی اس صدی میں آگئی   کس سے رکھیں رابطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«60» ہر دیا انسانیت کے دَور کا   جوبھی روشن تھا بجھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«61» پیر و مرشد کا میرے اجداد کا   آپ تلک ہے سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«62» وِردہو دل سے حُسینؓ و یاحَسنؓ   فاطمہؓ یا مرتضیٰؓ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«63» ہر ولی سے آشنا ہو جائے گا   آپ کے در کا گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«64» ہر وسیلہ آپ کا محتاج ہے   سن لو ہر دل کی دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«65» ہیں مسلماں سب ہی کلمہ کے شریک   پھر کریں کس کا گلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qadri

﴿66﴾ آپ نے کتنے برس کا طے کیا   ایک پل میں فاصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ خوشبوئے اطہر سے جب ساتوں فلک   ہوگئے تھے خوشنما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ نورِ مولا نورحق سے جا ملا   نور دو بالا ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ سامنا مولا کا مولا سے ہوا   رازسے پردہ اٹھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ رب نے ہی پردہ اٹھا یا نورکا   پھرکہا صلی علی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ دین کی عظمت بچانے کے لئے   آپ نے مانگی دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ جب گئے عرش معلی پر نبی   چاند تاروں نے کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ مسجدِاقصی سے لیکرعرش تک   تھی صدائے مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ کے آنے کی جب پائی خبر   حور و غلماں نے کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ جن و انساں کیاچرند و کیاپرند   کہہ رہے تھے مرحبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ میرے مولا آپ فرما دیجئے   قافلہ کس کا لٹا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ جب بھی آتا ہے محرم کا ہلال   یاد آیا کربلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آخری خطبہ میں اہلِ بیت کو   تم نے ہادی کہہ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ جب خیال آیا نمازِ عشق میں   ہوں تم ہی کو دیکھتا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ جب سے آیا ہے شعور بندگی   ہو رہا سجدہ ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ بے اثر جنکی نمازیں ہیں انہیں   اب دکھا دو آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ آئینہ گر' آئینہ بھی آپ ہیں   آئینہ کی ہو جلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ سے اوپر تو کائنات میں   ہے خداکا مرتبہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ آپ نے پردہ کیا دنیا سے جب   جونہ چاہا وہ ہُوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ آپ ہی فرمائیے اس دور میں   کیا برا ہے کیا بھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheemin Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ آپ سے امید ہے کہ ایک دن سن ہی لوگے التجا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿87﴾ آپ کی امت گناہوں سے گھری کیا کرے گی سامنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿88﴾ گرکوئی مقبول ہو میرا عمل آپ دے دیجے صلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿89﴾ جب تلک نادم رہا اعمال پر سرنہ سجدے سے اٹھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿90﴾ نورِ ایمان سے یقینا میرا دل خوب ہے پُھولا پَھلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿91﴾ خواب میں صورت مجھے دکھلائیے تشنہ ہوں دیدار کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿92﴾ آپ منزل آپ ہی ہیں راہ بر آپ ہی ہیں پیشوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿93﴾ زندگی میں گرنہ ہو عشقِ نبی ہے جہاں میں کیا مزا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿94﴾ ہے اطاعت آپ کی، اللہ کی رب نے قراں میں کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿95﴾ ہے کلامِ پاک فرمانِ خدا لوحِ اعظم پہ لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿96﴾ کلمۂ توحید آدم نے سنا پھر پڑھا بے ساختہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿97﴾ میری غفلت میری کوتاہی خطا معاف ہو بہر خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿98﴾ عاصیوں کی تم سے پہ روداد ہے رب سے دو اب بخشوا، یا مصطفیٰ ﷺ
﴿99﴾ آپ کی چوکھٹ کے منگتے ہیں سبھی ہو کوئی شاہ و گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿100﴾ زندگی میں ہے اندھیرا کس قدر آئیے بن کے ضیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿101﴾ چھوڑ کر جائیں کہاں اس ہند کو جو بزرگوں سے ملا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿102﴾ دوسری ہجرت نہ اب ہو پائے گی کیا ہماری ہے خطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿103﴾ ہو مسیحا سارے عالم کے لئے دیجئے دل کی دوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿104﴾ آپ کے حق میں اطاعت سے لکھا ہے نجالس نوشتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿105﴾ گنبد خضرا پہ شائد آج بھی وجد کرتا ہے ہما یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

«106» دین حق کے الدّاعی آپ ہیں   ہادی ہر دوسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» پستی امت سے واقف آپ ہیں   درد و غم سے آشنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» ان کے ہم لائق نہیں حوریں بہت   ہیں حَسین و پرحیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» لائے ہیں انوار وہ افلاک سے   نور حق کا جھولنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» شرف حاصل ہوسکا نہ گود کا   جو حلیمہ کو ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» اس زمیں ملک عرب کی خاک کو   تم نے کعبہ کر دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» ساقئے کوثر کی پڑ جائے نظر   جھوم جائے میکدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» ہوں مصائب میں گھرا شام و کرم   میری بگڑی ڈوبنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» آپ ہیں حاضر و ناظر اس لئے   کہہ رہا اعلانیہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» اس خداوند جہاں کے سامنے   ہم کو دینا حوصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے دربارمیں   آؤں انشاء اللہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» دین ودنیا اور جن وانس کے   آپ ہی ہیں بادشاہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» خود کو صحرا میں چُھپانے کے لئے   آپ ٹھیرے جابجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» یہ مدینہ مرکزِ ارض و سماں   دل کی راحت بن گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» آپ کی فرقت میں امت آپ کی   کر رہی آہ و بکا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» آپ کی مدحت خدا کا فعل ہے   کیا کہوں اس کے سوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» میرے آقا کی کرامت ہوگئی
"دل ہوا تم پہ فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"
«123» جوہیں گستاخِ علیؓ ان کے لئے   آپ کر دیں فیصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» حضرتِ صدیقؓ اکبر عمرؓ   آپ کے ہیں دلربا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» نعت گوئی کا کبھی ثقلینؔ سے   حق نہیں ہوتا ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضبز شعراء

ج

تعداد کلام (3) تعداد اشعار (375)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

جامیؔ

نام۔ سید عبدالوہاب قادری سجادہ نشین آستانہ قادری کنیکل

تخلص۔ جامیؔ

ولدیت۔ مولوی سید شاہ قادر بادشاہ قادریؒ

شرف تلمذ۔ محترم جناب لطیف انجمؔ صاحب

مقام وسنہ پیدائش۔ 03-05-1957 کنیکل، ضلع اننت پور، آندھرا پردیش

تعلیم۔ بی ایڈ۔ ایم اے۔ معاشیات، اردو وفارسی۔ (مدراس یونیورسٹی)

شاعری کا آغاز۔ انٹرمیڈیٹ سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد ڈگری گورنمنٹ کالج فار گرلز (کولار میں بحیثیت لکچرار پانچ رہے پھر شیموگہ گرلز جونیر کالج میں بحیثیت پرنسپال تبادلہ ہوگیا۔

تصانیف۔ (۱) آبشارِ رحمت (مجموعہ کلام) 2014 (۲) لالہ رازِ مدحت (مجموعہ کلام) 2019

آدھی ملاقات کے لئے

Door No: 7, Ward No:6 POST KANEKAL
DIST. ANANTAPUR - 515871, ANDHARA PRADESH . INDIA.
Mobile No: 0091-9441164907

❁ ❁ ❁

﴿1﴾ آپ ہی شمس الضحیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہی بدرالدجیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ آپ ہی خیر الوریٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ناصر و نور الہدیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ منبع کل انبیاء یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مرجعِ کل اولیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ تیرے عاشق اصفیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تیرے خادم اتقیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ کعبۂ صدق و صفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قبلۂ جود و سخا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ رہبر راہِ بقا یا مُصطفٰی   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آیتِ صبر و غنا یا مُصطفٰی   معنئ اَنتَ اَنَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ شہ رگِ جاں کی ثنا یا مُصطفٰی   میرے ایماں کی انا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ عشق میں دل مبتلا یا مُصطفٰی   زندگی میں ہے مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ذکر تیرا راستہ یا مُصطفٰی   یاد تیری رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ میں ہوں پتھر ' گل بنا یا مُصطفٰی   واسطہ حَسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ جاں کردوں گا فدا یا مُصطفٰی   ہُوں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ ہرکلی دل کی کِھلا یا مُصطفٰی   میری ہر بگڑی بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ بادۂ الفت پِلا یا مُصطفٰی   مجھ کو مستانہ بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ چہرۂ انور دِکھا یا مُصطفٰی   سوئی قسمت کو جگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ تم مرے حاجت روا یا مُصطفٰی   تم مرے مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ تیری فرقت میں رلا یا مُصطفٰی   تیری چاہت میں ہنسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ خوابِ غفلت سے جگا یا مُصطفٰی   ہوش امت کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ دشمنوں کا شر مٹا یا مُصطفٰی   دین کی عزت بڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ نفس ہے پیچھے لگا یا مُصطفٰی   چھائی ہے غم کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ حال اُمت کا بُرا یا مُصطفٰی   ہے یہی وقتِ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ اہلِ محشرکو سناؤں نعت یہ   بس یہی ہے مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ نور کی پہلی کرن تُمرا وجود   کون ہے تم سا بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ نور ہے جو عمرِ کن سے بھی قدیم   دو جہاں کا ارتقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ رازِ حق کا یک صحیفہ ذات ہے   اسمِ اعظم کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ تم ہو تکوینِ دو عالم کا سبب   تم ہو لَولَاکَ لَما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ تیس پارے ہیں دلیل اس بات کی   خود ثناخواں ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ ہے سراپا عین انوارِ احد
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ پڑ گیا نافِ زمیں پہ جب قدم   زلزلوں سے دیں بچا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام نفس آدم علیہ السلام کا دم   نازِ حق ، معجز ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ دیکھنے میں تو لگے آدم نما   اصل میں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کے حق میں قدم کا فاصلہ   ہے مقامِ منتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ پَل میں جا کے آگئے قوسین تک   گرم تھا بستر کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ صادق و ختمِ رُسل مختارِ کل   تم حبیبِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ راحتِ صدیق و عثمان و عمر رضی اللہ عنہم   جنتِ شیرِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ جملہ مخلوقات میں سچ ہے فقط   منفرد رتبہ مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ بے گماں پیارے لعابِ پاک میں   لذتِ آبِ بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ تم ازل سے بادشاہِ شش جہت   ہو سبھی کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ مانگتی ہے عمرِ خورشید و قمر   تمرے تلوؤں کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ ہیں ملائک تمرے خدّامِ حرم   خود خدا عاشق ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ کے کوچہ میں و دربار میں   جُرم ہے اونچی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آبِ کوثر سے سِوا ہے خوب تر   تمرے ہونٹوں کا بچا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ کون تُمری خوبیوں کو گن سکا   قولِ حق تُمرا کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ کہہ رہا ہے خود یہ نقّاشِ ازل   تُمری صورت پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ ہے پرے اِدراک سے شوکت عُلٰی   آپ کا عالَم جدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection Mohammed Qadri Digitization eGangotri

«46» تُمرے ہاتھوں میں خدانے دے دیا   ہے شفاعت کا لِوا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«47» عرش سے قُدسی زیارت کے لئے   آتے ہیں صبح ومسا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«48» حجِ اکبر، عمرۂ مبرور یاد   ذکر ہے مروہ صفا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«49» روئے انور دیکھنے کا شوق ہے   آنکھ میں نقشہ جما یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«50» دیکھتے ہیں اُس کو عرشی ناز سے   جو ترے در سے جڑا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«51» لائے گا خاطر میں کیسے شاہ کو   تُمرے ٹکڑوں کا پَلا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«52» آیت و قرآن بھی قاری بھی تم   تم دوا تو خود شفا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«53» تُمرے ذکرِ پاک سے تھکتے نہیں   عمر بھر آلِ وِلا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«54» کعبۂ عشق و یقیں حُسنِ ازل   مقصدِ دینِ خدا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«55» ذرہ ذرہ تُمری خاک راہ کا   یک جہانِ کیمیا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«56» چوم کر خضراء کو ہوتی ہے جواں   نکہتِ بادِ صبا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«57» زندگی مُردوں کو کرتی ہے عطا   تُمرے گیسو کی ہَوا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«58» ذکر ہے زخمِ تمنّا کا علاج   خاکِ در ' خاکِ شفا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«59» سنگِ در پہ دل سے جو سجدہ کرے   وہ بہت ہی پارسا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«60» ہے جفاکاروں پہ بھی دستِ کرم   پیکرِ مہر و وفا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«61» میرا روحانی وظیفہ ہے یہی   **مصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«62» حلقۂ عشّاق میں لیکر مجھے   کلمۂ طیب پڑھا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«63» کیسے قرآں "ب" کے نقطہ میں بھرا   راز بتلا دو ذرا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«64» پہلے آدابِ محبت تو سکھا   پھر مجھے در پر بُلا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«65» تُمرے انوار و تجلی کا چراغ   خانہ دل میں جَلا یا **مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

«66» صورت و سیرت کو میری ایک بار ‏ رنگ میں تُمرے رنگا یا مُصطفٰی ﷺ
«67» اِس کے ہر گوشے میں اقراء کی مہک ‏ دل مرا غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
«68» خواب میں بھی یاد کرتا ہُوں تمہیں ‏ میری طاعت بے ریا یا مُصطفٰی ﷺ
«69» تمرے وزراء عرش پر بھی فرش پر ‏ تم ہو شاہِ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ
«70» آسماں دیکھے اٹھا کر ایڑیاں ‏ مجھ کو قدموں میں بٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
«71» سوچتا ہُوں تو خیالو ں میں مرے ‏ ہوتی ہے محفل بپا یا مُصطفٰی ﷺ
«72» ہر برائی کا مَیں تودہ، اور تم ‏ عاصیوں کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
«73» آخری سجدہ وفا کا مَیں کروں ‏ مجھ کو دکھلا نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«74» قید کر کے تُمرے کوچہ میں مجھے ‏ دو محبت کی سزا یا مُصطفٰی ﷺ
«75» آ نظر پہنے ہوئے نوری لباس ‏ ہوش عاشق کے اڑا یا مُصطفٰی ﷺ
«76» اے طبیبِ درد مندانِ ازل ‏ آپ ہی درد آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
«77» رہ سکے زندہ عقیدہ عُمر بھر ‏ دو مجھے ایسی غذا یا مُصطفٰی ﷺ
«78» چومتی ہے اِس لئے شاہی قدم ‏ ہُوں ترے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
«79» مشکلوں میں مشکلیں میری پھنسیں ‏ جب کرم تُمرا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«80» یہ یقیں تمری محبت کی نماز ‏ ہو نہیں سکتی قضا یا مُصطفٰی ﷺ
«81» جبّہ سائی راس آجائے مجھے ‏ دو جبیں کو نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«82» میں نہیں واللہ، محتاجِ طبیب ‏ درد تُمرا خود دوا یا مُصطفٰی ﷺ
«83» دن میں مَیں تجھ کو پڑھوں شب میں لکھوں ‏ مجھ کو اس قابل بنا یا مُصطفٰی ﷺ
«84» سر جھکا جاتا ہے میرا خودبخود ‏ در ترا قبلہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ
«85» ٹھوکریں کھانے سے پہلے تھام لو ‏ تم سے ہر دم التجا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ در پہ در کی بھیک سے فورا بچا   سن مری شاہِ عطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ زندگانی کا بھروسہ کچھ نہیں   جلد طیبہ میں بلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ کھینچ لوں تصویر تیرے حسن کی   میری آنکھوں میں سما یا مصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ کھاکے غش میں گرنے والوں میں نہیں   رخ سے پردہ تو اٹھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ درد سے محروم مرا دل نہ ہو   یاد کا نشترچبھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ مان کر خادم بوصیری کا مجھے   دے دو انعامی ردا یا مصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ پاس میرے کچھ نہیں ہے کچھ نہیں   تمری الفت کے سوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ جنبشِ مژگانِ عالم تو سنے   میں نہیں ہوں لب کشا یا مصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ جانتا ہوں قول تیرا قولِ حق   کیوں کروں چوں وچرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ جو ترا دشمن مرا دشمن ہے وہ   کہہ رہا ہوں برملا یا مصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ جاں کنی کے وقت آکر سامنے   خوشبوئے گیسوسنگھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ موت کا چل لوں اگرمیں ذائقہ   ہوبقا بعدِ فنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ دفن ہونے کے لئے دو گزز میں   تیرے قدموں میں دلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ ڈرنہ جاؤں میں نکیروں سے کہیں   قبر میں تو جلد آ یا مصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ وقت آئے قبر میں جب دید کا   میں پڑھوں صلِّ علیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ہیں کٹھن محشر کے سارے مرحلے   امتحاں ہوگا کڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ حشر کی گرمی نہ پگھلادے کہیں   مجھ کو دامن میں چھپا یا مصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ حشر کے طوفاں میں میری ناؤ کا   پاسبان و ناخدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ روزِ روشن کی طرح تجھ پر عیاں   سب کی قسمت کا لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ تیرا عاشق تیرے دشمن سے بھلا   کیوں رکھے رسم وفا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(106) تیری امت کا تو ملک ہند میں
حال ہے بے حد برا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(107) بھیس میں اسلام کے ایمان کے
ہیں لٹیرے جابجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(108) دھوپ میں عصیاں کی جلتا ہے بدن
شاخ، رحمت کی ہلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(109) صحنِ عالم میں اجل کا رقص ہے
ہر طرف بگڑی فضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(110) دے رہی ہے موت دستک ناگہاں
ہے زمانہ بے حیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(111) قومِ مسلم نرغۂ افلاس میں
ہر بدی میں مبتلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(112) بغض تجھ سے، عشق رب سے جو کرے
ایسا فرقہ ہے بَلَا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(113) بھول بیٹھا ہے مسلماں آج کل
وعدۂ "قالو بلی" یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(114) مطلبِ کوثر سلاسل ہیں تمام
اور عدو جڑ سے کٹا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(115) بد دعا کا مستحق دشمن ترا
یاد ہے "تبَّت یَدَا" یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(116) سینۂ پتھر پہ نظریں ڈال کر
خوشنما سبزہ اگا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(117) پاؤں رکھنا بھی بہت دشوار ہے
راہ سے کانٹے ہٹا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(118) وقت کے سفاک حاکم جان لے
بے نواؤں کی نوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(119) رشتہ ایماں کا تجھ کو واسطہ
سب کی سیرت کو سجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(120) پاک کتنا ہے عقیدہ اور عشق
امتحاں سے آزما یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(121) وسوسوں کا گھپ اندھیرا دل میں ہے
شمع ایقاں کی جلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(122) ذکر کا موسم رہے ہر پل جہاں
بستیاں ایسی بسا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(123) رہتی ہیں بے تاب میری انگلیاں
نعت لکھنے کو سدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(124) تمری مدحت کا بھلا مخلوق میں
کس سے ہوگا حق ادا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

(125) ملتجی جامیؔ ہے تم سے حشر میں
مژدۂ بخشش سنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pe Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

جنوںؔ

نام۔ احمد درویش   قلمی نام۔ جنوں اشرفی

تخلص۔ جنوںؔ   ولدیت۔ سید عبدالباری اشرفی مرحوم

سنہ پیدائش۔ 30-09-1942

شرف تلمذ۔ محترم جناب حضرت نواب دانشؔ عظیم آبادی صاحب۔ محترم جناب قیصر شمیم صاحب (کولکتہ)

تعلیم۔ بی۔ اے (آنرز)

ملازمت۔ سبکدوش، بحیثیت اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر، محکمہ ڈیفینس اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ

تصانیف۔ (۱) شجر خزاں رسیدہ   (۲) تشنہ لب سفر   (۳) متاع جنون

مشغلہ۔ مطالعہ، شعر و شاعری

آدھی ملاقات کیلئے۔

اشرفی ہاؤس، چھوٹی کھکول، پوسٹ کھکول۔ پٹنہ 801105۔ بہار

Phone No: 0091-8789471326

* * *

﴿1﴾ جوش وحشت میں بڑھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے خودی کا سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ آپ سے ہے ابتدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہی پر انتہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ آپ پر دل ہے فدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تاج میرا نقش پایا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ کیجئے وہ غم عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
درد ہو راحت فزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ سب سے اعلیٰ مرتبہ ہے آپ کا
آپ ہیں حُبِّ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿6﴾ سلسلہ ختم نبوت آپ پر آپ ختم الانبیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ رحمتوں کی بھیک دے کشکول میں میں گداگر آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ آپ ہی شمس الضحیٰ ہیں یا نبی آپ ہی بدرالدجیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ سرورِ کون و مکاں ہیں آپ ہی آپ شاہ انبیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ آپ کی ہر گفتگو ہے روشنی آپ ہیں نورالہدیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ہو بہر عکس جمال یار ہیں آپ گویا آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ آپ ہیں مطلوب بھی مقصود بھی آپ ہیں رب کی رضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ باعثِ تخلیق فخر دو جہاں
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"
﴿14﴾ خانہ کعبہ ہوا قبلہ نما حق سے آیا فیصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ ہوگئی ہے دھوپ کی خوشبو جواں چوم کر اک نقش پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ کب سے تھے نا آشنائے روشنی آپ نے بخشی ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ آپ ہی کے خون سے منسوب ہے واقعات کربلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ کیوں نہ ہونگے امن کے پیغام آپ لختِ آمنہؓ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ چومتے ہیں تاجور اُن کے قدم معرفت جن کی قبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ نور احمد سے بھرا سینہ مرا مخزن جلوہ بنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ حکم کے تابع ہوئے شمس و قمر کنکری نے دی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آپ پر صدقے ہماری زندگی آپ پر سب کچھ فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ آپ ہوں گے شافع محشر وہاں ہوگا جب محشر بپا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ گمرہی کے مٹ گئے سارے نشاں جب ہوئے حق آشنایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ گوچہ طیبہ سے آتی ہے صدا مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India
Collection of Peer Salim Qadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ معتبر سب رابطوں سے رابطہ   آپ کا ہے رابطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ جیتے ہیں امن سے ہی معرکہ   درس ہے یہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ آپ کی اعلی قیادت کی سند   صلح کا اک فیصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ کر رہا ہے آپ کی عظمت بیاں   آج بھی غارِ حرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ بت کدے کے بت ہوئے سب منہدم   دیکھ کر شان عصا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ آپ کی مدحت کریں کیا ہم بیاں   مدح خواں جب ہے خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ صاحب لوح و قلم بھی آپ ہیں   آپ ہی علم الهدی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ زیر پا سب کے سب رنج و محن   آپ ہیں دافع بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ آپ کی اک اک ادا محبوب ہے   آپ پر جاں ہے فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آمد مرسل کی آئی جب خبر   کِھل اٹھا روئے فضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ باوفا! جس نے وفا کی آپ سے   ہو گیا اُس کا خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ عاشقوں کو آپ کے مرغوب ہے   فقر و فاقہ کی غذا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ آپ کا در چھوڑ کر جائے کہاں   آپ کے در کا گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ اسم اطہر ہی رہے وردِ زباں   جب اٹھے دست دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ کون ہے اب ما سوا اک آپ کے   عاصیوں کا آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ سرفرازی سر بلندی آپ کی   کون ہے جوچھو سکا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ روبرو تو ہم کلامی کا شرف   آپ کو رب سے ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ جب سے آئی سامنے راہ دگر   ہیں اسیر حادثہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ کم نہ ہوگی کیوں ہجوم تیرگی؟   ضوفشاں ہے نقش پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ متحد ہوئے نہیں کیوں لوگ وہ؟   بن گئے جو پارسا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ بن گیا قانون سارے دین کا   آپ کی اک اک ادا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ گر پڑے اک ایک کر کے بت شناس   آپ کی سن کر صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ لرزہ براندام سب اذر صفت   جیسے آیا زلزلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ نا امیدی سے نکلتی اک کرن   آپ کا ہے آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ نور سے معمور ساری منزلیں   اور معطر راستہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ پست تر آواز ساری ہوگئیں   آپ نے جب دی صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ آپ سے پہلے کسی نے کب دیا   عورتوں کا مرتبہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ نور سے معمور ہر لمحہ مرا   دل ہے سیرت آشنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ ہیں بس آپ ہیں بس آپ ہیں   ابتدا تا انتہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ ہاں! طبیب وقت بھی ہیں آپ ہی   آپ ہی مشکل کشا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ گنبد خضری سے ملتی ہے گلے   روز ہی باد صبا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ آپ کے زیر قدم ہے کائنات   آپ کا وہ مرتبہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ روضۂ اقدس کا منظر سامنے   لب پہ ہے یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ سید عرب و عجم بھی آ پ ہیں   آپ ہی صدرالعلیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ قادری ہو چشتیہ یا اشرفی   آپ کا ہے سلسلہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ ہر عمل حکم الہی کے تئیں   گفتگو رب کی صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ حضرت حَسنینؓ کے والی ہیں آپ   آپ ہیں جد عُلی یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ جس جگہ جبریلؑ کے جلتے ہیں پر   عرش کا ہے مبتدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ تا قیامت آپ کا قائم ہوا   دو جہاں میں دبدبہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ آپ کے نور نظر سبطین سے   دین نے پائی بقا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudarat Digitization eGangotri

﴿66﴾ مرگئیں گُھٹ گُھٹ کے ساری ظلمتیں   آپ ہی کے زیر پا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ امتی کو حوصلہ در کار ہے   ظلم کی چھائی گھٹا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ چار سو رحمت ہوئی سایہ فگن   ہر نفس ہے نور سا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ میرے اندرآپ کی یادوں کی گونج   اپنی ہستی ہے صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ دھوم ہے آمد پہ اب تک آپ کی   عرش تا تحت الثریٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ ایک رب اک ہی نبی جب دین ایک   کس لئے ہم ہیں جدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ نعت گوئی کا ہنر جب آگیا   دینِ حق روشن ہوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ نے تکمیل کی ہے دین کی   آپ حق کے رہنما یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ جس سے پائے زندگی آسودگی   آپ کا ہے راستہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ دشمنوں کو جو دعا دے فیض کی   کون ہوگا آپ سا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ چار سو پھیلا ہوا ہے آپ کا   جلوۂ خیرالوریٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ باعث فخر ہے اسلام کا   آپ جیسا پیشوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ جو بدل ڈالے مزاج وقت کو   آپ ہیں وہ رہنما یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ دل میں سودا ہے رسولِ پاک کا   آپ ہیں اس کی دوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ ایک منفی صلح کی تاثیر سے   سب ہوئے حیرت زدہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ کیا ضرورت معجزے کی آپ سے   آپ خود ہیں معجزہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ ہر ادا تھی آپ کی مسحور کن   گفتگو شیریں نوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ کی مدح سرائی میں شریک   دشمن جانی ہوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ مٹ گئی آپ کی تعلیم سے   دل کے اندر کی انا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ مضطرب ہیں آج بھی فرعون وقت   دیکھ کر نور ہدیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

(86) سبز پرچم لہلہاتا دیکھ کر
گر پڑے لات و عزیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(87) عرش تا تحت الثریٰ پھیلا ہوا
آپ کا ہے دائرہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(88) جب سے ہے ورد زباں صلِّ علی
دل ہوا رحمت کدہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(89) دشمنوں کے کام آنا وقت پر
آپ کا ہے حوصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(90) آپ کے افکار کی آفاقیت
عقل سے ہے ماورا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(91) مسلموں کی ہے سبب غارت گری
شیوۂ ظالم بنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(92) آپ کا اسم مبارک ہے دوا
آپ علم کیمیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(93) سدرۃ واللیل کی تفسیر آپ
آپ تنویر ضحی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(94) شرط ہے مقبول ہونے کی دعا
آپ کا ہو واسطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(95) منتشر تھے ہم کئی اقوام میں
آپ نے یکجا کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(96) مل ہی جائیگی انہیں منزل ضرور
آپ جن کے رہنما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(97) آپ کی تحریک سے انسان کو
حق برابر کا ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(98) آپ ٹھہرے امن کے پیغامبر
میں اسیر معرکہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(99) ابتدائے آفرینش آپ ہیں
آپ سدر منتہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(100) نور کی بارش وہاں ہوگی جہاں
آپ کا ہو تذکرہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(101) باغ رضواں کی بشارت ہے اسے
جس نے سنت کی ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(102) گردش ایام میں ہے زندگی
کیجئے راحت عطایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(103) میں طلبگار عطا ہوں آپ کی
آپ ہیں شاہ جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(104) میں کہاں اک منبع تحقیر ہوں
آپ کی عظمت کجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(105) میں مجسم معصیت ہی معصیت
آپ ہیں بحر سخا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Collection of Mohammad Qadri Digitization eGangotri

«106» مَیں شناور تشنگی کے بحر کا — آپ بحرِ بے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» اک طرف اکرام کی بارش بہت — اک طرف میری خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» دشمنانِ دیں کا ٹوٹے حوصلہ — کچھ ہو ایسا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» قابلِ تقلید ہو جن کا عمل — آپ ایسے پیشوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» آپ کی توصیف کیا کرتے بیاں — کم پڑے لفظِ ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» طالب و مطلوب میری ذات ہے — آپ ہیں میری رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» ترجماں ہے دل کی میری باخدا! — اشک میں ڈوبی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» ڈال دیں کشکول میں کچھ رحمتیں — مالکِ یومِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» ہو ثنائے مُصطفٰی لب پر مرے — اور ہو محشر بپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» قبر میں جب امتی سے ہو سوال — میں کہوں یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» اسمِ اطہر سامنے نکِرَین کے — لب پر آئے برملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» غیب سے آئی مدد اللّٰہ کی — آپ کو جب دی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» مومنوں پر ہو نگاہ التفات — یا حبیب کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» میں خطاوارِ زماں اور آپ ہیں — صاحبِ جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» سب نبوت آشنا زیر و زبر — ہم ولایت آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» آرزو ہے حشر میں رکھنا ہمیں — اپنے ہی زیرِ لِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» عرش پر مسند نشیں بعدازخدا — آپ ہیں صدرالعلی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» اب آپ کے بندے سبھی بندہ نواز — آپ کا ہے فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» فکراُس کی ہے جنوں شاداب تر — آپ جس کے رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» پیروی لازم جنوں ہے آپ کی — آپ ہیں محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

جیلاؔنی

نام :- غلام جیلانی

تخلص :- جیلاؔنی

ولدیت :- شیخ حسین

پیدائش :- 30-7-1957۔ حیدرآباد

شاعری کا آغاز :- 2012ء

شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لا ابالی سجادؔ

تعلیم :- M.Com, MLISc

پیشہ :- Librarian

آدھی ملاقات کیلئے :- 9-4-110/3/9&8 Virasatnagar, Tolichowki,
Hyderabad. PIN:500008,Telangana State. INDIA
M.No. 0091-9985439115

* * *

﴿1﴾ آپ ہی نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
ابتداء تا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہی سے چل پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
زندگی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ سیّدی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
ہو عنایت اک ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کی ساری ادا یا مُصطفٰی ﷺ
رب کو بھائی ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ دشمنوں کی دشمنی سب مِٹ گئی
آپ نے دی جب دعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ دیکھنے سے آپ کا گنبد ہَرا   دل منوّر ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ کی نظرِ کرم جس پر ہوئی   ہوگیا وہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ نعت کی محفل سجی آجائیے   جگمگائے گھر مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ صاف سُنتا ہوں مَیں دھڑکن کی صدا   دھڑکنوں میں بس گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کی ہر اک دعا مقبول ہے   میرے حق میں بھی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ اِس لئے دنیا کی چاہت چھوڑ دی   ہے فقیری میں مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ میں سراپا آپ پر قربان ہُوں   میرا سب کچھ ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ اور کس کو مِل سکا یہ مرتبہ   آپ دیں کے پیشوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ ہی در پر بُلا لیجے حضور   عَفو فرما دیں خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ آپ نے دنیا کو یہ سِکھلا دیا   رب ہے سب ہی سے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ لَوٹ کر پھر آگیا وقتِ عصر   وقت وہ گزرا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ جب تصوّر میں مدینہ آگیا   بوسہ دل نے لے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ عیب سنّت میں نکالے جو کوئی   جیتے جی وہ مرگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ وقتِ آخر کلمہ طیب پڑھوں   ہے خدا سے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ کے دربار کا ہے یہ اصول   ہے خطا پر بھی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ کعبہ ڈھانے کو چلا تھا طیش میں   دوزخی ہے ابراہہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ سوچنا کیا ، آپ ہیں آخر نبی   رب کا ہے یہ فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ دُور ہو مشکل سبھی یا سَیّدی   ہے یہی رب سے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ دم میں دم ہے آپ ہی سے یا نبی   آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ ہے خدا کے بعد میرے واسطے   یا محمد ﷺ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheem Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization

«26» جب دُہائی نام کی دی آپ کے   معرکہ ہر سَر ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» خیرِ اُمت آپ کا وہ سوچنا   کام آکر ہی رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» تھے صحابہ اِس قدر یہ متقی   ہو گیا راضی خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» جب مقابل آگیا دشمن کوئی   وہ ٹھکانے سے لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» جب تصوّر کر لیا خضریٰ کا مَیں   آنکھ سے دریا بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» نام آیا جب زباں پر آپ کا   پڑھ لیا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» جس کی خاطر منتظر تھا میں یہاں   مِل چکی ہے وہ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» دیکھ آؤں آپ کے روضے کو مِیں   ہے دعا بس یہ دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» ہے زمیں تا آسماں پیارے نبی   آپ سے قائم وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» اِس سے بڑھ کر اورکیا انعام ہو   رب ہُوا جب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» آپ سے نسبت مِلی ہے جو مجھے   آپ کا ہے شکریہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» ہے جہاں سے آپ کے رُخ کی چمک   آئینہ در آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» دنگ تھے شق القمر پہ لوگ سب   جب سُنا یہ واقعہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» خانۂ دل میں فقط اک آپ کی   روشنی ہے باخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» آپ ہی سے لَو لگی ہے رات دن   آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» بات جس نے آپ کی مانی نہیں   ہو گیا وہ تو فنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» ظلم حد سے بڑھ گیا تو آگئی   آیتِ تَبَّتْ یَدَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» کیوں نہ بھیجوں آپ پر ہر دم دُرود   سُن رہا ہے جب خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» نقشِ پا کا لمس پاکر آپ کے   خاک بن جائے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» بو لہب جو تھا مخالف آپ کا   وہ ٹھکانے سے لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Quadari Hyderabad India Digitization eGangotri

«46» آپ کے اسوہ پہ جو بھی چل پڑا   بس وہی کامِل ہوا یا مُصطفیٰ ﷺ
«47» آپ ہی محبوبِ رب ہیں بالیقیں   آپ سے ہے خوش خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
«48» پڑھنے لگتا ہے دُرودِ پاک وہ   نام جس نے بھی سنایا یا مُصطفیٰ ﷺ
«49» آپ آئے جب جہاں میں یا نبی   کفر کا غلبہ مٹایا یا مُصطفیٰ ﷺ
«50» انبیاء بھی دیکھتے ہیں رشک سے   آپ کا وہ مرتبہ یا مُصطفیٰ ﷺ
«51» آپ کی چَوکھٹ کو چوموں جس گھڑی   پورا ہوگا مدعا یا مُصطفیٰ ﷺ
«52» آپ کے تقویٰ کے آگے یا نبی   کون ہے جو تک سکا یا مُصطفیٰ ﷺ
«53» ہیں امانت میں بھی یکتا آپ ہی   سر تا پا صدق و صفا یا مُصطفیٰ ﷺ
«54» آپ ہی ہو آپ ہی ہو آپ ہی   مشکلوں میں آسرا یا مُصطفیٰ ﷺ
«55» کیا سُہانا ہے سماں وقتِ اذاں   دل کو بھائی ہے فَضَا یا مُصطفیٰ ﷺ
«56» آپ کے لائے ہوئے اسلام کا   جل رہا اک دِیا یا مُصطفیٰ ﷺ
«57» اپنی چوکھٹ کا بنا کر تم گدا   مجھ کو رہنے دو پڑا یا مُصطفیٰ ﷺ
«58» لو لگی ہے آپ ہی سے رات دن   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفیٰ ﷺ
«59» آج بھی محسوس کرتا ہے یہ دل   صحنِ گلشن کی ہَوا یا مُصطفیٰ ﷺ
«60» آپ کے دوشِ مبارک پر نبی   کالی کالی ہے ردا یا مُصطفیٰ ﷺ
«61» منتظر ہیں سب یہاں امداد کے   سب کے حق میں ہو دعا یا مُصطفیٰ ﷺ
«62» آج بھی ذہنوں میں ہے محفوظ سب   بدر کا وہ واقعہ یا مُصطفیٰ ﷺ
«63» میں چلا ہوں حج کی نیت کر کے اب   نام لیکر آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
«64» رب کی رحمت جائے گی کیسے وہاں   بغض دل میں جو رکھا، یا مُصطفیٰ ﷺ
«65» آگیا دربار میں وہ آپ کے   ترک جس نے کی انا یا مُصطفیٰ ﷺ

﴿66﴾ لاج رکھ لو لاج رکھ لو تم مری   تم کو رب کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ نوش فرماتے تھے جس کو رات دن   تھی وہ سادہ سی غذا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿68﴾ آپ نے ڈالی جو شفقت کی نظر   پیڑ پَھل سے لَدْ گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿69﴾ جب مدینہ پر پڑی میری نظر   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿70﴾ رات دن بس کام ہے یہ تو مرا   آپ ہی کو سوچنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿71﴾ مل گیا رب کا پتہ بھی اُس گھڑی   آپ کا در جب ملا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿72﴾ خوش نصیبی اُس زمیں کی دیکھئے   پا چکی ہے بادِ پا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿73﴾ کب تلک امت سہے گی ظلم یہ   ہوگئی اب انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿74﴾ روضۂ اقدس کو دیکھا جس گھڑی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿75﴾ زندگانی آپ کی پیارے نبی   معجزہ در معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿76﴾ فتح پائی جنگ میں جو آپ نے   اُس میں تھی رب کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿77﴾ روشنی ہی روشنی پَھیلی ہوئی   آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿78﴾ آپ کے کنبے کے ہاتھوں یانبی   خونِ ناحق کب بہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿79﴾ ہے اذانوں میں بھی پانچوں وقت کی   نامِ احمد ﷺ مصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿80﴾ جسمِ اطہر سے ہوئی جاتی ہے مَس   کیا سہانی ہے رِدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿81﴾ آپ کا ہے امتی کو آسرا   کیا بگاڑے گی بَلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿82﴾ خود خدائے پاک نے جب کہ دیا   کون ہے تم سے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿83﴾ اُمّتی ہوں آپ کا میں یا نبی   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿84﴾ سرتا پا ہر چیز قرباں ہے سبھی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿85﴾ آپ محبوبِ خدا حق آشنا   راز ہم پر کُھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«86» آپ کے قدموں میں آکر یا نبی   جھک گئے شاہ و گدا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ کے اخلاق کا عاشق ہوا   قادرِ مطلق خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» شہر طیبہ دیکھ آیا جس گھڑی   میرا دل بھی کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» طنز کرتا ہی رہا وہ آپ پر   بُولہب کا ہو بُرا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» چاند کو ٹکڑے کیا ہے آپ نے   آپ کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«91» میں مریضِ عشق ہوں اب آپ ہی   دیجئے مجھ کو دوا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» رشک کرتے ہیں یہاں پہ رنگ سب   کتنی رنگیں ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» ورد کرتا ہے مرا دل یا نبی   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«94» جو بھی کرتا ہے اطاعت آپ کی   ہو گیا وہ کام کا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» کام بندوں کے کئے اور دیکھئے   رب سے پائی ہے جزا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» آپ کے قدمون میں آجائیں گے ہم   اب یہاں کیا رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» آزمایا بارہا جو آپ کو   وہ ہے کتنا بے حیا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» ساری دنیا چھوڑ کر در آپ کے   آگیا ہے بے نوا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» دیکھتا ہوں جب مدینے کی طرف   فیض کا دریا بہا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» ہٹ کے ہو قرآن سے کیسے بھلا   ہے بجا حکم آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» حکمِ رب سے ہو رہے گا بس وہی   بخت میں لکّھا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» آپ کے اقوال پڑھ کر ہرگھڑی   میں نے پائی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» جو چلا سنت پہ بس اُس کے لئے   خلد کا در کُھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» چاند تاروں کو ضیا بخشے ہے جو   کتنا اُجلا ہے دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» آپ کی ہستی کو سمجھے سَر بسر   کون ہے رب کے سوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ خواب میں صورت وہ پیاری دیکھ لی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ ذکرِ احمد ﷺ سے جو میری روح کو   مل رہی ہے اب غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ کے قدموں میں ہیں سب ہی فقیر   بادشاہ ہو یا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ ہوگیا ہے آپ پر شیدا یہ دل   میرے دل نے کی ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ دین میں کوئی کمی باقی نہیں   وہ مکمل ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ ہاتھ اٹھا کر کر رہا ہوں یہ دعا   سب کی ہو حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ابراہہ سے درس سب نے لے لیا   کر چکا تھا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ کے روضے پہ حاضر ہوگیا   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ نام لے کر چل رہی ہیں آپ کا   ہے ہواؤں کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ پھر سے کعبہ اور مدینہ کا سفر   دیجئے پھر سے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ درس لائے آپ یہ قرآن کا   ہے فنا میں بھی بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ اُلٹے پاؤں لوٹ جائے سُنتے ہیں   نام اقدس مصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ آپ ہی کا تذکرہ ہے ہر طرف   آپ ہی ہیں جابجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آج تک دنیا میں آیا ہی نہیں   آپ سا اک رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ میں مدینہ جا کے دیکھوں ایک دن   آخری ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ ہے خدا کے بعد پیارے مجتبیٰ   حق نُما صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ رب کی مرضی سے ملا در آپ کا   مل گیا ہے برملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ بوجھل دشمن تھا عاشق تھے اویس   کھیل تھا تقدیر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ روشنی کا استعارہ آپ ہیں   آپ ہیں روشن دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ میں ہوں جیلانیؔ غلام غوث پاک   آپ کا ادنی گدا کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Collection Hyderabad Digitization eGangotri

بسم الله الرحمن الرحيم

مخضب ز شعراء

چ

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Quadri Digitization eGangotri

چاندؔ

نام۔ مصباح الدین اکبر آبادی
تخلص۔ چاندؔ

ولدیت۔ محترم جناب ظہیر الدین

یوم پیدائش۔ 1975-04-06

شاعری کا آغاز ۔ بچپن سے ہی شاعری کا شوق ہے، لیکن 10 ر سال قبل باضابطہ شعر و شاعری کا آغاز ہوا۔

تعلیم ۔ بی۔ اے

تصانیف۔ ”زمین کا چاند“ (شعری مجموعہ)

میری پرورش ایسے ماحول میں ہوئی جہاں شاعر یا ور شاعری دونوں کو ہی اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا تھا، مجھے نہیں لگتا میرے آبا و جداد میں کبھی کوئی شاعر ہوئے ہوں۔ اس لئے شاعری کی وراثت سے میرا دور دور تک کوئی سروکار نہیں، ہاں لیکن بچپن سے اشعار پڑھنا اور سننا دونوں ہی میرے شوق میں شامل ہے، اور شاید اسی شوق نے مجھے اس راستے پر چلنے کے لئے آمادہ کر دیا۔

آدھی ملاقات کے لئے ۔ 5/252 توپ خانہ نائی کی منڈی، آگرہ، 282010 یو پی

Mobile No: 0091-9897013514

* * *

﴿1﴾ شافعِ روز جزا یا مصطفیٰ ﷺ
آپ ہیں خیرالوریٰ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں بدرالدجیٰ شمس الضحیٰ
آپ محبوبِ خدایا مصطفیٰ ﷺ

﴿3﴾ مٹ گئے دل سے اندھیرے کفر کے
آپ ہیں نورالھدیٰ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿4﴾ آپ ہی ہیں اولین و آخرین
اورامام الانبیا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿5﴾ علم کے مکتب مدارس آپ ہیں
صاحبِ فہم و ذکا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿6﴾ آپ کو نورِ مجسم میں کہوں   یا سراپا نور کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ ہی ہیں لائقِ صد احترام   بعد نامِ کبریا یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ کی توصیف میں چپ ہے قلم   حرف بھی ہیں بے صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ دل یہ کہتا ہے کہ بس کہتے رہو   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ دل ہی کیا یہ جان بھی قربان ہے
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی ﷺ"
﴿11﴾ یوں لگے ہے خانہ کعبہ کا غلاف   ہو عمامہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ محفلوں میں آپ کی جب بھی گیا   دل منور ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ پی لیا جب آپ کی الفت کا جام   کیا فنا پھر کیا بقا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آپ کی تعظیم میں دل نے رکوع   آنکھ سے سجدہ کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ روشنی حجرے میں میرے ہو گئی   جس گھڑی میں نے لکھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ لکھ رہا ہوں نعت تو لرزے بدن   ہو نہ جائے کچھ خطا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ حوضِ کوثر آپ کا، ساقی بھی آپ   ہم ہیں رندِ پارسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ انگلیاں میری چمک نے لگ گئیں   جب چھوا در آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کے نقشِ قدم پر چل کے لوگ   بن گئے ہیں اولیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ کے اخلاق سے سیکھے جہاں   زندگی کا فلسفہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ اس طرح معراج میں تھا روبرو   آئینے سے آئینہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ بالیقیں اس کشتیء اسلام کے   آپ ہی ہیں ناخدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ تھی پسینے میں وہ خوشبو آپ کے   عطر تک شرمندہ تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ پُر گناہوں سے ہے اپنا ہر ورق   نامۂ اعمال کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ بے زبانوں کی کبھی سن لیجئے   بے زبانی التجاء یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

(26) گر محبت ہے شہ کونین سے — ہو نبی سی ہر ادا یا مصطفٰی ﷺ
(27) آزمایا حق کو جب بوجہل نے — سنگِ ریزوں نے پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
(28) دل سے جس نے آپ کی سیرت پڑھی — وہ ہوا پھر آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
(29) خواب میں میرے کبھی آجائیے — آنکھ کی بن کر ضیا یا مصطفٰی ﷺ
(30) مالکِ کون ومکاں کو بھاگئی — آپ کی ہر اک ادا یا مصطفٰی ﷺ
(31) مہکی مہکی آمنہ کی گود تھی — مہکی مہکی تھی فضا یا مصطفٰی ﷺ
(32) عشق ہی ہے بندگی کی ابتدا — عشق ہی ہے انتہا یا مصطفٰی ﷺ
(33) کفر کے دل میں جلایا آپ نے — نورِ ایماں کا دیا یا مصطفٰی ﷺ
(34) دل ہے جب روشن دُرودِ پاک سے — کیا دیا پھر کیا ہوا یا مصطفٰی ﷺ
(35) گنبدِ خضریٰ کا کھلتا سبز رنگ — نور کی اوڑھے ردا یا مصطفٰی ﷺ
(36) میر ادعوت نامہ ہاتھوں میں لئے — آئے طیبہ سے صبا یا مصطفٰی ﷺ
(37) آپ کے لطف وکرم کی دین ہے — نعت گوئی کی ادا یا مصطفٰی ﷺ
(38) دھول جب طیبہ کی سانسوں میں گھلی — نیم بھی میٹھا لگا یا مصطفٰی ﷺ
(39) آپ کے عثمان و بوبکر و عمر — آپ کے ہیں مرتضٰی یا مصطفٰی ﷺ
(40) آپ سے کیسے کہوں رودادِ غم — شورش دل کی صدا یا مصطفٰی ﷺ
(41) دل میں میرے ہے ندامت کی تپش — برسے آنکھوں سے گھٹا یا مصطفٰی ﷺ
(42) موت کی آغوش میں جانے سے قبل — لب پہ ہو صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ
(43) بے زباں ہے نور میرے لفظ ہیں — حرفوں کو بخشو ضیا یا مصطفٰی ﷺ
(44) عشق کی دل سے حقیقت گر ہو گم — کیا بچے گا پھر بھلا یا مصطفٰی ﷺ
(45) افضل و اعلی ہوئے ہیں یوں بہت — کون ہے پر آپ سا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ تو بیشک ہمیشہ ہی رہے ناتواں کے ہم نوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ مل رہی ہے عزت و شہرت ہمیں نعت گوئی ہے صلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿48﴾ لَوٹ کر آئی کہاں طیبہ سے روح دل وہیں کا ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿49﴾ ہے رقم تاریخ کے اوراق پر اونٹنی کا دوڑنا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿50﴾ بیٹیاں تھیں جب کہ ذلت کا سبب آپ نے رحمت کہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿51﴾ میں مدینے میں، مدینہ مجھ میں ہو دل کا ہے یہ مدعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿52﴾ ہے زمانے بھر کے شاہوں سے آپ کے در کا گدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿53﴾ حکم تھا یا کہ اشارہ آپ کا چاند دو ٹکڑے ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿54﴾ مسجدِ نبوی میں کرنے ہیں مجھے شکر کے سجدے ادا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿55﴾ آپ کے روضے کے آگے ماند ہے چاند تاروں کی ضیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿56﴾ بند آنکھوں سے مدینہ دیکھ لوں ہو یہ بینائی عطا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿57﴾ آپ کی آمد پہ کعبہ ہل گیا اک قیامت تھی بپا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿58﴾ شہر طائف میں لہو سے لکھ دیا اپنی رحمت کا پتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿59﴾ دے گیا ایمان کی طاقت ہمیں آپ کا ہر معجزہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿60﴾ نفس کے زندان میں ہم قید ہیں کیسے ہوں گے ہم رہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿61﴾ کیا سنائے کیا کہیں اب آپ سے کیجئے ہم پر دَیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿62﴾ دو جہاں میں افضل و اعلی مقام آپ کا ہے باخدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿63﴾ وہ ورق ہے آج تک مہکا ہوا تھا کبھی جس پر لکھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿64﴾ یاد تو کرتی ہی ہوگی آپ کو آپ کی غارِ حرا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿65﴾ میری پیاسی روح پر چھا جائیے بن کے رحمت کی گھٹا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Collection Peer Sahib Qudari Digitization eGangotri

﴿66﴾ حاصلِ دنیا ہو یہ حسرت نہیں   ڈر ستائے قبر کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ موت نے بھی لی اجازت آپ سے   مرحبا آکر کہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ لے کے طیبہ کے سفر کی آرزو   دل بھی سینے سے چلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آپ کے قدموں کو چھو کر خاک بھی   بن گئی ہے کیمیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ دعوتِ توحید گر دیتے نہ آپ   ہوتے بے دیں، بے نوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ آپ نے خود چل کے دکھلایا ہمیں   زندگی کا راستہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ نقشِ پا میں آپ کے موجود ہے   کامیابی کا سِرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ آپ کا احسان‘ ورنہ ہوتے ہم   بت کدہ میں مبتلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ تن پہ مجبوریوں کی ہیں بیڑیاں   من ہے طیبہ میں بسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ عیسیٰ ہوں موسیٰ سب سے بڑھ کے ہے   معجزہ معراج کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ ہوگئے اسلام میں داخل عمر   پڑھ کے کلمہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ کر رہا تھا آیت الکرسی کا وِرد   ٹل گیا ہر حادثہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ عشقِ معبودِ حقیقی دل میں ہو   آئے جب وقتِ قضا یا مصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ دلوا دیجئے گا خلد میں   کلمہ حق کا صلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ آپ نے دین الہی کے لئے   کس قدر کیا کیا سہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ ظالموں کے واسطے بھی آپ نے   خیر کی مانگی دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ نام ہونٹوں نے لیا جب آپ کا   ذہن ودل روشن ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ ہم گنہگاروں کو بخشے گا خدا   آپ کی سن کر دعا یا مصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ عمر آخر ہو مدینہ میں تمام   رب سے ہے یہ التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ کیسا مومن ہے وہ جس کے دل میں بغض   اور لبوں پر ہو دعا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India

«86» کانوں میں آکریں سرگوشیاں بلبلِ رنگیں نوا یا مصطفٰی ﷺ
«87» گنبدِ خضرا کا منظر دیکھ کر پھر کہاں کیا دیکھنا یا مصطفٰی ﷺ
«88» یہ بتایا آپ نے کہ رکّھی ہے رب نے زمزم میں شفا یا مصطفٰی ﷺ
«89» چاہے میزان ہو یا پل صراط آپ ہوں گے ہرجگہ یا مصطفٰی ﷺ
«90» جب نکالے خلد سے آدم گئے دل سے آدم نے پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
«91» جس طرح اللہ کا ثانی نہیں نہ ہے کوئی آپ سا یا مصطفٰی ﷺ
«92» جب نہ آدم تھے نہ تھی دنیا مگر عرش پر تحریر تھا یا مصطفٰی ﷺ
«93» جس کو کہتے ہیں مدینہ دوستو وہ ہے زینہ عرش کا یا مصطفٰی ﷺ
«94» قسمتِ دائی حلیمہ دیکھئے چاند گودی میں پَلا یا مصطفٰی ﷺ
«95» تھی کہاں بے حرمتی رب کو قبول آپ کا سایہ نہ تھا یا مصطفٰی ﷺ
«96» کر دیا آسان آکر آپ نے دین کا ہر راستہ یا مصطفٰی ﷺ
«97» چہرۂ جبریلؑ تلوا آپ کا یہ ہے رتبہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«98» ریت پر صحرا کے اکثر آپ کا نقشِ پا بنتا نہ تھا یا مصطفٰی ﷺ
«99» ہم کو مل جائے شفاعت آپ کی راضی ہوجائے خدا یا مصطفٰی ﷺ
«100» گرنہ ہوتے آپ کیا ہوتا شروع زندگی کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
«101» آپ کی توصیف کا ہو یہ صلا رب کی مل جائے رضا یا مصطفٰی ﷺ
«102» ہے تمنا دین کا سورج بنوں اور پھر باٹوں ضیا یا مصطفٰی ﷺ
«103» روٹھا روٹھا ہے زمانہ ہم سے آج روٹھا روٹھا ہے خدا یا مصطفٰی ﷺ
«104» آج میں نے مولی علی کے ہاتھ میں دین کا پرچم دیا یا مصطفٰی ﷺ
«105» نام لے کر آپ کا پایا سکوں خوف جب طاری ہوا یا مصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ سنتِ شاہ امم پر زیست ہو   آپ کے ہوں نقشِ یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کو سجدہ کریں ماہ و نجوم   ہوں مدینے میں لگا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ ہی امید کی ہیں روشنی   عاصیوں کا آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ عمرغفلت میں ہی گزری ہے تمام   ہر عمل ہے کھوکھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ ہو سفرطیبہ کا پر مشکل نہ ہو   نہ کوئی زنجیرِ پا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ مصطفٰی صلِ علی صلِ علی   عمر بھر لب پر رہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ذکرلب پر ہے خدا کا صبح وشام   دل میں ہے صلِ علی یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آنکھ میں تصویر بن کر آتی ہے   آپ کی اک اک ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ میرے دل کے شیشۂ اعمال میں   بخشدو تھوڑی جلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ نے ہرجنگ میں کھل کر کیا   دشمنوں کا سامنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ دل میں جس کے فکرِ محشرہی نہیں   دل ہے وہ مومن کا کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ روزِ محشر کا سہارا آپ ہیں   آپ ہی ہیں پیشوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ جس جگہ پرآپ نے رکھا قدم   پھول ایماں کا کِھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ درس جن سے لیتی تھی شرم وحیا   وہ تھی حضرت فاطمہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ دید کا ہوں میں طلبگار آپ کی   مچلے ہے دل بارہا یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ سنگِ ظلمت سے یقیں کا آئینہ   دیجئے آقا بچا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ جس کو کہتے ہیں مدینہ دوستو   وہ ہے زینہ عرش کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ آپ سے پہلے بھی کوئی خلد میں   جائے گا کیسے بھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ مانا دامن ہے گناہوں سے سیاہ   ہاں بھرم رکھنا مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ جس گھڑی سجدے میں سرہوچاندکا   آئے پیغامِ قضا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Hyderabad India
Collection of Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

بسم الله الرحمن الرحيم

مخضب ز شعراء

ح

تعداد کلام (5)

تعداد اشعار (625)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

حامدؔ

نام۔ سید حامد حسین

قلمی نام۔ حامد شرفی

تخلص۔ حامدؔ

ولدیت۔ الحاج سید فیاض حسین صاحب

مقام و سنہ پیدائش۔ 10-01-1955، حیدر آباد دکن

شرف تلمذ۔ آفتابِ سخن محترم جناب سردار سلیم صاحب

پیشہ۔ تجارت

مشغلہ۔ نعت گوئی، مطالعہ

تصانیف۔ (۱) عکس نعت (نعتیہ مجموعہ) 2005

(۲) ذکر نور (نعتیہ مجموعہ) 2012

آدھی ملاقات کے لئے:۔

311-1-17 عیدی بازار، اویسی نگر، سنتوش نگر، حیدر آباد 500059 تلنگانہ اسٹیٹ، الہند
Mobile No: 0091-9848080685

* * *

﴿1﴾ مسکرانا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
ہو گیا اک معجزہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ ہی ہیں ابتدا یا مصطفٰی
آپ ہی پر انتہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ عرش پر رب نے کہا یا مصطفٰی
مرحبا یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ محبوبِ خدا یا مصطفٰی
نورذات کبریا یا مصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ اقراء کا پتہ یا مصطفٰی
ہے یہ اک نوری ضیا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qudarat Digitization eGangotri

﴿6﴾ پالنے میں لیٹ کر بھی آپ کا　　چاند سے وہ کھیلنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ رحمِ مادر میں بھی جس دم آپ تھے　　تھا سدا اک معجزہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ سرپہ زہرہؓ کے عمامہ دیکھ لے　　عرش تک اک نور تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ اُن فرشتوں کا مقدر لائیں جو　　رحمتوں کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ حکم جو لاترفعوا کا آگیا　　فاصلہ کم ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ رکھ دئیے تلوار قدموں میں عمرؓ　　ہو گیا جب سامنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ ہر قدم پر وارنا اک اک غلام　　کیسی ہے جود و سخا یا مصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ اک نماز عصر کا ہے یہ لحاظ　　شمس کا وہ لَوٹنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ رابطہ رب نے رکھا ہے آپ سے　　میم سے ہٹ کر ذرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ اب بھی روشن ہے اجالا دہر میں　　طٰہ و یٰس کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ جس رستے سے گذرے جب کبھی　　وہ معطر ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ چھت پہ کعبے کی اذاں ہے اور رُخ　　آپ کی جانب ہُوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ بند مٹھی سے گواہی مل گئی　　کوئی رسوا ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کے سجدے پہ جب ہے اوجھڑی　　ہیں ملول اب فاطمہؓ یا مصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ توڑ کر بتیس دنداں کو اویس　　آپ ہی پر ہیں فدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ ہی قوسین پرجلوہ نما　　آپ ہی رب کا پتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ ہل رہی زنجیر ہلتی ہی رہی　　کیا سفرطئے ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ صف بہ صف اقصی میں تھے سب انبیاء　　آپ کی تھی اقتداء یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ جب الست کہہ دیا اللہ نے　　تھی صدا قالوا بلی یا مصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ نوری فاقوں نے بھی دیکھا غور سے　　پیٹ پر پتھر بندھا یا مصطفٰی ﷺ

«26» ہوگیا تحویل قبلہ اُس گھڑی — آپ کا منشاء ہوا یا مصطفٰی ﷺ
«27» مس کئے جبریلؑ تلوئے آنکھ سے — جاگ لیجے اب ذرا یا مصطفٰی ﷺ
«28» خود اترتی سیڑھیاں محسوس ہوں — خوب چلنا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«29» یاد تازہ مَنّ و سلوی کی ہوئی — آپ کا دستر سجا یا مصطفٰی ﷺ
«30» آپ کے دستر کی نوری برکتیں — دیکھتا ہے مائدہ یا مصطفٰی ﷺ
«31» گھرحلیمہؓ کے فراغت کا ظہور — آپ ہیں اب رونما یا مصطفٰی ﷺ
«32» ملنے آئیں جب حلیمہؓ سعدیہ — خود بچھاتے ہیں ردا یا مصطفٰی ﷺ
«33» آپ کا جبہ پہن کر بھی اویس — کرتے ہیں رب سے دعا یا مصطفٰی ﷺ
«34» آپ کے آنے کا اُس کو علم تھا — منتظر تھا اژدھا یا مصطفٰی ﷺ
«35» دشمنوں سے تھی حفاظت آپ کی — ثور پر جالا بُنا یا مصطفٰی ﷺ
«36» عنکبوتی تار کو بھی آپ سے — تھا عجب اک رابطہ یا مصطفٰی ﷺ
«37» پر بچھائیں گے وہاں پرجبرئیلؑ — یہ بھی منشاء آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«38» نوحؑ کا تھا سلسلہ چالیس تک — حشر تک کا سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
«39» تھی کلیمی حد مقرر طور تک — عرش پر ہیں باخدا یا مصطفٰی ﷺ
«40» تھی خلیلیّت کی جو رب سے دعا — آپ ہیں وہ مدعا یا مصطفٰی ﷺ
«41» چاند دو ٹکڑے ہوا اپنی جگہ — تھا اشارہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«42» آپ کی توصیف ہی میں تھے مگن — بی خدیجہؓ عائشہؓ یا مصطفٰی ﷺ
«43» تھا اترتی سیڑھیوں کا اک نشاں — چلنا پھرنا آپ کا یا مصطفٰی ﷺ
«44» آپ تھے شعبِ ابی طالب میں جب — کفربھی تھا غم زدہ یا مصطفٰی ﷺ
«45» غُسل میت کو فرشتوں نے دیا — آپ کا تھا حنظلہؓ یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection Digitization eGangotri

﴿46﴾ ایک پل ہیں سعد اسودہؓ کا نکاح　　اک حَسین سے ہو گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ اک اشارے سے ہوا ٹکرے قمر　　آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ ڈوبا سورج لوٹ کر پھر آگیا　　آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ پہلی آیت غار میں نازل ہوئی　　ہے مقدر غار کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ہے ذبیح اللہ کی ہلکی سی یاد　　چاہ زم زم کا پتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ سنگ اسود نصب کرنے کے لئے　　کرچکے ہیں فیصلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ تھے سفر میں آپ ملک شام کے　　کہہ اٹھا تب میسرہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ لگ گیا پہرہ شہاب ثاقبی　　ہوگئے جب رونما یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ گر گئے قدموں میں اک اک کر کے بت　　در جو کعبے کا کُھلا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ اک اشارے سے وہاں پر اک شجر　　لڑکھڑاتا آگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ کے اک معجزے سے مل گیا　　ام معبدؓ کا پتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ دھوپ میں جب آپ چلتے ہی رہے　　ابر بھی اک ساتھ تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ حضرت صدیقؓ تھے ہمراہ بس　　یہ سفر طیبہ کا تھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ آپ کی نوری لطافت کا ثبوت　　پار پٹکہ ہوگیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ کچھ کھجوریں جَو کی روٹی اور بس　　ہے انوکھا ناشتہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ کر کے مدحت آپ کی حسانؓ بھی　　پائے نورانی ردا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ وار دیں سرمایہ سارا دین پر　　ہے یہ صدیقیؓ ادا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ ہیں امانت لے کے بسترپرعلیؓ　　اورسکوں بھی پا لیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ میں پڑھوں قرآن چہرہ دیکھ کر　　کہہ رہی ہیں عائشہؓ یا مصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ مسکرائیں یا نظر اونچی کریں　　ہر ادا ہے معجزہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿66﴾ حیدرؓ و صدیقؓ و عثمانؓ وعمرؓ چار کا چرچہ سدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿67﴾ دف بہ کف ہیں لڑکیاں چاروں طرف قافلہ طیبہ چلا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿68﴾ لمس کی برکت سے ڈھل کر آگیا آگ سے وہ پارچہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿69﴾ چھ مہینوں میں ملوگی فاطمہؓ آپ نے یہ کہہ دیا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿70﴾ کرتی ہیں قرباں تجارت مال و زر بی خدیجہؓ بارہا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿71﴾ آپ کی انگشتِ پُر انوار سے ایک جھرنا بہہ اٹھا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿72﴾ آپ کی آمد سے کنگورے گرے بجھ گیا آتش کدہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿73﴾ بر مصلّٰی حضرت صدیقؓ ہیں تب ہوئے پھر رونما یا مصطفیٰ ﷺ
﴿74﴾ آگئی مَنّت وہ جو سو اونٹ کی چرچہ عبداللہ کا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿75﴾ مَارَمَیْتَ کہہ رہی ہے آپ کا ہاتھ ہے دستِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿76﴾ کپکپی پر نور کی اک ڈال دی ماں خدیجہؓ نے ردا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿77﴾ دارِ ارقم تک پہنچ کربھی عمرؓ ہوگئے جھٹ پٹ فدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿78﴾ آپ کی قصویٰ پہ ہے دار و مدار بیٹھتے ہیں کس جگہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿79﴾ ہرطرح سے ہوگئے ہیں آپ پر بوہریرہؓ بھی فدا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿80﴾ معرکے میں جب کہیں خالدؓ رہیں جیتتے تھے ہر جگہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿81﴾ آپ جابرؓ کو عطا ہی کر دئیے ان کی دعوت کا صلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿82﴾ شہ نجاشی بھی تو سُن کر آیتیں آپ پر ہے شیفتہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿83﴾ باب خیبر کو اکھاڑے ہیں علیؓ کیا عجب ہے حوصلہ یا مصطفیٰ ﷺ
﴿84﴾ طائف و عُکّاظ میں بھی آپ نے دی ہے غیروں کو دعا یا مصطفیٰ ﷺ
﴿85﴾ کن سے پہلے ہی خدا نے حشر کا کر دیا ہے فیصلہ یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Qadri Hyderabad Collection Digitization eGangotri

﴿86﴾ خلد کا زینہ ہے یا طیبہ ہے یہ
کہہ رہا ہے دل مرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿87﴾ رب کو جب شوق لقا ہونے لگا
عرش پر بلوالیا یا مصطفٰی ﷺ

﴿88﴾ گھر میں میرے رحمتوں کا ہے ظہور
پڑھتا ہوں میں واقعہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿89﴾ دو جہاں کے آپ ہی مختار ہیں
ائے مرے خیرالوری یا مصطفٰی ﷺ

﴿90﴾ بخشش امت بھی ہے اک معجزہ
ہے صلہ معراج کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿91﴾ دونوں عالم نور سے روشن ہوئے
یا نبی صلِّ علی یا مصطفٰی ﷺ

﴿92﴾ آپ کے اسوہ پہ چلنے سے ہمیں
خلد کا رستہ ملا یا مصطفٰی ﷺ

﴿93﴾ ذرہ ذرہ دہر کا ہر دم کرے
آپ کی مدح و ثنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿94﴾ پنجتن کا ہو عطا صدقہ ہمیں
واسطہ حسنینؓ کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿95﴾ آگئے خدمت میں لے کے جبرئیلؑ
تحفۂ رب العلی یا مصطفٰی ﷺ

﴿96﴾ عاصیوں کے واسطے آٹھوں پہر
ہیں سدا محوِ دعا یا مصطفٰی ﷺ

﴿97﴾ ملتے ہیں عرفان سرمتی کے جام
دل سے ہو جو آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿98﴾ چاند سورج کو تکوں میں اس لئے
دیکھیں جلوہ وہ سدا یا مصطفٰی ﷺ

﴿99﴾ آپ کا سایہ نہیں ہے ظاہراً
ہم پہ سایہ آپ کا یا مصطفٰی ﷺ

﴿100﴾ اپنی کملی میں جگہ دیجے ہمیں
حشر کے دن بھی ذرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿101﴾ یاد آتی ہیں سنہری جالیاں
در پہ بلوائیں ذرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿102﴾ حشر کے دن آپ ہوں میزاں پہ جب
ہو نظر ہم پر ذرا یا مصطفٰی ﷺ

﴿103﴾ ہیں یقینا ہو بہ ہو بس آپ ہی
نور حق کا آئینہ یا مصطفٰی ﷺ

﴿104﴾ لے کے قندیلیں چلے آئے ملک
نوری در پہ بارہا یا مصطفٰی ﷺ

﴿105﴾ آپؐ کا آدم نے دے کر واسطہ
رب سے مانگی ہے دعا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization

(106) رک گئے سدرہ پہ آکے جبرئیل   عرش منظر آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
(107) پشت پر حسنین ؓ بیٹھے جس گھڑی   طول سجدہ ہوگیا یا مصطفیٰ ﷺ
(108) آپ ہیں ہر زاویے سے بالیقیں   نور ذات کبریا یا مصطفیٰ ﷺ
(109) آپ کی ہجرت مدینے کو ہوئی   یہ بھی منشاء آپ کا یا مصطفیٰ ﷺ
(110) لگ گئے ملے خوشی میں اس گھڑی   مل گئی تھی جب شفا یا مصطفیٰ ﷺ
(111) ہے جہاں کی مسندوں سے معتبر   آپ کا وہ بوریا یا مصطفیٰ ﷺ
(112) ہے مدینے میں سدا آٹھوں پہر   رحمتوں کا سلسلہ یا مصطفیٰ ﷺ
(113) ایک ہی پل میں مدینہ دیکھ لوں   ذہن میں طیبہ بسا یا مصطفیٰ ﷺ
(114) غیر بھی ناراض کب ہیں آپ سے   سب کے حق میں ہے دعا یا مصطفیٰ ﷺ
(115) آپ پر قرباں ہوا ہے حشر تک   حسنِ بی بی عائشہ ؓ یا مصطفیٰ ﷺ
(116) آپ کے روضے کی بیشک دھول بھی   کیمیاء ہے کیمیا یا مصطفیٰ ﷺ
(117) دیجئے کوثر کے پیالے حشر میں   مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ
(118) آپ کو محسوس طیبہ میں ہوئی   ہند سے ٹھنڈی ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
(119) حشر میں بھی عاصیوں کو عید ہو   آپ ہوں جب رونما یا مصطفیٰ ﷺ
(120) آپ کی زلفوں کا اور رخسار کا   آیتوں میں تذکرہ یا مصطفیٰ ﷺ
(121) کلمۂ طیّب سکھائی گود میں   مجھ کو میری ماں سدا یا مصطفیٰ ﷺ
(122) ہو کے خوش والد سنا تھے مرے   آپ کے قصے سدا یا مصطفیٰ ﷺ
(123) در پہ بلوا لیجئے حامدؔ کو اب   ہے یہی اک التجا یا مصطفیٰ ﷺ
(124) حامدِؔ شرفی کرم کا ملتجی   ہو کرم اس پر ذرا یا مصطفیٰ ﷺ
(125) نعت کہنے کے سبب حامدؔ کو اک   در کا صدقہ مل گیا یا مصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moharim Quadri Digitization eGangotri

حامدؔ

نام:۔ میر حامد علی قادری طرطوسی

تخلص:۔ حامدؔ

ولدیت:۔ حضرت میر محمد علی شاہ قادری الوحیدی

سنہ و مقام پیدائش:۔ 02-06-1965، حیدرآباد

تعلیم:۔ B.A۔ عثمانیہ

پیشہ:۔ تجارت

شرف تلمذ:۔ محترم جناب حضرت سید شاہ ابراہیم علی فائقؔ صاحب

تصانیف:۔ (۱) کلام حامد (شعری مجموعہ) (۲) گنجینۂ در (بزرگوں کے اقوال پر مشتمل کتاب)

آدھی ملاقات کے لئے:۔

14-16/2/A، وادیٔ عمر، شاہین نگر، پہاڑی شریف، رنگاریڈی ڈسٹرکٹ 500005، تلنگانہ، الہند
Mobile No: 0091-9346743675

* * *

﴿1﴾ میری سانسوں کی صدا یا مصطفیٰ ﷺ
میری آہوں میں بسا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿2﴾ آپ ہیں شانِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
ہو حبیب کبریا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿3﴾ کنت کنزاً کی ضیا یا مصطفیٰ ﷺ
ہوگیا ظاہر خدا یا مصطفیٰ ﷺ

﴿4﴾ ہے فرشتوں کی صدا یا مصطفیٰ ﷺ
مرحبا صل علی یا مصطفیٰ ﷺ

﴿5﴾ ہے وظیفہ یہ میرا یا مصطفیٰ ﷺ
مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ

﴿6﴾ حشر میں آئے مزہ یا مصطفٰی   سب کہیگے ایک نگاہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ ہے کرم رب کا بڑا یا مصطفٰی   امتی ہوں آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ حکم مانا جو ترا یا مصطفٰی   مانا وہ حکمِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ فضلِ حق اس پر ہوا یا مصطفٰی   امتی جو آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ چھائی رحمت کی گھٹا یا مصطفٰی   ذکر تیرا جب کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ہے خدا کا آئینہ یا مصطفٰی   ہے بہارے لا الہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ زندگی کا ہر لمحہ یا مصطفٰی   معجزہ در معجزہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ مدحت خیرالوریٰ یا مصطفٰی   مجھ سے ہو کیسے ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ شافعِ روز جزا یا مصطفٰی   دافع ہر اک بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ دردِ دل کی ہے دوا یا مصطفٰی   میری سانسوں کی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ میں سوالی ہوں ترا یا مصطفٰی   مجھ کو بھی ہو کچھ عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ در ترا جود و سخا یا مصطفٰی   فیض ہے جاری ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ حق کا ہو تم آئینہ یا مصطفٰی   سَرِّ وحدت کا سرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ چاند شق ہو کر کہا یا مصطفٰی
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی" صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ جو تیرے سے در کا گدا یا مصطفٰی   بادشاہ وہ بادشاہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ اے سخیء عالمیں یا مصطفٰی   بھیک ہو ہم کو عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ یہ ترانہ پڑھتے رہتے ہیں صدا   مرحبا یا مرحبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ مل گیا اس کو کنارا مصطفٰی   جو بھی طوفاں میں پکارا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ ذکر رب ہے ذکر تیرا مصطفٰی   رتبہ سب سے ہے جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿25﴾ میں اگر رہتا نبی اُس دور میں   آپ کو میں دیکھتا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿26﴾ روزِ محشر میری بخشش کیلئے   در ترا ہوگا کھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ شمس الٹے پاؤں آیا تھا پلٹ   اک اشارہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ کھدیا جبریل کُل عالموں کو دیکھ کر   حسن تم سا نہ بنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ مشکلیں آسان ہونگی اب میری   صدقِ دل سے دی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ تم ہمارے ہو ہمارے یا نبی   میں ترا ہوں میں ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ دید ہو جائے کبھی تو مجھ کو بھی   واسطہ حَسنینؓ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ ہے انوکھا آپ کا یہ معجزہ   امی ہونا آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ آپ ہی ہو بالیقیں ختم الرسل   پیشوائے انبیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ واسطے سے کی ہے آدم نے دعا   کام آیا واسطہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ مومنوں کی جان سے ہو تم قریب   کون ہے تم سے سوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ بخش دے امت میری رب العلی   آپ کی ہے یہ دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ ہے بنایا آپ کو اللہ نے   سر تا پا نورالھدیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ دو جہاں کے عاصیوں کے واسطے   تیرا در ہی ہے کھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ میری بخشش کا ہے ساماں یہ حضور   یہ کلامِ نعتیہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ آنکھ میں پھرتا ہمارے آج بھی   وہ تیرا گنبد ہرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ سبز گنبد اور سنہری جالیاں   اور دیکھوں در تیرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ وقتِ آخر دید ہو تیری حضور   ہے میرا یہ مدعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ یوں تو دنیا میں ہزاروں ہیں حَسیں   آپ سب سے ہیں سوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ اسم تیرا ہے ہمارے واسطے   دفع ہر اک بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(45) ہو گئی مشکل میری حل آن میں   جب بھی میں ہے پڑھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(46) چاند شق ہو کر کہا ہے آپ سے   حکم پر تیرے فدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(47) دیکھ کر دامن تمہارا ہاتھ میں   بخش دے گا وہ الہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(48) زندگی کا تیرے لمحہ اور کھڑی   ہے سراپا معجزہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(49) میری گھتی میں ہے الفت آپ کی   دل کو ہے بس لقلقہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(50) میری آنکھوں سے میں چوموں گر ملے   آپ کا وہ نقشِ پا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(51) میرے آقا رحمت کونین ہیں   ہو کر ہم پر ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(52) قاسمِ ہر دو جہاں کو چھوڑ کر   پھر کسے دیں ہم صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(53) حق کو لیکر آئے ہیں شاہِ امم   حکم نافذ ہے ترا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(54) نور ہے دونوں جہاں میں کل ترا   جو ملا جس کو ملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(55) دے دیا تحویل کعبہ کا حکم   دیکھ کرچہرہ تیرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(56) ہم غریبوں کی ہو ثروت یا نبی   عاصیوں کا آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(57) اپنی امت کا نبی ہے اک امام   ہے امام الانیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(58) بوجھ ہے میرے گناہوں کا بہت   مانگتا ہوں میں پناہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(59) میری آنکھوں کو عطا کردے خدا   دیکھنا روضہ ترا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(60) آپ ہیں جب شافعِ محشر حضور   میں ڈروں کیوں کر بھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(61) رک گئے جبریل کے واں پر قدم   بعدِ سدرہ کون تھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(62) دل میں طوفانِ الم ہے چار سو   دیجئے مجھ کو دوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(63) آپ کا ہم کو بھی دیتی ہے پتہ   جو معطر ہے فضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(64) سب سے افضل آپ کی امت حضور   ہے امام الانبیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Collection, Hyderabad Digitization eGangotri

﴿65﴾ جو بھی مانگا واسطے سے ہے ملا مدعا پورا ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿66﴾ خود بناکرآپ کو اللہ نے ہوگیا شیدا تیرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ خود خدا جانے حقیقت آپ کی کون جانے گا بھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ وقت آخر آپ آجانا حضور آپ سے ہے التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ روزِ محشر میری بخشش کیلئے ہے سہارا آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ مشکلیں حل ہو گئی اک آن میں جب بھی میں نے کہدیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ کے صدقے سے ہر اک کو حضور جو ملا جس کو ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ روزِ محشر لاج رکھنا تم مری امتی ہوں آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ قرب رب کے واسطے اے دوستو ہے وظیفہ مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ قطرہ مانگا آپ سے دریا ملا کس کی ہے ایسی عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ کے اخلاق ہیں خلقِ عظیم خود ثناء خواں ہے خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ بے وسیلوں کا وسیلہ آپ ہو عاصیوں کا آسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ رشک کرتے ہیں فرشتے دیکھ کر گنبدِ خضرا ترا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ پاس قدموں کے بلالیجے مجھے مضطرب ہے دل میرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ ہے فضاؤں کا یہ نغمہ ہر گھڑی مرحبا صلِّ علی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ وقت آخر ہو کرم مجھ پرحضور آپ آجانا ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ یہ تَرانہ پڑھتے رہتے ہیں صدا مرحبا یا مرحبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ بارِ عصیاں سے میرا دل چُور ہے ہو نظر مجھ پہ ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ شق قمر بھی اک اشارے پر ہوا ہے تیرا یہ معجزہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ لڑکھڑائیں گے قدم جب حشر میں تھام لینا تم ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿85﴾ روزِ محشر ہے سجایا اس کیلئے　　سب کی ہو بس ایک صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿86﴾ نیکو کاروں کو بخش دے گا خدا　　عاصیوں کا آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ ہے پریشاں آپ کی امت حضور　　ہو مسلمانوں کا بھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ سخت طوفانِ بلا میں ہیں پھنسے　　ہو کرم ہم پرذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ سارے عالم کے لئے رحمت ہے وہ　　ہے سبھوں کا آسرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ سونچتا ہوں میں خیالوں میں حضور　　کیسا ہوگا رو ترا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ آپ ہی مجھ کو نبھانا اے حضور　　میں برا ہوں یا بھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ لاج رکھنا تا قیامت تک مری　　ہوں گدا میں آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ خوف مجھ کو اب نہیں طوفان کا　　بن گئے ہیں ناخدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ ٹکڑے ہوکر چاندنے یہ کہدیا　　تم سے ہے میری ضیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ جو ہے مٹی آپ کے در کی حضور　　بن گئی خاکِ شفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ مجھ کو بھی صدقہ عنایت کیجئے　　ہوں فقیرے بے نوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ جو اطاعت آپ کی آقا کرے　　وہ ہے محبوبِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ باعثِ تخلیقِ عالم آپ ہو　　کل میں ہے جلوہ ترا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ واسطہ ہے آپ کو حَسنینؓ کا　　ہو کرم ہم پر ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ سب مرادیں میری کرلیجے قبول　　سیدہؓ کا واسطہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ روزِ محشر میرا ٹوٹے نا بھرم　　لاج رکھ لے نا ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ دید کی ہے آرزو مجھ کو حضور　　مضطرب ہے دل میرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ کیوں نہ ہونگی مشکلیں آسان اب　　صدقِ دل سے ہے صدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ لے چلے مجھ کو جہنم کی طرف　　تم بچالے نا ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

﴿105﴾ اک اشارے پر چلا کرتا تھا وہ　　ہے کھلونا وہ ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿106﴾ رحمتوں کی پھر گھٹائیں چھا گئیں　　تذکرہ جب بھی کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ رازِ حق تو آپ سے ہے اشکار　　کس کو تھا علم خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ حق نے دی ہیں آپ کو سب نعمتیں　　سلسلہ ہے فیض کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ پیار سے رب نے ہے پکارا آپکو　　اے محمد ﷺ والضحیٰ یا مصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ ذوق بڑھتا ہی گیا ہے دیکھ کر　　ہے عجب وہ رو ترا یا مصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ خاندانِ عالمیں میں آپ کا　　ہے گھرانہ وہ بڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ دی شہادت بوجہل کے ہاتھ میں　　سنگ ریزوں نے پڑھا یا مصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ کفرنے پھر سر اٹھا یا مصطفٰی　　توڑئیے ان کی گدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ دامنِ امید بھردو یا حضور　　میں از سے ہوں تیرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ مجھ کو طیبہ میں بلالو یا نبی　　اتنی سی ہے التجایا مصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ حشر میں ہے عاصیوں کے واسطے　　اک تیرا ہی آسرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ سب سے ارفع سب سے اعلی ہے ترا　　ذکر بھی اور مرتبہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ میں ہوں مجرم شافعِ روزِ جزا　　میں نہیں ہوں پارسا یا مصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ میں بھی ہوتا شجرِ حنانہ اگر　　ہوتا قدموں میں پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ ہے لباسِ نور ترا مصطفٰی　　نور کا تو سلسلہ یا مصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ مشکلیں سب حل ہوئی ہیں آن میں　　دل نے جب بھی دی صدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ حشر میں دامن تیرا تھاموں گا میں　　بخش دے گا وہ خدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ کوئی رستہ ہی نہیں ہے حشر میں　　تم بچا لینا ذرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ یاد کیجے اپنے حامدؔ کو کبھی　　اپنے دریا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ نعت حامدؔ کیا لکھے گا یا نبی　　تیرا مداح کبریا یا مصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad

حبیبؔ

نام :۔ حبیب الدین حبیبؔ
تخلص :۔ حبیبؔ

ولدیت :۔ الحاج محمد سراج الدین صاحب

مقام وسنہ پیدائش :۔ ۱۲؍ربیع الاول ۱۳۹۴ھ م 1972-05-11۔ جڑچرلہ، محبوب نگر

شرف تلمذ :۔ محترم جناب ظہیر ناصری صاحب

تعلیم :۔ میٹرک (تلگو میڈیم)۔ بی۔ اے (ہندی)

مصروفیت: تجارت

ابتداء سے ہندی اور تلگوں زبان سے واقفیت تھی، اردو بہت کم جانتے تھے، لیکن اپنے دوست واحباب سے ملاقات اور محافل میں شرکت سے اردو زبان سیکھ کر شاعری کا آغاز کئے۔

آدھی ملاقات کے لئے۔

23-90, Fazal Banda, Jadcherla, Mahabub Nagar - 509301
Telangana, India
Mobile No: 0091-9848254944

﴿1﴾ یا نبی مشکل کشا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نام ہے ردِّ بلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ اُس میں اپنی کچھ نہیں فکر رسا
نعت کا صدقہ ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ آپ کا ربِّ العلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مرحبا خیر الوریٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ کا نقش کفِ پا شاہ دیں
عرش کی زینت بنایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ آپ کا سدرہ سے آگے کا سفر
معجزہ ہی معجزہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Sufi Rah Manor Collection Digitization eGangotri

﴿6﴾ مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ
دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ حشر میں کملی کا سایہ ہو عطا — واسطہ حَسنینؓ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ دُور ہو غم کا اندھیرا یا نبی — اے میرے مشکل کشا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ میرا مجھ میں کچھ نہیں ہے باخدا — میرا سب کچھ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ نعت لکھتا ہوں میں جب بھی آپ کی — جھومتا ہے دل مرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ نعمتیں اللہ کی ہیں بے شمار — آپ ہیں عمدہ عطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ راستہ تکتا ہے بے شک آپ کا — آج بھی غارِ حرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آگیا سورج پلٹ کر بالیقین — آپ کا تھا معجزہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ آپ کے نقشِ قدم پر جو چلے — مل گیا اُس کو خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ خوب تر تختِ سلیمانی سے بھی — آپ کا ہے بوریا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ عرش پر آدم نے دیکھا آپ کا — نام تھا لکّھا ہوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ یاد آتی ہے لبادہ دیکھ کر — قرن والے کی وفا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ آپ کی گفتار کا ہر ایک لفظ — عکس ہے قرآن کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ ہو رہا ہے دو جہاں میں آج بھی — خوب چرچہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ آپ کے پیارے نواسوں کا حضور — ہو عطا صدقہ ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ خواب میں دکھلائیے بھر کرم — آپ کا جلوہ ذرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آپ کا جلوہ تو حق کا جلوہ ہے — بس یہی ایماں مرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ چودہویں کا چاند بھی شرما گیا — رخ جو دیکھا آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ مسکرائے آپ اجالا ہو گیا — حجرہ جو تاریک تھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿25﴾ پیر کے ہاتھوں سے میں نے جو پیا   ہے پیالہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿26﴾ آپ کا نورانی چہرہ دیکھ لوں   ہے یہ میرا مدعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ راہ پر چل کر تمہاری پا لیا   زندگی کا راستہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ آپ کا جو ہوگیا صد مرحبا   وہ خدا کا ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ پنّے پنّے پر عیاں قرآن کے   آپ ہی کا تذکرہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ ہندمیں مَیں اور مدینے میں ہیں آپ   دور ہو یہ فاصلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ مرتبہ اللہ اکبر آپ کا   وہ ولی، جس پر کھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ آپ پر ماں باپ قرباں یا نبی   اور مری جاں بھی فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ آپ کے گھر مَیں نوکر ہوں شہا   ہے یہی میرا پتا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ ڈھونڈتے تھے سب خدا کا راستہ   آپ کے در سے ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ ایک درہم میں نے دی خیرات میں   دس گنا پایا صلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ میں بھی دیکھوں گا مدینے کی بہار   اک اشارہ ہو ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ میرے دادا، اُن کے دادا، اور میں   آپ کے ہیں سب گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ مان لیتا، خیر تھی بوجہل کی   کنکروں نے جب کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ ترجمانی کر رہی قرآن کی   آپ کی ہر اک ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ آپ ہی محبوب ہو اللہ کے   آپ ہی بعد از خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ جب دمِ آخر ہو میرا، کیجئے   آپ کا جلوہ عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ میں غلامِ پنجتن خواجہ پرست   چشتیہ ہے سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ ہیں سواسو نعتیہ اشعار کُل   لے کے آیا ہوں شہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ اللہ اللہ شان چاروں یار کی   ہر نگینہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahab Hyderabad India

﴿45﴾ آپ اچھے اورسچے ہیں حضور   میں بُرا سب سے بُرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿46﴾ سر میں سودا ہے مدینہ دیکھ لوں   کر دو پوری التجا یا مصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ روز وشب بڑھتا ہے ارماں دید کا   خواب میں دیدار کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ مانگنے کی مجھ کو حاجت ہی نہیں   بھر گیا دامن مرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ آپ کی اُمت میں شامل مَیں بھی ہوں   ہے کرم اللہ کا یا مصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ غیب کی باتیں تو کیا ہیں آپ سے   خود خدا کب ہے چُھپا یا مصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ جن وانساں اور فرشتے مل کے سب   آپ کا لشکر بنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ کفر کے اس شہر میں نادان کچھ   ہم کو کہتے ہیں بُرا یا مصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ آپ کا سایہ نہیں ثانی نہیں   آپ ہیں سب سے جدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ جس طرح چاہیں نوازیں اب مجھے   کب سے ہُوں در پر پڑا یا مصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ جو بھی پہنچے آپ کی دہلیز پر   کب ہے آساں لَوٹنا یا مصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ ظلم ہم پر ہو رہا ہے صبح و شام   المدد یا مصطفٰی یا مصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ ہم بھٹک سکتے نہیں ہرگز نہیں   آپ ہیں جب رہنما یا مصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ جو بھی ہوں جیسا بھی ہوں، ہوں امتی   یہ کرم کیا کم ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ مشکلیں پاس آنہیں سکتی کبھی   نام ہے لب پر سدا یا مصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ جام پیتے ہی تمہارا پیر سے   اک نشہ سا چھا گیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کے فیضان سے نعتیں لکھی   تھی مری اوقات کیا یا مصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ خاکِ طیبہ گھول کر پیتا ہوں میں   بس یہی میری دوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ مُشک و عنبر سے معطر، آپ کے   پاک دامن کی ہوا یا مصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ کی سنت بنی سنت بنی   سنگِ اسود چومنا یا مصطفٰی ﷺ

﴿65﴾ میں بڑی تقدیر والا بن گیا   آپ کا ہوکر گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿66﴾ سارے نبیوں کے ہو سرور یا نبی   آپ کا رتبہ بڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ آپ کے دندان کی تھی روشنی   حجرہ روشن ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ خوب ہے کسریٰ کا کنگن یا نبی   جو سراقہ کو دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ آپ کی نوری رِدا حسّان کو   آپ نے کردی عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ رو رہی ہے یاد کر کے رات دن   اب بھی ارضِ کربلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ کا دنیا میں آنا یا نبی   مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ ایک چھوٹی سی ہے کُٹیا آپ کی   دو جہاں کے بادشاہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ کیسے ثانی آپ کا ہوگا حضور   آپ کا سایہ نہ تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ چھٹ گئے سارے اندھیرے راہ کے   نامِ نامی جب لیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ کی رحمت کا پیاسا مَیں بھی ہُوں   ہو ذرا چشمِ عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ خلد سے پیارا مدینہ آپ کا   شہر ہے کس شان کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ آپ کا دیدار ہوگا قبر میں   ڈر ہمیں کس بات کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ جس گھڑی عرشِ معلی پر گئے   آپ کا رتبہ کھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ دبدبہ ہے آپ ہی کے نام کا   منہ چُھپا شیطان کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ میرے آقا میرے داتا آپ ہیں   فکر کیا مجھ کو بَھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ انگلیاں کاغذ قلم محوِ دورد   نعت میں نے جب لکھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ کیا کہوں میری زبان خاموش ہے   آپ کو سب ہے پتا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ اولیاء اور اصفیاء سب انبیاء   آپ کے در کے گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ دو جہاں کے بادشہ کی سادگی   بورئیے پر لیٹنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«85» جس جگہ توحید کا اعلاں ہُوا تخت ہے فاران کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«86» تک رہا ہوں آپ کی سنت ہے یہ راستہ مہمان کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«87» حق ادا ہوگا نہیں ہرگز نہیں آپ کے احسان کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«88» تک رہی ہیں میری آنکھیں رات دن ہیں تمہارا راستہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«89» ہم ثنا کرتے ہیں آقا آپ کی دل جَلا ابلیس کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«90» عشق کی دولت تمہاری مل گئی روح نے پائی غذا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«91» جو تمہاری یاد میں لمحہ کٹا بس وہی کام آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«92» آنکھ سے آنسو رواں ہیں دیکھ کر حاجیوں کا قافلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«93» آپ کو دیکھا تو موسیٰؑ بول اٹھے جو نہ دیکھا تھا دِکھا' یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«94» منتظر تھے ہم ربع النور کے وہ مہینہ آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«95» ہاتھ میں کاسہ لئے دربار میں مَیں بھی ہوں ٹھہرا ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«96» ہر ہمیشہ ہے تصور آپ کا دل مدینہ بن گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«97» راہ بر تھا ساتھ میں نہ رہنما تھا سفر معراج کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«98» اِس زمیں پر آسماں پر عرش پر آنا جانا آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«99» عرش و کرسی اور قلم کیا چیز ہے خود خدا ہے آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«100» نعت محفل سجی ہے آپ کی گھر ہُوا روشن مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«101» نعت لکھنے کا ارادہ جب ہُوا خود قلم چلتا رہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«102» آپ کے بیمار ہیں سارے غلام ہم نہیں چاہیں شفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«103» کھا رہے ہیں آج بھی صدقہ حضور آپ ہی کے نام کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«104» آپ جن کو چاہتے ہیں اُن میں ہی نام شامل ہو مرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿105﴾ من رانی کا مزہ لیتے سبھی   دیکھ کر رخ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿106﴾ ذرے ذرے میں جہاں کے یا نبی   آپ کا جلوہ بسا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ آپ کے صدقہ دما دم مست ہوں   ہے یہی اک مشغلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ آپ کا رب اور جنت آپ کی   عاصیوں کو فکر کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ گا رہے ہیں باغ میں بُلبُل سبھی   لیس ترانہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ اِس جبیں کو آپ کا در مل گیا   یہ کرم مجھ پر ہُوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ یا نبی صلِّ علی صلِّ علی   ہے مرا یہ مشغلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ میری کشتی ہے بھنور میں یا نبی   تھام لے خیرالوریٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ آپ نے بگڑی بنائی لاکھوں کی   ہو ہمارا بھی بَھلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ آپ ہی کے نام کا جلتا رہے   میرے سینے میں دِیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ آمنہؓ کے لال ہو پیارے نبی   مظہر نورِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ یہ کرم کے فیصلے ہیں مرحبا   آپ آقا میں گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ انبیاء بھی تک رہے ہیں آپ کو   شافعِ روز جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ مل گیا جنت کا پروانہ اسے   نعت جس نے بھی لکھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ نعمتیں ساری اُسی کو مل گئے   جس نے تم کو پالیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ کیا کہوں آقا لطافت آپ کی   ہوگیا پٹکا جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ آنکھ والوں کے لئے ہے روشنی   آپ کی ہر اک ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ کتنا پیارا نام ہے ذکرِ حبیب   یہ میرے دیوان کایا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ آپ کا بے شک دوانہ ہند میں   ہے حبیبؔ بے نوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ داد ملتی ہے حبیبؔ الدین کو   آپ ہی کی ہے عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ ٹھوکریں دردر کی کھا کربھی حبیبؔ   مست ہے یہ دل جلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

حسینیؔ

نام :- محمد غلام حسین خان
تخلص :- حسینیؔ
ولدیت :- قادر خاں صاحب
پیدائش :- 6-6-1950ء حیدرآباد
شاعری کا آغاز :- 2012ء
شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لاابالی سجادؔ
تعلیم :- Intermediate / PUC
مصروفیت :- نادی الھادی کے مشاعروں میں شرکت
پیشہ :- تاجر
پتہ :- 13-4-143 Sabzi Mandi Karwan Road, Hyderabad
PIN.500006 - TELANGANA STATE- INDIA
M.No. 0091-8099574487

* * *

﴿1﴾ دیدِ محبوبِ خدا یا مصطفیٰ ﷺ
ہو مجھے بھی اب عطا یا مصطفیٰ ﷺ

کام ہر چھوٹا بڑا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» اُمّتی ہیں اور وہ بھی آپ کے
یہ شرف ہم کو مِلا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» آپ ہی کا آسرا ہے حشر میں
شافع روزِ جزا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» پا کے انگلی کا اشارہ آپ کی
چاند دو ٹکڑے ہوا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» سخت مشکل اور پریشانی میں ہے
آپ کا ایک اک گدا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» حشر میں آپ آئیں گے تو آئے گا
نعت پڑھنے کا مزہ یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» کب جُدا تم ہو خدائے پاک سے
کب جُدا تم سے خدا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

«46» خود پہنچتی ہے ضرورت مند تک   آپ کی شانِ عطا یا مصطفی ﷺ
«47» آپ سے تلوؤں کا دھوون مانگنے   آگیا آبِ بقا یا مصطفی ﷺ
«48» کیوں ستائے فکرِ عقبیٰ مجھ کو جب   آپ سے ہے رابطہ یا مصطفی ﷺ
«49» نور سے معمور ہے آٹھوں پہر   شہر طیبہ کی فضا یا مصطفی ﷺ
«50» کیوں نہ ہر اک امتی مشتاق ہو   آپ کے دیدار کا یا مصطفی ﷺ
«51» آپ کے دامن سے وابستہ ہیں   اُن کو ڈر کس بات کا یا مصطفی ﷺ
«52» آتشِ دوزخ ہوئی اُس پرحرام   جو تمہارا ہوگیا یا مصطفی ﷺ
«53» کیجئے مجھ پر بھی اک چشمِ کرم   پیکرِ لطف و عطا یا مصطفی ﷺ
«54» آپ کے روضے پہ ہوگی حاضری   کب وہ لمحہ آئے گا یا مصطفی ﷺ
«55» آپ کے ہاتھوں سے ہم کو خلد میں   جامِ کوثر ہو عطا یا مصطفی ﷺ
«56» آپ آئے تو مدینہ ہوگیا   مرکزِ دارالشفا یا مصطفیٰ ﷺ
«57» حسن والے تو ہوئے لاکھوں مگر   کب کوئی تم سا ہوا یا مصطفیٰ ﷺ
«58» انبیاء معراج کی شب کہہ اٹھے   مرحبا صد مرحبا یا مصطفی ﷺ
«59» راستہ رب تک پہنچنے کا ہمیں   آپ نے بتلا دیا یا مصطفی ﷺ
«60» ہر کسی سے تم کو الفت ہے حضور   ہر کوئی تم پر فدا یا مصطفی ﷺ
«61» جب بڑھا میں نام لے کر آپ کا   سر ہوا ہر معرکہ یا مصطفی ﷺ
«62» آج محفل ہے تمہارے ذکر کی   آج ہوگا رتجگا یا مصطفی ﷺ
«63» آپ سے بہتر ہمارا حالِ دل   اور کب کس نے سنا یا مصطفی ﷺ
«64» دیکھ کر تم کو ہے منہ اترا ہوا   چودھویں کے چاند کا یا مصطفی ﷺ
«65» شکر کہ شیدائیوں میں آپ کے   نام شامل ہے مرا یا مصطفی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudri Digitization eGangotri

«66» اک تمھاری تابشِ ادراک سے   حل ہوا ہر مسئلہ یا مصطفی ﷺ
«67» آپ نے طیبہ جو بلوایا مجھے   سر کے بل میں آؤنگا یا مصطفی ﷺ
«68» اور پھرمیں بھی گُلِ امید سے   بھرکے دامن لاؤنگا یا مصطفی ﷺ
«69» بارشِ رحمت میں شہرنورکی   روح کو نہلاؤنگا یا مصطفی ﷺ
«70» آپ کے رشد و ہدایت کے طفیل   طے ہوا ہر مرحلہ یا مصطفی ﷺ
«71» حق تو یہ ہے حق تعالی کا پتہ   آپ سے ہم کو ملا یا مصطفی ﷺ
«72» سارے عالم میں بجز اللہ کے   کون ہے تم سے بڑا یا مصطفی ﷺ
«73» عرشِ اعظم سے زمیں تک آپ کا   نور ہے پھیلا ہُوا یا مصطفی ﷺ
«74» آپ جانِ اولیاء فخرِ رُسل   آپ شانِ انبیا یا مصطفی ﷺ
«75» آپ کے نقشِ قدم پر مَیں نثار   اے شہِ ہر دوسَرا یا مصطفی ﷺ
«76» آپ کی سرکار ایسی ہے جہاں   سر جھکائیں اصفیا یا مصطفی ﷺ
«77» آپ کے شہرحَسیں کا ہر طرف   ہر نظارہ جاں فزا یا مصطفی ﷺ
«78» آپ ہی کے نور سے ایران کا   بجھ گیا آتشکدہ یا مصطفی ﷺ
«79» جانے کتنے مسئلے حل کر گئی   آپ کی فہم و ذکا یا مصطفی ﷺ
«80» شوقِ طیبہ میں تڑپتا ہے یہ دل   ماھئ بے آب سا یا مصطفی ﷺ
«81» امن کا اور آشتی کا سلسلہ   آپ کے گھر سے چلا یا مصطفی ﷺ
«82» مل رہی ہے کتنے بیماروں کو روز   آبِ زم زم سے شفا یا مصطفی ﷺ
«83» آپ کے روضہ سے ہم کو مل گیا   راستہ فردوس کا یا مصطفی ﷺ
«84» دیکھ کر خلقت سنورتی ہے جسے   آپ ہیں وہ آئینہ یا مصطفی ﷺ
«85» ہے منور ذکر اللہ سے   آج بھی غارِ حرا یا مصطفی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

«86» آپ کا اسمِ گرامی کیوں نہ ہو میرے ہر دکھ کی دوا یا مصطفی ﷺ
«87» ہے شبِ اسریٰ مبارک ہو تمہیں یہ سفر معراج کا یا مصطفی ﷺ
«88» اے شہِ دیں آپ کے ہوتے ہوئے ہم نہیں بے آسرا یا مصطفی ﷺ
«89» یا محمد ﷺ آپ کے دربار سے کب کوئی خالی گیا یا مصطفی ﷺ
«90» آپ ہیں سارے زمانے کیلئے رہبر و قبلہ نما یا مصطفی ﷺ
«91» اب خدا کے واسطے سن لیجئے ہم غریبوں کی صدا یا مصطفی ﷺ
«92» آپ کا ایک اک ثناخواں مستحق آپ کے انعام کا یا مصطفی ﷺ
«93» آکے میں بھی آپ کے در پر کروں شکر کے سجدے ادا یا مصطفی ﷺ
«94» پھر سہاروں کا نہیں محتاج وہ جس نے تم کو پالیا یا مصطفی ﷺ
«95» رات دن خلقِ خدا کے لبؔ پہ ہے آپ ہی کا تذکرہ یا مصطفی ﷺ
«96» آپ کا دربار ایسا ہے جہاں سب کو بے مانگے ملا یا مصطفی ﷺ
«97» کب بلاؤگے مجھے طیبہ نگر کب میں طیبہ آؤں گا یا مصطفی ﷺ
«98» جس کا دروازہ علیؓ شیرِ خدا آپ وہ شہر علم کا یا مصطفی ﷺ
«99» آپ کی محنت سے دنیا بھر میں ہے دبدبہ اسلام کا یا مصطفی ﷺ
«100» بِن تمہارے ذکر کا جلسہ کوئی کب مرے کس کام کا یا مصطفی ﷺ
«101» راستوں میں راستہ وہ معتبر جو تمہارا راستہ یا مصطفی ﷺ
«102» مجھ کو بھی طرزِ تکلم ہو عطا آپ کے حسّان سا یا مصطفی ﷺ
«103» آپ ازل سے تا ابد سب کیلئے بن گئے فضلِ خدا یا مصطفی ﷺ
«104» آپ کی زلفوں کی یاد آنے لگی جب اٹھی کالی گھٹا یا مصطفی ﷺ
«105» ہر گھڑی میری زباں میں ذائقہ ہے تمہاے نام کا یا مصطفی ﷺ

Collection Peer Sahib Qadari, India

﴿106﴾ آپ کے آنے سے عبداللہ کا   گھر ہوا رحمت کدہ یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ تذکرہ جیسے ہی چھڑا آپ کا   ہوگئی روشن فضا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ اس کی قسمت کے دریچے کھل گئے   جس نے روزانہ پڑھا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ آج بھی ہے عقلِ انساں سے پَرے   آپ کا ہر معجزہ یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ کر کے ہجرت جب مدینہ تم گئے   ہر کسی کے لب پہ تھا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ تم جو آئے تو تمہارے نام کا   ہر طرف ڈنکا بجا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ آپ کے قدموں کی برکت کر گئی   خشک سحرا کو ہرا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ مسجدِ نبوی کے وہ نقش ونگار   جیسے منظر خلد کا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ ہے منور آپ ہی کے نور سے   چہرۂ ارض و سما یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ وجد میں میرا قلم خود آگیا   جب کبھی میں نے لکھا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ رب نے تصدیقِ نبوت کیلئے   بس خدیجہ رضی اللہ عنہا کو چُنا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ مرحبا سردارِ جنت بن گئیں   فاطمہ خیرالنسا رضی اللہ عنہا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ کفر کو یک لخت محوِ خواب سے   آپ نے چونکا دیا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ قتل کی نیت سے آئے تھی عمر رضی اللہ عنہ   پاس آئے دل کہا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ حاضری کی آرزو میں چل پڑی   میرے ہونٹوں کی صدا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ جیسے تم نے یاد فرمایا مجھے   یا مجھے ایسا لگا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ نعت گوئی کا سلیقہ اب مجھے   کر دیا تم نے عطا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ ہوگئی منظوم سیرت آپ کی   شکریہ صد شکریہ یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ نعت گوئی کے شغف سے دہر میں   نام ہے خورشیدؔ کا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ ظلمتیں کیسے کریں گی سامنا   آپ کے خورشیدؔ کا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

د

تعداد کلام (2)

تعداد اشعار (250)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Quadri Digitization eGangotri

دانش

نام:۔ عبدالخالق تخلص:۔ دانش

ولدیت:۔ نذیر احمد انصاری (مرحوم)

مقام و سنہ پیدائش: 28-01-1955۔ جبلپور، مدھیہ پردیش

تعلیم۔ آٹھویں جماعت پاس

ملازمت:۔ فُڈ کارپوریشن آف انڈیا۔ جبلپور (ایم۔ پی)

دیگر مشغولیت:۔ آل انڈیا مشاعروں میں شرکت، ادبی و شعری نشستوں میں شرکت، بزرگانِ دین کی درگاہوں سے وابستگی، نعت شریف، سلام نگاری، منقبت، غزل وغیرہ وغیرہ۔

بڑے بڑے مشاعروں میں آپ نے شرکت کی اور کلام سنایا۔

آدھی ملاقات کے لئے:

3093، نزد طالب شاہ چوک، ٹھکّر گرام، جبلپور، 482002 (ایم۔ پی)

Mobile No: 0091-9229494923

☆☆☆

﴿1﴾ ہے تمہیں سے ابتدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہے تمہیں پر انتہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ زینتِ عرشِ عُلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لائقِ حمد و ثنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ آپ فخر الانبیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
شافعِ روزِ جزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ جب مری آئے قضا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
لب پہ ہو صلِّ علیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ کردو پورا مدعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دیکھ لوں در آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿6﴾ آپ سے جو بھی ملا یا مصطفٰی   ہوگیا وہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿7﴾ زندگی میں آپ کے در سے مجھے   کیا کہوں کیا کیا ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿8﴾ پاک سیرت پڑھتے پڑھتے آپ کی   ہم کو جینا آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿9﴾ آپ مل کر آگئے اللہ سے   مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿10﴾ کام آئے گا ہمارے حشر میں   اک وسیلہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿11﴾ جب ہوئی جلوہ نمائی آپ کی   کفر دنیا سے مٹا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿12﴾ بیٹیاں در گور ہونے سے بچیں   چھائی خوشیوں کی گھٹا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿13﴾ آپ سا آیا نہ آئے گا کوئی   دہر میں اب دوسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿14﴾ جل اُٹھے دِل میں محبت کے چراغ   نام سن کر آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿15﴾ آپ آئے آمنہ بی بی کے گھر   لے کے رحمت کی ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿16﴾ پڑھتے پڑھتے آپ کے اقوال کو   سب کو جینا آگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿17﴾ آپ کی عظمت ہو ہم سے کیا بیاں   یا حبیبِ کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿18﴾ بے کس و مجبور پہ لطف و کرم   آپ نے ہر پل کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿19﴾ جتنے بھی دنیا میں آئے انبیاء   اک تم ہی سب سے جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿20﴾ ہے ہدایت اس جہاں کے واسطے   آپ کی اک اک ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿21﴾ رہ گئے بن کے وہ جملہ سنگ میل   آپ نے جو کہہ دیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿22﴾ آپ کی شانِ کریمی پر نثار   سارا عالم ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿23﴾ کائناتِ حُسن کا مرکز ہیں آپ   نورِ حق صلِّ علی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿24﴾ فاطمہ زہرا ؓ کے صدقے میں مجھے   کیجئے کچھ تو عطا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿25﴾ جس میں آتا ہے نظر عکس خدا   آپ ہیں وہ آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿26﴾ جوش میں رحمت خدا کی آگئی   آپ کی سن کر دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ یاد جنگِ بدر کا ہے واقعہ   جو کہا سچ ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ مل گیا جب سے پسینہ آپ کا   مہکی مہکی ہے فضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ جب بلال آکر اذاں دینے لگے   تب سویرا کھل اٹھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ گنبدِ خضرا کے سائے میں کٹے   عمر میری یہ سدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ لاج رکھ لینا سَرِ محشر مری   شافعِ روز جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ پاکے انگلی کا اشارہ آپ کی   چاند دو ٹکڑے ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ خشک پیڑوں پر جوانی آگئی   آپ نے جب چھولیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ بکریاں پھر سے توانا ہوگئیں   ساتھ پا کر آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آپ نانا جان ہیں حَسنینؓ کے   اور میں اُن کا گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ حضرتِ مولا علیؓ کو آپ نے   فاتح خیبر چُنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ فرش سے عرش بریں تک آپ ہیں   لائق حمد و ثنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ مسجدِ اقصی میں جا کر آپ نے   کی نمازِ حق ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ احتیاطًا آپ کو کرنے سلام   اک درخت آگے بڑھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ بھیج کر دنیا میں رب نے آپ کو   رحمتِ عالم کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ جس نے کوڑا آپ پر ڈالا حضور   اس کو بھی دی ہے دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ آپ ہی اول ہیں آخر آپ ہیں   آپ ہی پر سب فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ کرتے ہیں حور و ملائک رات دن   آپ ہی کا تذکرہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ عالم انسانیت کے واسطے   آئے بن کر پیشوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ خانۂ کعبہ کے سارے بت گرے   نام سن کر آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection of Sami Qadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ آپ طٰہٰ آپ ہی یٰسین ہیں　　آپ ہی شمس الضحیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے نماز　　یا امام الانبیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ جس کے سائے میں ہے ساری کائنات　　ہے وہ سایہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ آپ تو اول تھے آئے بعد میں　　کچھ تو اس میں راز تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ یہ بھی مژدہ لے کے آئے جبریل　　حوضِ کوثر آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ دیکھتے ہی آپ کا حسن و جمال　　حُسنِ یوسفؑ چھپ گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ وعدۂ طفلی کی آجاتی ہے یاد　　یاد کر کے کربلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ اپنی امت میں ہمیں دی ہے جگہ　　یہ کرم ہے آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ ہی ہیں محسنِ انسانیت　　سارے عالم نے کہا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ دستِ شفقت آپ کا سر پر رہے　　بس یہی ہے التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ ہم گنہگاروں کی بخشش کے لئے　　ہے سہارا آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ ہم کو بھی راہِ صداقت مل گئی　　سن کے خطبہ آپ کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ کاش یہ دنیا مجھے کہنے لگے　　آپ کے در کا گدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آپ کا طرز سخن طرز بیاں　　سارے عَالم سے جدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ تھی ازل سے ہر نبی کی آرزو　　آپ سا ہو رہ نما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ آپ وجہِ کائناتِ دو جہاں　　اور جمالِ کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ جو اُڑا کر طیبہ لے جائے مجھے　　بھیج دیں ایسی ہوا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ آپ ہیں محبوبِ رب العالمین　　سب کو ہے اس کا پتہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ پیار سے انگلی پکڑ کے خلد میں　　ہم کو پہنچا دیں ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ بھیج کر خواجہ پیا کو ہند میں　　آپ نے احساں کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ ہند میں امن واماں قائم رہے   ہے یہی بس التجا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ زَد میں طوفاں کے سفینہ ہے مرا   پار کر دیجے ذرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ آپ نے ہنس کر سہا ہر اک ستم   پیکر صبر و رضا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ ہم پہ بھی لطف وکرم جاری رہے   عاصیوں کے رہ نما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ گنبدِ خضرا سے چَھن کر آرہی   آپ کی نوری ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ سرورِ کون و مکاں صدرالعلی   مصطفٰی یا مصطفٰی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ سرپہ رکھلوں مجھ کو مل جائے اگر   آپ ہی کا نقش پا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ کی آمد ہوئی دنیا میں جب   کفر لرزاں ہوگیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ نام آتے ہی زباں پر آپ کا   بابِ رحمت کھل گیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ قتل کرنے آپ کا آئے تھے جو   معاف ان کو بھی کیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ آپ جب اللہ سے ملنے گئے   کوئی بھی پردہ نہ تھا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ آپ کا نامِ مبارک باخدا   ہے بڑے ہی کام کا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ قتل کرنے آئے تھے حضرت عمرؓ   ہوگئے تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ سرخرو ہو کر اٹھیں قبروں سے ہم   ایسی کر دیجئے دعا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ آپ سنتے ہیں مرا ایمان ہے   دین دکھیوں کی صدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ دینِ حق، روزہ، خدا کی بندگی   جو ملا تم سے مِلا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ خاکساری آپ کے ہمراہ تھی   ہر قدم پر ہر جگہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ مشکلیں کترا گئیں، گھبرا گئیں   جب پڑھا صلِّ علی یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ آتشِ نمرود ٹھنڈی ہوگئی   جب ہوا حکم خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ ایک اک کر کے نبی آتے رہے   سلسلہ در سلسلہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿86﴾ جس کے ہاتھوں میں ہے دنیا کا نظام   بس وہی ہے اک خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿87﴾ دے خدا توفیق تو آکر کروں   پیش اپنا مدعا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿88﴾ جب تلک دستِ کرم ہے آپ کا   چھو نہیں سکتی بَلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿89﴾ اک نظر جس پر پڑی ہے آپ کی   ہوگیا وہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿90﴾ عمر بھر ملتا رہے رزق حلال   بس یہی ہے التجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿91﴾ حجِ بیت اللہ ہو مجھ کو بھی نصیب   دیکھ لوں در آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿92﴾ مانگنے والا نہیں لَوٹا کوئی   ایسا در ہے آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿93﴾ کفر سے اجمیر نے پائی نجات   آئے جب خواجہ پیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿94﴾ وجہِ تخلیق دو عالم آپ ہیں   روشنی کا دائرہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿95﴾ آپ پہ قربان ساری زندگی
"دل ہوا تم پر فدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم"
﴿96﴾ ہے شہنشاہوں سے بھی اعلیٰ بہت   آپ کے در کا گدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿97﴾ خانۂ کعبہ میں ہو میری نماز   بس یہی ہے التجا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿98﴾ کیوں بھلا محشر کی ہم کو فکر ہو   ساتھ ہیں جب مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿99﴾ آپ کو سرکار علم غیب ہے   یہ عقیدہ ہے مرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿100﴾ منتظر تھا آپ کے دیدار کا   برسوں سے غارِ حرا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿101﴾ آپ کی خاطر ہی غارِ ثور پر   جال مکڑی نے بُنا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿102﴾ جب بہے اشک ندامت آنکھ سے   دُھل گئی میری خطا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿103﴾ کرتا ہوں آغاز بسم اللہ سے   اپنے ہر اک کام کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿104﴾ دل دکھائے گا کسی کا جو یہاں   پائے گا اک دن سزا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿105﴾ سو گیا میں نام لے کر آپ کا   دردِ دل جب بھی بڑھا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Rehman Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ نیزے پر قرآن پڑھتا کون ہے؟ ہے نواسہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ جانے کب سے آکے غارِ ثور پر سانپ تھا بیٹھا ہُوا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ سر جھکاتے ہیں فرشتے دم بدم ذکر سن کر آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ حج پہ لے جاتا اگر میرا نصیب سنگِ اسود چومتا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ سوئے طیبہ میں روانہ ہو گیا نام لے کر آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ ہرطرف موسم خوشی کا آگیا بابِ رحمت جب کھلا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ مدتوں اس کے لئے بھٹکی حیات آپ سے رستہ ملا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ یاد آجاتے ہیں گیسو آپ کے دیکھ کر کالی گھٹا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ سب کو دیتا ہے سکونِ زندگی اک وظیفہ آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ خانۂ کعبہ کا جب دیدار ہو لب پہ ہو صلِّ علیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ زندگی تاریک تھی روشن ہوئی پا کے منزل کا پتہ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ شانِ اقدس میں بھلا ہو کیا کلام بس تم ہی بعد از خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ ہوگیا حاصل مرے دل کو سکوں جبلِ رحمت جب گیا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ جب صفا مروہ پہ جاؤں دوڑنے دل کرے شکرِ خدا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ جو بھٹک جائے گا اپنے دین سے راہ پھر کیا پائے گا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ زندگانی کے سفر میں آپ نے سچ کہا جو بھی کہا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ ذہن و دل میرے معطر ہوگئے نام سن کر آپ کا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ کہتے کہتے مل گئی منزل مجھے مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ دیکھئے قرآن پڑھ کر دیکھئے صورتِ خیرالوریٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ مل گئی دانشؔ مری منزل مجھے کہتے کہتے مصطفیٰ یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheemin Quadri Digitization eGangotri

دلکشؔ

نام: ۔ سید مبارک علی دلکشؔ قلمی نام: ۔ دلکش

تخلص: ۔ دلکشؔ

سنہ و مقام پیدائش: ۔ 1971، جالون ۔ یو پی ۔

ولدیت: ۔ سید رحمت علی رفاقتی اشرفی

شرف تلمذ: ۔ محترم جناب مولوی محمد عظیم اللہ رفاقتی اشرفیؒ

تعلیم: ۔ حافظ، قاری، عالم، ادیب کامل (علی گڑھ)

آپ ایک صوفی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ۔ بے شمار کل ہند و خانقاہی مشاعروں کی نظامت اور کلام پیش کرتے ہیں ۔

آدھی ملاقات کیلئے: ۔

26/126 تلی پاڑا منڈی، لوہا، آگرہ، 282002 یو پی

Mobile No: 0091-9368210988

☆☆☆

﴿1﴾ تم ہو محبوبِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم شہ ارض و سما یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ تم جمال کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم دو عالم کی ضیا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ تم حبیب کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تم شہ ہر دوسرا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ کے در سے ملا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
باغ جنت کا پتہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ آپ کی ہر ہر ادا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مشعلِ راہِ ہدیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ کے صدقے ملا یا مصطفٰی   دینِ حق کا راستہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ ساری دنیا کو دیا یا مصطفٰی   آپ نے درسِ وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ مصدر لطف و عطا یا مصطفٰی   منبع جود و سخا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ پیکر صبر و رضا یا مصطفٰی   مظہر خلق و وفا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ ہم غلاموں پہ سدا یا مصطفٰی   فضلِ ربِّ کبریا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ایسی الفت ہو عطا یا مصطفٰی   دور ہو جائے انا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ آپ نے جو بھی کہا یا مصطفٰی   ہے وہ فرمانِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مصطفٰی   آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ مرحبا صد مرحبا یا مصطفٰی   آپ شاہِ انبیاء یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ ہے یہ میرا مشغلہ یا مصطفٰی   نعت پڑھ کر جھومنا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ آپ عبداللہؓ کے نور نظر   آمنہؓ کے دلربا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ آپ کی بیٹی جناب فاطمہؓ   اور ماں ہیں آمنہؓ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ آپ کی ذاتِ حَسیں سے ہے عطاں   نورِ حق کا آئینہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ انبیاء آئے ہیں لے کے معجزہ   ہیں سراپا معجزہ یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ آپ کے نقشِ قدم پر جو چلا   اس سے راضی ہے خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ فاتحِ خیبر شہنشاہِ نجف   ہیں علی مشکل کشا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾
بولے صدیق و عمر عثماں علی
”دل ہوا تم پر فدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم“
﴿23﴾ آپ ہیں محبوبِ حق ختمِ رسل   آپ کا رتبہ بڑا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ چہرۂ پر نور میں ہے جلوہ گر   جلوۂ نورِ خدا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ بخشوانا عاصیوں کو حشر میں   شافعِ روزِ جزا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ اپنے روضہ پر مجھے بُلوائیے   ہے یہی میری دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿27﴾ دو جہاں میں آپ کا ثانی نہیں   شمعِ بزمِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿28﴾ خالقِ کونین نے قرآن کو   آپ پر نازل کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿29﴾ از طفیلِ پنجتن بھر دیجئے   دامنِ مقصد مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿30﴾ گنبدِ خضریٰ کے نوری حُسن پر   خلد کی زینت فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿31﴾ آپ کی مرضی میں ہے شامل حضور   مرضئ رب العلی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿32﴾ کیجئے ہم پر نگاہِ مرحمت   صدقۂ غوث الوریٰ رضی اللہ عنہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿33﴾ خواجہ ہندالولی کے واسطے   دُور ہو ساری وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿34﴾ کہہ رہی ہے مسجد اقصی یہی   ہو امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿35﴾ حضرتِ آدم علیہ السلام سے لے کے عیسیٰ علیہ السلام تک   سارے نبیوں نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿36﴾ اُس طرف حسنین رضی اللہ عنہما ہیں رب کی قسم   جس طرف ہیں مرتضی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿37﴾ حضرت جبریل علیہ السلام بولے جھوم کر   دل ہُوا تم پرفدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿38﴾ بے کسوں اور بے بسوں کو چاہئے   ہر قدم پر آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿39﴾ دیکھ لوں طیبہ کی گلیاں ایک دن   ہو مری پوری دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿40﴾ آپ کا ذکرِ حَسیں رب کی قسم   دافعِ رنج و بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿41﴾ آپ جیسا دونوں عالَم میں نہیں   یہ صحابہ نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿42﴾ نعت پڑھنا نعت سننا بزم میں   رنج وغم کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿43﴾ کنکروں نے بوجھل کے ہاتھ میں   کلمۂ طیِّب پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿44﴾ اک جھلک دکھلا دو اپنی خواب میں   واسطہ حَسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿45﴾ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کا صدقہ ہو عطا   مَیں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ ناز کیوں نہ اپنی قسمت پر کروں
دامنِ رحمت مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿47﴾ مِل گئی ہے راحتِ قلب و جگر
جب بھی چُوما نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿48﴾ اپنی آنکھوں سے کسی دن دیکھ لوں
آپ کا گنبد ہَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿49﴾ حکم سنتے ہی خدا کے فضل سے
پیڑ مسجد میں گِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿50﴾ آیتِ تطہیر سے ثابت ہُوا
ہے گھرانہ نور کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿51﴾ اک اشارے پر ہُوا ہے چاند شق
ہے حَسیں یہ معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿52﴾ ذکر چھڑا جب کسی نے آپ کا
غنچۂ دل کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿53﴾ عاقبت ہوجائے گی میری خراب
مجھ سے مت ہونا خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿54﴾ ہم غلاموں کی ‘ طفیل پنجتن
بخش دینا ہر خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿55﴾ کلمۂ توحید سے ثابت ہے یہ
آپ رب سے کب جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿56﴾ عرش ہو کوثر ہو یا میزان ہو
ہر جگہ جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿57﴾ جانکنی کے وقت ہونٹوں پر رہے
آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿58﴾ جتنے بھی دنیا میں آئے ہیں رُسُل
سب نے ہی خطبہ پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿59﴾ آپ کی پُر نور صورت کی قسم
آپ ہیں شانِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿60﴾ بے نواؤں غمزدوں کے حال پر
ہو کرم بہرِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿61﴾ ڈال کر اپنے غلاموں پر نظر
کردو ہر غم سے رِہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿62﴾ دونوں عالَم میں نہیں ہے آپ سا
کوئی بھی مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿63﴾ آپ کا در چھوڑ کر جائیں کہاں
یہ بتا دیجے ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿64﴾ کیوں کسی سے حالِ دل اپنا کہیں
آپ سنتے ہیں صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

﴿65﴾ چاہنے والوں کو یہ معلوم ہے
آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

«66» کاش میں بھی جاتا کعبے کو کبھی   سنگِ اسود چُومتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«67» اپنے قدموں میں بُلا کر دیجئے   نعت پڑھنے کا صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«68» لکھتے لکھتے نعت، ہوجائے مری   زندگی کا خاتمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«69» اپنے خوں سے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لعل نے   دین کو زندہ کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«70» آپ کی شانِ نبوت دیکھئے   ہَرنی نے کلمہ پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«71» ہے یہ چشمانِ نبوت کا اثر   گونگا بھی گویا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«72» آپ کے قدموں کی برکت سے شہا   فیض کا دریا بَہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«73» ہر گھڑی پڑھتے رَہیں تم پر دُرود   لب پہ ہو صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«74» بخشوانا حشر میں اللہ سے   ہے یہ میری التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«75» اُس پہ ہو اللہ کے لطف و کرم   جس کا دل تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«76» گلشنِ فردوس سے بھی خوب تر   کوئے طیبہ کی فَضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«77» جس نے پہچانا تمہیں وہ ہوگیا   ذاتِ حق سے آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«78» تاجداروں سے بڑا رتبے میں ہے   آپ کے درکا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«79» آپ کی مدحت میں سرائی میں مِلا   زندگانی کا مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«80» آپ کی الفت بنے گی حشر میں   مغفرت کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«81» بندگی کرتے تھے جس میں آپ وہ   دیکھ لوں غار حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«82» جس نے چھوڑا در تمہارا دہر میں   مارا مارا وہ پِھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«83» اپنا غم مجھ کو عطا کر دیجئے   ہے یہی دل کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«84» آپ ہیں وجہِ سکونِ قلب بھی   آپ ہی غم کی دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«85» عاشقوں کو سجدہ ریزی کیلئے   آپ کا در مِل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ آپ کے نامِ مقدس پر فدا   زینت عرشِ عُلیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ منظرِ خلدِ بریں سے طیبہ کی   ہر گلی ہے خوشنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ خواجۂ ہندوستاں کے واسطے   گنبد خضریٰ دکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ یہ ہماری آرزو ہے نَزع میں   آپ کا ہو سامنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ اپنے دامن میں چُھپا کر حشر میں   نارِ دوزخ سے بچا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ لاج رکھنا دونوں عالَم میں مری   امّتی ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ آپ ہی کی ذات ہے وہ منفرد   جس پہ شیدا رب ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ عظمت و شانِ رسالت دیکھئے   ہے لقب خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ مِل گئی اُس کو حیاتِ جاوداں   جو ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ گھیر رکھا ہے غموں کی بھیڑ نے   ہو کرم بہرِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ راحتِ قلب و جگر اُس کو مِلی   جو کرے حمد و ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ ربّی ھَبْلِی اُمّتی کہتے ہوئے   آپ آئے مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ عاشقانِ حیدرِ کرار کا   خلد میں ہے داخلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ حضرت حَسنین رضی اللہ عنہما سے روشن ہوئے   سب چراغِ اولیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ ساتھ میں رب کے تمہارا نام   عرش اعظم پہ لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ یاد آئے ہیں ہمیں پیارے حُسین رضی اللہ عنہ   یعنی شاہِ کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ ام ہانی رضی اللہ عنہا کے یہاں جبریل علیہ السلام نے   چُوم کر تَلوا کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ چلتے چلتے بادشاہِ دو جہاں   یاد کرتا ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ بھیجتے ہیں ہر گھڑی تم پر سلام   اتقیاء و اصفیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ تم ہی میرے مالک و مختار ہو   خلد سے آئی ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«106» میرے ہونٹوں پر خدا کے فضل سے   ہے یہی صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«107» یاد آئی جب مجھے تو دل مرا   جھوم کر کہنے لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«108» چل تجھے طیبہ بلاتے ہیں حضور   کاش کہدے یہ صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«109» جو پریشاں آپ کو کرتے رہے   آپ نے دی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«110» ورد ہے میرے لبوں پہ ہر گھڑی   مصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«111» آپ سے مجھ کو مِلی ہے روشنی   چاند تاروں نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«112» ہر طرف چھائی ہوئی ہے طیبہ میں   رحمتِ حق کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«113» اُس کی قسمت پہ تصدّق نعمتیں   آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«114» ہیں خصائل اور فضائل آپ کے   ساری دنیا سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«115» آپ ہی ہیں وجہِ تخلیق جہاں   آپ ہی ہیں رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«116» کچھ سمجھ کر لوگ کہتے ہیں مجھے   خاک پائے اولیا ، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«117» عاشقوں کو مانگنا آتا نہیں   آپ کے در کے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«118» آپ کی آمد سے یثرب کی زمیں   بن گئی دارالشفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«119» جب کبھی بھی دل کی بے چینی بڑھی   آبِ زمزم پی لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«120» آپ رہتے ہیں رگِ جاں کے قریب   آپ سنتے ہیں صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«121» جو تمہیں چاہے اُسے چاہوں گا مَیں   ہے خدا کا فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«122» بے کسوں کی لاج ہو صلِّ علیٰ   بے بسوں کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«123» گِھر چکے ہیں ہم غمِ طوفان میں   المدد یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«124» تم ہی میرے مالک و مختار ہو   خلد سے آئی ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«125» قبر میں اور حشر میں دلکش کو ہے   آپ ہی کا ہے آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

بسم الله الرحمن الرحيم

مخضبز شعراء

ڈ

تعداد کلام (.)

تعداد اشعار (..)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri
Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

ڈگرؔ

تمام نعت شریف بالگرہ۔

حضور ﷺ کے ۱۰۰ اسوا اسمائے گرامی اشعار میں استعمال کئے گئے۔

نام :- سید سیف حسین
تخلص :- ڈگرؔ
ولدیت :- سید اطہر حُسین قادری صاحب
پیدائش :- 05-02-1997 حیدر آباد
شاعری کا آغاز :- 2018
شرف تلمذ :- حضرت ڈاکٹر سید عبد المهیمن قادری لا أبالی الجیلانی۔
تعلیم :- Mechanical Engineer (J.N.T.U.H)
مولوی جامعہ نظامیہ حیدر آباد۔ الہند۔
آدھی ملاقات :-
H.No. 9-11-356/2, Opp. Masjid e Kahaarwa,
Jinsi Bazar, Golkonda Fort, Hyderabad-500008.
فون :- 0091-8801771083.

* * *

﴿1﴾ یا محمد ﷺ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
مَیں سَراپا ہُوں فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ تم ہو احمد تم ہو احمد یا نبی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ تم ہی حامد ہو نبی جی یا نبی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ تم ہی تو محمود بھی ہو یا نبی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ تم ہی قاسم ہو ہمارے یا نبی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

﴿6﴾ تم ہی عاقب ہو نبی جی بالیقیں   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ تم کو فاتح کردیا اللّٰہ نے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ تم ہو خاتِم ہے نبوت تم پہ بس   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ حشر کے حاشِر ہو تم یا سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ تم ہی ماحٍ ہو ہمارے یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ تم ہی داعٍ ہو زمانے کے لئے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ ہیں سراجُ دونوں عالَم کے لئے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ تم ازل سے ہو ابد تک یا رشید   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ سارے جگ میں تم ہی تو ہو بس منیر   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ دی بشارت آپ نے حق کی بشیر   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ یاد میں سَو جان سے قربان ہے
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ سب کو یکساں کردیا تم نے نذیر   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ آپ کا اک نام ھادٍ بھی تو ہے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ تم ہی ہو مُھْدٍ یقیناً سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ ہو رسولُ آخری یا سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ ہو نبیٌّ یا نبیٌّ یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ تم ہی طٰہٰ ہو یقیناً مرحبا   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ آپ یٰسٓ ہو مرے دل کے مکیں   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ آپ مُزّمِّل نبی جی یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ آپ مدَّثِّر رسولِ پاک ہو   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ تم شفیعِ دو جہاں پیارے نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ بے کسوں کے بے بسوں کے ہو خلیل   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ روبروئے رب ہوئے تم ہی کلیم   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ لاج رکھ لو ہم غریبوں کی حبِیب   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ مرتضٰی یا مرتضٰی یا مرتضٰی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ مجتبٰی یا مجتبٰی یا مجتبٰی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ دو جہاں کے تم ہی ہو مختار بس   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ تم ہی ناصر غمزدوں کے یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ تم ہی تو منصور ہو یا سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ تم ہی قائم ہو خدا کے حکم سے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ تم ہی حافظ ہو کلام اللہ کے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ تم شہیدٌ ہو یقیناً سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ سا عادل نہیں کوئی نہیں   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ رہنما بھی ہو ہمارے اور حکیم   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ تم سراپا نور سے معمور ہو   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ حُجَّةُ اللہ کے ہو آپ ہی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ ہی برھان خالق ، خلق کے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ اَبۡطَحِیٌّ ہو سراپا یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ مُؤْمنٌ بھی آپ ہی ہیں یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

﴿46﴾ ہو مُطِیعٌ حق تعالیٰ کے لئے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ تم مذّکِر ذکرِ حق کے یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ تم ہی واعِظ ہو ہمارے یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ تم ہی آمِینٌ ہمارے حق میں ہو   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ ہو مدینہ کے مکیں یا مَدُنی آپ   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ آپ کا اک نام عَرَبِیٌّ بھی ہے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ ھاشمی بھی ہو خدا کے حکم سے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ تم تِہامِیٌ ہو آقا مُصطفٰی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ تم حجازیٌ ہو خدا کے فضل سے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ تم نِذَارِیٌ رسولِ حق نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ تم قریشی ہو بڑے سرکار ہو   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ تم مَضَّرِیٌ ہو آقا مجتبیٰ   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ آپ اُمّی ہو ؟ پڑھایا سب خدا   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ تم عزیزٌ ہو خدا ' مخلوق کے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ تم حَرِیْصٌ ہو یقیناً یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ تم رَءُوْفٌ ہو خدا کا ہے کرم   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ تم رَحِیْمٌ ہو خدا کی شان ہے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ ہو یَتِیْمٌ اور یتیموں کے ولی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ تم غَنِیٌ اور مستغنٰی صفت   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ تم ہی تو جوّادٌ ہو یا سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«66» تم ہی فَتَّاحٌ ہو پیارے سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«67» تم ہی عَالِمِ دونوں عالَم کے نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«68» تم ہی طَیِّب ہو زمانے بھر میں بس   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«69» تم ہی طاہر تم سے طاہر دو جہاں   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«70» تم مُطَھَّرٌ ہو رسولِ کبریا   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«71» تم خطیبٌ ، سارا عالَم ہے مُطیع   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«72» تم فَصِیْحٌ زیرِ پا دانش سبھی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«73» سَیِّدٌ تم سَیِّدٌ تم سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«74» مُنَقِّیٌ ہو آپ ہی یا سیّدی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«75» تم اِمَامٌ ہو امامِ انبیاء   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«76» بَآرٌّ ہو تم خدا کی مرضی ہے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«77» شَآفٍ بھی ہو خدا کے ازن سے   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«78» اک مُتَوَسِّط ، تسوّط کی کڑی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«79» سَابِقٌ ہو انبیاء میں آپ ہی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«80» مُقْتَصِدٌ سے اقتصادی ہے مِلی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«81» تم ہی تو ہو یا نبی جی مَھْدِیٌّ   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«82» تم ہی حَقٌّ تم ہی حَقٌّ یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«83» تم مُبِیْنٌ تم مُبِیْنٌ یا نبی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«84» اَوَّلٌ ہو خلق میں ، بعد از خدا   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«85» اٰخِرٌ بھی آپ ہی ہو آپ ہی   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ ظَاهِرٌ ، سب آپ سے ظاہر ہُوا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ بَاطِنٌ ، کب آپ سے ہے پوشیدہ دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ رَحْمَةٌ ہو حق کی جانب سے تم ہی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ ہاں مُحَلِّلٌ ، آپ سے حِلّت مِلی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ ہو مُحَرِّمٌ آمرِ حُرمت تم ہی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ أمِرٌ بھی آپ ہو احکام کے دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ صَادِقٌ ہو صدق کی بنیاد ہو دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ ہو مُصَدِّقٌ یا رسولِ دو جہاں دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ نَاطِقٌ کا بولنا وحیِ خدا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ صَاحِبٌ کا ہُوں غلامِ بے نوا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ مَكِّیٌ شہرِ مکہ کے مکیں دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آپ ہی نَاهٍ عَنِ الْمُنكَرْ ہُوئے دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ تم شَكُوْرٌ ہو خدا کا شکر ہے دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ تم قَرِيْبٌ حق کے اور بندے کے بھی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ہو مُنِيْبٌ ، صاحبِ محمود ہو دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ہو مُبَلِّغٌ دِین کو پھیلائے جو دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ تم سہاروں کا سہارا یا نبی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ آپ سے امید نبیوں کو بھی ہے دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ بے کسوں کی لاج ہو بس آپ ہی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ تم کو چاہا دل نے میرے یا نبی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qudari Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ تم ہی روزِ حشر کے مختار ہو دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ آپ کا ہے معجزہ قرآن یہ دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ تم ہی کُل کے مالک و مختار ہو دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ دل ہُوا تم پر یہ شیدا یا نبی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ میرا کنبہ میرا سب کچھ ہے فدا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ تم سے بڑھ کر اور کس کو چاہوں گا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ تم وسیلوں کا وسیلہ یا نبی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ تم ہو ہر اک دل کی دھڑکن کی صدا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ تم ہو میرا مدّعا ملجا شہا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ آپ سے ہی دین کی پہچان ہے دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ تم نے بخشی دین کو اک روشنی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ تم خدا کا نور ہو یا سیّدی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ تم ہو محبوبِ خدا حق کے محب دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ تم ہو حامی، خوف اب کچھ بھی نہیں دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ تم دعائے انبیاء یا سیّدی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ آپ اُمت کے نگہباں مُصطفٰی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ آپ ہو آرامِ جاں ائے نازنیں دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ صاحبِ قرآن ہو فضلِ خدا دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ رحمت لِّلعالمیں اک آپ ہو دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ کامیابی مُصطفٰی کی ہے ڈگر دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Hyderabad Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منتخب ز شعراء

ذ

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

ذاکرؔ

نام :- سید ستار حسینی بندہ نوازی

تخلص :- ذاکرؔ

ولدیت :- سید حضرت حسینی بندہ نوازی

پیدائش :- 12-06-1956 حیدرآباد

شاعری کا آغاز :- 2015

شرفِ تلمذ :- ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لا ابالی الجیلانی

تعلیم :- مولوی جامعہ نظامیہ

آدھی ملاقات :-

12-2-329, Flat No. 404, Limra Residency,
Muraad Nagar, Asif Nagar, Hyderabad-500028,
Telangana.

فون :- 0091-9346513895

❁ ❁ ❁

﴿1﴾ مجتبٰی یا مرتضٰی یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آگیا ہوں آپ کے دربار میں
دیجئے اب آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ ہو میسّر دید کا شربت مجھے
میری جانب دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ لے کے آئے آپ قرآنِ مجید
نکلا سورج اک نیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ جانتے ہیں آپ علمِ غیب کو
کس کی قسمت میں ہے کیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri Collection Peer Sahib Hyderabad

﴾6﴿ کل بھی تھا مَیں آج بھی ہُوں آپ کا   آپ ہی کا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾7﴿ آپ کی چاہت سے دیکھو دل مرا   وادئ طیبہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾8﴿ آپ کی رحمت ہے جاری ہر طرف   سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾9﴿ آپ آئے ساتھ لائے یا نبی   زندگی کا ضابطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾10﴿ ہے ازل سے آپ ہی کا نور بس   تا ابد نور آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾11﴿ عرشِ اعلٰی سے زمیں پر آج تک   نور ہے پھیلا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾12﴿ دشمن دیں کے مقابل آگیا   ہو عطا اب حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾13﴿ آمدِ مختار سے پسپا ہُوا   دشمنوں کا حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾14﴿ چار جانب کفر کی بارش لگے   دیجے ایمانی قبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾15﴿ آپ کی امت میں ہو اب ایکتا   ایکتا ہو ایکتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾16﴿ یاد آتی ہے ہمیشہ رات دن
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾17﴿ دین کو روشن کرے ہے ہر گھڑی   کربلا کا واقعہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾18﴿ آپ ہی کے ہے پسینے کی رمق   کیا ہے خوشبوئے حنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾19﴿ آپ نے جس کو چُھوا تھا پیڑ وہ   آج تک بھی ہے گھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾20﴿ زینۂ طیبہ سے ہوکر جائے گا   جنّتوں کا راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾21﴿ جب کِئے ہجرت مدینہ سے نبی   مکہ والوں نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾22﴿ اُس کی قسمت اَوج پر ہی آگئی   جس کے لب پر آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾23﴿ نعت کی محفل سجی ہے جس جگہ   اُس جگہ کا پوچھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾24﴿ سارے نبیوں کی تمنا اور' ہیں   تم بَراھیمی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴾25﴿ اب ہمیں دیدار کا شربت مِلے   آپ کے دربار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri, Hyderabad India
Sultan ul Peer Sahib Collection Digitization eGangotri

«26» لاج رکھنا حشر میں میری حضور   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفیٰ ﷺ
«27» آپ کے ہاتھوں سے رب ہے بانٹتا   آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
«28» نام لیتا ہے کوئی جب آپ کا   سب پڑھیں صلِّ علیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
«29» ہر طرف خوشیوں کا اک انبار ہے   صدقہ ہے یہ آپ یا مُصطفیٰ ﷺ
«30» ہوگئے فاتح وہ ہر اک جنگ میں   رب نے بخشا حوصلہ یا مُصطفیٰ ﷺ
«31» چار سُو دارین میں کونین میں   آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفیٰ ﷺ
«32» کفر و باطل کی ہے سارے دہر میں   سَر پھری پاگل ہَوا ، یا مُصطفیٰ ﷺ
«33» آپ کی چاہت میں چلنے لگ گیا   کون مجھ کو روکتا یا مُصطفیٰ ﷺ
«34» نور والی ساعتیں ہر آن ہیں   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفیٰ ﷺ
«35» آپ پر قربان میری زندگی   جانِ رحمت مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
«36» جب تصوّر میں رہا گنبدِ ہَرا   ہوگیا گلشن ہَرا یا مُصطفیٰ ﷺ
«37» جو بھی مانگا نام لیکر آپ کا   رب سے سب کچھ مِل گیا یا مُصطفیٰ ﷺ
«38» مَیں غلامِ مُصطفیٰ ہُوں اس لئے   شان سے جیتا رہا یا مُصطفیٰ ﷺ
«39» آپ کی امت میں رب نے رکھ دیا   بس کرم ہے آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
«40» رات بھر لب پر مِرے، میرے خدا   بس یہی نغمہ چَلا ، یا مُصطفیٰ ﷺ
«41» قلبِ مومن اِس لئے روشن ہُوا   ہے اجالا آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
«42» دیں مِلا رب کی عطا پر ہر گھڑی   کہہ رہا ہُوں شکریہ یا مُصطفیٰ ﷺ
«43» آپ ہی کا نام نامی یا نبی   دافعِ رنج و بَلا یا مُصطفیٰ ﷺ
«44» خود خدائے پاک بھی مدّاح ہے   آپ وہ نورِ خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
«45» نامِ نامی آپ کا پیارا بہت   یا محمد ﷺ مرحبا یا مُصطفیٰ ﷺ

Collection of Peer Sahib Qadari Digitized

﴿46﴾ سب کے حق میں آپ جب رحمت ہوئے   کون ہے بے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ روزِ محشر رحم ہم پر ہو ذرا   عاصیوں کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ آپ ہی کا ذکر ہے صبح و مسا   تذکرہ در تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ روضۂ اقدس پہ جو بھی آگیا   پاگیا وہ مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ہر مہینہ میرے گھر میں ہوتی ہے   بارویں کی فاتحہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ پُر سکوں ہے زندگانی آپ سے   کچھ نہیں ہے اب گِلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ہند میں ہُوں مَیں مگر یہ دل مرا   شہرِ طیبہ میں رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ ہو کرم کی اک نظر یا سیّدی   دل سے نکلی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ جگمگائے جگمگائے ہر گھڑی   دل میں روضہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ہر دعا میں رب سے مَیں نے کہہ دیا   آپ کا ہے واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ رب کو اس نے پالیا ہے بے گماں   جس نے قرآں پالیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ پیروی سنت کی جس نے دل سے کی   کامراں وہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آج بھی حیران سائنس دان ہیں   چاند والا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ روضہ اقدس پہ نظریں جب پڑیں   دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ پھر میسّر آئے طیبہ کا سفر   نور والی وہ فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ فیض پاتا ہے گدا یہ رات دن   آپ ہی کے نام کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ تب تصوّر میں مدینہ آگیا   آئی جب ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آپ محبوبِ خدا یا سیّدی   با خدا ہیں با خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ سب سے سیدھا اور سادہا راستہ   آپ ہی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آزمایا بارہا مَیں نے اِسے   نام ہے یہ کام کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Collection Peer Sahib Digitization eGangotri

﴿66﴾ بو لہب کی سرزنش کے واسطے آیتِ تبت یدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ آپ ہی کے دم قدم سے سُر خرو آپ ہی سے دیں ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ کے لائے ہوئے اسلام کی سارے جگ میں ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ یاد آئی آپ کی تو یا نبی مَیں نے زم زم پی لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ آپ رب کے بے گماں پیارے نبی آپ کا رب العلی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ نام سُن کر آپ کا یا سیّدی دُور بھاگی ہر بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ پڑھ لیا سیرت تو میرا ہوگیا فائدہ ہی فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ اُس کی قسمت رشک کرتی ہی رہی جس نے پایا نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ نام لکھنا آپ ہی کا یا نبی رات دن ہے مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ موند لِیں آنکھیں تصوّر میں نبی مَیں مدینے کو چَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ آپ کی کیا شان ہے یا سیّدی منبعٔ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ آپ ہی کے رُخ سے پائی ہے ضیا چاند روشن ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ آپ کا گنبد ہَرا پیارے نبی دل کی نظروں میں رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ جس نے چھوڑا آپ کا دامن تو بس در بدر ہی وہ پِھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ چاہے عالَم ہو کوئی بھی آپ کا رات دن ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ آگیا ہُوں ساری دنیا چھوڑ کر دل غموں سے ہے بَھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ مجھ کو اب تک جو مِلا وہ سب کا سب آپ کے در سے مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ دینِ رب کو آپ نے بخشی دوام آپ سے پائی جِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ آپ ہی ہیں آپ ہی ہیں آپ ہی راہبر اور رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ کردو میری مشکلیں آسان سب آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheem Quadri Digitization eGangotri

«86» سبز گنبد دیکھتے ہی یا نبی　دل نے پائی ہے بقا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ کے پیارے قدم سے مَس ہُوئی　خاک بھی ہے اک دوا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» چُھولیا جب آپ نے، جس پیڑ کو　ہوگیا ہے وہ ہَرا یا مُصطفٰی ﷺ
«89» آگیا ہُوں لَوٹ کر، نہ جاؤں گا　در پہ مَرجاؤں، پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» مُصطفٰی ہی مُصطفٰی ہے رات دن　ہے وظیفہ یہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ
«91» اپنی اُمّت پر کرم کی ہو نظر　آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» دل نِچھاور کرنے والا یہ گدا　در پہ آکر ہے کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» آپ ہی کے نام کا ڈنکا نبی　بج رہا جا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» آپ ہی سے ہے دلوں میں دمبدم　روشنی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«95» آپ طٰہٰ اور یٰسٓ یا نبی　ہے یہ قرآں میں لِکھا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» سب سے اعلیٰ اور افضل سیّدی　آپ کا ہے مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
«97» حکم پاکر آپ کا خورشید بھی　خود پلٹ کر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«98» جس نے چوما آپ کا نقش قدم　وہ سکندر ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» خواب میں دِکھلادو مجھ کو بھی کبھی　نور والا بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
«100» ہو میسّر مجھ کو بھی یا سیّدی　جالیوں کو چُومنا یا مُصطفٰی ﷺ
«101» جب بھی مشکل کی گھڑی آئی کوئی　دل سے آئی ہے نِدا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» ایک خادم آپ کا ہے ہند میں　اس طرف بھی دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» رب کو بھاتا ہے بہت یا سیّدی　مسکرانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«104» میرے بچے اور بیوی والدین　آپ پر ہیں سب فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«105» آپ کے آنے کی دی ہے خوش نوید　پیش رو سب انبیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelor Sahib Qudari Digitization eGangotri

﴿106﴾ چل پڑا جب مَیں مدینہ کی طرف   راستوں نے بھی کہا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿107﴾ نور لے کر آگئے جب آپ تو   ہوچکی ظلمت فَنا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿108﴾ آپ کی نظروں کاہُوں محتاج مَیں   آپ ہی کا ہُوں گدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿109﴾ ابتداء کی ابتداء پیارے نبی   انتہا کی انتہا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿110﴾ جو ابابیلوں کو دیکھا ڈر گیا   کانپ اُٹھا ابرہہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿111﴾ تک رہے تھے سب صحابہ یا نبی   اونٹنی کا بیٹھنا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿112﴾ فضلِ رب سے آپ ہی ہیں بے گماں   حق نگر اور حق نما یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿113﴾ رب کو بھائی ہر گھڑی یا سیّدی   نور والی ہر ادا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿114﴾ آپ کے پیشِ نظر ہے روز و شب   رب کی مرضی اور رضا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿115﴾ خوش کرینگے آپ کو پیارے نبی   عرش پر رب نے کہا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿116﴾ ایک شاعر ایک خادم ہند میں   ہے دوانہ آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿117﴾ مصطفائی آپ سے ہے یا نبی   آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿118﴾ یہ ربیع الاولیں کے آتے ہی   نور کی چھائی گھٹا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿119﴾ آپ کے لائے ہوئے قرآن سے   فیض کا دریا بہا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿120﴾ آپ کی خوشبو کے آگے سرنگوں   پھول ہے مہکا ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿121﴾ در پہ آکر رُک گئے جبریلؓ بھی   ہے ادب کی انتہا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿122﴾ سر نِگو ہے سر نِگو ہے سر نِگو   نعت کا ہر قافیہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿123﴾ راز یہ معراج سے ہی کُھل گیا   تم تمنّائے خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿124﴾ نور والی ہر ادا ہے آپ کی   آپ ہیں بدر الدجیٰ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿125﴾ راز کوئی راز ذاکر کا نہیں   آپ سے ہے کیا چُھپا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadari Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ر

تعداد کلام (10)

تعداد اشعار (1250)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

راشدؔ



نام :- سید محمد احمد قادری
قلمی نام :- راشدؔ امان
تخلص :- راشدؔ (تاریخی تخلص)
پیدائش :- 21-12-2000ء حیدرآباد
ولدیت :- سید اعجاز احمد قادری
شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لاأبالی
تعلیم :- B.Tech (IT)، مولوی جامعہ نظامیہ
آغاز شاعری :- 2020ء
آدھی ملاقات کیلئے:-
4-15-16/B، حسن نگر، حیدرآباد-500043، تلنگانہ اسٹیٹ الہند
Mobile No: 0091-7729960694

* * *

﴿1﴾ درد دل کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ حق تعالی کی ضیا یا مُصطفٰی
نور کا سایہ گھنا یا مُصطفٰی

﴿3﴾ ابتداء کی ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
انتہا کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ ہی حاجت روا یا مُصطفٰی
آپ ہی مشکل کشا یا مُصطفٰی

﴿5﴾ ورد ہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
دل مرا کہنے لگا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Saheb Quadri Digitization eGangotri

(6) جو کہا ہے آپ نے یا مُصطفٰی   بس وہ رب نے بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(7) آپ ہی کے نقش پا کے نور سے   چار سُو روشن ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(8) آپ نور اولیں و آخریں   ابتداء و انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(9) نام احمد مُصطفٰی صلِّ علیٰ   مجتبیٰ یا مُرتضٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(10) گنبدِ خضریٰ کو دیکھا جس گھڑی   دیکھتا ہی رہ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(11) آگیا واپس مدینے سے مگر   دل وہیں پر رہ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(12) مالک کوثر فقط اک آپ ہیں   جام ہوجائے عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(13) خوش نصیبی عرش سے اُس کی بڑھی   پیٹ پر پتھر، جو تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(14) آپ کی چوکھٹ پہ ہیں نظریں مری   چوم لوں میں بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(15) کنکری بھی جانتی ہے آپ کو   سیّدِ کُل انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(16) آپ کے قدموں میں مل جائے جگہ   بخت ہوجائے خوشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(17) آسمانی سب کتابوں میں فقط   آپ ہی کی ہے ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(18) سارے نبیوں کی زباں پر ہر گھڑی   یا محمد ورد تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(19) ہاں لحد میں حشر کے میدان میں   ہے فقط اک آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(20) آپ ہی کی ہے شفاعت کا بھرم   ہے بھروسہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(21) عرش و کرسی جس پہ کرتے ناز ہیں   آپ کا ہے بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(22) کیا سمجھ پائیں گے رتبہ آپ کا   کون جانے گا بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(23) رتبۂ نعلینِ اقدس آج بھی   عقل سے ہے ماوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(24) تھی یہ رفرف کی تمنا، چُوم لوں   آپ کے نعلین پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
(25) انبیا کی امتوں سے ہے بڑا   آپ ہی کا دائرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection Mohammed Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ کی امت میں پیدا ہوگیا   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ جب کوئی مشکل نظر آئی مجھے   کہہ دیا بے ساختہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ دو جہاں میں امتی کو یا نبی   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ آپ کا فرمان ہے، کہ ایک ہے   مالک ارض و سما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ میں بُرا ہوں یا بَھلا ہوں یا نبی   آپ کا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ حشر کے میدان میں ہوگا یہ اک   سایۂ کملی گھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ مقتداء ہو آپ ہی نبیوں کے سب   مقتدی کل انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ آپ کی الفت کے گل جب سے کِھلے   دل بنا گلشن مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ رُک گئے سدرہ پہ جبریلِ امیں علیہ السلام   رہبروں کے رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آپ کا جو اک اشارہ ہوگیا   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ ڈوبا سورج بھی پلٹ کر آگیا   یہ ارادہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ انبیاء کی بھی زبانوں پر مِلا   بس وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ آپ کے نقش کف پا جب مِلے   وہ مدینہ بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ آپ سے رَسّی خدا کی مِل گئی   آپ ہی ہیں حق رسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ آپ ہی کا واسطہ لے کر دعاء   انبیاء نے بھی کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ دے دئیے انڈے کبوتر غار پر   آن میں یہ بھی ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ کتنی صدیوں کا پُرانا، لمحہ میں   مکڑی نے جالا بُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ آپ ہی کے نور سے جاری ہُوا   نور والا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ آپ رب کا جانتے ہیں مرتبہ   آپ کا رب جانتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ آپ سے اللہ کا رستہ مِلا   حق نگر و حق نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

«46» ہیں فرشتے، انس و جن، بے جان بھی   آپ کے تابع سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«47» ہے وظیفہ رات دن میرا یہی   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«48» سانس آنا اور جانا یا نبی   دھڑکنوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«49» گرمئ محشر میں ہوگا سایہ اک   کالی کملی کا گھنا یا مُصطفٰی ﷺ
«50» کی خدا کی سب سے پہلے یا نبی   آپ نے حمد و ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
«51» ہے وسیلہ دو جہاں میں آپ کا   میرے لب پر ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«52» آپ کی امت میں جو پیدا ہُوا   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ
«53» جالیوں کو وہ سنہری دیکھ کر
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«54» ہے خدا کا شکر کہ لب پر مرے   ورد ہے صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«55» آپ کی آمد پہ شیطاں رو پڑا   آج تک روتا مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«56» آپ کے عاشق خوشی میں آج بھی   جشن کرتے ہیں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«57» ہے ازل سے تا ابد بے مثل وہ   کربلا کا واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
«58» نعت لکھنا اور پڑھنا ہو مرا   زندگی بھر مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«59» ذکرِ آقا ہے زباں پر اب مری   ہر گھڑی صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
«60» ناتواں ہُوں، آس لے کر آگیا   اور ہُوں اب بھی کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
«61» سب کے سب تھے منتظر بس آپ کے   آئے جتنے انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
«62» ڈھونڈھنے والوں نے ڈھونڈا اس طرح   نام کلمہ میں مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«63» دل کی دھڑکن تیز ہوتی ہی گئی   نام مَیں نے جب سُنا یا مُصطفٰی ﷺ
«64» سب دعائیں بُھول بیٹھا دل مِرا   ہے دعا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«65» حق تعالیٰ کی عطا ہے مرتبہ   آپ خیر الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ آئے مِل گیا ہم کو حضور — حق رسِی کا واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ آپ کو پانا ہے حق کا دیکھنا — آپ حق کا ہیں پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ دین کی خاطر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا نبی — آپ نے جو کچھ سہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ حاضری جس کی ہوئی دربار میں — وہ ٹھکانے سے لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ آپ کے آتے ہی دنیا میں نبی — فیض کا دریا بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ رب کے آگے آپ کی مانگی ہوئی — کام آئے گی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ حاضری کو مَیں بھی آوں بارہا — دل نے مانگی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ بے بسی کو دُور کرنے کے لئے — کون ہے تمرے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ دیکھ آیا جب مدینہ یا نبی — گل عقیدت کا کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ آپ منظورِ نظر رب کے ہوئے — مُصطفٰی صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ آپ سے ہے آسرا ہی آسرا — آپ ہیں خیر الوری یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ دیکھتا ہے آپ ہی کو رب سدا — رب کو بھائی ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ پیار سے دیکھا کرے ہے رب مرا — پیاری پیاری ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ آپ کی کیا شان ہے پیارے نبی — ہے نرالی ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ غم سے پُر ہے دل مرا یا سیّدی — میرے حق میں ہو دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ ساری دنیا کے لئے ہے باخد — خاص رب کی ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ رب نے بھیجا ہے ہمارے واسطے — تم ہی رب کی ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ پڑھ رہا ہوں میں دُرود پاک جو — رب سے مانگوں گا جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ تم ہمارے رہنما یا سیّدی — مجتبیٰ یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ حشر میں امداد میری کیجئے — پیارے پیارے مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿86﴾ بے گماں اور بالیقیں ہو آپ ہی   رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ آپ کی نظر کرم سے یا نبی   کم سے کم ہو فاصلہ یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ آئوں میں بھی حج و عمرہ کے لئے   قافلوں میں قافلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ کَل بھی تھا اور آج بھی ہے دل مرا   آپ کا ہی آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ میری جانب دیکھ لیجے گا ذرا   میں گدا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ آپ آئے، چار جانب دیکھ لو   نور پھیلا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ بول بالا ہر جگہ پیارے نبی   ہر طرف ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ کب جدا ہیں آپ حق سے یا نبی   حق نما ہو حق نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ آسرا ہو ہم غریبوں کے لئے   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ دیکھنے والوں نے دیکھا آپ میں   نورِ حق نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ ناز کرتی ہیں بہاریں آپ پر   نور والی ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ آپ جیسا مرتبہ جو پا سکے   کون ہے اب دُوسُرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ مطمئن ہے زندگی اس واسطے   زندگی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ تم خدا کے بعد عالی مرتبت   کب ہو رب سے تم جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ شاہِ طیبہ آپ کے دربار کی   مہکی مہکی ہے صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ گرم تپتی دھوپ میری زندگی   ٹھنڈی ٹھنڈی تم ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ آخری خطبہ میں رب سے کی دعا   پیار والی وہ دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ دینِ حق کا ہر طرف روشن چراغ   آپ سے روشن ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ کام کوئی کر سکا نہ آج تک   آپ ہی سے ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ ایک راحت دل نے پائی اس گھڑی   نام جب بھی لے لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Collection Mohsin Qudari Digitization eGangotri

﴿106﴾ رب کرے گا حشر میں پیارے نبی　　بو لہب کا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ جب مدینے کی ہوا چُھوئی مجھے　　ختم سب حرس و ہَوَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ نے ہموار کرکے رکھ دیا　　بخشِشوں کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ کا دامن مِلا تو یہ لگا　　مِل گیا مجھ کو صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ روشنئ احمدِ مختار کا　　خوبصورت سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ یاد تم نے کرلیا ہے جو مجھے　　مِٹ چکا ہر فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ امتِ احمد میں پیدا ہوگیا　　کچھ نہیں ہے اب گلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ کا روضہ وہ پیارا یا نبی　　دل میں میرے بس گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ کیا ہُوا میں ہند میں ہوں یا نبی　　دل تمہارا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ جس طرف دیکھوں جہاں میں آپ کی　　جگمگاتی ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ یاد آنے لگ گئی جب آپ کی　　آبِ زم زم پی لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ پیرویِ احمدِ مختار ہی　　دین کا ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ یاد کرتا ہے سدا ہی آپ کو　　نام لیوا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آگئے جب آپ دنیا میں نبی　　آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ کے دربار سے آتی ہے جو　　کیا سُہانی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ مطمئن ہے اِس لئے بھی دل مرا　　میرے دل کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ مَسندوں کو مات دیتا ہے سدا　　آپ کا وہ بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ جب دُرود پاک پڑھنے لگ گیا　　ٹل گئی ہر اک بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ بے نوا راشدؔ کی رکھ لیں لاج اب　　بے نواؤں کی نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ ڈال دیجے اک نظر راشدؔ پہ ‘ بے　　آپ کا ادنی گدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad

رانا

نام :- عبادت اللہ انصاری

قلمی نام :- جاوید رانا

تخلص :- رانآ

ولدیت :- شوکت اللہ انصاری

شرف تلمذ :- محترم جناب لطیف شاہد صاحب برہانپوری

پیدائش :- 10-05-1983 مومن پورہ۔ برہانپور

تعلیم :- ایم۔ اے اردو، بی ایڈ، یو جی سی نیٹ

مشاعروں میں شرکت :- ہندوستان کے مختلف شہروں کے مشاعروں میں شرکت کے مواقع میسر رہے ہیں۔

شاعری کا آغاز :- 2003

اعزازات و انعامات :- بزم نیرنگ برہانپور کے زیر اہتمام پہلا انعام

ایم۔ اے اردو میں نمایاں کامیابی پر سرٹیفکیٹ اور پہلا انعام

اشاعت کلام :- ہندوستان بھر کے مختلف اخبارات و رسائل میں غزلیں، نظمیں، اور مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔

آدھی ملاقات کے لئے :- ۲۹/ ۱۴۳ نزد چار مزار، ڈاکٹر ذاکر حسین وارڈ، مومن پورہ، برہانپور۔ 450331 مدھیہ پردیش

Mobile No: 0091-9009234875

* * *

﴿1﴾ منبعِ جود و سخایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ آپ نے جو کچھ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
وہ ہمیشہ سچ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ کی دہلیز کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ذرہ ذرہ کیمیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ اسم اقدس آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دھڑکنوں میں بس گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection of Peer Sahib Qudarat Digitization eGangotri

﴿6﴾ ڈھونڈتا ہے دل مرا یا مُصطفٰی　　آپ کا بس نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿7﴾ آپ کا در کیا مِلا یا مُصطفٰی　　مِل گیا ہم کو خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿8﴾ روز و شب صبح و مسا یا مُصطفٰی　　گنگناتی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿9﴾ ابتدا سے انتہا یا مُصطفٰی　　نور کا اک سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿10﴾ کچھ نہیں اس کے سِوا یا مُصطفٰی　　مومنوں کا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿11﴾ عاصیوں کا آسرا یا مُصطفٰی　　شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿12﴾ آپ کی آمد سے ٹھنڈا ہوگیا　　جہل کا آتش کدہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿13﴾ آپ کے رخسار کی تنویر سے　　سارا جگ روشن ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿14﴾ سب سے اعلٰی سب سے افضل کون ہے　　آپ ہیں بعد از خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿15﴾ رحمۃ اللعالمیں قرآن میں　　آپ کو رب نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿16﴾ علم وحکمت کی ضیائے پُر و قار　　نور حق شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿17﴾ کیسے ہوگا آپ کا ثانی کہ جب　　آپ کا سایہ نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿18﴾ ایک دو کا کیا کروں ذکر آپ کی　　ہر ادا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿19﴾ اک اشارے میں پلٹ آیا ہے شمس　　چاند بھی ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿20﴾ مکّھیوں نے پڑھ لیا ہے جب دُرود　　شہد میٹھا تب ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿21﴾ آپ کی عظمت بیاں کرتا رہوں　　ہو مرا یہ مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿22﴾ آپ کی وسعت کے آگے ہیچ ہیں　　وسعتِ ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿23﴾ محسنِ انسانیت شاہِ اُمم　　تاجدارِ دوسَرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿24﴾ چاند تارے کہکشاں، رنگِ شفق　　آپ کے سب نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

«25» دو جہاں میں ہو نہیں سکتا کبھی   آپ جیسا دُوسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«26» دُوسرا رب نے بنایا ہی نہیں   آپ جیسا آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» پتھروں نے دی گواہی آپ کی   پیڑ پودوں نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» رات دن جن و بشر حور و ملک   پڑھتے ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» پھول خوشبو چاند تارے اور بہار   کہتے ہیں صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» عرشِ اعظم پر رسائی آپ کی   آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» آپ کی عظمت کا ہو کیسے بیاں   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» آپ ہی کے در سے ہوتا ہے شروع   جنّتوں کا راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» دسترس میں آپ کی کل کائنات   اور بِچھونا بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» عرش و فرش و مشرقین و مغربین   ہر طرف ہر اک جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» آپ کے قدموں تلے ہے کائنات   عرش کیا اور فرش کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» سر سے لے کر پاؤں تک صرف آپ ہیں   ترجماں قرآن کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» ہو گئے سیراب سارے تشنہ لب   انگلیوں کا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» ہو کے سَر پہ آپ کے سایہ فگن   ابر کا ٹکڑا چَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» گُتھیاں آسانی سے سُلجھا گئے   آپ کے فہم و ذکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» آیتِ قرآں میں جلوہ آپ کا   ہم نے دیکھا بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» ساری دنیا کو دِکھایا آپ نے   سیدھا سچا راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» سیکھتا ہے آپ سے سارا جہاں   حسنِ ظن ' پاسِ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» بالیقیں ہیں آپ ہی اللہ کے   اور اللہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» دھڑکنیں کہتی ہیں دل کی ہر گھڑی   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qudrat Hyderabad Digitization eGangotri

﴿45﴾ بے مثال و لاجواب و بے نظیر خوبصورت خوش نَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿46﴾ بے زبانوں کی زباں، معجز بیاں پیکرِ صدق و صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ کی چاہت خزانہ ہو مرا کچھ نہ ہو اس کے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ مَیں بھی دیکھوں مسجدنبوی کا حُسن حل ہو میرا مسئلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ جگمگا اٹھے کرم سے آپ کے میری قسمت کا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ یہ جو طیبہ سے مرے گھر تک کا ہے ختم ہو یہ فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ میرے تِیرہ دل میں بھی ہو روشنی مشعلِ غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ساری دنیا مجھ سے ہو جائے خفا آپ مت ہونا خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ کیجئے رحمت کی ایسی اک نگاہ میری ماں کو ہو شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ بارگاہِ رب میں ہو جائے قبول میری ہر جائز دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ہو کرم ایسا کہ میں لکھتا رہوں شعر ہر دم نعت کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ یہ دُرودِ پاک اور نعت و سلام روح و دل کی ہے غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ میری بخشش کا وسیلہ جو بَنے شعر ہو ایسا عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ میرے ہونٹوں پر دُرودِ پاک ہو آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ اپنے جلوؤں کی زیارت کا شَرف کیجئے ہم کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ ہو مرا سینہ مدینے کی طرح دل بَنے غارِ حِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ دیتی ہے سو سو قرینہ زیست کا آپ کی ایک اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ کرتے ہیں جن و بشر حور و ملک آپ کی حمد و ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ علم وحکمت روشنی راہِ خدا آپ سے سب کچھ مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ کا اِنکار جس نے بھی کیا جیتے جی وہ مر گیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheed Sahib Quadri Digitization eGangotri

«65» کیوں نہ ہو قربان پھر ہم آپ پر آپ سے سب کچھ مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«66» ہو نہیں سکتے کبھی گمراہ ہم آپ ہوں جب رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«67» اس کو کوئی ڈر نہیں طوفان کا جس نے کشتی پر لِکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«68» آندھیاں مجھ کو بُجھا سکتی نہیں میں دِیا ہوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«69» سیرت اقدس سے جو واقف ہُوا
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«70» آپ کی دہلیز کے گرد و غبار ہر مَرَض کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«71» آپ ہی کے صدقہ میں اللہ سے ہم نے جو مانگا مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«72» دُور ہوتی جائیں گی سب آفتیں پڑھتے رہئیے یا خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«73» ہم پریشاں ہیں مدد فرمائیے اے حبیبِ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«74» ہم کو راہ راست پر پھر لائیے دو جہاں کے رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«75» کیجئے مشکل کشائی کیجئے اے مرے مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«76» امّتِ گمراہ کو پھر آپ کی ہے ضرورت با خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«77» پھر مسلمانوں کو ماضی کی طرح سَر بلندی ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«78» جگمگائے پرچمِ اسلام پھر پھر کرم ہو آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«79» نام لیوا آپ کے جائیں جہاں سُرخرو ہوں ہر جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«80» دین کی بنیاد ہو مضبوط پھر یہ شجر ہو پھر ہَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«81» ساری دنیا کے مسلماں کی ہو خیر اے مرے خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«82» جذبۂ مسلم کو دیجے زندگی تاجدارِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«83» منزلِ مقصد ہمیں کیجے نصیب یا نبی نورالھدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«84» دشمنِ دیں سانپ بِچھو کی طرح گھومتے ہیں جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿85﴾ سنّتوں پر ہم کریں ہر دم عمل   سب نمازیں ہو ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿86﴾ دُور ہو جائے کرم سے آپ کے   ہر مصیبت ہر بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ خشک ہے اسلام کی کھیتی کہ ہو   بارشِ لطف و عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ عشق جو صدیق و حیدر رضی اللہ عنہما کو مِلا   وہ ہمیں بھی ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ آپ کا سایہ رہے ہم پر سدا   بس یہی ہے التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ کھول کے در آپ ہم کو بھیک دیں   ہم لگائیں جب صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ نعت کی صلِّ علیٰ رکّھوں ردیف   اور بناؤں قافیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ مَیں غلام ابنِ غلام ابنِ غلام   آپ کا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ بادشاہوں سے بھی اعلٰی ہوگیا   آپ کے درکا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ ہو مرے دل میں محبت آپ کی   لب پہ ہو نام آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ ہے تصوّر میں مرے طیبہ نگر   مہکی مہکی ہے فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ سو دفعہ برسیں خدا کی رحمتیں   اک دفعہ جو کہدیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ وِرد کرنا بس دُرود پاک کا   ہم فقیروں کی دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ فلسفی سب جس کے آگے ہیں خموش   آپ کا وہ فلسفہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ کوئی دیکھے جان کے دشمن کو بھی   بخش دینا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ ہم گنہگاروں کی خاطر آپ کا   رات بھر وہ جاگنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ خم سرِ تسلیم ہر دم ہے مرا   آپ کا جو فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ ہر طرح کی کامیابی کے لئے   زندگی کا دائرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ آپ کی فرقت میں دیتا ہے مزہ   آنسوؤں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ عشق میں بس آپ کے جلتا رہوں   اور ہو جاؤں فَنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qadari

﴿105﴾ آپ کی راہوں میں ہو جاؤں فَنا
ہے یہی میری بَقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿106﴾ آپ نے جس پرنگاہِ لطف کی
وہ بُرا اچھا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿107﴾ چُٹکیوں میں حل کیا کرتے ہیں آپ
کوئی بھی ہو مسئلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿108﴾ آپ کی حُرمت کی خاطر جو کٹا
سُرخرو وہ سَر ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿109﴾ آگ ، مٹّی ، روشنی ، پانی ، ہَوا
آپ پر ہیں سب فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿110﴾ آپ کا ہے وہ مقدس آستاں
جس کے آگے دل جھکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿111﴾ گنبدِ خضریٰ میں ہم ہو جائیں قید
دیجئے ایسی سزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿112﴾ دین و دنیا میں رہیں ہم کامیاب
ہو کرم گر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿113﴾ آپ آئے تو ہمارے واسطے
رحمتوں کا در کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿114﴾ دو جہاں میں اُس کا بیڑا پار ہے
آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿115﴾ روشنائی خوشبوؤں میں ڈھل گئی
جُوں ہی کاغذ پر لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿116﴾ آپ کے دربار سے جب لَو لگی
دل ہمارا دل بَنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿117﴾ رب سے ہر لمحہ سوائے آپ کے
اور کیا مَیں مانگتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿118﴾ آپ کی امّت میں ہیں جتنے مریض
سب کو مِل جائے شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿119﴾ میری بہنوں کے سَروں کو بھی مِلے
اک ردائے فاطمہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿120﴾ سارے جگ کو وہ دیا ہے آپ نے
جو نہ کوئی دے سکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿121﴾ بالیقیں آئے گا ایسا ایک دن
ذرہ ذرہ بولے گا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿122﴾ آپ ہی ہوں گے ہمارے سربراہ
حشر جب ہوگا بپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿123﴾ جانبِ طیبہ میں اپنی ماں کے ساتھ
جھومتا گاتا چَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿124﴾ مشکلیں رانا کی بھی ہوں دُور سب
دافعِ کرب و بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿125﴾ دامنِ رحمت سے رانا کو کبھی
کیجئے گا مت جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

راہیؔ

نام :- حنیف وارثی
قلمی نام :- حنیف راہی
تخلص :- راہیؔ
ولدیت :- منشی خان مرحوم
پیدائش :- 23-03-1973، ایم۔ پی
تعلیم :- کامل علیگڑھ مسلم یونیورسٹی
شرف تلمذ :- محترم جناب قیصر الجعفری صاحب۔ محترم جناب عبدالصمد عاصیؔ صاحب۔
محترم جناب محمد ریاض آغا بے تکلف شاجاپوری صاحب
ملک کی اکثر خانقاہوں میں اور عوامی مشاعروں میں شرکت کرتے ہیں۔

آدھی ملاقات کے لئے:-

منکی محلہ، ضلع سنگ کے پاس، شاجاپور 465001 (مدھیہ پردیش)
Mobile No: 0091-8109786707

* * *

﴿1﴾ جس نے کی تم سے وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اس کو رب نے سب دِیا یا مُصطفٰی

﴿2﴾ آپ کی جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
بے بہا ہے بے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ مجھ پہ رحمت ہو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مَیں سراپا ہُوں خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ شکر ہو کیسے ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو مِلا تم سے مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ آپ کو سب ہے پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ کا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization

﴿6﴾ ہر نفس کی ہے صدا یا مُصطفٰی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ آپ نے جو جو کہا یا مُصطفٰی   وہ تو سب ہونا ہی تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ لطف اُس کو آگیا یا مُصطفٰی   دل سے جس نے بھی پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ آئینہ ہو آئینہ یا مُصطفٰی   سر بسر خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ آپ فرمائیں تو ہو جائے قبول   جو بھی ہے لب پہ دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ آپ کے دم سے ہے بزمِ کائنات   آپ شانِ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ نورِ حق سے دوجہاں روشن ہوئے   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ وجہِ عالم صاحبِ معراج ہو   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ سَر بسر قرآن کی تفسیر ہے   آپ کی ہر ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ یہ بہائم یہ شجر اور یہ حجر   یک زباں سب نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ آپ کے حق میں یہ حق نے کہدیا   ہو عطا پیہم عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ تاجِ شاہی سے نہیں اس کو غرض   قلب عاشق کا تشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ اسمِ اعظم نام نامی آپ کا   ہر مَرَض کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ امّتِ عاصی کو بخشیں گے ضرور   شافعِ روزِ جَزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ مِل گیا طوفان میں ساحل مجھے   مَیں نے پانی پر لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آگئی لب پر دُرودوں کی بہار   جس نے بھی دل سے سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آپ کے بستر پہ سوئے چَین سے   وہ علی رضی اللہ عنہ شیرِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ اس زمیں پر آپ کا نقشِ قدم   آئینہ ہے حق نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ عظمتِ شہر مدینہ خوب ہے   بابِ رحمت ہے کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ جو نظامِ مُصطفٰی کا ہے فقیر   اُس نے سب کچھ پالیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Collection Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ گلشنِ طیبہ میں ہر سُو ہے بہار　　پتّہ پتّہ ہے ہَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ مجھ کو مت چھیڑو نکیروں قبر میں　　کہدیا تو کہدیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ آپ سے اچھا جہاں میں آج تک　　مَیں نے دیکھا نہ سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ ہے رخِ زیبا منور مہ جبیں　　آپ ہی شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ حسنِ اخلاقِ حمیدہ کا بیاں　　مجھ سے نہ ہوگا ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ سارے نبیوں نے پڑھی پیچھے نماز　　ہو امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ اصل قرآں کی تلاوت ہے یہی　　فاطمہ یا مرتضی رضی اللہ عنہما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ غم زدہ ہے کیجئے نظرِ کرم　　ساری مخلوقِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ عِیدِ میلاد النّبی پر دم بدم　　ذرے ذرے نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ پُشت پر مہرِ نبوت آپ کے　　رخ پہ ہے نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ سارے عالم پہ ہے رحمت آپ کی　　ہے کرم کی انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ دَم بدم لب پر دُرودِ پاک ہے　　حق تعالٰی کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ منتظر ہیں آپ کے اعجاز کے　　اب دکھادو معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ روزِ محشر کی تمازت ہے کڑی　　لیجے دامن میں چُھپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ سخت مشکل میں پھنسے ہیں امّتی　　آسرا دو آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ گر قبول افتد زہے عزّ و شرف　　ابتلک جو بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ مَیں نہ بدلا انقلابِ دہر میں　　مَیں تمہارا ہی رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ مرحبا کہتے ہیں سب جن و ملک　　تاجدارِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ عام ہے عظمت دُرودِ پاک کی　　بابِ رحمت ہے کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ آپ کے جب نام سے نسبت ہوئی　　مَیں نے سب کچھ پا لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Qadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad

﴿46﴾ کیا سماں ہو گا حلیمہ دائی رضی اللہ عنہا نے   گود میں لیکر کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ غم زدوں کی غمگساری کیجئے   ہے لقب حاجت روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ جو لِکھا ہے اس کو کر لیجے قبول   یا امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ جب نزع کا وقت ہو تو سامنے   ہو رخِ زیبا ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ ساتھ لیکر بے سر و سامانیاں   سوئے طیبہ چل پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ نعت گوئی کے سبب سے آج تک   سَر مرا اونچا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ از طفیلِ پنجتن نظر کرم   غمزدہ ہُوں غمزدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ مَیں لکھوں کیا آپ کی تو شان میں   یہ قرآں نازل ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ آپ کی مدحت سرائی کیلئے   مِل گیا مصرع طرحا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ تم معِ نعلین آؤ عرش پر   ربِّ اکبر نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ کیا خدا ہے کیا خدا کی شان ہے   جو سُنا تم سے سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ درد میں جس نے کہا صلِّ علیٰ   ہو گئی اُس کو شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ رحمتِ حق ہوگئی ہم پر فدا   صدق دل سے جب کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ روضہ اقدس پہ دوں میں حاضری   ہے یہ میری التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ تیرتے سورج ہیں یہ رخسار پر   آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ میں ہُوں شاعر نعت کی سوغات سے   دامنِ دل بھر گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ اس نے پالیں دو جہاں کی رحمتیں   آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ اب مداوائے مرض ہو یا نبی   درد بے حد سے ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ کورِ دیدہ روشنی پا جائے گا   چوم لے گا نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ گنبدِ خضریٰ سے پا کر روشنی   چاند روشن ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheemin Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ باخدا یہ آپ ہی کی ذات ہے　　باعثِ ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ کیا کروں جنّت کو، جنّت ہے یہی　　مِل گیا در آپکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ یاد کرتا ہے بہت ہی آپ کو　　آج بھی غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ کیا مسیحائی صفت لہجہ تھا وہ　　آپ کی گفتار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ بوبکر فاروق و عثمان و علی رضی اللہ عنہم　　سب کے سب تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ حشر تک جاری رہے گا بالیقیں　　رحتموں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ جب لعاب دہن چھوڑا چاہ میں　　پانی میٹھا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ ہے نظر کے سامنے اب پل صراط　　ہو یہ آساں راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ اہلِ ایماں کیلئے راہ نجات　　پنجتن کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ چاہتے تھے جان سے بڑھ کر کے یہ　　چار یارِ باصفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ بڑھ کے خود منزل پکارے گی ہمیں　　تم ہمارے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ کیوں ڈروں میں حشر کے میدان سے　　آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ روزِ محشر کی تمازت میں مِلے　　تمرے دامن کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ پالئے دونوں جہاں خوش بخت نے　　جس نے تم کو پا لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ دو جہاں میں عاصیوں کا کون ہے　　اک تمہارے ما سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ بالیقیں وہ آپ ہی مطلوب ہو　　جس کا ہے طالب خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ جو شریعت آپ نے دی ہے ہمیں　　کوئی کیا لائے گا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ خلق کیا اللہ کو منظور ہے　　آپ کا ہر فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ روضۂ اطہر پہ دوں میں حاضری　　خلد کا میں لُوں مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ عشق کی سب منزلیں سب مملکت　　آپ سے آراستہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammad Sahib Hyderabad Collection Digitization eGangotri

(86) گھر میں ذکرِ پاک کی برکت ہے یہ   گھر بہت مہکا کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(87) جسمِ اطہر کے پسینے سے چَلا   خوشبوؤں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(88) رشکِ ماہِ غیرتِ خورشید ہے   آپ کا ہر نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(89) آپ ہی سے خیر کی برکات کی   ہر طرح ہے انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(90) رحم آہو پہ کِیا جب آپ نے   بے زباں نے بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(91) آپ کی آمد پہ یہ عالَم ہی کیا   عرشِ اعظم بھی سجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(92) جنبشِ انگشت ہی سے آپ کی   چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(93) آپ کے ہونے سے دو عالَم میں ہے   رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(94) گلشنِ طیبہ سے لائی ہے مہک   جب چَلی ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(95) خوش لبی کی تازگی کا ہے عمل   ایک مصرع نعت کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(96) سارے ہی اصحاب کو کافی ہُوا   اک پیالہ دودھ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(97) یہ نماز و روزہ و حج و زکوٰۃ   ہر عمل حق کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(98) شغل ہے وردِ دُرودِ پاک ہی   ہر ولی اللّٰہ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(99) خوشبوؤں سے تھی زبانیں عطر بیز   جشن تھا میلاد کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(100) فاطمہ حسنین کو کرّار رضی اللہ عنہم کو   اپنی چادر میں لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(101) چھان ڈالے تمرے دیوانوں نے سب   دشت کیا کہسار کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(102) آ رہا ہے نقشِ پا کو چُومنے   عاشقوں کا قافلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(103) چاند تارے مسکرائیں دیکھ کر   اک تبسم آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(104) کیا کہا رب نے شب معراج میں   آؤ آؤ مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(105) آپ کے اخلاق کی کیا بات ہے   دشمنوں کو دی دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿106﴾ جاری وساری ہے دریا فیض کا ہر گھڑی آبِ بَقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ سَرنِگوں دربارِ عالی میں ہوئے دنیا بھر کے بادشاہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ حق نے بخشی ہے تمہیں یہ مملکت ہر زمانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ سلسلے باطل کے سب غارت ہوئے تم سے حق کی ابتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ دیکھ کر کے سب ملائک عرش پر کہہ اُٹھے سب برمَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ باخدا مشق سخن میں ہر گھڑی ہے مری فکرِ رَسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ منتظر ہُوں حشر کے میدان کا جاؤں گا کہتا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ مرکزِ وحدت مدینہ بن گیا راز ہجرت کا کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ پیاس سے سیراب پیاسے ہوگئے چشمۂ آبِ بَقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ قلبِ عاشق کا وظیفہ ہے یہی مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ مِل رہا ہے آج تک صدقہ مجھے ہاشمی دربار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ اہلبیت اطہار نے ابرار نے جام کوثر کا پِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ مِل رہا ہے آپ کے قران سے چشم ولب سے ذائقہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ روضۂ اقدس پہ پہنچا ہُوں مَیں سر سے پہلے دل جُھکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ ناز ہے مجھ کو ہُوں ان کا امّتی جس کا مذہب پیار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ ماشاء اللہ آپ کا معراج میں کیا خدا سے قرب تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ بے تحاشہ ہے سخاوت آپ کی جس نے جو مانگا مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ نعت کے اشعار مجھ سے ہوگئے شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ قلبِ راہیؔ کا وظیفہ ہے یہی مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ اس بھری دنیا میں راہیؔ سَر بسر آپ کا ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheman Quadri Digitization eGangotri

رشاؔد

نام :- ڈاکٹر محمد حسن احمدی صدیقی
تخلص :- رشاؔد
ولدیت :- محمد معین الدین صدیقی
پیدائش :- 01-04-1994۔ حیدر آباد
شاعری کا آغاز :- 2020ء
شرف تلمذ :- ڈاکٹر سید عبدالمهیمن قادری لاأبالی
تعلیم :- BDS - مولوی جامعہ نظامیہ
مصروفیت :- ڈاکٹر
آدھی ملاقات :-

22-6-201,216 & 222, Nabi Khana, Hazrat Khair ul Mubeen Siddiqui,
Patthergatti, Hyderabad, 500002 T.S. INDIA
Mobile No: 0091-9513251542

* * *

﴿1﴾ مسندوں کا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کا ہے بوریا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ بے سہاورں کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ عاصیوں کو خلد تک لے جائیگا
آپ ہی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ مانگنے کی دیر تھی اک آن میں
مِل گیا حد سے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ اپنے دشمن کو بھی بخشا آپ نے
وصف تھا یہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Collection of Mohammed Hyderabad, India Digitization eGangotri

﴿6﴾ دیکھ کر قرآن کی آیات کو
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿7﴾ آپ کے اخلاقِ اعلیٰ دیکھ کر دین کا چرچا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ کا وہ دلنشیں گنبد ہَرا دل میں میرے ہے بسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ رب نے بخشا آپ کو پیارے نبی سب سے اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ عرش پر نعلین سے آجائیے ہے خدا نے یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ دین و دنیا میں بَھلا ہوجائے گا آپ کی جب ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ کیسے بخشا جائے گا وہ حشر میں جو ہو منکر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ گویا مجھ کو خلد کا در مِل گیا آپ کا در جب مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ کرب میں مَیں مبتلا پھر ہوگیا در جو چُھوٹا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ بے سہارا ہو نہیں سکتا کبھی تم ہو دل کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ جس کے ساقی آپ ہی ہیں برمَلا وہ ہے حق کا مئے کدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ تاجُوَر کہلائے گا وہ حشر تک آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ گنبدِ خضریٰ کو چُھو جانے کے بعد ہو گئی دلکش صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ ہو گیا وہ خواب سچا یا نبی دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ بے وسیلہ دے رہا تھا مَیں صدا لَوٹ آئی ہر صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ رات دن ہے مشغلہ بس اک یہی ورد ہے یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ ہر کسی کی ہے زباں پر بات یہ مَیں دِوانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ سب نے مِل کر یہ کہا پیارے نبی آپ ہی ہیں حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ نام لینا ہر دعا میں آپ کا ہے یہ میرا مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ اپنی امت کو سہارا دیجئے یا محمد ﷺ مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Collection of Peer Saheb Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ رب کی مرضی اور منشا کیا رہا   آپ ہی ہیں آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ رب کی مرضی اِس میں شامل بھی رہی   آپ نے جو کچھ سہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ آپ کی مسکان پر پیارے نبی   میں سراپا ہُوں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ پالنے می کھیلنا وہ چاند سے   رب کو بھائی وہ ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ رب ہی جانے بعد مرنے کے مجھے   کیا مِلے گی اب جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ مَیں بھی روضہ دیکھ لوں وہ آپ کا   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ حکمِ حق سے ہر گھڑی ہر آن ہی   آپ نے کی ہے وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آئی ہے مشکل گھڑی میرے لئے   آپ ہو مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آسرا دو آسرا دو آسرا   ظلم کی ہے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ مدّعا ہے آپ کے دربار میں   اک دعائے خیر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ جشن ہے مولود کا یہ آپ کی   جا بجا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ آپ ہی ختمِ رسل ہیں بالیقیں   با خدا ہیں با خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ نام جب بھی آپ کا سُن لے کبھی   سب کہے صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ منظورِ نظر رب کے رہے   ابتدا تا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ مشکلوں میں تم ہی ہو اک آسرا   تم ہی ہو حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ اُڑ کے آؤں آپ کے دربار میں   آپ کی ہو بس رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ اک نگاہِ فیض مجھ پر بھی ذرا   التجا ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ہے زمیں تا آسماں یا سیّدی   روئے انور کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آگیا طیبہ نگر تو یوں لگا   اب ٹھکانے مَیں لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ مِل گئی گر آپ کے قدموں کی دُھول   ہیچ ہے ہر اک دوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

﴿46﴾ ہیں پریشاں حال سارے اُمتی　　سب کے حق میں ہو دعایا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ جب خیال آیا نبی کی بھوک کا　　ہنستےہنستے رو پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ خاکِ طیبہ کو اُٹھا کر چوم لُوں　　مجھ کو مِل جائے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ سارے نبیوں میں مقام اور مرتبہ　　آپ ہی کا ہے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ اِس میں شامل ہے پسینہ آپ کا　　کتنی مہکی ہے فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ موت بن کر چھا رہی ہے ہر طرف　　دُور فرمادیں وبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ پڑھ لیا سیرت تو دل سے ہوگئے　　بغض کینہ سب جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ اپنی امت کے لیئے لائے ہیں دیں　　دین کے ہو رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ دو گھڑی کے واسطے آجائیے　　دل میں ہلچل ہے بَپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ بے سہاروں کا سہارا آپ ہیں　　مِل کے سب نے یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ ورد نامِ نامی ہے جب آپ کا　　دُور ہے ہر اک بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ چھا گئی ہے ہر طرف نورانی اک　　اُجلی اُجلی سی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ ہے تصور میں مدینہ ہی سدا　　بخت میرا کِھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ بے سہاروں کا سہارا یا نبی　　تم ہمارے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آپ کا تشریف لانا یا نبی　　معجزوں میں معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کے لائے ہوئے قرآن سے　　مِل گیا روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ لے کے آئے آپ جو قرآن تو　　گُل عبادت کا کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ ابتداء ہے آپ ہی سے یا نبی　　آپ ہی ہیں انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ اپنے قدموں میں مجھے بھی یا نبی　　دیدو تھوڑی سی جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ کوششِ پیہم ہوئی ہے شاد اب　　مِل گیا در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Qudari Digitization eGangotri

﴿66﴾ ہو میسّر پھر ذرا یا سیّدی
جالیوں کا چُومنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ معجزوں کی بات نکلی تو سُنو
ہیں سراپا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ آپ ہی کی پیروی کا حکم ہے
خود خدائے پاک کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ میں ہُوں منگتا آپ کے دربار کا
آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ لہلہانے فصلِ ایماں آگئی
سبز گنبد کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ سبز تو ہر حال میں ہے سبز ہی
خشک موسم نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ آپ کی آمد سے جاری ہوگیا
آگہی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ والہانہ ہے عقیدت آپ سے
لب پہ ہے صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ ہر گلی میں آپ کے دربار کی
پیاری پیاری ہے ہَوَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ ہاں مدینہ ڈھونڈھنے نکلا ہُوں مَیں
بے وطن ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ رشک کرتی ہیں ردائیں دیکھ کر
آپ کی اُجلی ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ جب ارادہ کرلیا تو گھٹ گیا
ہر طرح کا فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ بس خدا ہی جانے ہے معراج میں
کیا سماں تھا عرش کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ وصف ایسا اور کس میں ہے بَھلا
دشمنوں کو دی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ ذکرِ محبوبِ خدا سے، نور سا
دل میں روشن ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ چھا گیا اسلام سارے دہر میں
بو لہب رنجور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ سارے نبیوں میں مقام و مرتبہ
رب نے بخشا برمَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ آپ کی امت میں پیدا ہوگیا
مجھ پہ رب کی ہے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ سب کے سب ہیں آپ کے ادنٰی غلام
بادشہ ہو یا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ دوجہاں میں کام آئے گا سدا
آپ کا دارالشفا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Qudari Digitization eGangotri

«86» ہر طرف ہے نور سا پھیلا ہُوا   جشن ہے یہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«87» آپ کا دیدار آنکھوں کو مِلے   آئے گی جب بھی قضا یا مُصطفٰی ﷺ
«88» دیکھنے والوں نے دیکھا آپ کو   سَر تا پا ہیں معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«89» جُز تمھارے امتِ نادار کی   کون سُنتا ہے بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
«90» ہو خدائے پاک کا فیضان تم   نورِ ایماں مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«91» نام سُن کر سیّدِ ابرار کا   ہے فنا ہر اک بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
«92» میرے دل میں ہے اجالا ہر طرف   آپ سے روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
«93» غیب کی حالت سے واقف آپ ہیں   آپ سے ہے کیا چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
«94» ہُوں کہاں میں کچھ خبر مجھ کو نہیں   ہُوں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«95» ختم کردو اب خدا کے واسطے   ظلم کی کالی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
«96» رب کی مرضی میں ہے مرضی آپ کی   رب ہُوا ہے کب جدا یا مُصطفٰی ﷺ
«97» نامِ احمد آگیا لب پر مرے   سب پڑھیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«98» اب بھروسہ زندگی کا کچھ نہیں   دُور ہم سے ہو وبا یا مُصطفٰی ﷺ
«99» آپ لے کے آگئے قرآن تو   کُھل گئی ہر اک گرہ یا مُصطفٰی ﷺ
«100» ساری دنیا جگمگانے لگ گئی   آپ نورانی دِیا، یا مُصطفٰی ﷺ
«101» مشکلیں آسان ہوتی جائیں گی   آپ ہو مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
«102» دیکھنے سے آپ کے تازہ ہُوں مَیں   دیکھنا پھر دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
«103» روشنی کا استعارہ انبیاء   نور کا ہیں سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«104» جو تمھارا ہوگیا میرا ہُوا   ہے یہ رب کا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«105» نقش پا کے ایک بوسے کے عوض   ساری دولت ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudari Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ کا مَیں نے وظیفہ پڑھ لیا رب ہو راضی اب مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ بادشاہی کی تمنا ہی نہیں ہو کرم بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ کے دربار سے آئی ہے جو مہکی مہکی ہے صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ طاقتِ باطل سے خائف جو ہُوا گِرا پڑا وہ گِر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ ہو ہمارے حق میں جاری یا نبی بارشوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ روضۂ اقدس پہ جانے کے لئے دل نے مانگی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ حشر تک باقی رہے گا دیکھنا دین کا وہ گُل کِھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ ہر دعا مقبول ہوتی ہی گئی آپ کی ہر اک دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ بخششِ امت خدا سے مانگ لی آپ کا ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ دیکھ کر جبریل علیہ السلام بھی حیران ہیں کیسی نوری ہے ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ حشر تک قائم رہے اللہ کرے ہے یہ نوری سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ حق شناسی آپ سے منسوب ہے حق رسی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ موسموں نے خود کہا یہ دیکھ کر کیا سہانی ہے ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کے ہر فیصلے میں درس ہے ہر کسی کا ہے بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ دونوں عالَم کے شہنشا ہو کے بھی جَو کی روٹی ہے غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ داخلِ اسلام ہوتے ہی عمر رضی اللہ عنہ دین کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ آگیا جب شہرِ طیبہ روبرو دل مہک کر یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ کام آئے گِڑگِڑانا حشر میں رب کے آگے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ قُدسیوں کا مشغلہ ہے رات دن آپ کی حمد و ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ آپ آقا ، مَیں رَشادِ بے نوا ہو عنایت اک ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Qadri Digitization eGangotri / Collection Peer Sahib Hyderabad India

رضاؔ

نام :- محمد جلیل احمد

قلمی نام :- جلیل رضاؔ

تخلص :- رضاؔ

ولدیت :- محمد خلیل احمد

پیدائش :- 1975-06-01 (حیدرآباد)

شرف تلمذ :- محترم جناب حضرت ظہیر ناصری صاحب

تصانیت :- (۱) رضائے محمد (نعتیہ مجموعہ کلام) (۲) رضائے سخن (ادبی مجموعہ کلام)

انعامات واعزازات:-

(۱) تلنگانہ حکومت کی جانب سے بیسٹ اردو شاعرایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ (۲) بیسٹ صحافی ایوارڈ حاصل ہوا۔

آدھی ملاقات کیلئے:-

23-18/1, Journalist Colony, Farooq Nagar,
Mandal Shadnagar - 509216 Telangana, INDIA
Mobile No: 0091-9885669627

* * *

﴿1﴾ آپ سے کیا کیا مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
ہم کو جینا آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ در ہے جنت آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
ہر نظارا بھا گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہی کی ہے عطا یا مُصطفٰی ﷺ
میں ہُوں عاشق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ شعر کہنا آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
مِل گیا جذبہ نیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ مجھ پہ بھی ہو اک عطا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ حشرمیں روزِ جزا یا مُصطفٰی   سر پہ سایہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ آپ ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی   سر بسر جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ مصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ لب پہ اب صبح و مسا یا مُصطفٰی   ذکر میرا بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ ہو حبیبِ کبریا یا مُصطفٰی   یعنی محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ آپ کا ہُوں میں گدا یا مُصطفٰی   آپ پر تن من فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ حق بھی ہے تم پر فدا یا مُصطفٰی   ہے عطا ہی اک عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ ہیں امام الانبیا یا مُصطفٰی   عاصیوں کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ آپ کی چشم عطا یا مُصطفٰی   یہ کرم مجھ پر ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ سارے نبیوں کے ہو سَرور آپ ہی   آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ ذرے ذرے میں جہاں کے یا نبی   آپ ہیں جلوا نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ پُر سکوں میں جی رہا ہُوں ہند میں   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ لاج رکھنا حشرمیں میرے حضور   آپ کا ہُوں مَیں گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ آپ ہی کا یہ کرم مجھ پر ہُوا   نعت کہنا آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ میرے ہونٹوں پہ وظیفہ آپ کا   ہے رواں صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ مَیں مریضِ عشق ہُوں بس آپ کا   آپ ہیں میری دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ میرے جیسے کو بدل کے رکھ دیا   نعت گوئی کا مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ آپ کے ادنیٰ اشارے سے حضور   چاند ٹکڑے ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ ہم غلاموں کو بھرم ہے آپ کا   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ کوئی آفت میرے گھر آتی نہیں   گھر پہ ہے لکھا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ سوچتا ہُوں اب کروں سجدہ، کہاں   آپ کا ہے نقش یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ جن و انساں اور ملائک ہی نہیں   حق بھی ہے تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ امّتی ہیں آپ کے ہم یا نبی   یہ کرم ہم پر ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ دونوں عالَم میں ہیں جلوے آپ کے   چاند سورج میں ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ جنّتی ہے جنّتی ہے جنّتی   آپ کا جو ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ یہ زمین و آسماں ہی میں نہیں   جابجا ہے تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ ہر مَرض کو دُور کرتی ہے مدام   آپ کے در کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ مجھ پہ مولا کی عنایت ہوگئی   آپ کا رستہ مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ کے نقشِ قدم پر جو چَلا   ہوگیا اس کا بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ ذہن و دل میں روشنی سی چھاگئی   جب زباں پر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ عاصیوں کوغم نہیں ہے حشر کا   آپ ہیں رحمت سرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ آپ کی سیرت پہ جب چلنے لگا   حوصلہ مجھ کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ نعت گوئی جب سے مجھ کو مِل گئی   ذکر میرا بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ آپ کی چشمِ عنایت ہند پر   ہم نے ایماں پالیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ آپ ہی کے نور سے جگ کو مِلا   روشنی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ ہے عقیدت مجھ کو گہری آپ سے   یہ کرم اللہ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی محفل جہاں بھی سج گئی   نور کی چھائی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ ہیں محبوبِ رب صلِّ علیٰ   آپ کا درجہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ میں گدا ہُوں آپ کا میرے حضور   کیوں رہوں گا غم زدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ عرش اعظم پر گئے میرے نبی   معجزہ ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

Collection of Peer Sahib Qadari

﴿46﴾ امن کا پیغام لے کر آگئے　　دین کے ہو رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ آپ کے شہرِ مدینہ میں سدا　　نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ نعت کی محفل جہاں بھی سج گئی　　آپ ہیں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ لوگ سب شق القمر پہ دنگ تھے معجزہ جب یہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ تازگی جاتی نہیں اُس شئے سے پھر آپ نے جس کو چُھوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ اُس کی قسمت میں ہے جنّت بالیقیں آپ کو جس نے چُھوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ آپ کی آمد سے خوش ہیں، خشک و تر خوش ہُوا غارِ حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ آپ کی الفت میں گزرے سَر بَسر زیست ہو ایسی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ عمر بھر کرتا رہوں شام و سحر آپ کی مدح و ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ تم ہی میرے مالک و مختار ہو المدد یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ جب کبھی بھی دل کی بے چینی بڑھی کھا لیا خاکِ شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hussaini Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

﴿86﴾ ورد ہے میرے لبوں پر ہر گھڑی   غوث اعظم رضی اللہ عنہ، مرتضیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ ہم سبھی کو مِل رہا ہے روز و شب   صدقۂ غوث الوریٰ رضی اللہ عنہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ جس سے پہلا سلسلہ بس آپ کا   نام انکا فاطمہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ آپ گر راضی نہ ہوں تو خلد میں   کیسے ہوگا داخلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ اک اشارے سے ہے ٹُوٹا چاند بھی   کیا حَسیں ہے معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ چَین مجھ کو ہند میں مِلتا نہیں   ہو بُلاوا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ دیکھ لوں پھر سے مَیں وہ گنبد ہَرا   ہو نظارہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ بو بکر، فاروق، عثماں اور علی رضی اللہ عنہم   آپ ہی کے ہمنوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ہوگئی مقبول میری ہر دعا   در پہ جب حاضر ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ مشکلوں میں جب پکارا آپ کو   دُور بھاگی ہر بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ جب بھی کچھ لکھنے کو چاہا دل مرا   میں نے کاغذ پر لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ ہر نبی معراج میں تھے مقتدی   آپ امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ جانا ہے سب کو یہاں سے ایک دن   کون محشر تک جِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ بو لہب کے واسطے نازل ہوا   سورۂ تَبَّتْ یَدَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آپ کے لائے ہوئے اِس دِین سے   مِل گیا رب کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ ہر نَفَس یہ التجا ہے آپ سے   کچھ تو صدقہ ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ مانگتا تھا مَیں ہمیشہ آپ سے   سب مجھے مِلتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ اس گھرانے کی مَیں نسبت کیا کہوں   یہ گھرانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ پھر ارادہ کر رہا ہُوں آج میں   دیکھوں روضہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ جب علی رضی اللہ عنہ کا نام ہو وردِ زباں   دُور ہوتی ہے بَلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection Mohammad Hyderabad India

﴿106﴾ دِین کی خاطر ہُوا قربان وہ   فاطمہؓ کا لاڈلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ کر بلا کو یاد جب مَیں نے کِیا   دل میرا رونے لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ یوں تو دنیا میں رسول آئے بہت   پر نہ آیا آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ جو بھی جی چاہے عطا کر دیجئے   در پہ کب سے ہُوں پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آبِ زم زم، خاک طیبہ پِیتا ہوں   بس یہی میری دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ آپ کو رب نے بُلا کر ایک شب   کردیا سب کچھ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ جس کے کرنے سے ہوں ناراض آپ   کام ہے وہ ناروا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ نے جیسے بتایا ویسے ہی   کررہے ہیں ہم ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ خواجۂ اجمیرؒ کا ہے واسطہ   دُور کردو ہر بَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ رکھنا ساتھ مجھ کو حشر میں   ہے یہی بس التجا یا مُصطفٰی ﷺ

401

﴿116﴾ پیر کے لطف و کرم کی ہے عطا   آپ کا دامن مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ جب کِیا سجّاد نے کوئی سوال   سب مُریدوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ دونوں عالَم کے لئے مجھ کو سند   ہو غلامی کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ بے خودی میں جُھومتے ہیں اہل دل   نام سُن کر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ میرا پیارا پیارا بیٹا دستگیر   غوثِ اعظمؓ کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ حج میں بھائی تھے سفر پر ماں کے ساتھ   یہ کرم ہے پیر کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ ایک عمار اور دوجا دستگیر   ایک چھوٹا اک بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ ایک سَو پچیسواں ہے عرس یہ   شاہ عبداللّٰہ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ نعت کی محفل رکھی سجّاد نے   ان کا ہو ہر دم بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ چَل بلاتے ہیں نبی رہبرؔ تجھے   کوئی آجائے نِدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

رئیسؔ

نام :- رئیس احمد
قلمی نام :- رئیس اعظم حیدری
تخلص :- رئیسؔ
پیدائش :- 1954 / حیدر گنج، گڑاہ (بہار)
ولدیت :- عبد الجبار حیدری (مرحوم)
آغاز شاعری :- 1985
تعلیم :- (بی۔اے Manuu، حیدر آباد یونیورسٹی)
ڈپلوما اِن عربی، ڈپلومہ اِن اُردو NCPUL DELHI
شرف تلمذ :- محترم جناب ممتاز غازی پوری صاحب۔ محترم جناب مولانا ایوب پیامی صاحب۔
محترم جناب فگار عظیم آبادی صاحب۔ محترم جناب حلیم صابر صاحب
پیشہ :- ملازمت، پرائیوٹ وقف اسٹیٹ (کولکاتہ) تجارت
زیر ترتیب :- دیوان رئیس غزل۔
اعزازات :- ڈاک ٹکٹ (Postal Stamp) منجانب ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لااُبالی انسٹیٹیوٹ فار مینجمنٹ اینڈ کنزرویشن آف مینواسکرپٹس جاری (بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ (حیدر آباد) 2017

آدھی ملاقات کیلئے:۔

11/4, K.b.b. 2nd lane. Narkeldanga - kolkata
Phone No: 0091-7003787785, 0091-9883061480

* * *

﴿1﴾ ہو امام الانبیا یا مُصطفٰی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ مجھ کو پھر سے وہ دِکھادو راستہ
ہے سہی جو راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ بخشوائیں گے ہماری سب خطا
آپ ہی روزِ جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ سے برتر نہیں ہے کوئی بھی
آپ ہیں خیر الوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ دین پھیلا ہے نہیں تلوار سے
ہیں نہیں تیغِ جفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Meer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ایک دن ہوں گے نواسے بھی شہید		تھا اشارہ کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ جتنی باتیں بھی کہی ہیں آپ نے		وہ سبھی ہیں حق بجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ خاکِ طیبہ سے کروں گا میں علاج		خاک طیبہ کیمیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ دل میں خواہش ہے ہماری ایک ہی		ہو مدینے میں قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ میرے ہونٹوں پر ہمیشہ ہے دُرود		ہر مَرَض کی ہے دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ آپ پہنچے عرش اعظم پر، کہا		سب نے مِل کر مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ آپ کے پیچھے ہیں ساری امّتیں		آپ تو ہیں پیشوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ راہِ حق دکھلانے والے فرش پر		آپ ہیں بس رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ ہر طرح سے آپ بالکل پاک و صاف		آپ تو ہیں با حیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ ہاں جہالت میں پڑے ہم لوگ ہیں		آپ سے ہوکے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ امّتی کے واسطے تھے فکر میں		[401]ہو کسی کا نا بُرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ گالی سُن کر بھی رہے خاموش ہی		آپ نے کِیا ہے بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ بن گیا ہے نغمۂ بُلبل صدا		لب سے نکلی جب نَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ آپ کے اخلاق سے ہی دین ہے		ہیں نہیں تیغِ جفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ آپ کے ہی طرز کو اپنایا ہُوں		ہے فَنا میں ہی بَقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ زندگی میری سنورنے بھی لگی		مِل گئی راہِ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ بے سکوں دل میں نہیں، مَیں کیا کروں		ہر طرف ہے شور سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ اشک سے لبریز آنکھیں تھیں سبھی		ہوگئے ہیں جب جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ آپ کی صحبت میں رہ کر دیکھئے		ہوگئے ہم با وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ اک اشارے پر ہُوا شق القمر		خوب ہے وہ معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ خالی لَوٹا ہی نہیں در سے کوئی   آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ سمت کعبہ کا بتا دیتے ہیں آپ   آپ ہیں قبلہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ آپ کے جتنے صحابہ ہیں سبھی   آپ سے ہیں آشنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ سادگی ہی سادگی ہے آپ میں   کچھ نہیں ہیں خود نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ کیا بیاں ہو لائق تحسین ہے   آپ کی تو ہر ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ میں عقیدت سے رکھوں بھی حشر تک   مجھ کو مِل جائے عصا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ جسمِ اطہر نور کا ہے نور کا   آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ اشک آنکھوں میں خوشی کے آگئے   دیکھی کعبے کی ردا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ آپ کے بِن جی نہیں پاؤں گا میں   کیجئے نہ یُوں جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ کس طرح کوئی شکایت ہم کریں   آپ سے کیسا گلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ آپ سے خوش مالک کونین ہے   آپ تسلیم و رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ امن کی بستی میں داخل ہوگیا   مَیں نے کلمہ جب پڑھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ زندگی جب موت ہے یہ کچھ نہیں   چاہئے آبِ بَقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ کیجئے مجھ کو عطا اس زیست میں   اپنے انداز و ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ کون بخشش بھی کرائے گا وہاں   آپ کے بس ما سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ آپ کے لب پر دعائیں صرف ہیں   کی ہے کتنوں نے جفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ دہر میں اک بار پھر سے چل پڑے   مومنوں کا قافلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ دورِ حاضر کے نئے اب کھیل سے   حلقۂ دامن ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ چاندنی شرما گئی ہے دیکھ کر   نور ہیں نور ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ محترم ہی محترم ہیں محترم   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection of Peer Sahib Hyderabad India

«46» آگئی ہم میں بھی جو فطرت بُری　　ختم ہے شرم و حیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«47» آپ کی آمد ہوئی جب فرش پر　　ہوگئی ہر سُو ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«48» راستہ سیدھا بتایا آپ نے　　مِل گیا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«49» آپ کی آمد سے آئی روشنی　　چاند تاروں میں ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«50» کیوں کروں نہ پیروی پھر آپ کی　　آپ ہیں بعدِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«51» مَیں مدینے کی زیارت پِھر کروں　　بھیج دیں بادِ صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«52» سب فرشتے آگئے گھر آپ کے　　آپ کی آمد سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«53» ہم میں کیسے آگئی فطرت بُری　　ختم ہے شرم و حیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«54» آپ ختم المرسلیں ہیں حق ہے یہ　　کہہ اُٹھا ہے برمِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«55» دھیرے دھیرے آپ کی جانب سدا　　کھنچ رہا ہے دل مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«56» دیکھ کر شرما گئے ہیں گل سبھی　　آپ ہیں گل خوشنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«57» پھنس گئی کشتی تلاطم میں مری　　دیجئے کچھ حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«58» راستہ دِکھلا دیں سیدھا وہ مجھے　　کیا ہے سیدھا راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«59» کلمۂ طیب پڑھا دیں مجھ کو بھی　　میں ہُوں اک پتھر پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«60» مَیں لئے اپنے لبوں پر ہوں دُرود　　آپ کے در پر کھڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«61» شہر طیبہ میں پہنچ کر خوب ہی　　آرہا ہے کیا مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«62» کیوں اثر ہوتی نہیں کوئی دعا　　اب دعا ہے نارسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«63» روضۂ اطہر پہ جاؤں سال سال　　کی ہے کوشش بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«64» تپتے صحرا میں پڑا ہُوں کیا کروں　　پاؤں میں میرا کڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«65» ہوگیا تھا قتل میرے ہاتھوں سے　　دے رہا ہو خوں بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib Hyderabad India Collection of Peer Sahib Qudari Digitization eGangotri

﴿66﴾ لوٹ کر اپنوں نے ہی سب چَل دئیے　مَیں کروں کس سے گلہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ خاتمہ ایمان پر ہی ہو مرا　ہے مرے دل کی صدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ میں ہُوں ذرہ آپ تارے عرش کے　من کجا اور تو کجا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ مِل اگر جائے مجھے کیا بات ہے　آپ کا گر نقشِ پا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ چل رہا ہُوں آپ کے ہی بس طفیل　آپ ہیں بس دست و پا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ دیکھ پایا مَیں نہیں افسوس ہے　جاکے بھی غارِ حرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ ہُوں پڑا اس دن سے غارِ ثَور میں　آپ آئیں گے سُنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ یہ کمالِ ظرف ہے بس آپ کا　ہے نہیں کوئی بُرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ کی جو یاد میں رویا ہُوں مَیں　بس وہ کاغذ نم رہا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ ڈھونڈ کر مِلتا نہیں ہے آپ سا　اک بھی آشِفتہ نَوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ لا الہ میں لکھا نام آپ کا　ساتھ ہے نامِ خدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ خوش ہُوا لے کر نماز و روزہ مَیں　جب مجھے تحفہ مِلا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ خودکو سمجھوں خوش نصیب ‘ آپ کی　مِل اگر جائے قبا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ گلستاں کا مسکراتا گُل بھی ہے　پتہ پتہ ہے ہَرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ پوری دنیا میں نہ دیکھا آج تک　آپ سا صبر و رضا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ بَن کے آئے دونوں عالَم ‘ کے لئے　سَرورِ دیں مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ اس میں کوئی شک نہیں ہے حق ہے یہ　آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ نے لیکن نہیں کچھ بھی لیا　آپ نے سب کو دیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ چاند بھی شرما گیا ہے آپ سے　میں کہوں ماہِ لقا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ ڈھونڈ کر ملتا نہیں ہے دہر میں　آپ جیسا دلربا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Collection Abdul Peer Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«86» آپ کے جیسا لقب رکھے گا کون　شاہ بطحیٰ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«87» پہنے ہی نعلین آجائیں یہاں　غیب سے آئی نِدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«88» ہے نظارہ چار سُو جنّت کا ہی　شہر طیبہ جب گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«89» جو بھی منکر ہے خدا کا دیکھئے　مرگیا وہ مرگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«90» بادۂ صہبا کا پایا لطف خوب　مَیں نے کہہ کر جب پِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«91» دل مرا ہو جائے ہر دم اس طرح　نام لب پر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«92» دشمنی کی آپ سے جس شخص نے　ہستی سے وہ مِٹ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«93» روضۂ اطہر پہ پہنچا جس گھڑی　ہوگیا خوش دل مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«94» آپ سے جس نے حسد کی زیست میں　مر گیا ہے دل جلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«95» بن کے ہر دم روز محشر میں رہوں　ہم نفس اور ہم نَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«96» بُلبلیں خاموش ہیں ہر شاخ پر　ہے چمن بدلا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«97» جس چمن میں، مَیں رہوں وہ ہر گھڑی　ہو چمن ہنستا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«98» آپ کی صحبت میں رہ کر شخص وہ　قطرہ سے دریا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«99» ہے مرے سر پر مسلط دیکھئے　آج پھر کالی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«100» لَوٹ کر آئے نہیں دورِ خزاں　ہو بہاروں کی فَضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«101» ہے حقیقت ابتداء ہے آپ سے　آپ پر ہے انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«102» میکدے کا آپ کے بہتر نظام　سب سے بہتر ساقیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«103» آپ اعلٰی ہیں رہیں گے اعلٰی ہی　آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«104» آپ کی آمد سے روشن ہوگیا　تھا اندھیرا چَھٹ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
«105» زندگی میں آپ نے کوئی غلط　فیصلہ ہی کب کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection: Peer Sahib Hyderabad India

﴿106﴾ چاندنی شرما گئی ہے دیکھ کر　نور ہیں نورِ ہدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ محترم ہی محترم ہیں محترم　مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ سب فرشتے آگئے گھر آپ کے　آمد بادی سنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ آپ کی آمد ہوئی جب فرش پر　ہوگئی ہر سو ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ راستہ سیدھا بتایا آپ نے　مل گیا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ آپ کی آمد سے آئی روشنی　چاند تاروں میں ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ کیوں کروں نہ پیروی پھر آپ کی　آپ ہیں بعد خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ میں مدینے کی زیارت پھر کروں　بھیج دیں باد صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ سب فرشتے آگئے گھر آپ کے　آپ کی آمد سنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ سب فرشتے آگئے گھر آپ کے　آمد بادی سنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ آپ ختم المرسلین ہیں حق ہے یہ　کہہ اٹھا ہے برملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ دھیرے دھیرے آپ کی جانب سدا　کھنچ رہا ہے دل مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ دیکھ کرشما گئے ہیں گل سبھی　آپ ہیں گل خوشنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ پھنس گئی کشتی تلاطم میں مری　دیجئے کچھ حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ راستہ دکھلا دیں سیدھا وہ مجھے　کیا ہے سیدھا راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ جائیں گے جو لوگ جنّت میں سبھی　آپ کے بالواسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ رحمۃ اللعالمیں ہیں، آپ کی　کیوں نہ ہو حمد و ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ ورد ہے لب پر مرے ہر اک گھڑی　نامِ نامی آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ آپ کے مداح دنیا میں ہیں سب　دینی طالب طالبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ وہ تو مومن ہو نہیں سکتا رئیسؔ　جس میں نہ خوف خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

بسم الله الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ز

تعداد کلام (2)

تعداد اشعار (250)

زاہدؔ

نام :- ولی محمد

قلمی نام :- زاہد ہریانوی

تخلص :- زاہدؔ

ولدیت :- قمر خان

مقام :- 1962 موضع ترواڑہ، پنجاب، ہریانہ۔

تعلیم :- ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں میں مکتب نورالاسلام میں ہوئی، حافظ قرآن شریف، تجوید و قرأت، ادیب کامل جامعہ اردو۔

شرف تلمذ :- محترم جناب زعیم زومرہ صاحب

مصروفیات :- اپنے گاؤں میں ایک مکتب قائم کیا۔ جہاں بچوں کو دینی تعلیم دینے لگے،
پھر پنجاب وقف بورڈ میں تقرر رہا۔ 1997 میں تبادلہ ہو گیا۔ بعدہ حیدرآباد منتقل ہوئے۔
اور ایک مسجد میں امامت کی خدمت کا آغاز کیا۔ حیدرآباد منتقل ہونے کے بعد پہلی مرتبہ 1998 میں بزم نادی الہادی،
بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں کلام سنانے کا موقع ملا،
پھر اس کے بعد بے شمار چھوٹے بڑے مشاعروں میں کلام سنا رہے ہیں، اور الحمدللہ یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

تصانیف :- صدائے دل (شعری مجموعہ) 2014

آدھی ملاقات کے لئے :-

NEAR MASJID-E-QUBA NARSINGI (V)
P.O. & MDI. GANDIPET, R.R. DIST,
HYDERABAD - 5000089, TELANGANA STATE, INDIA
Mobile No: 0091-9000945368, 0091-7981510258

* * *

﴿1﴾ ہے ازل سے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہر طرف ہی تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ تذکرہ جس نے سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہوگیا وہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ آپ نے جو کر دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہے کُھلا یہ معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ آپ جیسا رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہوگا نہ کوئی ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ ایک طوفاں سا اُٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
دینِ حق غالب ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Collection Peer Sahib Digitization eGangotri

﴿6﴾ ہے فدا تم پر خدا یا مُصطفٰی   یوں فدا مَیں بھی ہُوا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ وہ جو گنبد ہے ہَرا یا مُصطفٰی   ہے تصوّر میں بسا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ آمنہ رضی اللہ عنہا بی بی نے دیکھا آپ کا   ہر قدم اک معجزہ **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ گھر حلیمہ رضی اللہ عنہا سعدیہ کا آپ کی   برکتوں سے بھر گیا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ تم نے دورانِ رضاعت دودھ بھی   اپنے حصے کا پِیا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ حکمِ رب پر حضرتِ جبریل علیہ السلام نے   چاک سینے کو کِیا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ آپ کے اخلاق کا خوگر ہُوا   ہر کوئی شاہ و گدا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ یادِ رب میں آپ کا مسکن بَنا   کوہ پر غارِ حرا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ غار ہی میں حضرتِ جبریل علیہ السلام نے   آپ سے اقرا کہا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ آپ نکلے دعوتِ حق کے لئے   رب نے جب اُنذر کہا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ لوگ سب مکے کے حاضر ہوگئے   آپ نے جب دی صدا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ کرتے ہی اعلانِ دعوت ہر کوئی   آپ کا دشمن بنا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ وہ یکایک جاں کے دشمن ہوگئے   آپ پر تھے جو فدا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ جب بھی نکلے دعوتِ دیں کے لئے   ہر ستم تم پر ہُوا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ شاہِ حبشہ نے بہ صد شوقِ جنوں   آپ کا کلمہ پڑھا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ کاش کہ ہو جنّت الفردوس میں   آپ کی قربت عطا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ آگئے اُس کو مٹانے کے لئے   ظلم جب حد سے بڑھا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ ہر طرف دنیا میں تھا ظلم و ستم   ہوگئی تھی انتہا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ دینِ حق کی سر بلندی کے لئے   کاوشیں کیں بے بہا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ کلمۂ حق بوجہل کے ہاتھ میں   کنکروں نے بھی پڑھا **یا مُصطفٰی** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection of Peer Sahib Qadri Dr Inida

﴿26﴾ منتظر تھے مسجدِ اقصی میں بھی   آپ کے سب انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ آپ آئے سب سے آخر میں مگر   ہو امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ عرشِ اعظم پرگئے معراج میں   آپ ہیں وہ مجتبیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ آسمانوں پر فرشتوں نے کہا   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ یہ نمازوں کا بڑا معراج میں   آپ کو تحفہ مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ ظلمتوں سے لڑتے لڑتے آپ نے   نامِ حق اونچا کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ جب بنے دشمن سبھی اہل وطن   رخ مدینے کا کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ غار میں بوبکر رضی اللہ عنہ کا اور آپ کا   تھا محافظ بس خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ جب ہُوا بوبکر رضی اللہ عنہ کو خدشہ ذرا   تم نے لاتحزن کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ جب گئے طیبہ کہا انصار رضی اللہ عنہ نے   آپ آئے مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ تھے مسرت میں سبھی ڈوبے ہوئے   جشن کا ماحول تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ چاہتا تھا ہر کوئی میرا ہی گھر   ہو ٹھکانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ اونٹنی بیٹھی جہاں پر بس وہی   آپ کا مسکن بَنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ میزبانی کی ابو ایوب رضی اللہ عنہ نے   گھر بھی اپنا دے دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ جس کی کچھ تمثیل دنیا میں نہیں   بھائی چارہ وہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ اک عجب جذبہ تھا وہ انصار رضی اللہ عنہ کا   حق کیا حق کا ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ کلمۂ طیب زباں پر ہو مری   جب مجھے آئے قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ گمرہی تھی اِس قدر کہ تھا بنا   گھر خدا کا بت کدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ آپ کا منشا کوئی تھا ہی نہیں   غلبۂ حق کے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ یہ مدینہ آپ ہی کی فکر سے   دین کا مرکز بَنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervaiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ مسجدِ نبوی میں صفہ ہی تو ہے دِیں کا پہلا مدرسہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿47﴾ آپ سے تھا آپ کے اصحاب کو پیار بے حد بے بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿48﴾ تھی مدد اللہ کی بھی ساتھ میں آپ میں تھا حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿49﴾ اوس اور خزرج فدا تم پر ہوئے جب کلامِ حق سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿50﴾ آپ ہی کو بدر میں اللہ نے سرفرازی کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿51﴾ آپ نے ہر گام پر حق کے لئے سر ہتھیلی پر رکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿52﴾ جس کی پیشن گوئی کی ہے آپ نے کام وہ ہوکر رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿53﴾ دینِ حق کے واسطے بھوکے رہے کیا مصمم عزم تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿54﴾ غزوۂ خندق میں دیکھا آپ کے پیٹ پر پتھر بندھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿55﴾ اک اشارے پر علی رضی اللہ عنہ نے آپ کے فتح خیبر کو کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿56﴾ یاد آتے ہی اُحد کا واقعہ زخمِ دل گہرا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿57﴾ واسطے حق کے لئے زخمی ہُوا جسمِ اطہر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿58﴾ آپ کا عزمِ مصمم دیکھ کر کفر رستے سے ہٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿59﴾ آپ کا حسنِ تدبر تھا کہ جو فتح مکہ بھی ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿60﴾ در گزر سب کو کِیا ہے آپ نے جنگ کیا اک امن تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿61﴾ بُت سبھی کعبے میں منہ کے بل گِرے پاک کعبہ کو کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿62﴾ نور و ظلمت کے تصادم میں ہُوا بول بالا نور کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿63﴾ نعت کی محفل کہیں جلسے کہیں جشن کا ہے اک سما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿64﴾ آپ جلوہ گر ہُوئے دنیا میں جب قصر کسریٰ کا گِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
﴿65﴾ ہے جہاں سارا فدا تو کیا ہوا تم ہو محبوبِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

401

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheisin Collection Peer Sahib Hyderabad India Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ ہی سے وادیوں میں کفر کی　　دِین کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ جیت ہو گی حق کی اور ظلمت کی ہار　　پورا وہ وعدہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ رنگ لا یا وہ مسلمانوں کا خوں　　حق کی خاطر جو بَہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ جاں کا جو دشمن بنا تھا آپ کی　　آکے قدموں میں جُھکایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ جو بُتوں کو پوجتے تھے آج وہ　　رب کی کرتے ہیں ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ ایک صف میں کر دئیے تم نے کھڑے　　لا کے سب شاہ و گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ آپ نے کردار سے راغب کِیا　　اپنے دشمن کو سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ کون کر سکتا تھا ایسا معجزہ　　آپ نے جو کر دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ ہی ہیں محسنِ انسانیت　　منبعِ جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ اک خزینہ آپ نے کردار کا　　کر دیا ہم کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ نرم خو تھے آپ سب کے واسطے　　گو منافق بھی رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ ہر قدم پر آپ نے ہم کو دیا　　راہِ جنّت کا پتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ کی خوشبو ہے ہر ایوان میں　　ہے جہاں مہکا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ آپ سے راہِ ہدایت جب مِلی　　مِیں گناہوں سے بچا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ ہو نہیں سکتا یہ دل غافل کبھی
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ اس کو عقبٰی میں نہ ہو گا کوئی غم　　ہے جو دامن سے بندھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ خواب میں دیکھا ہے میں نے آپ کو　　آپ پر ہُوں میں فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ ہے ضروری سرفرازی کے لئے　　آپ ہی کا نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ ہو رہا ہے ہر طرف ہر بزم میں　　تذکرہ میلاد کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ آپ کے آتے ہی وہ ایران کا　　بُجھ گیا آتشِ کدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection of Peer Sahab Qadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ لَا اِلٰہَ کی صداؤں سے جہاں   اب یقیناً گونج اُٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ آپ کی جہدِ مسلسل ہی سے بس   ظلم دنیا سے مِٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ آپ نے عرفات کے میدان میں   آخری خطبہ دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ دینِ حق پہنچا کے ہم تک آپ نے   بلِّغوا عنّی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ خاتمِ پیغام بر کے واسطے   آپ کو رب نے چُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ ہوگیا جب دین کامل آپ پر   رب نے اکملتُ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ ہو مکینِ گنبدِ خضریٰ نبی   آپ ہی کہف الوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ آپ کا شہرِ مقدس تو مرے   ذہن و دل میں ہے بسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ دل میں میرے آپ ہیں بیٹھے ہوئے   کچھ نہیں اس کے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ میرا رب مجھ سے خفا ہوجائے گا   ہوگئے گر تم خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ بات کوئی اور وہ کیسے کرے   آپ پر ہو جو فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ آپ کے ہے عشق کا سودا مرے   سَر میں عرصے سے بسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ ہے دلِ بے تاب کی چاہت مرے   وصل کی صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ آپ کے روضے کے اک طغرے سے ہی   ہے ہمارا گھر سجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ آپ کے رستے سے ہٹ کر ہو اگر   ہے سبب ہے ارتقا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ نارِ دوزخ سے بچائے گی ہمیں   آپ ہی کی اقتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ ہے زباں پر ہجر میں دن رات ہی   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ ہم غلامانِ نبی ہیں ، ہم سے یہ   بچ کے چلتی ہے وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ ڈال دیجے حشر کے میدان میں   ہم پہ شفقت کی ردا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ آتے ہی ماہِ منور آپ کا   یہ جہاں سارا سجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qadari Hyderabad India

﴿105﴾ ہر نبی کی ہی زباں پر آپ کا بالیقیں چرچا رہا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ مان لینا احمد مرسل کو تم ابنِ مریم رضی اللہ عنہا نے کہا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ آپ کی مدحت کروں میں کیا بیاں آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ آپ ہی کے واسطے دنیا بَنی اور بَنے ارض و سما یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ آپ کی ذاتِ مبارک سے تو مَیں ہُوں ازل سے آشنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ حُسنِ یوسف حُسنِ یوسف علیہ السلام ہے مگر آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ روشنی ہے آپ ہی کے نور کی ہے جو سورج میں ضیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ کاش آؤں روضہ اطہر پہ میں ہے یہی دل کی صدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ میں تڑپتا ہُوں زیارت کے لئے اضطراب ایسا بڑھا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ دیدکے قابل تھا وہ جذبہ مرا جب مدینے کو چَلا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ آپ کے روضے پہ جب حاضر ہوا تب سکوں دل کو ہُوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ پرسکوں اوردل نشیں ہے کس قدر یہ مدینے کی فَضا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ یہ مدینہ ہے کہ ہے باغِ ارم دل یہیں آکر لگا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ اب مدینے ہی میں رہنے دیجئے مت کریں مجھ کو جدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ رہبری زاہدؔ کی کی جب آپ نے گمرہی سے یہ بچا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ آپ سے زاہدؔ کو نورِ حق مِلا آپ ہیں حق کی ضیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ یاد ہے زاہدؔ کو وہ عہدِ ازل جب کہا قالوا بلیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ بس گئی زاہدؔ کے دل میں بالقیں آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ ہوتا یہ زاہدؔ اگر اُس دور میں آپ پر ہوتا فدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ نعت میں زاہدؔ نے دیکھا آپ کی ہے یہ ہر غم کی دوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Wahab Hyderabad Digitization eGangotri

زعیم

نام :- محمد رحمت اللہ

تخلص :- زعیمؔ ذومرہ

ولدیت :- محمد عوض اللہ

پیدائش :- 23-06-1947، قلعہ گولکنڈہ حیدرآباد میں ہوئی

شاعری کا آغاز :- 1973 میں ہوا

آپ نے پہلی مرتبہ 1973ء میں اپنے ایک دوست کی شادی پر سہرہ لکھا اس کے بعد یہ سلسلہ اسی طرح دوستوں کے لئے تہنیتیں، قصیدے، سہرے کہتے ہوئے چلتا رہا۔ آپ نے اپنی چوتھی لڑکی کی شادی کا دعوت نامہ مکمل ایک ہی بحر میں نظم کیا ہے، جس میں نثر بالکل نہیں۔ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحبؒ کے کئی مشاعروں میں شرکت کا موقع ملا اور داد سے نوازا گیا۔

401

تصانیف :- (ا) احساساتِ زعیم (مجموعہ کلام) 2001 (۲) افکار زعیم (مجموعہ کلام) 2014

آدھی ملاقات کے لئے :-

9-10-382/31, نزد مسجد عثمانیہ، رسالہ بازار، قلعہ گولکنڈہ، حیدرآباد۔ 500008 تلنگانہ

Mobile No: 0091-9849751088

* * *

﴿1﴾ آپ پر سب کچھ ہے وا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ سے کیا ہے چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ رب نے بے شک وہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کی تھی جو رضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آئی طیبہ سے ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
روح نے پائی غدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کے در پر کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
ہو مجھے صدقہ عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ ہے وہ شاہوں سے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Momin Hyderabad Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Qadari

﴿6﴾ آپ کی باتوں میں تھا یا مُصطفٰی — دینِ حق کا ولولہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ ہو کرم مجھ پر ذرا یا مُصطفٰی — میں ہُوں اب بے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ کاش ہو میرا بھی طیبہ میں قیام — اور وہاں آئے قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ ہو اگر مدفن مدینے میں مرا — میں بھی پالوں گا بَقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ دشمنی رکھتا ہے جو بھی آپ سے — ہوگا وہ بیشک فَنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ بس یقیناً بخت اس کے جاگ اُٹھے — آپ نے جس کو چُھوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ سن کے عبدالمطلب کا وہ جواب — ابرہہ حیراں ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ کیاتھی دندانِ مبارک کی چمک — کمرہ روشن ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ عمر بھر میں بھول سکتا ہی نہیں — وہ مدینے کی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ دنیوی مصروفیت میں گم ہُوں مَیں — قربِ رب اب ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ کعبہ کو کعبہ بنایا آپ نے — پاک اس کو بھی کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ بولہب بیشک تھا گستاخِ رسول — پا چکا ہے وہ سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ بادشاہوں کے بھی سر آنکھوں پہ ہے — آپ کے در کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ جس کسی سے آپ راضی ہوگئے — اس سے راضی ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ دین کی تکمیل کیا ہوتی بَھلا — چار یاروں کے بِنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ پالنے میں کھیلنا وہ چاند سے — معجزہ تھا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ سے روشن ہوئے دونوں جہاں — ہوگئی ظلمت فَنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ رحمۃ للعالمیں بیشک ہیں آپ — یہ ہے قرآں میں لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ بولہب کے ہاتھ ٹوٹیں یُوں کہا — اس کا تھا فتنہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کے رستے پہ چَلنا ہو نصیب — رب سے ہے بس یہ دعا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Wahab Hyderabad Digitization eGangotri / Collection of Peer Sahib Qudrat

﴿26﴾ دامنِ آلِ عبا کا دیکھئے   مِل گیا ہم کو سِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ نعت کہتے کہتے جب سوجاؤں میں   ڈال دیں اپنی ردا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ نعت پڑھنے کے لئے کر دیجئے   لحنِ داؤدی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ وہ بَھلا جنّت میں کیسے جائے گا   آپ ہوں جس سے خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ آپ کا چہرہ مری نظروں میں ہو   آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ فخر کرتا ہے وہ اپنے بخت پر   آج بھی غارِ حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ آپ کے جو ہیں گداؤں کے گدا   میں ہُوں ان کا اک گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ بوجہل کہنا نہ مانا آپ کا   وہ تو بے دِیں ہی مَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ حق جو تھا پیغمبری کا آپ نے   کر دیا وہ حق ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ پڑھ کے پُھوکوں پانی پر نام آپ کا   دے گا وہ پانی شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

401

﴿36﴾ دشمنوں کے واسطے نازل ہوئی   سورۃِ تبّت یدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ آپ ہی کا نام بعد اللہ کے   خانۂ دل میں بَسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ ہے بِنا گٹھلی کھجوروں کا درخت   ایک دن میں جو اُگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ آپ کے نعلین ہوں سر پر مرے   جب ہو رب کا سامنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ لب پہ اللہ کا نبی کا نام ہو   آئے جب میری قضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ مَیں مرے ماں باپ اور سب کچھ مرا   اور مری جاں بھی فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ آپ کا نورانی گنبد وہ ہَرا   میرے دل میں بَس گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ ساری دنیا نوح علیہ السلام کی کشتی میں ہے   آپ اس کے ناخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ گنبدِ خضریٰ سے باہر آئیے   کیجئے محشر بَپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ ڈوبتی کشتی کنارے لگ گئی   جب لیا نام آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Qadri Hyderabad India / Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ تھا اندھیرا گھر مرا ، پر آپ کے
ذکر سے روشن ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ بند کر کے آنکھ طیبہ آگیا
مَیں تصوّر میں سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ خواب میں قدمِ مبارک دیکھ کر
دل نے بوسہ لے لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ پھر تصوّر میں مدینہ آگیا
شادہے اب دل مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ جب بھی مشکل میں لیا نام آپ کا
ٹل گئی سَر سے بلایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ انبیاء نے خود امامت کے لئے
آپ ہی کو ہے چُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ مشغلہ یہ نعت گوئی کا مری
فکر کا محور رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ دُور رہ کر آپ سے مَیں رات دن
بس تڑپتا ہی رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ کب بلا وا آئے اور کب جاؤں میں
ذہن میں ہے یہ بسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ آپ پر نازل ہوئے قرآن سے
پَا رہے ہیں سب ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ آپ کا نورانی گنبد وہ ہَرا
میرے دل میں بس گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ گلشنِ طیبہ سے آئی جب ہَوا
دل مہکنے تب لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ خواب کی دنیا میں جب آپ آگئے
نور کا دریا بَہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آپ کے قدموں میں جب مَیں آگیا
رنگ لائی ہر دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ صدقہ مانگا میں نے جب حَسنین رضی اللہ عنہما کا
مِل گیا حد سے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ گنبدِ خضریٰ کو دیکھا جس گھڑی
پھول دل کا کِھل اُٹھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ مدّتوں سے آپ ہی کی یاد کا
دل میں روشن ہے دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ حشر تک قدموں میں رہنے دو مجھے
کردو بس اتنی دَیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آپ سے بہتر کوئی آیا نہیں
حق نِگر اور حق نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ سارے عالَم کے لئے رحمت ہیں آپ
آپ سب کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«66» آپ رب سے بھی مِلے ‘ کی بات بھی   مرحبا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
«67» مجھ کو جنت کا یقیں ہوجائے گا   آپ کی ہو گر عطا یا مُصطفٰی ﷺ
«68» جب تمہارے معجزے یاد آگئے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«69» مشکلیں جتنی بھی تھیں سب ٹل گئیں   جب لیا نام آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«70» اپنے قدموں میں بُلالیجے مجھے   امّتی ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«71» ویسے پیغمبر بہت آئے مگر   آپ ہو سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
«72» اپنے قدموں ہی میں رکھ لینا مجھے   آپ سے ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
«73» یاد آکر دل کو تڑپاتی ہے پھر   وہ مدینے کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«74» ہے جدا سارے جہاں سے آپ کا   چلنا اُٹھنا بیٹھنا یا مُصطفٰی ﷺ
«75» بخت آور خود کو مَیں سمجھوں اگر   آئے طیبہ میں قضا یا مُصطفٰی ﷺ
«76» کاش ہم امّت میں ہوتے آپ کی   انبیاء نے یُوں کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«77» دِید کو اک سانپ غارِ ثور میں   مضطرب بے چین تھا یا مُصطفٰی ﷺ
«78» سیدھے جنّت میں جو لے جائے مجھے   وہ ہے رستہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«79» مشک و عنبر سے بھی بڑھ کر خوشبودار   ہے پسینہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«80» راج ہوگا حشر میں بس آپ کا   ایسا دن بھی آئے گا یا مُصطفٰی ﷺ
«81» کتنی ٹھنڈی کیا سہانی سی ہے یہ   شہر طیبہ کی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«82» یاد ہو گر آپ کے دربار میں   سَر کے بل میں آؤں گا یا مُصطفٰی ﷺ
«83» آپ ہی ہو آپ ہی ہو آپ ہی   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
«84» اب بُلا کر پِھر نہ لَوٹا نا مجھے   اِتنا کر دینا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
«85» واقعی اعجاز ہے یہ آپ کا   کنکروں کا بولنا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Quadri Hyderabad India. Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

(86) ہرطرف ہے آپ کی لائی ہوئی   روشنی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
(87) آپ سے دُوری مقدر ہوگئی   اب کریں کس سے گِلہ یا مُصطفٰی ﷺ
(88) ہوں گے سارے انبیاء کی بھیڑ میں   آپ میرِ قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
(89) عشق میں پیدل مدینہ چَل پڑا   کم لگا یہ فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
(90) آپ پر نازل ہوئے قرآن میں   ہے خدا کا فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
(91) چاند کو دو ٹُکڑے کر دینا بھی اک   معجزہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(92) راہ سے بھٹکے ہُوئے ہیں امّتی   ہے یہی اک سانحہ یا مُصطفٰی ﷺ
(93) خواب ہی میں آئیے آجائیے   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
(94) دے کے میں نے آپ ہی کا واسطہ   رب سے مانگی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
(95) حق کی حاصل ہوگئی امداد جب   دین کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
(96) جس کنویں میں آپ نے ڈالا لعاب   پانی وہ میٹھا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
(97) زندگی بھر آپ کے قدموں میں ہی   مجھ کو رہنے دو پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
(98) مشکلیں میری بھی حل کر دیجئے   آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
(99) رب نے ہے واللیل کی کھائی قسم   آپ ہو بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
(100) آپ کی صورت میں آیا رب نظر   آپ رب کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
(101) آپ آئیں قبر میں تو مَیں کہوں   مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
(102) سارے عالَم کو بتایا آپ نے   ربِّ واحد کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
(103) آپ تو دل کے بہت ہی قریب   ہے بظاہر فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
(104) قتل کرنے کے لئے آئے عمرؓ   ہوگئے تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
(105) پِھر سے قدموں میں بُلا لینا مجھے   ہوگا احساں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ بٹ گئی فرقوں میں امّت آپ کی   اب ہو ان میں ایکتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ میری حاجت آپ سے منسوب ہے   آپ میرا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ کون ہوگا حشر میں پُرسان حال   آپ ہی ہو برمَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ ہی ہو حق تعالٰی کے حبیب   آپ پر رب ہے فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ نزع میں جلوہ دکھا دینا مجھے   ہے مری یہ التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ اپنی امّت کے لئے ہی وقف تھے   آپ کے صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ خود اللہ کے سائے میں تھے   آپ کا سایہ نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ آپ نے دنیا کو دی حق آگہی   آپ ہو حق آشنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ کیا کہوں میں رخ کے آگے آپ کے   چاند بھی پھیکا لگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ کا مَیں، آپ میرے ہوگئے   اب تو رب بھی ہے مِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ دل دھڑکنے کی صدا ہیں آپ ہی   دھڑکنوں کی ہیں نِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ کاش قدموں ہی میں رکھ لیتے مجھے   کیوں مجھے لَوٹا دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ ہند میں پھر آکے میں بے چین ہوں   زیست ہے مجھ سے خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ اُجلے اُجلے نور سے معمور ہے   آپ کی اُجلی رِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ بار بار آئے مدینہ کو زعیمؔ   ہے یہ اس کی اشتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ کنکروں نے پڑھ لیا کلمہ زعیمؔ   جب ہُوا حکم آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ دفن ہوجائے گا طیبہ میں زعیمؔ   ہو کرم گر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ در پہ آکر مرہی جائیں گے زعیمؔ   دینا قدموں میں جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آپ کے جسمِ مبارک کا زعیمؔ   بالیقیں سایہ نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ یہ زمیں یہ آسماں سب ہیں زعیمؔ   آپ کے مدحت سَرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection of Mohammad Qadri Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخضب ز شعراء

ژ

تعداد کلام (1)

تعداد اشعار (125)

Collection Peer Sahib Quadri India

ژرفؔ

نام :- سید ناصر علی ناصر
تخلص :- ژرفؔ
ولدیت :- سید باقر علی
پیدائش :- 24-07-1996، حیدرآباد
شاعری کا آغاز :- 2016
شرف تلمذ :- ڈاکٹر عبدالمهیمن قادری لاابالیؔ سجاد
تعلیم :- جامعہ نظامیہ سے عالم کورس جاری ہے۔ B.Tech.Civil
مصروفیت :- تعلیم وتدریس اور شاعری
پتہ :-
19-3-262/50/6/80, Tegal Kunta, JAHANUMA,
HYDERABAD - 500053, TELANGANA STATE - INDIA.
فون - +91 8686187194

* * *

﴿1﴾ بھر دو جھولی یہ ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
تم کو رب کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ ہُوں غلامِ بے نوا یا مُصطفٰی ﷺ
میری جانب دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ مصطفٰی صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
مرحبا یا مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ ہیں بدالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
راستہ سیدھا مِلا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿6﴾ مَیں ہُوں ادنیٰ سا گدا یا سیّدی — دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ لاکھ بھٹکایا شیاطیں نے مگر — مَیں یہی کہتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ اور دنیا میں کہیں ملتی نہیں — وہ مدینے کی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ پھر مدینہ دیکھ لوں سرکار مَیں — پوری ہوجائے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کی مٹّھی میں کنکر بول اُٹھے — ہے یہی تو فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ کی چاہت ہمارے دل میں ہے — کام کب ہے یہ نیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ گرم آنسو یاد کرتے ہیں تمہیں — سَرد آہوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ آپ نے بخشا ہے سب کچھ یا نبی — کیا کروں مَیں التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ بس یونہی طیبہ میں رہنے دو مجھے — آپ کے در پر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ روشنی ہے سلسلہ در سلسلہ — پائے اقدس کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ کیسے بُھولوں کربلا کا واقعہ — ہے مرے دل میں بَسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ رب نے قرآں میں ہے یہ بتلا دیا — آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ نامِ احمد سے ہوئے غم دُور سب — جب مجھے پالا پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کے ہاتھوں سے مِلتا ہے اُسے — اس کی قسمت کا لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ کشتیٔ اسلام کے حق میں نبی — آپ ہی ہیں ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کا فرمان میرے واسطے — میرے حق میں ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ سُرخروئی دِین کو بخشے ہے جو — ہے وہ نورانی دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ بارہا آتی ہے روضہ چومنے — دم بہ دم بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ جام ہم کو بھی ذرا پیارے نبی — ہو میسّر دید کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ آپ کے صدقے میں ہم کو بھی مِلا — حِکمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ چارہ گر کی چارہ سازی مِل گئی   مرحبا یا مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آ ہی جاتے یار چاروں ہر طرح   آپ دیتے جب صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ حق کے دلبر ہو، تم ہی تو یا نبی   رب کے پیارے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آپ نے معراج میں مانگی تھی جو   ہوگئی پوری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ مشکلیں آسان کردیجے مِری   ہے یہی بس التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ یہ فراست آپ کی ہے یا نبی   دِین پَھیلا جا بجایا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ آپ کی آمد سے آئی دہر میں   کیسی نورانی ہَوَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ ہاں خدا کے بعد میرے واسطے   ہے فقط اک آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ نے اوڑھی ہے جو پیارے نبی   جگمگاتی ہے رِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ بے گماں اور بالیقیں کہتے ہیں سب   نور کا ہیں سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ اب کسی صورت بہلتا ہی نہیں   دل تمہارا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ جو مخالف دین کا اٹھّا کبھی   گِر پڑا وہ گِر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ بس دھڑکتا دل ہے میرا یا نبی   دے رہا ہے یہ صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ فکرِ اُمت ہی رہی معراج میں   یاد ہے وہ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ میرے گھر سے شہرِ طیبہ تک جو ہے   پاٹ دیجے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ سارا عالَم آپ کے زیرِ اثر   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی کملی میں چُھپ جاؤں گا میں   جب بھی ہوگا سامنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ کی نظرِ کرم سے یا نبی   ہم نے پائی ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ سے کیسے بَھلا ہو حشر تک   کام کوئی نا رَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ آپ ہیں سب سے سِوا سب سے سِوا   آپ کا کیا پوچھنا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«46» یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ رات دن   دھڑکنوں کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
«47» تھر تھری دشمن پہ طاری ہو گئی   نام اُس نے جب سُنا یا مُصطفٰی ﷺ
«48» آگیا اُس کی زباں پر ہی دُرود   نام جس نے بھی سُنا یا مُصطفٰی ﷺ
«49» میری بخشش اور مرے عصیاں کے بیچ   آپ کا ہے واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
«50» وہ سبھی قرآن سے ثابت ہُوا   آپ نے جو بھی کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«51» رہنمائی آپ پر ہی ختم ہے   آپ ہی ہو رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
«52» پیروی سنّت کی جس نے بھی ہے کی   پائی ہے اُس نے جِلا یا مُصطفٰی ﷺ
«53» ناس والی آیتیں نازل ہوئیں   بال کی کھولی گِرہ یا مُصطفٰی ﷺ
«54» آگیا طیبہ نگر طیبہ نگر   ہوگئی ایسی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
«55» وہ تو پڑھنے لگ گیا فوراً دُرود   نام جس نے بھی سُنا یا مُصطفٰی ﷺ
«56» ظلم ڈھانے آگئی ہے پھر سے جو   ختم فرما دیں وَبا یا مُصطفٰی ﷺ
«57» آگیا دربار تک جو یہ گدا   آپ ہی کی ہے رضا یا مُصطفٰی ﷺ
«58» اِس طرف ہُوں اِس طرف ہُوں اِس طرف   اِس طرف بھی دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
«59» رونقِ دنیا سے مُنہ کو موڑ کر   دل ہُوا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«60» آپ ہی ہیں میرے مالک یا نبی   دل نے مجھ سے یہ کہا یا مُصطفٰی ﷺ
«61» گنبدِ خضریٰ کو دیکھا جس گھڑی   بس وہیں پر دل لگا یا مُصطفٰی ﷺ
«62» دونوں عالَم میں مِرے پیارے نبی   حق نما ہیں حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
«63» جو مدینہ جا کے آیا یہ کہا   کیا سُہانی ہے فَضَا یا مُصطفٰی ﷺ
«64» زندگی آرام سے گزری مری   ایسی پائی ہے جزا یا مُصطفٰی ﷺ
«65» یاد آئے آپ کے دندان جب   دل سے آنسو بہہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Collection Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ کا اُسوہ جو ہم کو مِل گیا   بارہا ہے شکریہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ خوش نصیبی، آپ کی امّت میں ہُوں   میرا سب کچھ ہے فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ پا رہا ہوں زندگی میں چین سے   آپ کے در کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ اور چیزوں کی حقیقت کیا ہے اب   ہوچکا رب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ جانتا ہُوں مانتا ہُوں یا نبی   آپ کو مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ گنبدِ خضریٰ پہ پڑتے ہی نظر
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ خواب میں دیکھا ہے جس نے آپ کو   ہے یہی بس انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ حق میں اُمت کے لئے مانگی دعا   گُل شفاعت کا کِھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ کربلا سے آج تک زندہ یہاں   ہے وفا کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿75﴾ اپنے دم پر جائے گا جنّت میں جو   کون ہے وہ کیا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ نور اوڑھے پڑھ رہی ہے رات دن   جگمگاتی یہ فَضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ آپ ٹھہرے جب امام الانبیاء   خوش ہیں سارے انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ جا کے آنا عرش پر وہ آپ کا   خوب ہے یہ معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ مُصطفٰی کے نام کی ہر ضرب سے   ٹُوٹ جائے ہر بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ دو جہاں میں لاج میری یا نبی   آپ سے ہے برمَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ رہنمائی کا مکمل فلسفہ   تم سراپا رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ آج بھی تازہ ہے میرے ذہن میں   خیبری وہ واقعہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ رب کی مرضی اِس میں شامل سَر بَسر   دل کہے صلِّ علٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ رحمتیں رب کی لُٹانے کے لئے   پِھر سے برسے وہ گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ پھر سے دیکھوں روضۂ اقدس کو مَیں   ہے دعا بس یہ دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

﴿86﴾ روزِ محشر کالی کملی سے ہمیں ڈھانک لینا بس ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ اسوۂ حسنہ میں ہم نے دیکھ لی پیاری پیاری ہر ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ رب کو بھائے ہر گھڑی یا سیِّدی مسکرانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ ساری دنیا میں فقط ہے کام کا دیکھنے میں دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ جس میں شامل آپ کی مرضی رہی تھی وہی رب کی رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ نامِ آقا سُن لیا مَیں جب کبھی جَل اٹھا دل کا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ کے نورانی روضہ کی طرف تک رہا ہے غمزدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ ہوگیا جو منحرف اسلام سے ہوگیا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ربیع الاول کا آیا ماہ تو چھاگئی نوری گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ آپ کے اُسوہ سے دُوری کے سبب مِل رہی ہے یہ سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ جس کی ٹھنڈک سب سے اعلٰی یانبی ہے جمالی یہ ردا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آپ سے وابستگی پہ ناز ہے قادریہ سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ اپنی اُمت کے لئے ہی آپ کا دل بہت رنجور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ کے ہر حکم پر لبیک ہے چار یاروں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ہوگیا ایمان تازہ یا نبی کعبہ، طیبہ، جو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ میری دنیا آپ سے آباد ہے آپ میرا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ رب کی مرضی سے ہُوا ظاہر یہی آپ پر دل آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ دیں مکمل ہو نہیں سکتا کبھی آپ کا جو نہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ دُوریوں سے ڈر رہا ہُوں رات دن کم کریں یہ فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ روضۂ اطہر پہ حاضر جو ہُوا بخت والا ہے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ جگمگاتا ہی رہے گا حشر تک دین کا روشن دِیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿107﴾ حق یہی ہے کہ مدینہ کی ہَوا نور والی اور شفا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿108﴾ چاہے عالَم کوئی بھی ہو' ہے نہیں ثانی سایہ آپ کا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿109﴾ آپ آئے ساتھ لائے یا نبی پرچمِ دِیں مِل گیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿110﴾ نام پیارا نامِ نامی آپ کا دھڑکنوں میں بس گیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿111﴾ آپ کی مرضی جو شامل ہوگئی رب کریگا بس عطا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿112﴾ دیکھتا ہُوں جس طرف تو یہ لگے ساری دنیا ہے فدا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿113﴾ قولِ اقدس آپ کا پیارے نبی نقش ایسا ہوگیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿114﴾ چوٹ سہہ کر دی دعائیں' یہ تو حق آپ کا ہے آپ کا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿115﴾ آپ ہی کے دم قدم سے یا نبی آج زندہ ہے وفا یا **مُصطفٰی** ﷺ

﴿116﴾ آپ کی تھی وہ امامت یا نبی مقتدی تھے انبیا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿117﴾ نام لونگا جب بَلَا کے سامنے ہر بَلاَ ہوگی فَنا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿118﴾ آپ کے آتے ہی روشن ہوگئی کائناتِ حق نما یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿119﴾ آپ بس اتنی دعا کردیجئے ہو فَنا اب یہ وبا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿120﴾ آپ نے بتلا دیا ہر ایک کو ربِّ عالَم کا پتہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿121﴾ کتنے آئے اور پائے ہیں شفاء دیدو مجھ کو بھی شفا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿122﴾ اُسکو راحت کیوں مِلے گی حشر میں دُور دِیں سے جو رہا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿123﴾ اک نگاہِ لطف آقا ہو اِدھر مَیں بھی ہُوں در پر کھڑا یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿124﴾ باعثِ رحمت ہُوا ہے گھر مرے سلسلہ یہ نعتیہ یا **مُصطفٰی** ﷺ
﴿125﴾ ژرؔف خستہ پہ عنایت کی نظر یا حبیبی مُصطفٰی یا **مُصطفٰی** ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudrati Digitization eGangotri

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منتخب از شعراء

س

تعداد کلام (7)

تعداد اشعار (875)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Qadari Digitization eGangotri

سجاؔد

نام :- اسد المشائخ سید سجاد باشا قادری علیہ الرحمہ
تخلص :- سجاؔد
ولدیت :- حضرت سید محی الدین بادشاہ قادری
عرف بھم بھم صاحب علیہ الرحمہ
پیدائش :- 15 اپریل 1962۔ تاڑپتری۔
شاعری کا آغاز:- 2015
سجادہ نشین :- بارگاہ حضرت سید شاہ نبی شاہ قادری المعروف بَھم بَھم پیر علیہ الرحمہ۔ بنگانہ پلی، آندھرا پردیش
کلام کی اصلاح :- ڈاکٹر عبد المہیمن قادری لا ابالی سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب
پتہ :- 14-57 غوث اعظم ہائی اسکول، کرنول ڈسٹرکٹ، کونڈا پیٹ، بنگانہ پلی، 518124، آندھرا پردیش۔ الہند۔
فون نمبر :- 0091-8688851483
401
وصال :- 5/ ذولحجہ 1441ھ مطابق 27/ جولائی 2020ء بروز چہارشنبہ بوقت 6 بجے شام۔
محمد عبد الحاجی صاحب گدآ مشاعرہ میں آپ کا کلام پیش کئے۔

* * *

﴿1﴾ ہے مرا یہ مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
دید ہو جائے عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ ہو عنایت اب ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
دل غموں سے ہے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ ہو عنایت مجھ پہ بھی شاہِ اُمم
ہوں دیوانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کے احکامِ عالی قدر سے
ہم کو ملتی ہے جِلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ اسوۂ حسنہ کا جگ میں آج تک
ہر جگہ ہے تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آج تک علمائے حق کے درمیان   ہو رہا ہے تبصرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ کا اسم گرامی یا نبی   عرش پر بھی ہے لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آپ ہی کے دم قدم سے دین کا   باغ اب تک ہے ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ کے قدموں میں آکر ہو سُکوں   دل غموں سے ہے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ ہے قناعت کا یہ عالم آپ کی   جَو کی روٹی ہے غِذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ میری مشکل کو بھی حل کردیجئے   آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ میری قسمت میں بھی لکھدیجئے ذرا   سنگِ اسود چومنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ جس نے دیکھا اُس کی قسمت کُھل گئی   خواب میں و نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ مشکلوں میں آسمانوں کی طرف   آپ کا ہو دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ میری نس نس کا ہے بس اک کام یہ   آپ ہی کو سوچنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ ذہن میں خوشبو بسی ہے جو مرے   لائی طیبہ سے ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ہے بڑا بد بخت دنیا میں وہی   دین سے جو پِھر گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ آپ کے قدموں میں جو بھی آگیا   ہوگیا وہ کیا سے کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آندھیوں میں جل رہا ہے آج تک   دین کا روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ عرش پر جب آپ نے رکھا قدم   سب فرشتوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ ہی نے رب کا بتلایا پتہ   مل گیا ہم کو صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کی نسبت سے سب کچھ مِل گیا   اب نہیں کوئی گلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ دے رہا ہوں دیر سے آواز مَیں   سُن لو اب میری صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ دَر پہ آؤں آپ کے مَیں بارہا   ہے یہی خواہش سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ جب مکمل آگیا قرآن تو   دین نے پائی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ دل کی دھڑکن تیز ہوتی ہے جہاں   ہے مدینہ وہ جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آپ کے احکام کو سمجھے گا وہ   جامِ وحدت جو پیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ عرش پرجب آپ نے رکھا قدم   خوش ہُوا ربُّ العلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ ہر طرف ہے یہ کرونا کی وباء   ٹال دیجے یہ بلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ نام لینا آپ کا میرے لئے   ہے یہی اک مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ چومتا ہے رات بھر یہ چاند بھی   آپ ہی کے نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ بو لہب کے واسطے نازل ہوئی   سورتِ تَبَّتِ یَدَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ آج تک طیبہ نگر میں آپ کے   نقشِ پا ہیں جا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ ہر حدیثِ پاک میں پنہاں مِلا   آپ ہی کا فلسفہ یا مُضطفٰی ﷺ
﴿35﴾ ہر گھڑی دربارِ عالی سے رواں   عام ہے جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ قبر میں آئے مدینے سے مری 401 صبح کی پیاری صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ ہو میسر اب مدینہ کا سفر   دل سفر میں ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ جسم لے کر آگیا مَیں اپنے گھر   دل وہیں پہ رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ کس قدر بدبخت ہے وہ شخص جو   دُور طیبہ سے رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ پاکے انگلی کا اشارہ آپ کی   چاند دو ٹکڑے ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ پھر کہاں ایمان اس کا رہ گیا   جو حدیثوں سے پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کی ہر اک حدیث پاک بھی   اک ستون ہے دین کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ دل میں میرے بس چکے ہیں آپ ہی
دل ہوا تم پر فِدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ہے پسینہ آپ کا خوشبو بھرا   صندلی ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ جنّتی ہے جنّتی ہے جنّتی   آپ کا ہر قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿46﴾ بے وسیلہ جو بھی مانگی تھی دعا   لَوٹ آئی وہ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ کام آکر ہی رہا سب کے لئے   بس وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ حکم رب سے آپ نے بخشا ہمیں   مِل گیا حد سے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ لاج رکھ لو دین و دنیا میں مری   رب کے پیارے مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ ہی کے نور سے روشن جہاں   نورِ پیکر مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ نام جس میں آپ کا شامل رہے   رد نہ ہوگی وہ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ہوگی سب ہی کو ضرورت آپ کی   بے گماں روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ مَیں بھی جنت کا مکیں بن جاؤں گا   آپ کی ہو گر عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ کی دعا دے کر وسیلہ آپ کا   ہوگیا سب کچھ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ہے گذارش آپ سے کردیجئے   میرے حق میں بھی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ انبیاء سارے تمہارے مقتدی   آپ سب کے مقتدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ قبر میں دیدار اپنا دیجئے   آپ سے ہے یہ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ روزِ محشر جامِ کوثر ہو عطا   بس یہی ہے مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ مَیں اِدھر ہُوں مَیں اِدھر ہُوں مَیں اِدھر   دیکھ لیں مُڑ کر ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ آسرا درکار ہے بس آپ کا   بے سہارا ہُوں کھڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ ہی کا نامِ نامی یا نبی   وِرد ہے صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ دوسرا کوئی نہیں بس آپ کے   بے گماں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آپ بہتر جانتے ہیں یا نبی   کِس نے کیا دی ہے ندا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ آپ کی اُمت کے ہر اک فرد سے   دُور ہوجائے اَنَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ ہی شاہوں کے شاہا یا نبی   میں ہُوں ادنٰی سا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri Collection Peer Sahib Qudrat Bagh India

﴿66﴾ بادشاہوں سے بڑا ہوتا ہے وہ   آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ ہے تمنا دیکھ لوں پھر ایک بار   آپؐ کا غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ ساری امت ہے اِسی کی چھاؤں میں   آپ ہیں سایا گھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ آگیا غصّہ میں خود رب عُلی   پاؤں جب زخمی ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ کلمۂ طیّب سے واضح ہے یہی   لا الہَ کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ آپ کے جز کون ہے جو سُن سکے   عاصیوں کی التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ آپ ہی بے شک ہو ختم مُرسلین   رب نے یہ فرما دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ صاف ہے نورٌ علی نورٌ سے یہ   آپ رب کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آپ اول آپ آخر آپ ہی   ابتداء و انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ اولیں و آخریں ہو آپ ہی   آپ ہی رب کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ رب کے پیارے اور دلارے یا نبی   تم ہی بے شک با خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ رب نے یہ فرما دیا قرآن میں   آپ محوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ گنبد خضریٰ پہ چھا جاتی ہے جو   ہو میسر وہ گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آپ نے کملی کو جب بکھرا دیا   چھا گیا سایہ گھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ ہو رہا ہے دہر میں چاروں طرف   ہر گھڑی محشر بپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ مشکلیں شرمندہ ہو کر ٹل گئیں   نام جب بھی لے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ آپ کی ہر بات سچ کا آئینہ   جو کہا وہ ہے بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ جگمگاتی ہے زمیں سے عرش تک   آپ کی نوری ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ بول بالا حق کا تھا چاروں طرف   کیا مقدس دَور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ حشر تک جاری محبت آپ کی   میری نسلوں میں بقا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Collection, Hyderabad India Digitization eGangotri

﴿86﴾ پیٹ پر پتھر جو باندھا آپ نے   یاد ہے وہ واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ یہ شرف حاصل حلیمہ رضی اللہ عنہا کو ہُوا   ہیں رضاعی والدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آکے سب ہی ڈھیر قدموں میں ہوئے   وقت کے وہ سُورما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ اُمتی ہیں آپ کے ہم بے گماں   یہ شرف ہم کو مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ خاتمہ بالخیر وقتِ نزع ہو   ہے دعا صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ جھکتے ہیں یہ تا ابد شاہوں کے سر   آپ ہی کے زیرِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ بو لہب کا واقعہ ہے سامنے   اُس نے پائی ہے سزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ آپ کے در پر کھڑا ہے دیر سے   یہ فقیرِ بے نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ اپنے قدموں میں بلالیجے مجھے   ہے یہی اک التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ حال سب کا جانتے ہیں آپ ہی   کیا کروں میں التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ منحرف رہتا ہے جو بھی آپ سے   اس کا کیا ہو تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ دل میں جس کے ہو عقیدت آپ کی   ہے اُسی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کے ہاتھوں سے جس نے پی لیا   جامِ وحدت سے بھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ تھا قناعت کا یہ عالم آپ کی   سُوکھی روٹی تھی غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ کیوں نہ قرباں سادگی پر جاؤں میں   تھا بِچھونا بوریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ آپ کے نقشِ قدم طیبہ میں ہیں   ہر گلی میں جابجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ چاہے دنیا کا ہو کونا کوئی بھی   آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ بس چلو وحدانیت کی راہ پر   ہے یہ قرآں میں لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ ڈال دو جھولی میں اس کی رحتمیں   در پہ آیا ہے گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ ہے یقیں مجھ کو بلائیں گے ضرور   مَیں گدا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ کا فرمان ہے قولِ عظیم   سب کا اس پر اکتفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ کیسے پہچانوں میں سچّا کون ہے   ہیں منافق جا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ دامنِ سنت کو تھامے جو کوئی   پائے گا رب کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ ہاں قرآنِ پاک کو پڑھنے ہی سے   مِل گئی راہ ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ نے مکہ میں رکھا جب قدم   بُت ہوئے سارے فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ جو تھے دیں پر چلنے والے راہرو   ہوگئے وہ سب بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ ناس کی سورت جو نازل ہوگئی   کُھل گئی ہر اک گرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ ہوگئے منسوخ پچھلے دین سب   دینِ حق جب آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ کی دعا امت کی بخشش کے لئے   ہوگیا راضی خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ آپ کے قدموں کا ہے ادنیٰ طفیل   دیکھتے ہیں سب ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ آپ کے لائے ہوئے قرآن میں   ہر مرض کی ہے دَوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ سب یقناً آپ کی ہر بات پر   متفق ہیں ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ ہوگیا ناکام اپنے عزم میں   تھا پشیماں ابرہہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کے اخلاق کے آگے سبھی   کوئی دشمن کب ٹِکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ پشت کا ٹیکا بنا تھا پیڑ جو   ہے وہ جنت میں ہَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ لمس پاکر آپ کے ہاتھوں کا وہ   پیڑ اک دن میں اُگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ انبیاء کے واسطے خالی جو تھا   ہوگئی پُر وہ خَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ مَیں غلام ابنِ غلام ابنِ غلام   نسل سے ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ وقت رخصت ہے دعا سجّاد کی   لب پہ ہو صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ جو بھی ہے جیسا بھی ہے سجّاد یہ   آپ کا ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Quadri Digitization eGangotri

سجّاد (صدر مشاعرہ)

نام :- ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجادہ نشین

قلمی نام :- سجاد محی الدین

تخلص :- مہیمنؔ - سجادؔ

ولدیت :- حجۃ العلماء والمشائخ ہادئ دکن حکیم و ڈاکٹر
حضرت سید محی الدین قادری ہادی لا اُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

پیدائش :- 3rd October, 1986 حیدر آباد۔

شاعری کا آغاز:- 1997ء

سجادہ نشین :- بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب علیہ الرحمۃ۔

تلمیذ :- حضرت سید محی الدین قادری ہادی لا اُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ
آفتاب سخن محترم المقام جناب سردار سلیم صاحب

تعلیم :- کامل التفسیر ' کامل الحدیث ' کامل التاریخ۔ جامعہ نظامیہ۔
ایم۔ اے۔ اردو۔ فارسی۔ میوزیولوجی۔ پولیٹیکل سائنس۔ لائبریری سائنس وغیرہ
پی ایچ ڈی۔ میوزیولوجی۔ مینو اسکرپٹولوجی۔ لائبریری سائنس۔ (اردو)

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

مصروفیت :- ڈائرکٹر حضرت ھادئ دکن لائبریری اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ (1854 AD-1270 H)

ڈائرکٹر ڈاکٹر سید عبد المہیمن قادری لاابالی انسٹیٹیوٹ فار مینجمنٹ

اینڈ کنزرویشن آف مینو اسکرپٹس

ڈائرکٹر انسٹیٹیوٹ فار پروموشن آف پرشین لینگویج

چیرمین حضرت ھادئ دکن گروپ آف انسٹیٹیوشن

صدر دار الھدی پبلیشر، حیدرآباد

نیشنل ایوارڈس:- (40)

علامہ عبد القادر شاکر ایوارڈ۔ (ٹاملناڈو اردو ریسرچ سنٹر 2017)

حضرت بحر العلوم مولانا عبد العلی فرنگی محلی ایوارڈ۔ (ٹاملناڈو اردو پبلیکیشن لٹریچر 2017)

ایوارڈ خطاب مستطاب محققِ عالم امیر الامراء دبیر الملک

(صاحبزادہ شوکت علی خان بانی MAAPRI ٹونک۔ راجستھان)

نشانِ اھل بیت ایوارڈ۔ (سیدہ زینب ایجوکیشنل سوسائٹی۔ بنگلورو۔ 2018)

اردو انمول رتن ایوارڈ۔ (آل انڈیا اردو ماس کمیونیکیشنل سوسائٹی فار پیس 2019)

بھارت بھوشن ایوارڈ۔ راشٹریہ پریرنا ایوارڈ۔ شوریہ بھارت ایوارڈ۔ انٹرنیشنل ریسرچ

اسکالر ایوارڈ۔ انٹرنیشنل کنزرویشنسٹ آف مینو اسکرپٹس ایوارڈ۔ وغیرہ۔

انٹرنیشنل ایوارڈس:- (12)

شھادۃ شکر وتقدیر۔ نقیب السادۃ الاشراف و امین نسب آل قاطرجی النعیم الحسینیین الھاشمیین

فی الجمھوریۃ العربیۃ السوریۃ۔ Syrian Arab Republic 2017۔

اچیومنٹ ایوارڈ۔ جمیعۃ رابطۃ العلماء فی العراق۔ 2017

اچیومنٹ ایوارڈ۔ دیوان الوقف السنی عراق۔ 2018

اچیومنٹ ایوارڈ۔ مینجمنٹ آف پٹروناس ٹاورس۔ ملیشیاء۔ 2020

اچیومنٹ ایوارڈ۔ کِنگڈم آف نیو اٹلانٹس ویزڈم لینڈ۔ 2020 وغیرہ

تصنیفات و تالیفات :- عربی تحقیقات

غبطۃ الناظر فی مناقبِ سیدنا شیخ عبد القادِر ؓ (حضرت ابن حجر العسقلانی ؒ)

نزھۃ الخاطر و الفاتر فی ترجمہ سیدنا شیخ عبد القادِر ؓ (حضرت ملّا علی القاری ؒ)

تفریح الخاطر فی مناقبِ سیدنا شیخ عبد القادِر ؓ (حضرت محی الدین اربلی ؒ)

رسالہ الفقر (حضرت سید غلام علی شاہ قادری الموسوی ؒ)

خطباتِ ھادئ دکن۔ لالی الھادی۔ دیوانِ ھادئ دکن عربی کلام۔ (حضرت ھادئ دکن ؒ)

فارسی مخطوطات پر تحقیق :- 16 مخطوطات پر تحقیق کی جا چکی ھے۔

عربی مخطوطات کے اردو تراجم :- 4 مخطوطات کا ترجمہ کیا جا چکا ھے۔

فارسی مخطوطات کے اردو تراجم :- 16 مخطوطات کا ترجمہ کیا جا چکا ھے۔

اردو مخطوطات کی تحقیق :- 90 مخطوطات کی تحقیق ھو چکی ھے۔

اردو مخطوطات کی تدوین :- 23 مخطوطات کی تدوین و حل الغات ھو چکے ھیں۔

عربی و اردو مخطوطات کی تحقیق و تدوین :- 21 مخطوطات پر کام ھو گیا ھے۔

اردو ترتیبات :- ان کی تعداد 25 ھے۔

تصنیفات :- 5 ھیں۔ تحقیقی مقالے :- 8 ھیں

آدھی ملاقات کے لئے :- پتہ۔ 13-4-486 درگاہ حضرت پتھر والے صاحب،
مستعد پورہ، حیدر آباد۔ 500006۔ تلنگانہ۔ الھند۔

* * *

﴿1﴾ آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ہے گواہی قَد نَرٰی(۱) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ شاھد دیدار رب ہے بے گماں آیتِ ثُمَّ دَنیٰ(۲) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ قَابَ قَوسَینِ وَاَدنیٰ(۳) دیکھئے عَبدِہٖ اَوحٰی(۴) وَمَا(۵) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ دید میں مژگاں کی جُنبش تک نہیں ہے محبت مَا طَغٰی(۶) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ عشق ہے یا ہے مودت! کیا ہے یہ؟ قُدسُ لَو لَاکَ لَمَا(۷) یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۱) البقرہ۔ ۱۴۴۔ (۲) النجم۔ ۸ (۳) النجم۔ ۹ (۴) النجم۔ ۱۵ (۵) ما استفہامیہ ہے۔ (۶) النجم۔ ۱۷ (۷) حدیثِ قدسی۔

﴿6﴾ ہاں يُصَلُّوْنَ(٨) کی آیت ، رب مگن
در خیال مصطفیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿7﴾ مَا ہے اَنزَلنَا عَلَیکَ(٩) بھی تو ہے
حُبِّ لِتَشقٰی(١٠) کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿8﴾ نَصِّ فِی الْاَرْضِ خَلِیفَۃً(١١) کی جھلک
عِلمِ آدم کُلَّھَا(١٢) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿9﴾ پھر ملک اقرار یہ کرنے لگے
ہے فقط عَلَّمْتَنَا(١٣) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿10﴾ آپ کی عظمت کے قائل ہیں مُحِب
اِلَّا اِبْلِیْسَ اَبٰی(١٤) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿11﴾ حق نے آدم کو فَتَابَ(١٥) کہہ دیا
تھا وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿12﴾ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا پھر اٰمِنُوْا(١٦)
آپ کی خاطر کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿13﴾ اَیُّھَاالمُزَّمِّلُ(١٧) کہہ کر خدا
لکّھے کملی کی ثنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿14﴾ اَیُّھَاالمُدَّثِّرُ(١٨) پیاری ندا
آپ کو دی رب نے کیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿15﴾ یہ لِتَرْضٰھَا(١٩) میں عُقدہ کُھل گیا
آپ راضی تو خدا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(٨) الاحزاب۔٥٦ (٩) اور (١٠) طٰہٰ۔٢ (١١) البقرہ۔٣٠ (١٢) البقرہ۔٣١ (١٣) البقرہ۔٣٢ (١٤) البقرہ۔٣٤
(١٥) البقرہ۔٣٧ (١٦) النساء۔١٣٦ (١٧) المزمل۔١ (١٨) المدثر۔١ (١٩) البقرہ۔١٤٤

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿16﴾ خوبصورت لفظ صدقہ آپ کا
حُسن ہے نُوۡرٌ عَلٰی(۲۰) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿17﴾ حُکم کا لَا تَرۡفَعُوۡاَصۡوَاتَکُمۡ(۲۱)
تا ابد ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿18﴾ شاد ہے لَاتَقۡنَطُوۡا(۲۲) سُن کر ہر اک
آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿19﴾ ہر غلامِ احمدِ مختار کو
یَغۡفِرُ(۲۳) رَب نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿20﴾ ہیں فقط اک آپ، باقی تھے ہیں سب
طَیِّبَۃُ(۲۴) کا ترجمہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿21﴾ جو یُرِیۡدُ اللّٰہُ(۲۵) سے ہیں منفرد
آپ کی آلِ عبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿22﴾ ہے ھُوَ الۡاَبۡتَرُ(۲۶) کی آیت میں کُھلا
آپ کا دشمن مِٹا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿23﴾ رب سکھایا یہ کہ "اُنۡظُرۡنَا"(۲۷) کہو
کیا ادب ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿24﴾ لَنۡ تَرَانِی(۲۸) اک جوابِ ایزدی
مَن رَاٰنِی(۲۹) خود کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿25﴾ ہیں یُزَکِّیۡهِمۡ(۳۰) میں وہ شامل سبھی
دل بنے جو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۲۰) النور۔۳۵۔ (۲۱) الحجرات۔۲۔ (۲۲) الزمر۔۵۳۔ (۲۳) الزمر۔۵۳۔ (۲۴) الفتح۔۲۹۔ (۲۵) الاحزاب۔۳۳۔
(۲۶) الکوثر۔۳۔ (۲۷) البقرہ۔۱۰۴۔ (۲۸) الاعراف۔۱۴۳۔ (۲۹) مسلم شریف۔ (۳۰) البقرہ۔۱۵۱۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India Collection Muhammadi Quadri Digitization eGangotri

﴿26﴾ كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِیاً(۳۱) ارشاد ہے
آپ کا بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿27﴾ عَلَّمَ یَعْلَمْ(۳۲) جھلک دکھلائی جو
آپ سے عُقدہ کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿28﴾ ہر عدو دوزخ میں بولے گا یہی
لَیْتَنِیْ ' یَا وَیْلَتَا(۳۳) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿29﴾ اور مَازَغَ الْبَصَرُ(۳۴) رب نے کہا
نور دیدہ نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿30﴾ ہاں اَلَسْتُ(۳۵) کا ہے جو ارشادِ رب
آپ مقصد مُدَّعَا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿31﴾ کہہ دیا قَالُوْا بَلٰی(۳۶) لیکن ابھی
401
امتی گُم ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿32﴾ ہے یَدُاللّٰہِ(۳۷) میں دستِ مصطفی
سلسلہ آلِ عبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿33﴾ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ(۳۸) میں ہے سِرِّ نہاں
جانتے، جس کو خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿34﴾ نُوْرِہٖ مِصْبَاحُ(۳۹) میں آیا نظر
جلوۂ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿35﴾ یہ کَمِشْکٰوۃٍ(۴۰) جو نوری طاق ہے
کَوْکَبٌ(۴۱) سے ہے بَھرا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۳۱) بخاری شریف۔
(۳۲) العلق۔۵۔
(۳۳) الفرقان۔۲۸۔
(۳۴) النجم۔۱۷۔
(۳۵) الاعراف۔۱۷۲۔
(۳۶) الاعراف۔۱۷۲۔
(۳۷) الفتح۔۱۰۔
(۳۸) الفتح۔۱۰۔
(۳۹) اور (۴۰) النور۔۳۵۔
(۴۱) النور۔۳۵۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India / Collection of Muhammad Qadri Digitization eGangotri

﴿36﴾ ہے زُجَاجَةُ(۴۲) آپ ہی کی روشنی
تا قیامت یہ ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿37﴾ اور نَبُوَّتُ مِثْلِ دُرِّیٌّ(۴۳) رہی
آپ کے دل میں بقا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿38﴾ مرتبہ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٌ(۴۴) ہُوا
نور دگنا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿39﴾ یا رَسُوْلَ اللّٰہُ(۴۵) مدد فرمائیے
ہر صحابی نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿40﴾ شَانِ اَنعَمْتَ عَلَيْهِمْ(٢٨) اولیاء
سلسلہ در سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿41﴾ اور کَالْکَوْثَرْ(۴۷) مرادِ ذُوْ المِنَنْ(۴۸)
ہے گھرانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿42﴾ اَلَّذِیْٓ اَسْرٰی(۴۹) میں پنہاں راز ہے
آپ کے رب ساتھ تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿43﴾ عَبْدِہٖ لَيْلاً (۵۰) سے ظاہر ہوگیا
نور در عُنصُر قبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿44﴾ لفظِ اُمِّی(۵۱) کا یہی مفہوم ہے
سب پڑھایا تھا خدا ' یا مُصطفٰی ﷺ

﴿45﴾ ہے رَفَعْنَا پھر لگ پھر ذِکْرَکَ(۵۲)
آپ ہی مَبدا نِہا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۴۲) النور۔۳۵۔ (۴۳) النور۔۳۵۔ (۴۴) النور۔۳۵۔ (۴۵) ابن ماجہ۔ (۴۶) الفاتحہ۔۶۔ (۴۷) الکوثر۔۱
(۴۸) اللہ کا نام۔ (۴۹) بنی اسرائیل۔۱۔ (۵۰) بنی اسرائیل۔۱۔ (۵۱) حدیث شریف۔ (۵۲) الانشراح۔۴۔

﴿46﴾ ہاں اِلَیْہِ اَلْوَسِیْلَۃَ(۵۳) آپ ہی
حق نما و حق رَسَا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿47﴾ رَحْمَۃٌ لِّلْعَالَمِیْنَ(۵۴) صاف ہے
رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿48﴾ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ(۵۵) کا بالیقین
حکم نافذ ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿49﴾ اِسْمُہٗ اَحْمَدُ(۵۶)کا مژدہ شان سے
ابنِ مریم علیہ السلام نے دیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿50﴾ ہے صِرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ(۵۷) جس کا نام
راستہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿51﴾ حضرت ر وح الامیں کی سرحدیں
401
عِنْدَ سِدْرَۃْ(۵۸) انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿52﴾ ہے اِلَیْہِ اَلْوَسِیْلَۃَ(۵۹) با خدا
واسطہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿53﴾ ہے جو اِنَّا اور فَتَحْنَا پھر لکَ(۶۰)
آپ غالب ہر جگہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿54﴾ یہ جو نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ(۶۱) کہا
آپ کا حافظ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿55﴾ سِرِّ یَجِدْکَ اور یَتِیْماً(۶۲) میں مِلا
پالتے ہیں بس خدا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۵۳) المائدہ۔۵۳۔ (۵۴) الانبیا۔۱۰۷۔ (۵۵) الحجرات۔۲۔ (۵۶) القف۔۶۔ (۵۷) الفاتحہ۔۵۔ (۵۸) النجم۔۱۴۔
(۵۹) المائدہ۔۵۳۔ (۶۰) الفتح۔۱۔ (۶۱) النصر۔۱۔ (۶۲) الضحیٰ۔۶۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India   Collection of Moin Hyderabad Digitization eGangotri

﴿56﴾ کیوں نہ ہو قَلْبٍ سَلِیْمٍ(٦٣) میں شمار
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿57﴾ آپ کے سَر پر رکھا خَلّاق نے
تاجِ لَوْلَاکَ لَمَا(٦٤) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿58﴾ دَاعِیًا ہے اور اِلَی اللّٰہِ(٦٥) جبھی
دین نے پائی بقا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿59﴾ یوں اِلَی الْمَسْجِدِ الاَقْصٰی(٦٦) کہا
مقتدی سب ، مقتدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿60﴾ ہے رَسُوْلُ اللّٰہِ(٦٧) محمد ﷺ آپ ہی
ہر نبی نے یہ پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿61﴾ آپ ہی ہیں صَادِقُ الْوَعْدُ الْاَمِیْن(٦٨)
آپ سے صدق و صفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿62﴾ جو سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی(٦٩) بیاں
رَاز عَبْدٌ میں چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿63﴾ اور جو وَالْعَصْرِ(٧٠) میں ہے تذکرہ
ہے زمانہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿64﴾ لَیْلَةُ الْقَدْرِ(٧١) مِلی ہے جو ہمیں
ہے یہ صدقہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿65﴾ ہے بَلَدْ وہ اَمْن والا(٧٢) جس میں ہیں
آپ ہی کے نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(٦٣) الشعراء۔٨٩۔ (٦٤) حدیث قدسی۔ (٦٥) الاحزاب۔٤٦۔ (٦٦) بنی اسرائیل۔١۔ (٦٧) الفتح۔٢٩۔
(٦٨) حدیث قدسی (٦٩) بنی اسرائیل۔١۔ (٧٠) العصر۔١۔ (٧١) القدر۔٢۔٣۔ (٧٢) البلد۔١۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection of Mr. Salim Quadri, Digitization eGangotri

﴿66﴾ اَحۡسَنِ تَقۡوِیۡم(۷۳) جو تخلیق ہے
انتخابِ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ قبل پیدائش بھی دیکھا آپ نے
ہے اَلَمۡ اور پھر تَرٰی(۷۴) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿68﴾ عاد کے منظر کو دیکھا آپ نے
کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ(۷۵)(۷۶) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿69﴾ آیت طَیۡرًا اَبَابِیۡلَ(۷۷) میں ہے
مُنہ کی کھایا ابرہہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿70﴾ یہ جو اِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ(۷۸) آگئی
امن کا اعلان تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿71﴾ ہے جو تَرۡضٰھَا(۷۹) خدا کا حکم اک
آپ کی مرضی رضا یا مُصطفٰی ﷺ

401

﴿72﴾ ہے حَرِیۡصٌ پھر عَلَیۡکُمۡ(۸۰) صاف صاف
مجمعِ فضل و عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿73﴾ تا ابد قولِ اَنَا قَاسِمٌ(۸۱) گواہ
منبعِ جود و سخا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿74﴾ ہے لِنُوۡرِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ(۸۲) میں بیاں
مظہرِ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿75﴾ آپ کی خاطر اَنَا اللّٰہُ(۸۳) ہُوئی
طور کی پیاری نِدا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۷۳) التین۔۴۔ (۷۴) الفیل۔۱۔ (۷۵) الفجر۔۶۔ (۷۶) رَبُّکَ۔صوتی قافیہ۔ (۷۷) الفیل۔۳۔ (۷۸) القریش۔۱۔
(۷۹) البقرہ۔۱۴۴۔ (۸۰) التوبہ۔۱۲۸۔ (۸۱) بخاری شریف۔ (۸۲) النور۔۳۵۔ (۸۳) طٰہٰ۔۱۴۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿76﴾ رَبَّنَا وَبْعَثْ رَسُوْلًا(۸۴) آپ ہی
ہے بَرَاھیمی دعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿77﴾ شَاہِدًا(۸۵) میں خالق و مخلوق کے
ہیں گواہِ خوش ادا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿78﴾ ہے یہ فرمان خدا قَدْ جَآءَکُمْ(۸۶)
مجمعِ نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿79﴾ آپ اِقْرَاْ بِاسْمِ(۸۷) پڑھنے سے ہُوا
لحنِ داوُدی بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿80﴾ دل میں تھا قبلہ بدلنے کا خیال
حُکم آیا قَدْ نَرٰی(۸۸) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿81﴾ عَلَّمَ الْقُرْآنْ(۸۹) میں ارشاد ہے
معجزہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿82﴾ عنبریں، زلفِ حَسین کا کیا کہوں
حق نے وَالَّیْلِ(۹۰) کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿83﴾ شمسِ رُخسارِ نبی کی اک کرن
آپ ہی ہیں وَالضُّحٰی(۹۱) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿84﴾ گوشِ اقدس سُن رہے ہیں ہر دُرود
شَاھِدًا(۹۲) حق نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿85﴾ عارض و مژگان وہ نورانی جَبیں
ذکرِ یٰسٓ(۹۳) آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۸۴) البقرہ۔۱۲۹۔ (۸۵) الاحزاب۔۴۵۔ (۸۶) المائدہ۔۱۵۔ (۸۷) العلق۔۱۔ (۸۸) البقرہ۔۱۴۴۔
(۸۹) الرحمٰن۔۲۔ (۹۰) الضحیٰ۔۲۔ (۹۱) الضحیٰ۔۱۔ (۹۲) الاحزاب۔۴۵۔ (۹۳) یسٓ۔۱۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ ہے لسانِ پاک رب ہی کی زباں
حق نے ہی یُوحٰی (۹۴) کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿87﴾ آپ کے مژگاں کی صف بندی کا حُسن
صَآفّٰتِ صَّفُ (۹۵) مِلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿88﴾ اُس جَبیں کو دیکھ کر ہر بُت نے ہی
جَآءَ الْحَقُّ (۹۶) کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿89﴾ آنکھ سے دیکھا خدا کو آپ نے
ہے گواہی مَا طَغٰی (۹۷) یا مُصطفٰی ﷺ

﴿90﴾ کہہ رہی ہے آیتِ شَقَّ الْقَمَرُ (۹۸)
انگلیوں کا معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿91﴾ دستِ اقدس کی کہوں کیا برکتیں
401 ہے یَدُاللّٰہِ (۹۹) ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿92﴾ آپ کے الفاظ پتھر کی لکیر
وَحْیِ یُوْحٰی (۱۰۰) مِل گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿93﴾ آپ کا مومن جو چہرہ دیکھ لے ﷺ
وہ رَضِیَ اللّٰہ (۱۰۱) ہُوا یا مُصطفٰی

﴿94﴾ آپ کے تلوؤں کا اندازہ ہو کیا
اَنتَ حِلٌّ (۱۰۲) رب کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿95﴾ بن گئی ہے مِنْ رِیَاضِ الْجَنَّةِ (۱۰۳)
آپ کے چُھوکر وہ پا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۹۴) النجم۔۴۔ (۹۵) الصفات۔۱۔ (۹۶) بنی اسرائیل۔۸۱۔ (۹۷) النجم۔۱۷۔ (۹۸) القمر۔۱۔
(۹۹) الفتح۔۱۰۔ (۱۰۰) النجم۔۴۔ (۱۰۱) الفتح۔۲۹۔ (۱۰۲) البلد۔۲۔ (۱۰۳) حدیث شریف۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri, Hyderabad India
Collection Peer Sahib - Digitization eGangotri

﴿96﴾ ہے يُحَكِّمُ(۱۰۴) کبریائی فیصلہ
فیصلہ بس آپ کا یا مُصطفٰی

﴿97﴾ ہے مَوَدَّتُ جو کہ فِي الْقُرْبٰى(۱۰۵) بیاں
جنّتوں کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿98﴾ ہیں یہ صُمٌّ اور بُكْمٌ(۱۰۶) بے شعور
ہر منافق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿99﴾ ہیں بِحَبْلِ اللّٰه(۱۰۷) کے رستے پہ سب
انبیاء و اولیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿100﴾ ہے جو اَلْحَمْدُ(۱۰۸) سے وَالنَّاسِ(۱۰۹) تلک
نعت کا ہی سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿101﴾ پانچ ہیں راشد خَلِيْفَهْ(۱۱۰) آپ کے
جن سے جاری ہے ھدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿102﴾ ایک صدیقُ و ابو بکرِؓ عظیم
ثَانِيَ اِثْنَيْنِ(۱۱۱) بَا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿103﴾ دوسرے فاروق اعظم ہیں عمرؓ
لَوْ نَبِيَّ(۱۱۲) مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿104﴾ تیسرے عثمان بن عفانؓ ہیں
اَنْفِقُوْا شَانِ(۱۱۳) وفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿105﴾ اور چوتھے ہیں عَلی شیرِ خداؓ
لَحُمُکَ لَحْمِیْ(۱۱۴) عطا یا مُصطفٰی ﷺ

---

(۱۰۴) النساء۔ ۶۵۔ (۱۰۵) الشعراء۔ ۲۳۔ (۱۰۶) البقرہ۔ ۱۸۔ (۱۰۷) ال عمران۔ ۱۵۳۔ (۱۰۸) الفاتحہ۔ ۱۔ (۱۰۹) الناس۔ ۶۔
(۱۱۰) البقرہ۔ ۳۱۔ (۱۱۱) التوبہ۔ ۴۰۔ (۱۱۲) ترمذی شریف (۱۱۳) الحدید۔ ۷۔ (۱۱۴) حدیث شریف۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿106﴾ پانچویں حضرت حَسن ابن علی رضی اللہ عنہما
مُنْتَہائے (۱۱۵) راشدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿107﴾ آیَتِ تَطْہِیر (۱۱۶) آنے کا سبب
فاطمہ رضی اللہ عنہا و طاہرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿108﴾ صَابِرِیْنَ (۱۱۷) حق میں ہے شَبِّیْر کے
یہ نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿109﴾ سَابِقُوْنَ (۱۱۸) میں ہیں رَحمٰن و سَعِیْد
اور طلحہ با وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿110﴾ اَوَّلُوْنَ (۱۱۹) میں عُبَیْدَہ سَعْد بھی
اور زُبیر با صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿111﴾ نام ہیں بے شک یُرِیْدُ اللّٰہُ (۱۲۰) میں
یہ علی باقر ضیا رضی اللہ عنہما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿112﴾ اَھْلُ بَیْتِ (۱۲۱) جَعفر و کاظِم رِضا
اور تَقِیِّ اَتقِیَا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿113﴾ اور تَطْہِیْرًا (۱۲۲) نَقِی و عَسْکَرِی
آخِرًا مہدی ھُدٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿114﴾ عُرْوَۃُ الْوُثْقٰی (۱۲۳) ہے یہ قرآن میں
نُور والا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿115﴾ غوثِ اعظم عبدِ قادر مُحْیِ دیں
مُتَّقُوْنَ (۱۲۴) ترجمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

(۱۱۵) النجم۔ ۱۴۔ (۱۱۶) الاحزاب۔ ۳۳۔ (۱۱۷) البقرہ۔ ۱۵۳۔ (۱۱۸) التوبہ۔ ۱۰۰۔ (۱۱۹) التوبہ۔ ۱۰۰
(۱۲۰) الاحزاب۔ ۳۳۔ (۱۲۱) الاحزاب۔ ۳۳۔ (۱۲۲) الاحزاب۔ ۳۳۔ (۱۲۳) البقرہ۔ ۲۵۶۔ (۱۲۴) یونس۔ ۶۳۔

﴿116﴾ ہے اَلَا وَ اَوْلِیَاءَ اللّٰہُ (۱۲۵) میں
آپ کے غوثُ الوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿117﴾ جز خدا ہیں، عَالَمِیْنَ (۱۲۶) میں سبھی
آپ ہی کے زیر پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿118﴾ دشمنوں کی نسل ٹوٹی آپ کے
آئی جو تَبَّتْ یَدَا (۱۲۷) یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿119﴾ شاعرِ نعتِ رَسُوْلُ اللّٰہُ (۱۲۸) کو
رَبُّکَ الْاَکْرَمُ (۱۲۹) لِوَاء یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿120﴾ کاتبِ نعت نبی کو یَسْطُرُوْن (۱۳۰)
خود خدا نے (۱۳۱) یہ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿121﴾ سَبِّحُوْہُ (۱۳۲) میں ہیں شامل نعت خواں
یہ ہے پڑھنے کا صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿122﴾ اور ہے اَجْرًا عَظِیْما (۱۳۳) کی نوید
سامعینِ نعتیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿123﴾ کاتب و شاعر سمیع و قاریاں
ذَاکِرُوْنَ (۱۳۴) زمزمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿124﴾ نعت لکھوائی گئی سجّادؔ سے
وَالْقَلَمْ (۱۳۵) مدحت سَرَا یا مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿125﴾ یہ سوا سو شعر ہیں، ہر شعر میں
ہے اثر قُرْآنْ (۱۳۶) کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

(۱۲۵) یونس۔ ۶۲۔ (۱۲۶) الفاتحہ۔ ۱۔ (۱۲۷) اللہب۔ ۱۔ (۱۲۸) الفتح۔ ۴۹۔ (۱۲۹) العلق۔ ۳۔ (۱۳۰) القلم۔ ۱۔
(۱۳۱) الاحزاب۔ ۴۲۔ (۱۳۲) الاحزاب۔ ۴۲۔ (۱۳۳) النساء۔ ۹۹۔ (۱۳۴) الاحزاب۔ ۳۵۔ (۱۳۵) العلق۔ ۴۔ (۱۳۶) الرحمٰن۔ ۲۔

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad, India. Digitization eGangotri

سراجؔ

نام :- محمد سراج
قلمی نام :- سراجؔ یعقوبی
تخلص :- سراجؔ
ولدیت :- محمد عبدالصمد
پیدائش :- ۱۳۹۶ھ۔ نظام آباد
تعلیم :- انٹرمیڈیٹ ممتاز کالج
شرف تلمذ :- آفتاب سخن محترم جناب سردار سلیم صاحب
آدھی ملاقات کے لئے :-

H.NO-18-8-534/A/16 AKBAR NAGAR
HYDERABAD 500023 Telangana State, India.
Mobile No-0091-8328135541.

* * *

﴿1﴾ عشق جب تم سے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ سے ہے ابتدا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہی سے انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ رشک ہے جس پر مہ و خورشید کو
آپ کی ہے وہ ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ کے دستِ کرم کے فیض سے
ہو گیا سب کچھ عطا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ بادشاہوں سے بھی ہے اعلی ترین
آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hydari, Hyderabad Digitization eGangotri

«6» آپ کی مرضی ہے منشائے خدا   آپ ہیں حق کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«7» تخت شاہی سے بھی افضل بے گماں   آپ کا یہ بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«8» آپ کی چشم کرم نے کردیا   حوصلہ مجھ کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«9» اصفیا ہو اولیا ہو یا ملک   پڑھتے ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«10» میں مریضِ عشق ہوں پل بھر مجھے   دیکھ لو آکر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«11» ذکر تو ہم ہی یہاں کرتے نہیں   کرتے ہیں ارض وسما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«12» ہم کہیں یا مُصطفٰی تو کیا ہُوا   خود خدا نے بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«13» ہر زمانہ آپ کا شیدا رہا   ابتدا تا انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«14» مٹ گئی دونوں جہاں سے تیرگی   آپ جو لائے ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«15» الجھنوں میں پڑگئی ہے زندگی   حل ہُو اب ہر مسئلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«16» جب دعا میں آپ کو مانگے خلیل   سُن لیا ان کی خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«17» اک عجب سی تازگی مجھ کو ملی   آپ کی کرکے ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«18» لائیے تشریف خلوت میں مری   دل میرا ہے زاویہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«19» ہیں ازل سے آپ ہی محبوب حق   آپ ہی ہیں حق نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«20» رکھتا ہے ٹھوکر میں تخت وتاج بھی   آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«21» مضطرب ہے ہجر میں حالت مری   لو خبر آکر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«22» دوجہاں میں نقش پا سے آپ کے   نور پھیلا جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«23» پڑگیا حیرت میں کافر دیکھ کر   آپ کا اک معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«24» سرجھکاتے ہیں فرشتے بھی وہاں   ہے جہاں در آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«25» سنگ ریزو ں کی گواہی سے عدو   ہوگیا حیرت زدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿26﴾ آپ ہی سے ہے منوّر کس قدر   آج بھی غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ آپ کی رفعت بَھلا ہم کیا کہیں   آسماں جب خم ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ حق ہمیشہ کر رہا ہے آپ کا   تذکرہ صبح و مسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ کیجئے اُس کا مقدر اوج پر   نعت جو لکھتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ سبزگنبد سے برستی ہے سدا   رحمتِ حق کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ کیوں نہ ہوں گے آپ کے شیدا سبھی   جب خدا شیدا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ سروری ہے دوجہاں پر آپ کی   دبدبہ بھی آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ کیا بگاڑے گا عدو یہ آپ کا   جب محافظ ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ ساتھ حق کے آپ ہی کا نام ہے   عرشِ اعظم پر لکھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ ایک مَیں ہی تو نہیں شیدا یہاں   ہیں سبھی تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ بھر دیا کشکول اُس کا آپ نے   در پہ جو بھی آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ آپ کے گستاخ کا ہر اک عمل   رہ گیا ہے سب دھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ تازگی ملتی ہے ایماں کو مرے   آتی ہے جب بھی ندا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ کیجئے مشکل کشائی اب مری   ہے یہی میری دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ گھر مرے کب تک یہ تاریکی رہے   ہو مرے بھی گھر ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ کی خیرات لینے کیلئے   آگیا در پر گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ شہر طیبہ میں مری مرقد بنے   ہے یہ میرا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آمدِ سرکار کی محفل ہے یہ   ہے لبوں پر مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ ظلمتوں نے گھیر رکھا ہے مجھے   کیجئے روشن دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ بس بجھا دو پیاس اب دیدار کی   خواب میں آکر ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Quadri India

﴿6﴾ آپ کی مرضی ہے منشائے خدا   آپ ہیں حق کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ تخت شاہی سے بھی افضل ہے گماں   آپ کا یہ بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ آپ کی چشم کرم نے کردیا   حوصلہ مجھ کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ اصفیا ہو اولیا ہو یا ملک   پڑھتے ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ میں مریضِ عشق ہوں پل بھر مجھے   دیکھ لو آکر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ذکر تو ہم ہی یہاں کرتے نہیں   کرتے ہیں ارض وسما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ ہم کہیں یا مُصطفٰی تو کیا ہُوا   خود خدا نے بھی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ ہر زمانہ آپ کا شیدا رہا   ابتدا تا انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ مٹ گئی دونوں جہاں سے تیرگی   آپ جو لائے ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ الجھنوں میں پڑگئی ہے زندگی   حل ہُو اب ہر مسئلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ جب دعا میں آپ کو مانگے خلیل   سُن لیا ان کی خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ اک عجب سی تازگی مجھ کو ملی   آپ کی کرکے ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ لائیے تشریف خلوت میں مری   دل میرا ہے زاویہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ ہیں ازل سے آپ ہی محبوب حق   آپ ہی ہیں حق نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ رکھتا ہے ٹھوکر میں تخت وتاج بھی   آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ مضطرب ہے ہجر میں حالت مری   لو خبر آکر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ دوجہاں میں نقش پا سے آپ کے   نور پھیلا جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ پڑگیا حیرت میں کافر دیکھ کر   آپ کا اک معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ سرجھکاتے ہیں فرشتے بھی وہاں   ہے جہاں در آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ سنگ ریزوں کی گواہی سے عدو   ہوگیا حیرت زدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ آپ ہی سے ہے منوّر کس قدر　　آج بھی غارِ حرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ آپ کی رفعت بَھلا ہم کیا کہیں　　آسماں جب خم ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ حق ہمیشہ کر رہا ہے آپ کا　　تذکرہ صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ کیجئے اُس کا مقدر اوج پر　　نعت جو لکھتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ سبز گنبد سے برستی ہے سدا　　رحمتِ حق کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ کیوں نہ ہوں گے آپ کے شیدا سبھی　　جب خدا شیدا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ سروری ہے دوجہاں پر آپ کی　　دبدبہ بھی آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ کیا بگاڑے گا عدو یہ آپ کا　　جب محافظ ہے خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ ساتھ حق کے آپ ہی کا نام ہے　　عرشِ اعظم پر لکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ ایک مَیں ہی تو نہیں شیدا یہاں　　ہیں سبھی تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ بھر دیا کشکول اُس کا آپ نے　　در پہ جو بھی آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ آپ کے گستاخ کا ہر اک عمل　　رہ گیا ہے سب دھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ تازگی ملتی ہے ایماں کو مرے　　آتی ہے جب بھی ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ کیجئے مشکل کشائی اب مری　　ہے یہی میری دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ گھر مرے کب تک یہ تاریکی رہے　　ہو مرے بھی گھر ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ آپ کی خیرات لینے کیلئے　　آگیا در پر گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ شہر طیبہ میں مری مرقد بنے　　ہے یہ میرا مدعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ آمدِ سرکار کی محفل ہے یہ　　ہے لبوں پر مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ ظلمتوں نے گھیر رکھا ہے مجھے　　کیجئے روشن دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ بس بجھا دو پیاس اب دیدار کی　　خواب میں آکر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri, Hyderabad, India. Collection of Peer Sahab Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ بن گیا ہے وہ مقدر کا دَھنی   ذکر جس نے بھی کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ کیا بَھلا ہم فکر منزل کی کریں   آپ جب ہیں رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ اپنی کملی میں چُھپا لیجے مجھے   میں ہُوں بندہ پُرخطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ ہر مصیبت میں صدا دی آپ کو   یا نبی مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ ہوگیا آسان صدقے آپ کے   آج ہر اک مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ منزلِ مقصود ہو حاصل مجھے   دیجئے وہ راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ نور کی بارش برستی ہے وہاں   ہیں جہاں بھی اولیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ لاج رکھ لیجے خدارا حشر میں   یہ گدا ہے با وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ سُرخرو اس کو کِیا ہے آپ نے   وِرد جس نے بھی کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ کیجئے کچھ یوں حضور اب انتظام   دیکھ لوں در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ ٹل گئی ہے ہر مصیبت اب مری   نام جب مَیں نے لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ دامنِ رحمت میں رکھ لیجے مجھے   آپ ہی کا ہُوں گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ ہے یہی دولت ہمارے واسطے   ہے وسیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ کچھ نہیں اس کے سِوا مرا عمل   مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ یہ زمیں یہ آسماں سارا جہاں   آپ ہی سے ہے بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ آپ کی فرقت سے دل بیمار ہے   کیجئے اس کی دوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ آج پھر ہوگا مدینے سے گزر   کہتی ہے بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ زندگی ہی زندگی اس کو ملی   جو ہُوا تم میں فنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ چھاگئی ہیں رونقیں ہی رونقیں   لائے کچھ ایسی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ رہبری کیجے مرے آقا مری   بے نشاں ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabadi Collection Peer Sahab Qadri Digitization eGangotri

«66» ہیں وجودِ دو جہاں بس آپ سے   ورنہ ہوتے یہ فنا یا مُصطفٰی ﷺ
«67» ہے یقیں مجھ کو بلائیں گے اُنہیں   جوبھی دیتے ہیں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«68» بخش دو دولت مجھے دیدار کی   کر دو نظریں بے بہا یا مُصطفٰی ﷺ
«69» بالیقیں جنت اسے دے گا خدا   دل پہ جس نے لکھ لیا یا مُصطفٰی ﷺ
«70» جاری وساری رہے ہم پر سدا   رحمتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«71» بن گیا ہے وہ تونگر دہر میں   آپ نے جس کو دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«72» آپ نے لطف وکرم جب بھی کیا   پار بیڑا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«73» دیکھ کر بس آپ کو ایسا لگا   روبرو ہے آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
«74» سر اٹھا سکتی نہیں ظلمت کبھی   جب ہو تم شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«75» کیا ادا ہو وصف ہم سے آپ کا   جب ثنا خواں ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«76» گنبدِ خصریٰ کا منظر دیکھ کر   دل ہُوا روشن مرا یا مُصطفٰی ﷺ
«77» کاش ہوتے آپ کے ہم امتی   انبیاء نے کی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
«78» یہ اجالے مٹ نہیں سکتے کبھی   ہے درخشاں جب دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«79» کیا ضرورت ہے سہارے کی اسے   جب سہارا مل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«80» ہے یہی میری گزارش آپ سے   سرسے ٹل جائے بلا یا مُصطفٰی ﷺ
«81» آپ کی الفت میں رہتا ہے سدا   بے خودی کا مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«82» بے زباں توصیف سے قاصر مری   میں کروں کیسے ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
«83» دو جہاں میں آپ ہی سے ہے بلند   کلمۂ حق کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
«84» ہے یہی عرض تمنا آپ سے   سایہ ہو سر پہ سدا یا مُصطفٰی ﷺ
«85» کردیا تبدیل منشا دیکھ کر   حق نے قبلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ آپ کا روضہ ہی بس میرے لئے   کعبۂ دل ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ بس حمایت آپ کی ہوگی اسے   ذکر جو کرتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ جب بھی آیا نام لب پر آپ کا   بڑھ گیا ہے حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ آپ کے صدقے دعائیں میں نے کیں   بخش دیجے ہر خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ جب خیالِ مصطفی آیا کبھی   پڑھ لیا صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ ہے نہیں کوئی سوائے آپ کے   عاصیوں کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ آپ کی الفت کا ایسا ہے خمار   ہوگئی حالت جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ چاند اور سورج کی ساری روشنی   نقشِ پا کی ہے ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ گرملے مجھ کو سفارش آپ کی   بخش ہی دے گا خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ یامحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے مری ہر سانس میں   ڈھڑکنوں کی ہے صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ ظلمتوں کا پہرا تھا چاروں طرف   آپ نے بدلی فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ رہنمائی کی ضرورت ہے ہمیں   کھوگیا ہے راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ کیا جہنم میں جلے چہرے پہ جو   خاکِ طیبہ مَل لِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ درحقیقت ہے وہی حق کی رضا   آپ کی جو ہے رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ نعت کا ہے شغل روحانی غذا   کیوں رہے بھوکا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ آ کے میری خفتگی مَیں اور پِھر   کر دیا میرا بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ چھاگئی ہے اولیاء سے آپ کے   ہرطرف دیکھو ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ ہوگیا ہے بے شک اُسے دیدار حق   آپ سے جو بھی ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ ہو نہیں سکتا کبھی گمراہ وہ   آپ کا جو ہے گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ پاگیا وہ خاک طیبہ سے شفا   گھول کر جو پی گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

﴾106﴿ دیکھئے حالت مری اب عشق میں　　کس قدر ہوں مبتلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾107﴿ مل گئی اس کو اعانت آپ کی　　المدد جس نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾108﴿ شافعِ محشر ہمارے آپ ہیں　　ہے نہ کوئی دوسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾109﴿ آپ کی آمد سے ہیں سب وجد میں　　جھوم کر آئی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾110﴿ ہے لبوں پرنام جاری بس یہی　　یا نبی یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾111﴿ بھیجتے ہیں آپ پر جو بھی دُرود　　دیجئے ان کو صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾112﴿ دولتِ دارین بن کر مِل گیا　　شغلِ نعتِ مصطفی یا مُصطفٰی ﷺ
﴾113﴿ آپ کی میلاد کے فیضان سے　　بُجھ گیا آتش کدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾114﴿ بس اطاعت آپ کی کرتا ہے وہ　　آپ پر ہے جو فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾115﴿ آپ سے جو عشق کرتے ہیں بہت　　ہیں وہی تو اولیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴾116﴿ جو فنا فی الشیخ رہتا ہے اسے　　آپ نے دی ہے بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾117﴿ دیکھے وہ صورت ہمیشہ آپ کی　　گر بنے دل آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴾118﴿ ہر عمل مقبول اس کا ہوگیا　　برملا جس نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾119﴿ نورِ حق سے ہے زمین و آسماں　　آپ ہیں نورِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾120﴿ ڈھونڈتی ہے آپ کی رحمت اُسے　　جو نِچھاور ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾121﴿ پیرِ کامل نے بتایا ہے مجھے　　شغل حق بھی ہے سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾122﴿ رحمتوں سے آج پورا کیجئے　　مدعی کا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾123﴿ سامنے بس آپ کی صورت رہے　　جب کبھی آئے قضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾124﴿ ہے یقیں مجھ کو بلائیں گے اُنہیں　　جوبھی دیتے ہیں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴾125﴿ وقت آخر میں نے دیکھا ہے سراؔج　　گنگناتا ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahab Quadri Digitization eGangotri

سکندرؔ

نام :- سید سکندر حسین

قلمی نام :- سکندر شرفی

تخلص :- سکندرؔ

ولدیت :- سید فیاض حسین

پیدائش :- 1956-10-17ـ10/محرم الحرام 1376ھ جمعہ

تصانیف :- (1) حسنِ نعت 2005ء (2) جانِ دُرود 2014ء

آدھی ملاقات کے لئے:-

498-8-18 ـ عیدی بازار، کمہارواڑی ـ حیدرآباد ـ 500023، تلنگانہ اسٹیٹ ـ الہند

فون نمبر: 0091-9848553883

* * *

﴿1﴾ اھلًا وسھلًا صدا یا مُصطفٰی ﷺ
دیتا ہے عرشِ علی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ سارے نبیوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
ہیں امام الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہیں خیر الورىٰ یا مُصطفٰی ﷺ
بھائی ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ رازدارِ رَبّنا یا مُصطفٰی ﷺ
تم ساکوئی کب ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ عائشہؓ نے کہدیا یا مُصطفٰی ﷺ
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ ماں خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا یا مُصطفٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے کہدیا یا مُصطفٰی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ ربِ کعبہ کا پتا یا مُصطفٰی   آپ کے در سے مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ ہُوبہو نورالعلی یا مُصطفٰی   چھرۂ بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ آپ نے فرما دیا یا مُصطفٰی   رازِ وحدت کُھل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ آپ کو دیکھے سدا یا مُصطفٰی   چاند تارے بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ خود خدا نے کہدیا یا مُصطفٰی   آپ ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی   آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ کلمہ بھی کہنے لگا یا مُصطفٰی   کب خدا سے ہیں جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ یاد آتی ہے سدا یا مُصطفٰی   طیبہ کی آب و ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ آپ سے ہے سلسلہ یا مُصطفٰی   مَیں گدا ہوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ یہ شرف مجھ کو ملا یا مُصطفٰی   امتی ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ آپ نے جب دی صدا یا مُصطفٰی   اک سکندر آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ ظالموں نے کی خطا یا مُصطفٰی   آپ نے کب دی سزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ روز اول نے کہا یا مُصطفٰی   ہے سکندر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ آپ ہی سے ابتدا یا مُصطفٰی   آپ ہی ہیں انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ دی جو مشکل میں صدا یا مُصطفٰی   بھرگیا دامن مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ روزِ اول سے خدا کے ساتھ ساتھ   آپ بھی ہیں جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ چاند دن میں نکلے سورج رات میں   ہو اشارہ گر ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ کہہ رہی ہے اک پھوون شان سے   آپ نے اپنا لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«26» کہہ رہی ہے میرے گھر کی برکتیں   پڑھتا ہوں میں واقعہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» چھوڑ کر میں اپنا گھر بھی آگیا   جب اشارہ ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» آپ پر قربان ہونے آگیا   ثَور میں بھی اژدھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» لے کے جوتا جب پرندہ اڑ گیا   اس میں بچھو بیٹھا تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» سنگِ اسود کو بیٹھانے کے لئے   آپ کا تھا فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» حج سے پہلے آنے والے کو سدا   آپ نے لپٹا لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» آپ کے دربار میں آہی گیا   ہر کوئی چھوٹا بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» دیکھ کر ہلکا تبسم آپ کا   شاخ پر گُل کِھل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» اک یمن والے کی خاطر دیکھئے   ہوگیا پھر معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» کرتے ہیں تورات و انجیل و زبور   آپ کا چرچہ سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» عرش بھی قدموں تلے مسرور ہے   آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» روح بھی کرتی ہے روضے کا طواف   اک تصور نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» دیکھ کر ماں آمنہ رضی اللہ عنہا نے بھی کہا   مرحبا یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» کعبۃ اللّٰہ دیکھتے ہی آپ کو   آپ کے آگے جھکا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» اپنے سر پر آپ کے نعلینِ پاک   میں اٹھا کر لاؤں گا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» لمس کے فیضان سے سوکھا شجر   دیتا ہے سایہ گھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» مرے سجدے ڈھونڈتے ہیں طیبہ میں   آپ کا وہ نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» سب ملائک عرش پر کہنے لگے   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» امتی عاصی کی خاطر رات بھر   آپ ہیں محوِ دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» آپ کے آنے سے پہلے فرش پر   آپ کا گھر بن گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«46» ہاتھ خالی در پہ جب آیا کوئی   اس کا دامن بھر گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«47» اپنی جنت پر وہ جس کو ناز تھا   ہوگیا وہ بھی فَنا یا مُصطفٰی ﷺ
«48» دیجئے پھر سے زیارت کا شَرَف   چھوٹی سی ہے التجا یا مُصطفٰی ﷺ
«49» اونٹ کی فریاد سُن کر آپ نے   کردیا اس کو رہا یا مُصطفٰی ﷺ
«50» اپنی کملی میں چُھپا لیجے مجھے   روزِ محشر باخدا یا مُصطفٰی ﷺ
«51» آپ کے قدموں تلے آنے کے بعد   شہرطیبہ بس گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«52» حدِّ سدرہ سے بھی آگے عرش تک   آپ کا ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
«53» آپ کے قدموں تلے پتھر بھی وہ   موم جیسا ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«54» بیٹھتے تھے سب صحابہ ساتھ میں   تھا وہ صُفّہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«55» دیکھنے والوں نے دیکھا عرش پر   آپ کا چھرہ نیا یا مُصطفٰی ﷺ
«56» دیکھ کر ہلکا اشارہ آپ کا   ابر واپس ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«57» آپ کے ہلکے اشارے پر وہاں   پیڑ چل کر آگیا یا مُصطفٰی ﷺ
«58» ساری دنیا میں اجالا کرگیا   اک تبسم آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«59» کرتے رہتے ہیں زمین و آسماں   آپ کی مدح و ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
«60» آپ نے امت سے یہ فرمادیا   توبہ کا ہے در کھلا یا مُصطفٰی ﷺ
«61» آپ جس رستے سے گزریں وہ بھی تو   دیتا منزل کا پتا یا مُصطفٰی ﷺ
«62» زہراؓ بھی سر پر عمامہ اوڑھ کر   دیکھتی ہیں معجزہ یا مُصطفٰی ﷺ
«63» آپ کے دستر پہ قرباں ہوگئے   من و سلوی مائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
«64» آتے ہیں دربار میں روح الامیں   لے کے پیغام خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«65» پوچھنا ہے ایک دن تاریخ سے   کب ہوئے آقا خفا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahab Hyderabad India

﴿66﴾ حضرت حسانؓ کو لے کر آئی ہے
دینِ احمد کی وفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿67﴾ آپ کے قدموں کو چھو کر دیکھئے
ذرہ ذرہ کِھل اٹھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿68﴾ نعت لکھوں حمد کے اسلوب میں
ہے یہ خواہش باخدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿69﴾ آپ کے در سے میرے دل تک حضور
کچھ نہیں ہے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿70﴾ آپ کے قدموں کو چوما شان سے
بخت سے غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿71﴾ دی صدا سائل نے در پر جب حضور
اس کو دی اپنی غذا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿72﴾ آپ کے روضے کی چوکھٹ چوم کر
مِل گیا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿73﴾ آپ کے آنے سے پہلے دہر میں
ظالموں کا راج تھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿74﴾ آپ کا وہ دیکھنا فاروقؓ کو
کرگیا روشن دِیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿75﴾ جس کو بھی جتنا مِلا جو بھی مِلا
آپ کے در سے مِلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿76﴾ جب کسی شے کو چُھوا ہے آپ نے
اُس نے بھی پائی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿77﴾ آپ کی بے سائیگی کو دیکھ کر
دل یہ بولا مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿78﴾ آپ کے ہمراہ آکر اک یتیم
ناز کرتا ہی رہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿79﴾ آپ مکہ چھوڑ کر طیبہ چلے
رب کی تھی اس میں رضا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿80﴾ ایک ہلکا سا اشارہ جب ہُوا
چھاگئی کالی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿81﴾ اسم اعظم گھول کر پیتا ہُوں مَیں
ہر مَرَض کی ہے دوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿82﴾ سب اثاثہ حضرت صدیقؓ کا
اک اشارے پر لُٹا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿83﴾ اک یمن والا جو دیکھا معجزہ
دیکھتا ہی رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿84﴾ دھوپ میں بھی ساتھ چلتا ابر وہ
آپ پر سایہ بَنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿85﴾ اپنے دنداں توڑ کر سارے اویسؓ
ہوگئے تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

«86» آپ کے دامن کو چھو کر چل پڑی   ٹھنڈی ٹھنڈی سی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«87» سورۂ یٰسٓ پڑھ کر دم کِیا   مِل گئی فوراً شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«88» ہو گیا چولھے پہ بھی ٹھنڈا تَوا   آپ نے جب چُھو لیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«89» حوضِ کوثر پر خدارا اک نظر   میری جانب ڈالنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«90» اک تجلی نے بھی دیکھا طور پر   آپ کی تھی وہ ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«91» روزمحشر عاصیوں کے واسطے   کون ہے تمرے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«92» خواب میں بھی آپ کو مَیں دیکھ کر   قدموں سے لپٹا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«93» میں نے جب ڈھونڈا ٹھکانہ آپ کا   مرے دل میں مِل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«94» بخت سے ہم کو بھی آجائے نظر   رب کا جلوہ جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«95» عرش پر بُلوا کے ربِّ پاک نے   آپ سے وعدہ کِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«96» کہدیں آقا کمتر و لاچار سے   تیرا ہوجائے بَھلا، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«97» شاہِ والا مرشدما پِیر نے   مجھ کو شاعر کہدیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«98» آپ کے پیچھے کھڑے ہیں صف بہ صف   مقتدی سب انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«99» لب سے لب دونوں بھی ملتے ہی رہے   لب پہ جب نام آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«100» مالکِ کُل کا بھی بستر دیکھئے   ایک سادہ بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«101» کہتے ہیں وہ تین سَو تیرہ حضور   ساتھ ہیں سب باوفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«102» شبر و شبیر رضی اللہ عنہما سے آکر ملا   غوث رضی اللہ عنہ کا بھی سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«103» آپ کا نقشِ قدم فردوس تک   بن گیا ہے رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«104» ایک دن تجھ کو بلائیں گے حضور   مری ماں نے کہدیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«105» ڈال دیجے میرے کاسے میں حضور   ایک ٹُکڑا چھوٹا سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«106» آپ کے جوتوں میں رہنا ہے مجھے   بن کے خادم آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«107» میرا کاسہ بھرتے رہتے ہیں سدا   مِری قسمت سے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
«108» آپ کا دیدار کرتا ہی رہوں   ہے یہ خواہش بارہا یا مُصطفٰی ﷺ
«109» میٹھے پانی کا کنواں عثمان ؓ نے   نذرِ امت کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
«110» عرشِ اعظم منتظر ہے آپ کا   رب نے یہ فرما دیا یا مُصطفٰی ﷺ
«111» ہم تمہارے ساتھ ہیں ہر ایک پل   عرش سے آئی ندا یا مُصطفٰی ﷺ
«112» حضرتِ صدیق ؓ نے بھی کہدیا   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«113» آپ کے تلوؤں پہ بھی جبریل ؑ نے   اپنا دیدہ مَس کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«114» بولتا قرآن بن کر آگئے   کہتی ہیں ماں عائشہ ؓ یا مُصطفٰی ﷺ
«115» جَو کی روٹی کچھ کھجوریں کچھ نمک   ناشتہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«116» آپ جانیں یا تو پھر جانے خدا   عرش پر کیا کیا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«117» ابنِ حیدر جوں ہی لِپٹے پُشت سے   سجدے پر سجدہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
«118» حضرتِ جابر ؓ کے مُردہ بچوں کو   آپ نے زندہ کیا یا مُصطفٰی ﷺ
«119» سب صحابہ جسم پر ملتے رہے   شوق سے خاکِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ
«120» دُور سے مینار جب آئے نظر   دل مچلتا رہ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
«121» آپ کی ہے نسل میں حق کی قسم   بچہ بچہ نور کا یا مُصطفٰی ﷺ
«122» آپ بھی محسوس کرتے ہی رہے   ہند کی ٹھنڈی ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«123» کہدیں آقا اے سکندر قادری   تو ازل سے ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
«124» دل سکندر کا تڑپ کر کہہ اٹھا   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
«125» نعت گو شاعر سکندر قادری   بیٹا ہے فیاض کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Feroz Sahib Hyderabad, Collection of Mohammed Quadri, Digitization eGangotri

سے

سلطان

نام :- محمد سلطان الدین

قلمی نام :- صوفی سلطان چشتی

تخلص :- سلطانؔ

ولدیت :- حضرت محمد عبد الرحیم

پیدائش :- 1945ء جڑچرلہ۔ ناگر کرنول روڈ۔ تلنگانہ اسٹیٹ

شرف تلمذ :- جناب قیصر کلیم صاحب، محترم جناب خواجہ شوقؔ صاحب۔ محترم جناب ظہیرؔ ناصری صاحب

آغاز شاعری :- 1980ء

آدھی ملاقات کے لئے:-

24-90-FAZAL BANDA - BADEPALLY
JADCHELRA - 509301 - TELANGANA STATE, INDIA.
Mobile No-0091-9848744127 / 8142477349

* * *

﴿1﴾ آپ نے مجھ کو بُلایا مُصطفٰی ﷺ
در پہ میں حاضر ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ خود خدا مدحت سَرا یا مُصطفٰی ﷺ
کعبہ عاشق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ کی چشمِ عنایت کیا پڑی
بھر گیا کاسہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ ہم کہاں جائیں مدینے کے سِوا
در کہاں ہے دُوسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ سا کوئی نہیں کوئی نہیں
آپ شہکارِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizz Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ چن لیا ہے حق نے آقا آپ کو   مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿7﴾ دل یہ چاہے، با ادب بیٹھا رہوں   سبز گنبد گھورتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ آپ نے آباد اس کو کردیا   راہ میں جو لُٹ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ ہے بڑا مجھ پر یہ احسان وکرم   آپ نے در پر بُلایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ روز محشر سر پہ آقا میرے ہو   آپ کی کملی کا سایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ہو عطا صدقہ مجھے بھر کرم   لاڈلے حَسنین رضی اللہ عنہما کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ یہ زمیں دیوان خانہ آپ کا   عرش ہے گھر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آپ آئیں میرے گھر تو کیا کہوں   نام خود ردِّ بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ کیا گزارش میں کروں گا آپ سے   آپ کو سب ہے پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ برمَلا رکھ دوں مَیں اپنی یہ جبیں   آپ کا ہو نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ کس قدر اعلی مِلا ہے یہ شرف   ہو امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ آپ کا عرفاں ہے مشکل بالیقین   فہم سے ہے ماوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ آپ کے رتبے کو اے شاہِ امم   صرف رب ہی جانتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ آپ کے اسرار ہے گنج گراں   آج تک بھی کھل نہ پایا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ میکدے سے آپ کا ساغر پیا   مجھ کو خواجہ سے مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ چشتیہ مجھ کو غلامی مل گئی   ہے کرم یہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ میرا مجھ میں کچھ نہیں سب آپ کا   مَیں ہُوں کیا میرا ہے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ جب شرابِ چشتیہ کو مَیں نے پی   چھٹ گیا سب مَیں پنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ دل بنا ہے اب حقیقت آشنا   عبدیت کا در کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ عبد و رب کا راز سَر بستہ تمام   مجھ پہ ظاہر ہو گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Qadri, Digitization eGangotri

﴿26﴾ یہ عطا مجھ پر ہوئی ہے چشتیہ　　بخت میرا جاگ اُٹھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ عقل کے سارے دریچے کُھل گئے　　ورنہ تھا پردا پڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ چشتیہ نسبت کا یہ فیضان ہے　　آپ کی ہے یہ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ اب عبادت ہو رہی پہچان کر　　اب ہے سجدوں میں مزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ میرا مَیں پَن چھن گیا مجھ سے حضور　　اب کُھلا ہے مَیں ہُوں کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ کارفرمائی خدا کی مجھ میں ہے　　مَیں فقط پتلا نِرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ مَن عَرَف کا راز اب افشاء ہُوا　　کُھل گیا سب کُھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ مَیں ہُوں آقا آپ کا ادنیٰ غلام　　آپ کا رب العلیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ اللہ اللہ کتنا روشن ہوگیا　　راستہ توحید کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ جس طرف بھی دیکھتا ہوں آج بھی　　آپ ہیں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ میرے دل سے خلد تک روشن ہوئے　　آپ ہی کے نقش پا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ کلمۂ طیّب میں ظاہر ہوگیا　　صاف جنت کا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ میرے اٹھتے بیٹھتے ہر سوچ میں　　رنگ ہے توحید کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ چشتیہ نسبت ہے مجھ پر مہربان　　آپ سے تحفہ مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ کان میں وحدت کے نغمے گونجتے　　کوئی ہے رس گھولتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ بس یہی حالت ہو میری یا نبی　　خود میں گم ہوؤں سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ ذرے ذرے میں وہی ہے جلوہ گر　　راز یہ مجھ پر کُھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ آپ ہی انفس میں اور آفاق میں　　اب کدھر دیکھوں بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ کیا نوازا آپ نے ناچیز کو　　اک تماشہ بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ نحنُ اَقرَبُ کُھل گیا ناچیز پر　　مَیں ہُوں اس کا وہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moh Sahib Qadari Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ عرشِ اعظم پر اسے سمجھا تھا میں   مجھ میں ہی ہے وہ چُھپا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿47﴾ سب عطائیں آپ کی ہیں سَر بسر   ورنہ میں کب جانتا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿48﴾ آپ ہی کی بھیک ہے مجھ کو مِلی   میں تو اک ادنی گدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿49﴾ آپ ہی کے پیرہن کا ہے طفیل   باغ ہے مہکا ہُوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿50﴾ زلف ہے بے شک جھلک والیل کی   اورچہرہ والضحیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿51﴾ ہیں بَھوئیں محراب منبر آپ کی   قد صنوبر آپ کا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿52﴾ انگلیاں چشمہ بہائیں آپ کی   ہر کہا حکم خدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿53﴾ چال پر قرباں فرشتے مرحبا   لب ہیں یاقوتی ادا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿54﴾ جسمِ اطہر کا کوئی سایہ نہیں   ہوگیا پٹکا جدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿55﴾ آپ کے تلوؤں کا نقشہ عرش پر   ہر نظر حق آشنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿56﴾ آپ کے اسرار کا عالَم عجب   ہے ورا سے بھی ورا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿57﴾ آپ کا شہرِ مدینہ مرحبا   اَمُن کا مرکز بنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿58﴾ ہے مدینہ روح کے حق میں غذا   خاک میں بھی ہے شفا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿59﴾ کیوں ہمیں اب خوف محشر کا رہے   آپ شافع مرحبا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿60﴾ انبیا کے لب پہ بھی جاری رہے   مصطفی یا مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿61﴾ روز محشر لاج بس رکھنا شہا   آپ ہی اک آسرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿62﴾ پُل صراطی راہ بھی آسان ہو   ہم کو کوثر کی عطا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿63﴾ میرے گھر تشریف لانا ایک دن   میں رہوں پلکیں بِچھا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿64﴾ آپ کی ترسٹھ برس کی دین ہے   دین کا ڈنکا بجا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿65﴾ آپ کی شان کریمی میں مگن   نغمہ زن غارِ حرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moid Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ کے روئے منور کو سدا   چاند بھی تکتا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿67﴾ آپ جب تشریف لائے دہر میں   سجدے میں ہر بت گِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿68﴾ آپ کے ادنی اشارے پر بجا   پھر سے سورج آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿69﴾ آپ کی دہلیز پر ہے با ادب   بادشہ ٹھرا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿70﴾ وارے نیارے بخت کے ہوجائیں گے   اک اشارہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿71﴾ بایزید رحمۃ اللہ علیہ ورومی رحمۃ اللہ علیہ وغوث الوری رضی اللہ عنہ   ہر نگینہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿72﴾ عاصیوں کے واسطے آٹھوں پہر   آپ کا ہے درکُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿73﴾ خلد بھی ہے آپ پر پَڑھتی دُرود   آسماں بھی ہے فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿74﴾ حجرہ بی بی کا ہُوا روشن وہیں   آپ نے جب مسکرایا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿75﴾ نارِ دوزخ اس پہ ہے بے شک حرام   آپ نے جس کوچُھوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿76﴾ وقتِ آخرجب ہو میرا، یا نبی   آپ ہوں جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿77﴾ کیسے بھٹکیں گے بَھلا ہم دہرمیں   آپ ہو جب رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿78﴾ آپ کا جلوہ سراپا کیا کہوں   سر بسر شانِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿79﴾ آپ کے گیسو مہکتے ہیں حضور   پھول کی خوشبوہے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿80﴾ موجِ دریا کی زباں پر ہے دُرود   ندِّیاں مدحت سَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿81﴾ آپ کے فیضان کی یہ دین ہے   شمس تبریزی ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿82﴾ آپ آئے تو غلامی مٹ گئی   ایک ہیں شاہ وگدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿83﴾ فاطمہ بی بی رضی اللہ عنہا کی پاکیزہ ردا   سَربسر باب صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿84﴾ مرحبا حَسنین سبطین رضی اللہ عنہما آپ کے   بے گماں دلبر سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿85﴾ لاڈلے شبیر رضی اللہ عنہ دلبر آپ کے   اور دُلھا خلد کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India
Collection Digitization eGangotri

﴿86﴾ دل میں کلمہ موجزن میرے سدا
خلد کا در کھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿87﴾ مجھ کو ایماں آپ کے در سے ملا
جاگ اٹھا بختِ رسا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿88﴾ آپ کی جن پر عنایت ہوگئی
اولیاء ہیں با صفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿89﴾ آپ جب ہوں روبرو ناچیز کے
جان ہو تن سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿90﴾ یا نبی بھرِ کرم آسان تر
قبر کا ہو مرحلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿91﴾ آرزو ہے وقتِ آخر مَیں رہوں
آپ کے در پر پڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿92﴾ کیسے اِس کا حق کروں گا میں ادا
یہ تماشہ عشق کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿93﴾ دُور مَیں بھی تو ہُوں تم سے حضور
ہو اویسی اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿94﴾ لا الہ کا پاک نغمہ رات دن
میرا دل سنتا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿95﴾ آپ کے انگشت سے چشمے بہے
پانی لشکر نے پیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿96﴾ در پہ آنے کے لئے صبح ومسا
پھر سے تڑپے دل مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿97﴾ کب تلک ہو دل میں ارماں دید کا
کروٹیں لیتا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿98﴾ واسطہ جب آپ کا میں نے دیا
کام میرا بن گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿99﴾ ایک احساں اس قدر کرنا حضور
ہو عطا خاکِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿100﴾ آپ جب تشریف لائے دہر میں
نور کی چھائی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿101﴾ چھو کے آئی ہے ہرے گنبد کو آج
مست ہے بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿102﴾ آپ جب معراج کو آقا چلے
وقت تھا ٹھرا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿103﴾ آپ پل بھر میں چلے عرشِ بریں
تھا وہ عالَم نور کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿104﴾ آپ کے رخسار کو ارمان سے
چاند ہے تکتا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿105﴾ بخت چمکے سات پشتوں تک مرا
میرے گھر آنا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«106» آپ کی ہے شک ہے یہ بھی اک عطا   نعت گوئی کا مزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«107» آپ کی اک اک ادا پر جان سے
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«108» بزم میں جب بھی پڑھی ہے نعت پاک   آپ نے اس کو سُنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«109» نعت گوئی کا ہنر مجھ میں کہاں   آپ ہی کی ہے عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«110» اس قدر مجھ پر کرم ہو شاہِ دیں   آپ کی پاؤں دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«111» جب کبھی میں نے تلاوت کی ہے تو   آپ ہوں جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«112» آپ کے اوصاف کو وِسْتَار سے   ہر سپارہ بولتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«113» در حقیقت ہے کلام اللہ کیا   سب ہے سیرت سے بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«114» باوضو ہو کر جو بیٹھا لکھنے نعت   خود قلم بھی چل پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«115» در حقیقت کلام اللہ کیا   سب ہے سیرت سے بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«116» دوستو یہ بھی عبادت ہی تو ہے   نعت کا یہ مشغلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«117» سب عطا ہے نعت گوئی آپ کی   مَیں نرا جاہل ہُوا ، یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«118» جب کبھی میں نے سنائی نعت پاک   خود فرشتوں نے سنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«119» آرزو ہے میں مواجہ کے قریب   نغمہ چھیڑوں نعت کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«120» نعت گوئی مشغلہ ہے پاک تر   نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«121» آپ میں ڈوبا جو پل بھر کے لئے   اک نیا مضموں کُھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«122» آپ نے تکمیل کردی نعت کی   میں نے کی تھی ابتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«123» جب کبھی لکھی نئی نعتِ شریف   آپ کا عرفاں ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«124» ایک سَو پچیس شعروں کی یہ نعت   طیبہ لے جائے صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«125» اللہ اللہ ہے مکمل نعت یہ   بخت ہے سلطان کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri, Hyderabad, India
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

سلیمؔ

نام :- سردار سلیم

تخلص :- سلیمؔ

خطاب :- آفتاب سُخن

ولدیت :- محترم غلام غوث عرف محمد سردار

پیدائش :- 20-09-1973 - حیدرآباد

شاعری کا آغاز :- 1986

آدھی ملاقات کیلئے:-

Sardar Medical Stores, Near Maula ka Chilla, Riyasat Nagar,
Sayeedabad Post office, Hyderabad - 500059. T.S., INDIA
0091-9849394207 - فون نمبر

* * *

﴿1﴾ میں ہُوں طفلِ گمشدہ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں میرا پتہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ میں فنا فی المرتضٰی یا مُصطفٰی ﷺ
آپ سے میری بقا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ کے گھر کا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
آندھیوں میں بھی جَلا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ جس میں ہے عکس خدا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں وہ آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ کے ہے زیر پا یا مُصطفٰی ﷺ
منتہیٰ کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ ہیں سب سے بڑے بعد از خدا　　ہے خدا سب سے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ جزوِ دوم کلمۂ توحید کا　　آپ ہیں یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ لکھ لے مہندی سے عروسِ شاعری　　ہاتھ پر اپنے ذرا "یا مُصطفٰی" ﷺ
﴿9﴾ پہلی کِلکاری جو گونجی آپ کی　　بُجھ گیا آتش کدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر کو روشن کر گیا　　مسکرانا آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ چاند کی دوں آپ کو کیسے مثال　　مول کیا ہے چاند کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ روگ ہو کوئی، مَرَض کوئی بھی ہو　　اسم ہے وجہِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ درد اب دستک نہیں دیتا یہاں　　جب سے دل پر لکھ لیا "یا مُصطفٰی" ﷺ
﴿14﴾ اب کوئی اپنا نہیں تو غم نہیں　　آپ نے اپنا کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ شکر ہے بے جان سجدوں کو مرے　　آپ کا در مِل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ ہو کرم کی اک نظر بہرِ وصال　　بڑھ رہی ہے اشتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ زندگی بھر آپ کا ہوکر رہوں　　ہے یہ میرا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ میں فَنا فی المُصطفٰی ہوجاؤں گر　　اِس فَنا میں ہے بقا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ آپ کے در سے جبینِ عشق کا　　کم سے کم ہے فاصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ کا دامن پکڑ لے ہر بشر　　ہے اسی میں فائدہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ سائباں کوئی نہیں کونین میں　　کالی کملی سے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کے نقش قدم سے منسلک　　راستی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کے پیچھے چلے گا تا ابد　　سُنّیوں کا قافلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ اہل صُفّہ کا، ہیں اک حصّہ اٹوٹ　　صوفیائے باصفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ مشکلوں میں لب پہ بس دو نام ہیں　　یا علی رضی اللہ عنہ مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection of Sahib Qudsi Digitization eGangotri

﴿26﴾ دیکھ کر روشن چراغِ پنجتن   سر پٹکتی ہے ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ لڑ رہے ہیں آج تک بھی اہلبیت   کربلا کا معرکہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ یہ حجازی لے کے زیرو بم ہے کیا   نجدیوں کو کیا پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ بوڑھی کچرے والی نے ہوکر خَجِل   کہہ دیا بے ساختہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ اس طرف بھی چند چھینٹے فیض کے   ابرِ بارانِ سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ ہاتھ سینے پر مرے رکھ دیجئے   دل ہے زخموں سے بَھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ گنبد خضریٰ کی یاد آئے مجھے   رنگ جب دیکھوں ہَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ درحقیقت سجدہ گاہِ عاشقاں   سنگِ در ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ آپ ہیں جلوہ فگن چاروں طرف   روشنی ہے جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ زیبِ مسند آپ ہیں یاروں کے سنگ   نور کا ہے دائرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ دیکھتی ہیں نور کی پوشاک میں   آپ کو ماں عائشہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ سَرسَراتی ہے ابھی تک عرش پر   آپ کی آواز پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ رمزِ الا اللّٰہ کا عقدہ کشا   لا الٰہَ کا ہے " لا " یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ آپ کی ہے شان و شوکت بے مثال   آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ آپ سب سے منفرد سب سے الگ   آپ ہیں سب سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ نکہت افزاء ہے پسینہ آپ کا   مشک و عنبر نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ آپ کی خوشبو کے آگے ہیچ ہیں   یہ گلاب و موگرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ آپ کی انگلی سے بہتا آبشار   ہے سمندر سے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ آپ کے لنگر کے ٹکڑوں پر نثار   منّ و سلویٰ مائدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ جَو کی روٹی، خُرمہ و زیتوں، نمک   کتنا سادہ ناشتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohsin Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«46» آپ سے ہے ہم فقیروں کا بھرم　　تاجدارِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«47» کہکشاں سے بھی زیادہ ضو فشاں　　آپ کی ہے گردِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«48» اس کی ہے خوش قسمتی کرتا ہے جو　　آپ کی مدح و ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«49» وقف ہے اب نعت گوئی کے لئے　　میرا ہر اک رتجگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«50» پھر سے اِذنِ حاضری کے واسطے　　منتظر ہے یہ گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«51» راہِ طیبہ کے سفر کا پھول ہے　　پاؤں کا ہر آبلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«52» ہے شہنشاہوں کی بخشش سے بڑی　　آپ کے در کی عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«53» کیا کہوں کشکول ہے چھوٹا مرا　　آپ کا صدقہ بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«54» آلِ اطہر کا اُتارا مِل گیا　　اور کیا مانگوں بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«55» آپ کے در کی گدائی مِل گئی　　بڑھ گیا ہے مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«56» شہر طیبہ رشک کے قابل ہے تُو　　باغِ جنّت نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«57» ذکر ہے اونچے سے اونچا آپ کا　　ہے یہ قولِ کبریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«58» جو اسیرِ گیسوئے وَاللّیل ہے　　ہونا کیوں چاہے' رِہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«59» جس میں دیکھیں لوگ اپنے آپ کو　　آپ ہیں وہ آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«60» مجھ کو طوفانوں کا کوئی ڈر نہیں　　مَیں نے کشتی پر لِکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«61» ہے تصوّر آپ کا میرے لئے　　دھوپ میں سایہ گھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«62» جب ٹٹولا میں نے اپنے آپ کو　　روح سے نِکلی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«63» اب بھی ہے مجھ پر اَلَستُ کا نشہ　　لب پہ ہے قالو بلیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«64» آپ کی خیرات سے روشن ہُوا　　میرے گھر کا ہر دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«65» ہر دعا ہو آپ کے صدقے قبول　　ہے یہی میری دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿66﴾ آپ کے جیسا سخی کوئی نہیں　　ہر سخی نے یہ کہا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ بادشاہوں سے بھی بڑھ کر ذی وقار　　آپ کے در کا گدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ آپ کے خُدّام بھی ہیں ذی حَشَم　　ذی شرف، ذی مرتبہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ نازشِ تختِ سلیماں بالیقیں　　آپ کا ہے بوریا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ آپ کی دہلیز سے ہم کو مِلا　　عرش اعظم کا پتہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ ہیں وجہ وجودِ کائنات　　مرحبا صلِّ علیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ گر نہ ہوتے آپ تو ہوتا نہ کچھ　　آپ ہیں سب کی بقا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ سب سہاروں کا سہارا آپ ہیں　　آسروں کا آسرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ نام لے کر آپ کا کرتا ہوں میں　　مشکلوں کا سامنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ ایک ہی رٹ ہے مرے ہونٹوں پہ اب　　مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ نام لیتے ہی زباں پر گُھل گیا　　میٹھا میٹھا ذائقہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ آپ ہی کے عکس کی تنویر ہے　　آئینہ در آئینہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ کو پاکر قسم اللہ کی　　مَیں نے سب کچھ پالیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ مَنْ عَرَف کا راز اُس پر کُھل گیا　　جو ہُوا ہے آپ کا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ جب نہ کچھ سُوجھے تو پڑھتا ہُوں دُرود　　کیا کروں اِس کے سِوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ آپ کے دامن کی نسبت ہی میں ہے　　جینے مرنے کا مزا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ صدقِ دل سے آپ کا ہونے کے بعد　　ہوگیا میں کیا سے کیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ کا ہے نام ہر مشکل کا حل　　ذکر ہے ردِ بلا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ آپ کے حَسنین ، حیدر ،فاطمہ رضی اللہ عنہم　　آپ کے غوث الوریٰ رضی اللہ عنہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ ہیں خدیجہ رضی اللہ عنہا ماں کے جلوؤں پر نثار　　حوّا ، مریم، ہاجرہ علیہم السلام یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ حضرتِ بوبکر کا فاروق رضی اللہ عنہما کا   آج بھی ہے دبدبہ   یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ حضرتِ عثمان رضی اللہ عنہ کے جیسا سخی   ہے نہ کوئی دُوسُرا   یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ ہر قدم پر سایہ بن کر ساتھ ساتھ   ہیں علی رضی اللہ عنہ شیرِ خدا   یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ غوث اعظمؒ خواجہ اجمیر رضی اللہ عنہما بھی   ہیں تسلسل آپ کا   یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ ختم ہوجاتا ہے آکر آپ تک   میرے دل کا راستہ   یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ آپ ہیں بس آپ ہیں بس آپ ہیں   ابتدا تا انتہا   یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ حشر میں ہم کو ملے گی بے گماں   آپ کے دامن کی چَھا یا   مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ اللہ اللہ نعت گو شاعر کا رُخ   نعت لکھ کر جگمگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ مجھ کو مدّاحِ نبی کہتے ہیں لوگ   مَیں نے یہ اعزاز پایا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ آپ ہی کے در کے ٹکڑوں پر پلا   آپ ہی کا مَیں نے کھایا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ کا کھایا تو پھر جی جان سے   آپ کی گاتا رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ سارے شاہانِ جہاں حیران ہیں   نام لیتی ہے رعایا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کی نسبت مرے پلّے میں ہے   بس یہی میں نے کمایا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ مَیں اُسی پر کرتا رہتا ہُوں عمل   اولیاء نے جو سکھایا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ جب اندھیرے میں پڑھا مَیں نے دُرود   اک اجالا گھر میں آیا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ نعت میں رکھا ہے مَیں نے با ادب   لفظ جو بھی مجھ کو بھایا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ ہم تھے عاصی، ہاں مگر پھر ایک دن   ابر رحمت ہم پہ چھایا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ ہم غلاموں پر نظر فرمائیے   دل سے دیتے ہیں صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ آپ پر قربان ہے سَو جان سے   میری ہستی میری کایا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ اتنے چھوٹے منہ سے مَیں کیسے کہوں
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿106﴾ آپ ہی اپنے ہیں میرے اور بس   سارا عالم ہے پرایا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ ہی کا واسطہ دے کر سدا   میں نے مولا کو منایا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ حشر میں ہم عاصیوں کو آپ نے   نارِ دوزخ سے بچایا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ رونے والوں کو خوشی دی آپ نے   اور گِرتوں کو اُٹھایا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ آپ پر سجّاد نے کس شان سے   اپنا تَن مَن دھن لُٹایا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ لے کے صندل آپ کے دربار سے   عرسِ عبداللہ آیا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ نور طیبہ سے یہاں تک آگیا   گھر ولی کا جگمگایا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ مہکا پتھر والے صاحب کا مکاں   مدحتوں نے گل کِھلایا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ ڈھونڈ کر ایوانِ ہادی کا پتہ   آگئی باد صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ تیرہ روزہ نعت کی محفل سجی   منفرد ہے واقعہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ ہو مبارک حضرتِ سجّاد کو   جشن کا یہ سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ شاد ہیں حماد بھی منقاد بھی   آپ کی کر کے ثنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ ہو کرم مقداد پر ارشاد پر   خاص! رب کا، آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ پانچ بھائی پنج تن یک جاں رہیں   دے رہے ہیں سب دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ آپ ہی کے باغ کی اک شاخ ہے   لا ابالی سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ سچ کہوں تو آپ ہی کی ہے عطا   غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ یہ گھرانہ یوں ہی تابندہ رہے   کم نہ ہو اسکی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ یہ سوا سَو شعر کی نعتِ شریف   ہے تصدق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ آج اس محفل میں آہی جائیے   یہ بھی گھر ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ مدح کے لائق ہوئی فکر سلیم   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

سیفیؔ

نام :- ابوعمار محمد عبدالقادر
قلمی نام :- عرفان اللہ شاہ نوری سیفیؔ چشتی قادری
تخلص :- سیفیؔ
ولدیت :- محترم جناب محمد عبدالحمید قادری نقشبندی صاحب
تاریخ پیدائش :- 3/شوال 1369ھ ، دودھ باؤلی، حیدرآباد دکن۔
شاعری کا آغاز :- 1980
شرف تلمذ :- محترم جناب حضرت سید محمد پاشاہ قادری اظہرؔ صاحب
آدھی ملاقات :-

19-2-18/C/6, Amjad ud Daula Bagh, Misri gunj,
P/o Falaknuma, Hyderabad-500053, Telangana State, India.

فون نمبر :- 0091-9247393156

* * *

﴿1﴾ ساری دنیا تک لیا یا مُصطفٰی ﷺ
ہے نہ کوئی آپ سا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ تاج دارِ انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ لفظِ کُن کی ہے صدا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں جلوہ نما یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ کُنتُ کنزاً کا چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ سے ظاہر ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ قربِ حق کا ہے پتہ یا مُصطفٰی ﷺ
لی مَعَ اللہ کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moizuddin Quadri Digitization eGangotri Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿6﴾ کون کس کو کیا دِیا یا مُصطفٰی   آپ ہی کی ہے عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ آپ امام الانبیاء یا مُصطفٰی   آپ محبوب خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿8﴾ آپ جنت کا پتہ یا مُصطفٰی   آپ ہی خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿9﴾ زور طوفاں کا گیا یا مُصطفٰی   آپ ہیں جب ناخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿10﴾ انتہا در انتہا یا مُصطفٰی   ابتدا کی ابتدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿11﴾ معجزوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی   تم سراپا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿12﴾ ہو کرم یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی   دیکھوں روضہ غوث رضی اللہ عنہ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿13﴾ دل سے ہُوں میں آپ کا یا مُصطفٰی   باخدا ہوں باخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿14﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی   باخدا یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿15﴾ دی دعائیں، بددعاؤں کے عوض   مرحبا یا مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿16﴾ آپ کی ہجرت کا یہ فیضان ہے   دین کا غلبہ ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿17﴾ آپ کی سیرت جو آئی ہم تلک   سنتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿18﴾ اک طرف بے شک حلیمہ رضی اللہ عنہا دودھ ماں   والدہ ہیں آمنہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿19﴾ روئے انور کے اُجالوں کے سبب   کفر سارا چَھٹ گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿20﴾ کنکروں کو خوب گویائی ملی   آپ نے جُوں ہی کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿21﴾ دیکھ کر ایماں کی طاقت دبدبہ   سوچ میں تھا ابرہہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿22﴾ مسند شاہی سے بڑھ کر ہوگیا   آپ کا وہ بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿23﴾ عدل و انصاف و صداقت اورسلوک   آپ کا ہی درس تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿24﴾ بے کس و بیوہ، یتامیٰ اور ضعیف   ہیں سبھی کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿25﴾ سیرتِ اقدس کے روشن باب نے   قلب کو دی ہے جِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhsin Qadri, Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿26﴾ ساتھ حق کے خود ملائک بھی دُرود　　پڑھتے ہیں صلِّ علٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ نعت کے نغموں سے ہے مصروف سب　　بُلبُلانِ خُوش نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ اوّلاً ہو آخراً یا ظاہراً　　آپ بے شک باطنًا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آپ نے جو کہدیا وہ لفظ لفظ　　سب کا سب بے شک بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ ہے دُورو پاک میں مخفی‘شفا　　یہ بیاں ہے حق بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ تھے امانت دار سارے شہر میں　　تھا بھروسہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ لہلہاتی سبز کھیتی دین کی　　کام وہ دیں کا کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ اس سے بڑھ کر اور کیا ہو مرتبہ　　آپ ہیں بعد از خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ آپ سے ہے نور سارا دہر میں　　آپ ہیں نور خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ سَر بَسر ہے نور جس میں منعکس　　آپ ہیں وہ آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ رب کی مرضی بھی تھی شامل اس لئے　　آپ کا ڈنکا بجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ ہے نزولِ سورہ اِقرا پر گواہ　　بے گُماں غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ آپ کے عشّاق میں ہیں انبیاء　　آپ رشک انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ جگمگاتی ہے یہاں بھی اور وہاں　　نور احمد کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ کلمۂ طیّب میں دونوں ساتھ ہیں　　نام احمد اور خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ آپ کے سوئے ادب پر ہے وعید　　آیتِ تَبَّتْ یَدَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ آپ کے آنے سے روشن ہو گیا　　دینِ حق کا یہ دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ ذاتِ انور کی تجلّی سے ہُوا　　آگہی کا باب وا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ آئے تو اُجالا ہوگیا　　آپ لائے ہیں ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ دیدنی ہے دیدنی ہے دیدنی　　شہر طیبہ کی فَضا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Hyderabad Digitization eGangotri
Collection Peer Sahab Library Hyderabad India

﴿46﴾ بعد رب کے دوجہاں میں یا نبی   آپ کا ہے مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ صورتِ قرآن ، دنیا میں ابھی   جگمگاتا ہے دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ رب نے چاہا آپ کو، یا سیّدی   آپ کا کیا پوچھنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ پڑھ دُرود پاک، اس میں ہے بہت   عاصیوں کا فائدہ ، یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ آپ کی ساری ادائیں یا نبی   زندگی کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ آپ سے امید رکھتے ہیں سبھی   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ ہو کرم تو پھر مدینہ آؤنگا   ہو اشارہ اک ذرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ موت بھی ہے ایک وسیلہ بالیقیں   آپ کے دیدار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ ملتجی ہُوں لطف کا اور رحم کا   درگذر کا عفو کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ ہوں وفادار آپ کی ناموس کا   سنتوں کا دین کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ آپ کا ہُوں آپ کا ہُوں آپ کا   آپ کا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ دین و دنیا میں ہے کافی بس مجھے   آپ ہی کا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ حشر کے دن نعت پڑھتا، مَیں رہوں
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ میں غلامان نبی کا ہُوں گدا   کم نہیں یہ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ روضۂ اطہر کی خدمت کا شرف   بادشاہی سے بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ رشک کرتا ہُوں سدا اِس بات پر   کیا مقدّر ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ کرکے نیت میں یہ ایصالِ ثواب   پڑھ رہا ہوں فاتحہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ جاہلوں کی بھیڑ تھی چاروں طرف   علم کا لائے دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ کیا مہاجر اور یہ انصار کیا   سارے لوگوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ موت ہی ہے زندگانی کا بھرم   لاج رکھ لو با خدا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Qadari Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ میں غلام ابن غلام ابن غلام   آپ کی ہُوں آل کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿67﴾ تھا ارادہ اور ہی لیکن عمرؓ   ہوگئے تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿68﴾ روح کو پاکیزہ میری کیجئے   روح کو دیجے غذا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿69﴾ نعتیہ محفل میں جاتا ہُوں سدا   آپ آتے ہیں، سُنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿70﴾ کیسے دکھلاؤں تڑپ میں عشق کی   روکتا ہے آبلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿71﴾ سوئے طیبہ لمحہ لمحہ ہر گھڑی   کھنچ رہا ہے دل مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿72﴾ جان جائے آپ پر قربان یہ   جان و دل سب آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿73﴾ آپ کی چشمِ کرم کا منتظر   ہے ہر اک شاہ و گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿74﴾ آپ سے امید رکھتے ہیں سبھی   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿75﴾ دل کی راحت کیلئے پڑھتا ہُوں میں   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿76﴾ اک نظر ہو اک نظر ہو اک نظر   میں گدا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿77﴾ خواب میں ہو دید کا مجھ کو شرف   آپ کے رخسار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿78﴾ اُس کا جینا ہی عبث بیکار ہے   دین سے جو ہٹ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿79﴾ آسرا دارین میں کونین میں   ہے گماں ہے یا مُصطفٰی ﷺ
﴿80﴾ میرے سر پر ہو خدارا حشر میں   آپ کا دستِ عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿81﴾ روضۂ اطہر پہ جاؤں ہر برس   ہے مری یہ التجا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿82﴾ میں نہ چھوڑوں آپ سے اُلفت کبھی   ہو اگر یہ جگ خفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿83﴾ حاضری کا پھر شرف مجھ کو ملے   ہے یہی اک مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿84﴾ معرفت کا آپ مبداء یا نبی   آگہی کی انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿85﴾ ہے محبت نعتیہ اشعار سے   ہے یہی اک مشغلہ یا مُصطفٰی ﷺ

Hazrat Haadi-E-Deccan Digital Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Quadri Hyderabad Digitization eGangotri

﴿86﴾ نعت خوانی کا شرف جو مِل گیا   مجھ پہ احساں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ جگمگاتا ہے نگاہوں میں مری   لفظ ہر اک نعت کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ یاوری قسمت نے ایسی کی کہ اب   زرد موسم ہے ہَرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ اپنی امت پہ رہے گا اب سدا   آپ کا احساں بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ آپ کی نسبت ہے احسانِ خدا   بے گماں مجھ پہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ نامِ احمد جب لیا دل نے مرے   دل دھڑکنے لگ گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ آپ ہی سنتے ہیں دُوری جتنی ہو   دل کی دھڑکن کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ رنگ لائی وہ دعا پیارے نبی   جب دیا میں واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ دو جہاں میں کہہ رہا ہے ہر کوئی   دل جگر ہے جاں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ روشنی بھائی نہ اس کو دین کی   بو لہب تھا سَر پھرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ آپ کی یادوں کا دل میں ہر گھڑی   چاند ہے روشن سدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ نعت لکھنے کی ہے ہر دم خواہشیں   نعت گو کا ہو بَھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ دُورِیاں نزدیکیوں میں بٹ گئیں   دل کی دھڑکن نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ آپ ہی سے دو جہاں میں سُرخرو   آپ ہی کی ہے نوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ آپ سے نسبت ملی شکرِ خدا   آپ شاہا میں گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ نام لے کر آپ کا مانگی دعا   رنگ لائی ہے حِنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ قحط سالی میں پڑھا جب بھی دُورد   گِھر کے آئی ہے گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ میں مدینہ جا کے آیا تو لگا   وہ سفر اک خواب تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ پھر جو قسمت یاوری کر جائے گی   میں تو طیبہ جاؤنگا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ سب قبیلوں میں ہے پیارا یا نبی   اک قبیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Quadri

﴿106﴾ ابتدا بھی آپ ہی سے بالیقیں　　　آپ ہی پر انتہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿107﴾ جگمگائے رات دن آٹھوں پہر　　　نور والا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿108﴾ روضۂ اطہر کی جالی دلنشیں　　　آپ کا گنبد ہَرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿109﴾ دل کی دنیا غمزدہ ہے آج کل　　　چشمِ رحمت ہو ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿110﴾ بادشاہی اُس کے آگے ہیچ ہے　　　جو مدینے کا گدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿111﴾ لَو لگا کر دیکھتا ہُوں آپ کو　　　ائے مرے حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿112﴾ تاکہ حاصل ہو سکے پاکی مجھے　　　ہو کرم کی اک نگہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿113﴾ اب جدائی کا بھی نکلے حل کوئی　　　پاس بُلوا لو ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿114﴾ آپ کی چاہت ہے سینے میں مرے　　　مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

﴿115﴾ آپ ہی کے دم سے اب تک ہے جواں　　　نیکیوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿116﴾ مجھ پہ احساں آپ کا ہو اب حضور　　　میری جانب دیکھنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿117﴾ مشکلیں آسان ساری ہوگئیں　　　آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿118﴾ لب پہ ہر پل نام ہے جو آپ کا　　　روح کی میری غذا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿119﴾ جسم سارا آگیا واپس مگر　　　چھوڑ آیا دل مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿120﴾ کفریہ ظلمت کے بادل چھٹ گئے　　　دینِ حق جب آگیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿121﴾ اُسوۂ حسنہ سے جو ہے منحرف　　　ہو رہے گا وہ فنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿122﴾ فکرِ اُمت آپ کو ہے کس قدر　　　یاد کرتا ہوں سدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿123﴾ جابجا قرآن میں ملتا گیا　　　آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿124﴾ ہے خدا کا قہر اس پہ لازمی　　　جو ہے گستاخ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿125﴾ لاج رکھ لو حشر میں سیفی کی بھی　　　آپ کا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

بسم الله الرحمن الرحيم

مخضب ز شعراء

شین

تعداد کلام (5) تعداد اشعار (625)

شاھد

نام :- شریف احمد خان
قلمی نام :- شاہد دموہی
تخلص :- شاہدؔ
ولدیت :- عبدالحفیظ خان
پیدائش :- 1976ء
شاعری کا آغاز :- 1996
شرف تلمذ :- جناب نشتر دموہی
تعلیم :- ایم۔ اے۔ اردو
آدھی ملاقات :-
Seeta Bawri Road, Noori Nagar, Damoh, M.P.
فون :- 9301047569

* * *

﴿1﴾ ہر طرف گونجی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
سنگ ریزوں نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ پر ہوکر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
پالیا رازِ بقا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ کی صورت کا ہو کیسے بیاں
چشمہ ہے اک نور کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ بن گئی واللہ نورِ کائنات
روئے انور کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ در حقیقت راحتِ دلگیر ہے
آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Momin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿6﴾ چشمِ حیراں اور بھی حیراں ہوئی   دیکھ کر حُسن آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ سَر سے پا ہے آپ کی ذاتِ کریم   نورِ حق کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ آیتِ واللَّیل کی تفسیر ہے   آپ کی زلفِ رسَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ تذکرہ تاروں سے کرتا ہے قمر   ابروئے خم دار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ در سے گزری آپ کے تو آگئی   وجد میں بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ گفتگو ایسی کہ پتھر جیسے دل   ہوگئے گُل سے سِوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ خامشی پر تھا تکلّم بھی نثار   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ مدح خواں ہے آپ کا قرآنِ پاک   ابتدا تا انتہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ رکھتا ہے محبوب، ربِّ ذُوالجلال   آپ کی ہر اک ادا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ بس گئی جب سے محبت آپ کی   ہوگیا دل آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ عاصیوں کو فکر کیا ہے، آپ ہیں   شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ ایک دن سب آپ کے ہوجائیں گے   چھوڑ کر جھوٹی اَنَا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ چہرۂ پُر نور کی کیا بات ہے   ہے فدا جس پر خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ مدّعائے زندگی میرا بھی ہے   فیضِ تسلیم و رضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ جان لیتے کاش میرے ہم نَوا   سوزِ باطن کا پَتَہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ آپ کی نسبت سے ہے سب سے بلند   اہلِ حق کا مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ آپ کے نقش قدم سے مُتّصِل   خلد کا ہے راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ آپ کے در لے کے جاتے ہیں مَلَک   درد مندوں کی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ محوِ حیرت دیکھ کر دیوانے کو   دیر تک عالَم رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ نقش ہے دل پر تصوّر سے مرے   ایک عکسِ دلربا یا مُصطفٰی ﷺ

«26» یاد سے جو آپ کی ہے منسلک   ہے غموں سے ماوریٰ یا مُصطفٰی ﷺ
«27» نا موافق آپ کے ' سنتے نہیں   ہم کوئی بھی تبصرہ یا مُصطفٰی ﷺ
«28» ڈرنا کیا ہے' آپ کے ہاتھوں میں ہے   قسمتوں کا فیصلہ یا مُصطفٰی ﷺ
«29» آپ کے نغمے سُناتی ہے ہمیں   گنگناتی یہ ہَوا یا مُصطفٰی ﷺ
«30» آپ کی الفت سے ہٹ کر کچھ نہیں   زندگی کا فلسفہ یا مُصطفٰی ﷺ
«31» کیا کہوں مَیں آپ کو معلوم ہے   میرے دل کا مدّعا یا مُصطفٰی ﷺ
«32» جگمگاتا رہتا ہے مثلِ قمر   آپ ہی کا نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ
«33» آگئی پژمردہ گل میں تازگی   نام سُن کر آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
«34» آپ کی الفت کا دل میں ہر گھڑی   جگمگاتا ہے دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
«35» جذبۂ ابنِ علی سوزِ بلال رضی اللہ عنہما   کیجئے مجھ کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
«36» ہوتا ہے فرشِ زمیں سے عرش تک   آپ ہی کا تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
«37» آپ کی قربت مِلی تو بالیقیں   پالیا قُربِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«38» آپ کے صدقے ہی تو انسان نے   جانا ہے نامِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
«39» مرحبا یہ آپ کا وردِ نہاں   دیتا ہے دل کو مزا یا مُصطفٰی ﷺ
«40» آپ کی نسبت نے آساں کر دیا   زندگی کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
«41» آپ ہی رکھیئے مرے دامن کی لاج   ہے گناہوں سے بَھرا یا مُصطفٰی ﷺ
«42» جانتے ہیں آپ میرا حالِ زار   آپ سے کیا ہے چُھپا یا مُصطفٰی ﷺ
«43» آپ کی خاطر اُٹھائی جائے گی   زندگی کی ہر جفا یا مُصطفٰی ﷺ
«44» آپ کے لطف و کرم سے ہوگئے   بے وفا بھی با وفا یا مُصطفٰی ﷺ
«45» کس کی جرأت حکم ٹالے آپ کا   چاند دو پارہ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahab Qadari India

«46» شانِ آمد آپ کی دیکھے کوئی بُجھ گیا آتش کدہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«47» حُکم مطلق ہے ہمارے واسطے حُکم ہر اک آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«48» آپ کے ہوتے ہوئے کر پائے گا کون امّت کا بُرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«49» اپنے سینے سے لگائے رکھتے ہیں ہم ہر ایک غم آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«50» زندگی بھر میرے ہاتھوں میں رہے دامنِ صبر و رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«51» آپ کی چشمِ عنایت کے طُفیل ڈرتی ہے مجھ سے بَلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«52» مِل گیا ہے اب قرارِ دائمی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«53» گونج اُٹھا ہے ہر اک تارِ نَفَس آ رہی ہے اک صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«54» ہوگئی پوری چمن کی آرزو ہنس کے پھولوں نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«55» نغمے طیبہ کے سُناتی ہے ہمیں جُھومتی گاتی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«56» آپ کے در کی تمنا کے سِوا میری جھولی میں ہے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«57» مِل گیا دل کو ذہن کو اب سکوں لب پہ جب بھی آگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«58» ہے مرے سر پر تو پھر کیا فکر ہے آپ کا دستِ عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«59» آپ کے صدقے ہی تو روزِ حساب بخشے گا ہم کو خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«60» نام شاید آپ کا ہونٹوں پہ ہے مہک اُٹھی ہے ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«61» آپ کی شانِ امامت کیا کہوں مقتدی سب انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«62» جب جُھکائی آپ کے دَر پر جبیں تب سکوں دل کو مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«63» آپ کی عظمت ہے مَر مِٹنے کا نام داستانِ کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«64» آپ ہی کی معرفت سے آدمی خوابِ غفلت سے جگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«65» مہرباں جب آپ ہیں تو کیوں نہ ہو مہرباں ہم پر خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿66﴾ آپ کی الفت میں رہتے ہیں مگن اصفیا و اولیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ جو غریبوں پر ہے اُس احسان کا شکر کیسے ہو ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ جب تصوّر آپ کا بندھ جاتا ہے مسکراتی ہے قَضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ مُلتمِس ہے مائل و مشتاق ہے سارا عالَم آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ آپ سُنتے ہیں مِرا ایمان ہے ہر دُکھے دل کی صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ آپ سے بڑھ کر نہیں دیکھا کوئی صاحبِ جود و سخا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ تا نگاہِ حد ہے ساری کائنات آپ کی نغمہ سَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ آپ کی نعتیں سُناتا ہے ہمیں عندلیبِ خوش نَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ آپ کے شیداؤں کی کیا شان ہے ہیں زمانے سے جُدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ کیا سے کیا اہلِ عداوت ہوگئے کلمہ پڑھ کر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ بارگاہِ ناز میں مقبول ہے ہر صدائے بے نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ آپ اعلٰی ہیں ' ہے رتبہ آپ کا سارے نبیوں سے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ آپ کے زیرِ قدم اسریٰ کی شب تھا مقامِ مُنتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ آپ روزِ حشر میں فرمائیں گے پرسشِ اہلِ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ آپ کی عزت پہ کردوں گا نثار یہ مری ہستی ہے کیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ ہے عنایت سے جہان کی بے نیاز آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ مال و دولت نام و عزّت جان و دل آپ پر سب کچھ فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ آپ سے غافل نہ دنیا کر سکی کوششیں کیں بارہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ آپ سے جگ میں روایت پاگیا نیکیوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ در حقیقت آپ ہی کا دَور ہے دَورِ آغازِ وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Qadri. Digitization eGangotri

(86) ہیں خطاؤں پر بہت شرمندہ ہم   بخشیئے ہر اک خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(87) آدمی نے پائی ہر غم سے نجات   نام لے کر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(88) ہے وہی مومن جِسے تسلیم ہو   آپ کا ہر فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(89) نام جب بھی آپ کا مَیں نے لیا   دی مسرّت نے صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(90) آئے ایسا دن بھی قسمت میں مری   دیکھوں مَیں دَر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(91) آج پھر شہرِ مدینہ کا خیال   روح کو مہکا گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(92) روشنی ایمان کی پھیلا گیا   آفتابِ کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(93) ہو عنایت ہم پہ بھی ' ہوجائیں ہم   حاملِ بحرِ عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(94) مجھ کو ہر دم آپ کی تعظیم کا   دیتا ہے دل مشورہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(95) جس نے دیکھا آپ کو وہ کہہ اُٹھا   مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(96) کس لئے بھٹکیں گے ہم جب آپ ہیں   پیشوا و رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(97) آپ کی الفت میں مرنا ہے قبول   چھوٹی ہے یہ بھی سزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(98) مرحبا ہر دم وفا کا آپ کی   دل میں ہے روشن دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(99) آپ کے دامن سے وابستہ ہُوں مَیں   ہے بہت یہ آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(100) آپ کے روئے مبیں سے پائی ہے   چاند تاروں نے ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(101) آپ سے سیکھی ہے رب کے سامنے   سَر جُھکانے کی ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(102) میرے دل کی بھی ذرا لیجے خبر   ہے تمنّا سے بھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(103) آپ کی الفت کا ہم روزِ حساب   پائیں گے رب سے صلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(104) سُنتا ہے میری خدا دیتا ہُوں جب   آپ کا مَیں واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
(105) پُر مسرت کیوں نہ میرا دل رہے   آپ سے ہے واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudeer Digitization eGangotri

﴿106﴾ آپ کی سیرت دکھاتی ہے ہمیں   جنّتوں کا راستہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿107﴾ آپ کے دیدار سے پہلے نہ دے   زندگی داغِ جفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿108﴾ آپ کے ہر حکم پر خم ہے جبیں   مان کر حُکمِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿109﴾ آپ کی جب تک رضا حاصل نہ ہو   کیسے راضی ہو خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿110﴾ چاہتا ہُوں آپ کی میلاد کا   جشن ہر سُو ہو بَپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿111﴾ کیجئے امداد اب تو ظلم کا   ایک محشر ہے بَپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿112﴾ آپ سے وابسطہ رہنے والا دل   ہو نہیں سکتا فَنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿113﴾ پا گیا وہ بے قراری میں قرار   جس نے بھی دل سے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿114﴾ اب تو ہر دم آپ کے دیدار کی   لب پہ رہتی ہے دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿115﴾ ہم کو ہر اک شئے بدولت آپ کی   بخش دیتا ہے خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿116﴾ اپنے دل میں فضلِ حق سے آپ کی   ہم نے پائی ہے وفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿117﴾ وقتِ آخر آپ کے دیدار کا   ہو شَرَف مجھ کو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿118﴾ بخششِ امت کی خاطر صبح و شام   آپ ہیں محوِ دعا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿119﴾ آپ کے لطف و کرم کی شکل میں   پایا الفت کا صلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿120﴾ چھولیا ہے آپ نے جس خاک کو   بن گئی خاکِ شفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿121﴾ آپ کی ہر اک ادا ہے دلنشیں   حق بیان و حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿122﴾ اپنے سینے سے لگا رکّھیں گے ہم   عمر بھر عشق آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿123﴾ حرفِ مطلق حشر تک وہ ہو گیا   آپ نے جو کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿124﴾ اِس جہاں سے جائیں گے کرتے ہوئے   آپ کا ہم تذکرہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿125﴾ جان جب شاہدؔ کی نکلے جسم سے   لب پہ ہو صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudeer Digitization eGangotri

شجرؔ

نام :- محمد عمران احمد
تخلص :- شجرؔ
ولدیت :- محمد عبدالرحیم قریشی صاحب
پیدائش :- 3/ستمبر 1983ء
تعلیم :- BA.D.Ed, B.Ed.,M.A. English
آغاز شاعری :- 1999ء
شرف تلمذ :- محترم جناب قمرالزماں صاحب قمرؔ
تصانیف :- (۱) جنت کے پھول، (۲) معلم، (۳) نئی کھوج۔
آدھی ملاقات کے لئے :- دولہا گیٹ، اچلپور، ضلع امراوتی ۔ 444601، مہاراشٹرا۔ انڈیا
موبائیل نمبر :- 0091-9604492728

* * *

﴿1﴾ ہیں رسالت کا دیا یا مُصطفٰیﷺ
آپ ہی نورالھدیٰ یا مُصطفٰیﷺ

﴿2﴾ میرے لب پر ہو سدا یا مُصطفٰیﷺ
ہر گھڑی ذکرِ وفا یا مُصطفٰیﷺ

﴿3﴾ مُصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰیﷺ
ہے مرے دل کی صدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿4﴾ لب پہ ہو نام آپ کا یا مُصطفٰیﷺ
ہے میرے دل کی دعا یا مُصطفٰیﷺ

﴿5﴾ عشق میں شیدا ہُوا یا مُصطفٰیﷺ
دل ہُوا تم پر فدا یا مُصطفٰیﷺ

﴿6﴾ جب سے سیرت کو پڑھا یا مُصطفٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿7﴾ عشق تم سے جو ہُوا یا مُصطفٰی   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ رب ہے عاشق آپ کا یا مُصطفٰی   آپ معشوقِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ آپ کے دم سے ہُوا یا مُصطفٰی   دین کا روشن دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ آپ کی آمد پہ خود عرش بریں   کہہ رہا ہے مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ نور سے پرنور تھے دونوں جہاں   جشنِ آمد کی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ تم مکرم ہو معظم محترم   رونقِ بزمِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ عیسیٰ، ابراہیم، موسیٰ، ہو یا نوح علیہم السلام   آپ ہیں سب سے جدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ عرش کے ماتھے پہ یہ مرقوم ہے   تم رسولِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ چاند سورج اور ستاروں کو ملی   آپ کے رُخ سے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ سب جہانوں میں ضیا ہے آپ سے   نور کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ یہ زمیں یہ آسماں سارا جہاں   آپ کی خاطر بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ نور سے سیرت سے تم نے ہر طرف   دین کو روشن کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ جینے مرنے کا سلیقہ بھی ہمیں   آپ ہی سے ہے مِلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ یا نبی شاہِ اُمم شاہِ عرب   آپ شانِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ مرتبہ دونوں جہاں میں آپ کو   عاشقِ رب’ کا ملا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ جھوم کر کہتی ہے ہر پل مرحبا   آپ کو بادِ صبا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ لطف ہے یہ سرورِ لولاک کا   دو جہاں میں ہے ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ لوٹ کر غارِ حرا سے آئے جب   ہر طرف گونجی صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ بات جس نے آپ کی مانی نہیں   تیرگی میں کھو گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿26﴾ ڈھونڈتا ہے دل سے جو بھی آپ کو   مل گیا اسکو پتا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿27﴾ کہہ رہے ہیں آپ کو سب نور ہی   جتنے بھی تھے پارسا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿28﴾ آپ ہادی آپ رہبر پیشوا   دو جہاں کے رہنما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿29﴾ آپ کی جس نے سنا تقریر کو   آپ کا عاشق ہوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿30﴾ پیار سے انسان کو انسان سے   آپ نے آگاہ کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿31﴾ آپ کے اخلاق سے آفاق میں   دین کی مہکی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿32﴾ مانگتا ہوں آپ سے میں روشنی   رحمتوں کی ہو ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿33﴾ بے سہاروں کا جہاں میں آج بھی   کون ہے تُمرے سوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿34﴾ نور سے پُر نور ہے جو آج تک   معجزہ غارِ حرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿35﴾ حکم پاتے ہی خدائے پاک کا   جال مکڑی نے بُنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿36﴾ رحمتیں ہوں اس پہ جس نے آپ کے   ساتھ میں ہجرت کیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿37﴾ آپ کے کردار سے ہے روشنی   چار سُو پھیلی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿38﴾ روسیاہ روحوں کو روشن کردیا   چمکا رُخ جو آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿39﴾ چہرہ ' رب کے نور سے ہی آپ کا   نور پر جو نور تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿40﴾ رشک جس پر کرتے ہیں شمس و قمر   آپ کے رخ کی ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿41﴾ نور سے پر نور آقا دو جہاں   چہرہ نوری آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿42﴾ زینتِ مسند' جہاں میں آپ ہی   ہیں امیر الانبیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿43﴾ بت پرستی اب کہاں باقی رہی   ہر طرف ہے بس خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿44﴾ آپ کی آمد سے دنیا کو ملا   علم کا ہے سلسلہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿45﴾ بس گئی خوشبو ترے کردار کی   جو کہ مہکی ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelle Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ ہے مدینہ میں ضیائیں ہر طرف　　رحمتوں کی ہے فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿47﴾ انس و الفت اور محبت یا نبی　　آپ دریا پیار کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿48﴾ سعدیہؓ دائی کا تھا شترِ نحیف　　ہوگیا ہے بادپا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿49﴾ گود میں لے کر توانا ہوگئی　　بی حلیمہ سعدیہؓ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿50﴾ دور نفرت کا اندھیرا ہوگیا　　آپ ہو بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿51﴾ ہو گئے ہیں ختم سب لات و منات　　پاک کعبہ ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿52﴾ آپ کی عظمت کی ہے یہ روشنی　　جگمگاتا ہے صفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿53﴾ یہ نبوت کی ضیاء نے کردیا　　دور نفرت کا دُجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿54﴾ وقت آمد آپ کی چاروں طرف　　رحمتوں کی تھی فضا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿55﴾ آپ ہی کے نور سے یہ دیکھنے　　ہوگئی روشن خَلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿56﴾ دیکھ کر جلوہ نبی کا بے زباں　　کنکروں نے بھی پڑھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿57﴾ آپ کی انگشت کا یہ معجزہ　　چاند دو ٹکڑے ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿58﴾ آسماں کو جب اشارہ کردیا　　برسی رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿59﴾ دس برس کی عمر کا تھا معجزہ　　جاری چشمہ جو ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿60﴾ پاؤں پتھر پر جو مارا آپ نے　　پھوٹ کر چشمہ بہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿61﴾ کارِ حق ایسا کسی نے کیا کِیا؟　　آپ نے جیسا کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿62﴾ کتنے آئے ہیں نبی سنسار میں　　آپ سا کوئی نہ تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿63﴾ آپ کے جیسی عبادت آج تک　　کون ہے جو کرسکا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿64﴾ ہم ہیں پاپی ، شافع محشر ہو تم　　بخش دینا ہر خطا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿65﴾ آپ ہی ہو رحمۃٌ للعالمین　　چشمۂ رحمت سدا یا مُصطفٰی ﷺ

(66) سرورِ کونین واحد آپ ہی شافعِ روزِ جزا یا مُصطفٰی ﷺ
(67) ہے چمکتا آپ ہی کے نور سے جبلِ مروہ اور صفا یا مُصطفٰی ﷺ
(68) میں غلام مصطفیٰ ہُوں یا نبی آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
(69) لے کے جاؤں ساتھ میں عشق نبی ہے تمنا مدعا یا مُصطفٰی ﷺ
(70) نور کا مینار ہے کردار خود آپ کی سیرت ضیا یا مُصطفٰی ﷺ
(71) آپ کی سیرت سے روشن ہوگیا اُنس و الفت کا دِیا یا مُصطفٰی ﷺ
(72) مئے پلا کے آپ نے توحید کی سُرخرو مجھ کو کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
(73) جذبۂ ایثار ایسا کس میں ہے دشمنوں کو دی دعا یا مُصطفٰی ﷺ
(74) آپ کی تصویر میرے دل میں ہے آپ سے کب میں جدا یا مُصطفٰی ﷺ
(75) ہر جگہ ہے نور ، نورِ آفریں آپ ہیں جلوہ نُما یا مُصطفٰی ﷺ
(76) کہکشائیں اور فلک سب آپ کے نور سے روشن سدا یا مُصطفٰی ﷺ
(77) شرک سے سارے جہاں کا آپ نے پاک دامن کردیا یا مُصطفٰی ﷺ
(78) آپ سے رسمِ کہن ہر اک مِٹی عہد نو کی ہے بِنا یا مُصطفٰی ﷺ
(79) تھا جہالت کا اندھیرا ہر طرف دور تم نے ہی کِیا یا مُصطفٰی ﷺ
(80) کون ہے روشن ستاروں کی طرح آپ کے اصحاب سا یا مُصطفٰی ﷺ
(81) جس کی ہے نسبت رسول پاک سے خاک پا کُندن بَنا یا مُصطفٰی ﷺ
(82) خلق میں سب سے مکرم آپ ہیں یا نبی صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
(83) آپ کا بستر چٹائی کا رہا اے شہہ ارض و سما یا مُصطفٰی ﷺ
(84) مسکرا کر بولے یوں حضرت بلال رضی اللہ عنہ عشق تم سے ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
(85) یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ ہر گھڑی پڑھ رہا ہے دل مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ یا نبی شمعِ ہدایت آپ ہو   پیشوا رہبر ہدیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿87﴾ یا نبی یا مُصطفٰی خُلقِ عظیم   سب سے اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿88﴾ آپ کے در پر ہوئی ہے حاضری   یہ شَرَف حاصل ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿89﴾ نوری گلیوں میں بھٹکتا ہی رہوں   بن کے در کا میں گدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿90﴾ آپ سے مجھ کو ہے الفت یا نبی   عشق میں ہُوں مبتلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿91﴾ میری یادوں کا ہیں محور آپ ہی   نعت خواں جب میں بنا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿92﴾ جس نے تھاما آپ کا دامن یہاں   جنّتی وہ ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿93﴾ نور سے ہے آپ کی مدحت ثناء   رقم دنیا میں سخا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿94﴾ ہے یہ فیضانِ نبوّت آج بھی   دین ہے چاروں دِشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿95﴾ ہم حدیثوں پر عمل کرتے ہوئے   سنّتوں پر ہیں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿96﴾ راز سارا آپ نے افشا کیا   سات پردوں میں جو تھا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿97﴾ آگئے جب مُصطفٰی محشر میں پھر   تھی ہر اک لب پر صدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿98﴾ آپ کا مقصد رہا بخشش سدا   اپنی امت کا بھلا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿99﴾ ذکرِ اطہر ہو جہاں بھی آپ کا   رحمتوں کی وہ جگہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿100﴾ ذکرِ اطہر کی بدولت آپ کے   سُرخرو مَیں ہوگیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿101﴾ علم کا بہتا سمندر آپ ہیں   تھا لقب اُمّی عُلٰی یا مُصطفٰی ﷺ
﴿102﴾ پاک قرآں آپ کے کردار کا   آئینہ ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿103﴾ آپ کی ہی شان میں قرآن بھی   ہے قصیدہ پڑھ رہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿104﴾ یا نبی یا مُصطفٰی خلقِ عظیم   سب سے اعلیٰ مرتبہ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿105﴾ عرش پہ جاکے خدا سے ہم کلام   اور کوئی نہ ہوا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moin Sahib, Collection of Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

«106» عاشق مولیٰ پیمبر آپ ہیں ۔۔ رب کی الفت اور وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» سب ہی نبیوں میں ہیں اعلیٰ آپ ہی ۔۔ ہے امیر الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» درس ہے سارے ولی اصحاب کا ۔۔ ہو تو کردار آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» کہہ رہا ہے خود خدا قرآن میں ۔۔ آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» آپ کی ہے نعت، مدحت اور ثناء ۔۔ مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» دیکھتا ہوں میں جدھر قرآن میں ۔۔ آپ ہی ہیں ہر جگہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» آپ کے اخلاق روشن نور سے ۔۔ ہیں سراپا آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» آپ کی مدحت سے جنت یا نبی ۔۔ ہوگی آراستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» درد تھا انسانیت کا آپ میں ۔۔ آپ رحمت کی گھٹا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» پیکرِ آیاتِ قرآں یا نبی ۔۔ آپ کو کہنا بجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» معرفت کا نور اور مہتابِ حق ۔۔ شمس ہیں توحید کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» کون ہیں خیرالبشر آخر زماں ۔۔ میرے آقا کے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» راہ بر ہیں آپ ، راہیں آپ کی ۔۔ ہر قدم صدق و صفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» بے نواؤں کی زبان ہو آپ ہی ۔۔ بے بسوں کا آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» کر نہیں سکتا بشر کوئی بیاں ۔۔ آپ کی مدحت ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» آپ کے لطف و کرم سے ہر طرف ۔۔ مہکی مہکی ہے فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» ہیں سبق آموز انساں کے لئے ۔۔ آپ کا حرفِ ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» تم پہ ہو لاکھوں دُرود اور سلام ۔۔ محسنِ خلقِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» آپ ہو شاہِ دوعالم اور مَیں ۔۔ آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» جس گھڑی روضہ پہ پہنچا میں شجرؔ ۔۔ دل مرا پڑھتا رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شفیعؔ

نام :- سید شفیع الدین سرمست

تخلص :- شفیعؔ

ولدیت :- سید شجاعت

پیدائش :- 01-04-1977 ، سگر، شاہ پور۔ گلبرگہ۔

تعلیم :- بی۔ اے، بی ایڈ (گلبرگہ یونیورسٹی)

شرف تلمذ :- محترم جناب اعظم اثرؔ صاحب شاہ پوری۔

آدھی ملاقات کیلئے :-

13-35/2, Opp. New Bus Stand, near Omer Farooq Masjid,
Shahpur-585223,Dist. Yadgir, Karnatak, India.
Mobile No.0091-9019993949.

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ میرے ناخدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں حاجت روا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ آپ ہیں نور خدا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ حق کا آئینہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ آپ فخر انبیا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ شانِ کبریا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

﴿6﴾ آپ ہیں شاہِ ہدیٰ یا مُصطفٰی   آپ محبوبِ خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿7﴾ آپ ہیں شانِ خدا یا مُصطفٰی   آپ پر ہے جاں فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿8﴾ مظہر رب العلیٰ یا مُصطفٰی   آپ ہی ہیں حق نما یا مُصطفٰی ﷺ
﴿9﴾ دہر میں اب کیا مرا یا مُصطفٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿10﴾ در سے خالی نہ گیا یا مُصطفٰی   کوئی سائل آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿11﴾ آپ کو رب نے دیا یا مُصطفٰی   آپ سے سب نے لِیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿12﴾ پڑھتے ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی   نام سن کرآپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿13﴾ کام اس کا بن گیا یا مُصطفٰی   نام جس نے بھی لیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿14﴾ آستاں بس آپ کا یا مُصطفٰی   بن گیا دارالشفا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿15﴾ زندگی سے کہہ دیا یا مُصطفٰی   آپ میرا آسرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿16﴾ آپ ہی کے نام سے آغاز ہو   کام میرا یا خدا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿17﴾ عاصیوں کی لاج رکھیں گے ضرور   ہے یقیں یا مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
﴿18﴾ کس کے در پر جاؤں میں خیر الوریٰ   آپ کا در ہے مرا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿19﴾ جس زمیں پر آپ نے رکھا قدم   نورمیں سب ڈھل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿20﴾ آپ نے اہلِ جہالت کے لئے   علم کا رستہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿21﴾ سارے عالم کے لئے رحمت ہیں آپ   یہ مرے رب نے کہا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿22﴾ دل نے اک اک درپہ دستک دی بہت   در کُھلا بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿23﴾ ظالموں کے ساتھ بھی حسنِ سلوک   آپ نے رکھا روا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿24﴾ حسنِ کردار و عمل کے بادشہ   آپ ہیں مشکل کشا یا مُصطفٰی ﷺ
﴿25﴾ سر زمینِ جہل تابِندہ ہوئی   تھا کرشمہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

Collection Peer Sahib Qudrat Hyderabad Digitization

«26» آپ نے کذب وریا کی کی نفی
کون صادق آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«27» سارے عالم نے نہ تھا دیکھا کبھی
آپ نے وہ کردیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«28» آپ ہی کی روشنی پر گامزن
ہو قدم ہر ایک کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«29» بے کس و لاچار و مسکیں کے لئے
آپ کا دل رو پڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«30» آپ نے صحرا کو گلشن کردیا
تھا عمل کا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«31» رنگ بے رنگی میں دم سے آپ کے
آپ سے نورِ سما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«32» سایۂ رحمت مقدر ہو مرا
سایۂ رحمت گھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«33» امتی کو آپ کے کیا چاہیئے
جب ہُوا وہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«34» آپ کا ہوں آپ کا ہوں آپ کا
یہ وظیفہ ہے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«35» جس نے سونگھا تھا پسینہ آپ کا
بے نیازِ عطر تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«36» جس کو قربت آپ کی ہوئے نصیب
وہ مقدر کا شہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«37» علم کیا ہے امن کیا اور صدق کیا
آپ نے بتلا دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«38» ہے خدا تعریف میں رطب اللسان
آپ کی اے مصطفی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«39» آپ کے نعلین کی خاک صفا
کیمیاء وجہِ شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«40» بخششِ امت کی خاطر رات رات
آپ نے کی ہے دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«41» یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجتبیٰ
آپ ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«42» سادگی پر آپ کی قربان سب
ہو ہماری جاں فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«43» ظالموں کی ، کی عیادت آپ نے
دستِ شفقت سب پہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«44» آپ کی تعریف کیا کیجے کہ اب
ہے خدا محوِ ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«45» ظلمتوں میں نور کا دریا ہیں آپ
پَرتَوِ نورِ خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿46﴾ آیا ہے نہ آئے گا کوئی کبھی آپ جیسا رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ پایا ہے نہ پائے گا کوئی کبھی آپ جیسا مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ راحتیں قدموں میں تھیں جب بھی کہا مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ آپ ہی کا ہے سہارا روزِ حشر شافع روز جزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ گرمئ محشر میں ہم کو ہو عطا تھوڑی رحمت کی ردا یا مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ جنتی ہے جنتی ہے جنتی آپ کے در کا گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ دوزخی ہے دوزخی ہے دوزخی آپ کا جو بے وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ سارے نبیوں میں ہیں افضل ایک آپ کس کا ایسا مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ ہوگئی حیران دنیا دیکھ کر آپ کا ہر معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ اک اشارے سے ہُوا دو نیم چاند آپ کا تھا معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ دیکھئے سورج پلٹ کر آگیا حکم جب اس کو ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ جوغلام مصطفی کا ہے شرف ہوعطا مجھ کو عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ غم کے ماروں کو ملی ہے آپ سے دردکی ہر اک دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ پاکے مہکے ہیں پسینہ آپ کا مشک اور عنبر حنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ آیا ہے نہ آئے گا اس دہر میں کوئی رہبر آپ سایا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ رب نے فرمایا ہمارا ہے وہی جو تمہارا ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ ختم کردیجے کرونا کی وبا مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ ظلم کے آگے اٹھائیں سرکو ہم دیجے ہم کو حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ آپ کا میں آپ کا میں آپ کا مجھ کو کہہ دیجے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ روشنی سے جگمگاتا ہے سدا آپ ہی کا راستہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿66﴾ آپ ہی ہیں آپ ہی ہیں آپ ہی   دافع رنج و بلایا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ کیا بیاں ہو شان و عظمت آپ کی   سرتا پا ہیں معجزہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ دل دُرودِ پاک پڑھتا ہے مرا   نام جب جب بھی سُنا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ کردو ہم پر بھی کرم کی اک نظر   تاجدارِ انبیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ سر جھکا کر با ادب ہم ہیں کھڑے   صدقہ کچھ کیجے عطا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ روزِ محشر عاصیوں کے واسطے   آپ ہیں بس آسرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ سب کی بخشش کی سفارش کے لئے   آ پ ہیں محوِ دعا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ دو جہاں میں جس کسی کو بھی ملا   جو ملا تم سے ملا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ رب مرا سنتا ہے ہر بات آپ کی   بخشوا دیجے خطا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ میری ہر اک سانس پر وردِ زباں   آپ کا ہو تذکرہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ بے سہاروں کو مِلا ہے آپ سے   ہر قدم پر آسرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ ہر گنہ سے پاک ہوجائے گا دل   اس کو کر دیجے صفا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ زندگی میں جب ہو غم سے سامنا   پڑھ لو تم صلِّ علیٰ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ الصلوٰۃ والسلام یا نبی   آپ سے رب نے کہا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ جو تڑپتے ہیں تمہارے عشق میں   دید ان کو ہو عطا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ عرش کے سینے کو ٹھنڈا کردیا   آپ کا نعلینِ پا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ ہم کریں گے جب تلک سانسیں رہیں   آپ کا ہی تذکرہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ حشر میں تنہا کھڑا ہونگا مَیں جب   دیکھنا مجھ کو ذرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ مجھ کو بھی اپنوں میں شامل کرلیا   شکریہ صد شکریہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ گھر حلیمہ رضی اللہ عنہا کے جو آئے آپ تو   گھر بَنا رحمت کدہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahab Qadari Hyderabad India

«86» آپ ہیں خیرالبشر اے شاہِ دیں   آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«87» بت کدوں میں آگیا ہے زلزلہ   نام سن کر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«88» آپ کے نعلینِ پا کی دھول سے   مجھ کو بھی کردو بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«89» جو ہوا ہے اور جو ہوگا کبھی   آپ کو سب ہے پتہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«90» پار کیجے کشتی یہ امت کی بس   آپ ہی ہیں ناخدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«91» جب وسیلہ آپ کا آدم علیہ السلام لئے   بخش دی رب نے خطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«92» چل رہے ہیں دیکھ کر اک اک قدم   آپ کا ہرنقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«93» آپ کی امت پہ رب نے کردیا   بخششوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«94» کوئی نہ کر پائے گا حسّان رضی اللہ عنہ سی   آپ کی مدحت سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«95» کوئی ہم کو پھر بچا سکتا نہیں   آپ ہوں ہم سے خفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«96» حشر میں سکہ چلے گا ہرطرف   آپ کا ہی آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«97» سب لٹا یا دینِ حق کے واسطے   وہ نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«98» بوجہل جب دیکھ کر حیراں ہوا   کنکروں نے حق کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«99» آپ کے در سے اجازت مانگتی   ہر دوا اور ہر شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«100» جو حرا سے نور پھیلا دفعتاً   اک جہاں روشن ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«101» وقتِ آخر آگیا تو لب پہ ہو   بس وظیفہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«102» آپ کا جب تذکرہ دل نے کیا   دل مراروشن ہوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«103» ہیں جوصدیق وعمر عثماں علی رضی اللہ عنہم   آپ کے ہیں ہمنوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«104» آپ کے کردار میں ہے وہ کشش   دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«105» لامکاں پہنچے، مرے رب نے کہا   مرحبا یا مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Collection Peer Sahib Qudrat Ali

﴿106﴾ محترم ہے محترم ہے محترم   آپ کا ہرنقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ آپ کے در پر جھکا ہو سر مرا   دم نکل جائے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ آپ کو حاصل امامت کا شرف   مقتدی سب انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ آپ کے دونوں نواسوں کا ہمیں   کیجئے صدقہ عطا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ نام سے رب نے مخاطب نہ کیا   یٰسٓ و طٰہٰ کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ چوم لیتا ہوں تصور میں سدا   آپ کے ہر نقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ پار کر جائیں گھڑی میں پل صراط   نام لے کر آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ کاسۂ امید بھر دیجے مرا   میں گدا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ ہے معطر چار جانب ہر طرف   خوشبوئے احمد فضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ مان جائے گا خدا ہر ایک بات   آپ کی ہو گر رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ میرے دل کے دھڑکنوں کی ہے صدا   مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ ذکرِ رب ہو ذکر احمد ہو فقط   جب ہو میرا خاتمہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ معتبر ہے معتبر ہے معتبر   آپ کا ہر اک گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ رات دن امت پہ کردی آپ نے   ہر کرم کی انتہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ جسم اطہر پر نہ بیٹھی مکھیاں   آپ ایسے پاکیزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ زندگی وہ زندگی کیا آپ کے   عشق میں نہ مبتلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ رحمۃ للعالمیں ہیں آپ ہی   آپ شاہِ انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ شعر جو لکھے ہیں اس ناچیز نے   اس کے حق میں ہو دعا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ میں نے جو اشعار لکھے نعتیہ   یہ کرم ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ خاکسار و عاجز و عاصی شفیع   نعت کیا کہہ پائے گا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

شکیلؔ

نام :- محمد شکیل خان

قلمی نام :- شکیل سہسرامی

تخلص :- شکیلؔ

ولدیت :- مولوی عبدالوحید خان شمسی

تعلیم :- ایم اے اُردو

پیدائش :- 05-07-1966

شاعری کا آغاز :- 1993ء

مصروفیت :- ملازم، بہار قانون ساز کونسل۔ پٹنہ۔ بہار

تصانیف (1) آوارجہ (مجموعہ غزلیات)۔ (2) نظافت سخن (مجموعہ حمد و نعت)۔ گلبانگ چشم و قلم۔

آدھی ملاقات کیلئے۔ مولوی عبدالواحد منزل، نزد رحمان مسجد، پٹنہ، بہار 800006۔

Mobile No.0091-9835642267 - 9576700407

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿2﴾ آپ ہیں خیرالوریٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ ہیں نورالھدیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿3﴾ آپ امام الانبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
آپ شاہ دوسَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿4﴾ دور ہوجائے بلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
یہ کرونا اک وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿5﴾ آپ کا یا سرورکون مکاں
نام ہے کتنا بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿6﴾ آپ ہیں صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی
دل ہوا تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿7﴾ زندگی ہے بے مزہ یا مُصطفٰی　اب مجھے طیبہ دکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿8﴾ ہے یہی اک مدعا یا مُصطفٰی　ورد ہو صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿9﴾ ہے نگاہوں میں بسا یا مُصطفٰی　گنبد خضری ہَرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿10﴾ ہوگیا اس کا خدا یا مُصطفٰی　ہوگیا جو آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿11﴾ ہرمرض کی ہے دوا یا مُصطفٰی　یہ دُرود مصطفی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿12﴾ آپ شرح کبریا یا مُصطفٰی　آپ محبوب خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿13﴾ آپ سے ہوکر جدا ہے جان بھی　دیکھئے رونے لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿14﴾ بادشاہوں سے بھی ہے بیشک بڑا　آپ کا ادنی گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿15﴾ جل رہا ہے طاق دل میں مستقل　عشق کا تمرے دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿16﴾ عرش اعظم پر سِوا تمرے بھلا　کون دوجا ہے گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿17﴾ بے کسوں کے آپ ہی ہیں اک فقط　ہم زبان و ہم نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿18﴾ اپنی قید و بند سے ہرگز مجھے　مت کبھی کرنا رِہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿19﴾ حق تعالی کی نگاہِ ناز میں　سب کجا اور تم کجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿20﴾ کس قدر شہروں میں افضل دیکھئے　ہے مدینہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿21﴾ ہر گھڑی بس آپ پر پڑھنا دُرود　خوب دیتا ہے مزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿22﴾ نعت کے یہ ایک سو پچیس شعر　واقعی اچھا لگا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿23﴾ دشمنوں کو اک ذرا بھاتا نہیں　آپ سے رشتہ مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿24﴾ مسئلہ درپیش جب آیا کوئی　آپ کو دی ہے ندا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿25﴾ دین حق اسلام مذہب کا مرے　آپ ہی ہیں آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Collection Peer Hyderabad India Digitization eGangotri

﴿26﴾ واقعی بیحد سبق آموز ہے   آپ کا ہر معجزہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿27﴾ لائقِ تقلید ہے ترغیب ہے   آپ کا ہرنقشِ پا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿28﴾ قابلِ تعظیم و تکریم ہے   آپ کا سارا کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿29﴾ دید کے قابل رہی ہے عمر بھر   آپ کی شرم و حیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿30﴾ آپ ہی کو رب کی جانب سے لقب   شافع محشر ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿31﴾ انتہائی لائق تعظیم ہے   فرد اہل بیت کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿32﴾ آپ ہی کی ذات سے ہے منسلک   اعتبار کربلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿33﴾ جو بھی آیا آپ کی سرکار میں   آپ نے خوش کردیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿34﴾ یہ زمیں کیا آسمانِ سر بلند   آپ کے ہے زیرپا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿35﴾ آپ سے جاں دار کیا' بے جان بھی   مستقل گویا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿36﴾ یاد ہے ہر امتی کو یاد ہے   وہ کٹورا دودھ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿37﴾ آپ کو خواہش نہ تھی کمخواب کی   تھا بچھونا بوریا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿38﴾ جانتا ہے خوب سے بھی خوب تر   آپ کو رب آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿39﴾ انگنت نا عاقبت اندیش نے   آپ کو کاہن کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿40﴾ آپ کی رب کو رضا ہے یا نبی   آپ کو رب کی رضا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿41﴾ ارض طائف کس قدر بد بخت ہے   خوں وہاں تمرا بہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿42﴾ آپ کی نوری حیات پاک کا   ہر ورق ہے مشک زا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿43﴾ جس کو کہتے ہیں مدینہ ہم سبھی   خوب ہے شہر وفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿44﴾ خانۂ دل میں ہمارے مستقل   ہے دُرودوں کی ضیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿45﴾ چاہتا ہے امتی یہ آپ کا   شفقتوں کا سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Hyderabad Digitization eGangotri

﴿46﴾ یا رسول پاک یا شاہ امم   آپ کا ہُوں میں گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿47﴾ یہ ہماری خوش نصیبی ہے بڑی   آپ سے ہے واسطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿48﴾ آپ کے در پر مجھے امید ہے   آؤں گا میں دیکھنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿49﴾ آپ کی سنت سے کوسوں دُور ہے   امتی یہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿50﴾ آئینہ کوئی نہیں ہے آپ کی   سیرتِ بے مثل کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿51﴾ زینتِ بینائی ہے اپنے لئے   روضۂ اقدس شہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿52﴾ آپ کی سیرت کو ہم کیوں نہ کہیں   آئینے کا آئینہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿53﴾ بجھ نہیں سکتا کسی طوفان سے   آپ کا روشن دِیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿54﴾ پیش کرتی ہے سلامِ شوق یہ   آپ کو بادِ صبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿55﴾ کہہ نہیں سکتا تجھے خود سا کبھی   تو کجا میں کجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿56﴾ ہند بھی میرا پتہ ہو یا نبی   ہو مدینہ بھی پتا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿57﴾ ہم نہیں لَوٹیں گے شہر پاک سے   کرلیا ہے فیصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿58﴾ حق بیانی پر رہوں قائم سدا   اس قدر ہو حوصلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿59﴾ آپ کی آمد کا سُن کر ہر کوئی   کہہ رہا تھا مرحبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿60﴾ مستقل پڑھتا رہوں تم پہ دُرود   روز و شب صبح و مسا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿61﴾ سارے نبیوں سے بڑا بیحد بڑا   آپ کا ہے مرتبہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿62﴾ آدمی سے ہر کوئی انسان ہو   اب چلے ایسی ہَوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿63﴾ ہم سبھی کرلیں مدینے کا سفر   ہو کرم اتنا بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿64﴾ زندگی کے ہر قدم ہر موڑ پر   آپ کا ہے آسرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿65﴾ ہو نہیں سکتا کبھی مغموم میں   آپ سے ہے رابطہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Digitization eGangotri

﴿66﴾ دیکھتا ہوں نعت کے اشعار میں		حُسن فن اشعار کا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿67﴾ جو بہا لے جائے عصیان و خطا		اب وہی دریا بہا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿68﴾ ماہ وانجم سے بھی ہے افضل بہت		ہر صحابی آپ کا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿69﴾ چاند نے اپنے کو دونا کرلیا		اک اشارہ جب ہُوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿70﴾ ہو گیا وہ جو نہ تھا ممکن کبھی		دست شفقت جب پھرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿71﴾ تھی خدائے پاک کو محبوب تر		آپ کی ساری ادا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿72﴾ عرش اعظم پر ہنسا رب کریم		آپ نے جب ہنس دیا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿73﴾ بے نظیر و بے بہا بے مثل ہے		آپ کی جود و سخا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿74﴾ کبر سے لہو و لعب سے جبر سے		آپ کا کیا واسطہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿75﴾ کیسے ہوگا آپ کا ثانی کوئی		آپ کا سایہ نہ تھا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿76﴾ جس طرح سے آپ کے اخلاق ہیں		بھائی کا ویسا نہ تھا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿77﴾ کامیاب و کامراں تھا عمر بھر		آپ کا ہر تجربہ یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿78﴾ کیا کوئی لکھے گا نعت شاہ دیں		نعت پڑھتا ہے خدا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿79﴾ چومتا آنکھوں سے اپنی کاش میں		آپ کی نوری قبا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿80﴾ جانے کس خوش بخت کے حصّہ میں ہے		آپ کی کملی ردا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿81﴾ کیجئے نظر کرم کہ ہر کوئی		آپ سا ہو با وفا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿82﴾ ناز ہے ہم کو سبھی اوصاف پر		آپ اپنوں سے سِوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿83﴾ متصف ہے آپ کے دیدار سے		آپ کا غار حرا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿84﴾ کام سارا لائق تلقین ہے		آپ سے جو بھی ہُوا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿85﴾ نعت گوئی ، یہ قسم اللہ کی		شغل ہے بیحد بَھلا یا مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿86﴾ آپ کو رکّھا خدا نے منفرد آپ سا کوئی نہ تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿87﴾ کس قدر ہے خوبصورت تبصرہ والضحیٰ، واللیل کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿88﴾ زور زیادہ رستم و سہراب سے آپ کے بازو میں تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿89﴾ چاہتا ہے دل مرا ہر وقت یہ آپ کا ہو تذکرہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿90﴾ ہوگیا وہ آپ کا جی جان سے آپ سے جو بھی ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿91﴾ جنگ کے میدان میں بھی دیدنی آپ کا کردار تھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿92﴾ ہر سفر کا افتخار و فخر ہے اک سفر معراج کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿93﴾ کس قدر دلکش ہے دل آویز ہے رنگ خضریٰ کا ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿94﴾ آپ کا قلبِ منوّر یا نبی نور پانی سے دھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿95﴾ آپ نے اپنے نواسوں کیلئے طول سجدے کو دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿96﴾ دونوں عالم میں نہیں ثانی کوئی آپ کے معیار کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿97﴾ انتہائی محترم محبوب تر آپ کو ہیں عائشہ رضی اللہ عنہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿98﴾ تین تیرہ ہوگیا کمبخت وہ آپ سے جو بھی لڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿99﴾ کیجئے نظر کرم شاہ امم وقت ہے بیحد بُرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿100﴾ کہہ رہے ہیں انگنت اِس دَور میں لوگ بندے کو خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿101﴾ آپ کا ہر واقعہ ہر معجزہ ہے بڑا چنگا بھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿102﴾ نعت نامہ مدح نامہ خوب ہے ایک سو پچیس کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ آپ ہی کو ہم نے جانا ہے فقط ہم زبان و ہم نوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ ہم ابھی تک دُور ہیں دربار سے ہے ہمارا یہ گلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ مومِن کامل ہمیں کردیجئے ہے یہی بس التجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

«106» ہے پھنسا منجدھار میں الحاد کے   آج بیڑا دین کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«107» اتحادِ قوم و ملت کا مری   ہے ابھی اُلجھا سِرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«108» اس دل بیمار کو صلِّ علیٰ   آپ کی الفت روا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«109» بہ حوالہ نعتیہ اشعار کے   دے رہا ہوں میں صدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«110» از زمیں تا آسماں صلِّ علیٰ   شور ہے اچھا مچا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«111» کون ہے میدان محشر میں بَھلا   اک سوا تمرے مرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«112» رہنمائی جس پہ کرتی فخر ہے   آپ ہیں وہ رہنما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«113» تحفۂ ماہ مبیں ماہ کرم   آپ کے صدقے ملا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«114» آپ کے وردِ دُرود پاک سے   دل ہے یہ اپنا ہرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«115» ہم پکاریں گے مدام و مستقل   مصطفی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«116» دعوتِ معراج کیوُں آپ کو   حق تعالی نے دیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«117» دیکھ کر اخلاق حسنہ آپ کا   آپ کا شیدا ہُوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«118» آپ کے اسم مبارک میں بہت   رب نے رکھی ہے شفا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«119» ہوگیا وہ آپ کا جی جان سے   آپ سے جو بھی مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«120» ہوگیا وہ جو نہ تھا ممکن کبھی   دست شفقت جب پھرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«121» ہوگیا اس کا خدا ' ہر چیز بھی   ہوگیا جو آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«122» جل رہا ہے طاق دل میں مستقل   نور کا اک سلسلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«123» کس قدر افضل ہے طیبہ دیکھئے   شہرِ اقدس آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«124» آپ ہی کو رب کی جانب سے لقب   رحمتِ عالَم مِلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
«125» دل ہوا تو کیا ہوا میرا شکیل   جان ہے تم پر فدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheen Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

شوقؔ

نام :- محمد زاہد علی
تخلص :- شوقؔ
ولدیت :- جناب عبدالصمد صاحب چشتی
پیدائش :- 14-04-1986، جڑچرلہ۔
شرف تلمذ :- محترم جناب سید اسمٰعیل قیصرؔ صاحب
آدھی ملاقات کے لئے :-

24-60, FAZALBANDA BADEPALLY, JADCHERLA
MAHBOOB NAGAR, TELANGANA STATE. 509301
Mobile No.0091-9398945768 - 9985645224.

* * *

﴿1﴾ آپ ہیں شمس الضحیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
آپ ہیں بدرالدجیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿2﴾ مَیں گدا ہُوں آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
آپ شاہوں کے شہا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿3﴾ مَیں بھنور میں ہُوں پھنسا یا مُصطفٰی ﷺ
دیجئے کچھ آسرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿4﴾ مَیں دیوانہ ہو گیا یا مُصطفٰی ﷺ
ہُوں ازل سے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿5﴾ سَر کے بل آجاؤں گا شہر نبی
ہو اشارہ اک ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿6﴾ کیسے پہنچوں آپ تک یا مُصطفٰی
خواب میں آنا ذرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿7﴾ مَیں ہُوا جب سے دیوانہ آپ کا
دل مدینہ اب بَنا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿8﴾ آئی ہے ایماں کی خوشبو آپ کو
ہند سے جو برملا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moghni Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿9﴾ آپ کی زلفوں کا ہے قرآن میں   ذکر رب نے کردیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿10﴾ کرتے ہیں اک ایک قطرے برملا   آپ کی حمد و ثنا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿11﴾ عاصیوں کو بخشوانے کیلئے   ہے گھرانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿12﴾ سارے نبیوں میں ہے آقا آپ کا   مرتبہ سب سے بڑا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿13﴾ سارے نبیوں کے امام المرسلین   سیّدِ کل انبیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿14﴾ ہے غموں نے مجھ کو گھیرا رات دن   دور کردو اب ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿15﴾ سَر پہ میرے ہے مسائل کا غبار   آپ کچھ کیجے بَھلا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿16﴾ ہے تمہارا پیار کعبہ یا نبی   کعبے والا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿17﴾ دل مِرا کعبہ رہا صبح و مسا   مصطفٰی یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿18﴾ مشکلیں جب آگئیں پڑھتا گیا   صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿19﴾ لا الہ کا ذکر ہے ذکرِ نبی   صلِّ علیٰ ذکر خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿20﴾ منبر و محراب میں قرآن میں   رب نہیں تم سے جدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿21﴾ ہم نہیں اُس کے نہ اُس کا ہے خدا   جو نہیں ہے آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿22﴾ کل بھی تھا اور آج بھی دائم سدا   ہر زمانہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿23﴾ ہر زمانہ ہر گھڑی بس آپ کا   کھا رہا صدقہ سدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿24﴾ آئے ہیں لاکھوں نبی و مرسلیں   پر کوئی نہ آپ سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿25﴾ آپ کے سائے میں پَلتے ہیں سبھی   ہے نہ سایہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿26﴾ آپ کی جس کو گدائی مل گئی   وصل تم میں ہوگیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿27﴾ نور سے معمور چہرہ آپ کا   ہے چمکتا چاند سا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿28﴾ آپ جو بھی چاہیں گے ہوجائے گا   آپ کی سُنتا خدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿29﴾ آرزو ہے آپ کا دیدار ہو   خواب میں جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿30﴾ زخم کھا کر بھی دعا دینے لگے   آپ کی ہے یہ ادا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم
﴿31﴾ رشک کعبہ کو ہُوا ' کرنے لگا   دیکھ کر جلوہ نما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

﴿32﴾ آپ کے ہی ذکر سے صلِّ علیٰ   پُرسکوں ہے دل مرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿33﴾ چاند کے دو ہوگئے ٹکڑے جبھی   معجزہ انگلی کا تھا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿34﴾ آپ پہ مرتا ہے جو مرتا نہیں   عشق میں جو ہو فَنا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿35﴾ جس جگہ ہو ذکر احمد مرحبا   پہرہ ہوتا نور کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿36﴾ ہم بنے ، دنیا جہاں ، ہر آسماں   صدقہ ہے یہ آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿37﴾ آپ ہی ہیں آپ ہیں میرے حضور   ابتدا اور انتہا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿38﴾ کیا بیاں میں آپ کی عظمت کروں   جانتا ہے خود خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿39﴾ حشر میں ہم عاصیوں کے واسطے   سائباں ہو آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿40﴾ حاضری ہو آپ کے در کی مجھے   ہے یہی تو مدعا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿41﴾ آ نہیں سکتی کوئی مشکل یہاں   گھر پہ ہے جھنڈا ہرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿42﴾ کٹ رہی ہے زندگی اب پُرسکوں   سر پہ رحمت کا سرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿43﴾ ہے جو سُنّت کا کرم ہم پرسدا   فضل رب بھی آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿44﴾ نعت گوئی کا ہُوا حاصل شرف   صدقہ ہے یہ آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿45﴾ مصطفی کے نام سے ہی تو سبھی   ہوگیا حل مسئلہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿46﴾ سنتے ہی نام نبی پڑھنا دُرود   کہتا ہے ہم کو خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿47﴾ آپ سا دنیا میں نہ آیا کوئی   اور نہ بھیجا خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿48﴾ دُور رہ کر آپ سے روتا ہے دل   اب بُلا لو اک دفعہ یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿49﴾ وہ نہ جائے گا جہنم میں کبھی   ہے جو عاشق آپ کا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿50﴾ حشر میں تو بخش جائے گا ضرور   جس نے بھی کلمہ پڑھا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿51﴾ مشکلیں آسان ہوتی اُس کی ہیں   جس نے دی تم کو صدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿52﴾ اس کو جنت مل ہی جائے گی ضرور   نام لیوا جو ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿53﴾ آپ ہیں گُم عشق میں اللہ کے   آپ میں ہے گُم خدا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿54﴾ آپ کی مجھ کو گدائی مل گئی   یہ نصیبہ ہے مرا یا مُصطفیٰ ﷺ
﴿55﴾ کس کو تھا عرفان رب کا تو یہاں   آپ سے ظاہر ہُوا یا مُصطفیٰ ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

(56) کون جانے آپ کا رتبہ ہے کیا   صرف رب ہی جانتا یا مُصطفٰی ﷺ
(57) جو نبی کی عشق میں ہوگا فنا   وہ بقا باﷲ ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ
(58) یا رسول اللہ نظر فرمائیے   خلق پر اِرحَم لَنا یا مُصطفٰی ﷺ
(59) عاشقوں کو حشر کے میدان میں   سایہ ہوگا کملی کا یا مُصطفٰی ﷺ
(60) ہے چراغوں سے سجا میرا مکاں   مرحبا صد مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
(61) بھیڑ میں بھی آپ کا جب ہو گزر   سَر بلند ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(62) آپ کے ہی ذکر سے میٹھا ہُوا   شہد بھی صلِّ علیٰ یا مُصطفٰی ﷺ
(63) عاشقوں پہ آپ کا شاہِ امم   آپ کا قبضہ جما یا مُصطفٰی ﷺ
(64) ہم بہت ہی سہہ چکے ہیں یہ ستم   آپ کچھ کیجئے دوا یا مُصطفٰی ﷺ
(65) یا نبی میں اوج پر جب سے ہُوا   ہے سہا را آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(66) ہرگلی ہر شہر میں اور ہر جگہ   آپ کا سکہ چلا یا مُصطفٰی ﷺ
(67) دم میں دم جب تک رہے میرے خدا   ہو کرم مجھ پر سدا یا مُصطفٰی ﷺ
(68) روز محشر عاصیوں کے حال پر   ہو کرم بس آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ
(69) انبیاء میں سب سے اعلی آپ ہیں   آپ کا رتبہ بڑا یا مُصطفٰی ﷺ
(70) اک عمامہ باندھ رکھی ہے زمیں   آپ کا گنبد ہرا یا مُصطفٰی ﷺ
(71) ٹھنڈی ٹھنڈی ہے مدینے کی ہَوا   دھوپ بھی ہے دلربا یا مُصطفٰی ﷺ
(72) آبھی جاؤ میرے گھرکو یا نبی   راہ میں پلکیں بِچھا، یا مُصطفٰی ﷺ
(73) شان کیا ہے آب زم زم کی سدا   سب کے حق میں ہے شفا یا مُصطفٰی ﷺ
(74) دھوپ میں ہم کو ذرا محشر کے دن   جامِ کوثر ہو عطا یا مُصطفٰی ﷺ
(75) وہ شریعت بن گئی ہے دین کی   جو بھی تم نے کہہ دیا یا مُصطفٰی ﷺ
(76) بے سہارا اس کو کب سمجھا کوئی   جس کو طیبہ مِل گیا یا مُصطفٰی ﷺ
(77) جب گئے ہیں عرش پر کہنے لگے   سب ملائک مرحبا یا مُصطفٰی ﷺ
(78) جس طرف اُٹھ جائے گی نور نظر   دم میں دم آجائے گا یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pervez Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

﴿79﴾ جب سے دل میں یاد ہے سرکار کی   بڑھ گیا رتبہ مرا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿80﴾ نقشِ پائے مصطفی جب سے ملے   بن گیا ہُوں میں بڑا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿81﴾ میری جھولی میں ہیں جو ٹکڑے پڑے   ہے اشارہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿82﴾ دنیا کے ہر خاندانوں سے بڑا   ہے قبیلہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿83﴾ مجھ پہ نظریں ہیں کرم کی ہر گھڑی   ورنہ مجھ میں کیا رکھا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿84﴾ ہاتھ میں چوما کروں ان کے سدا   جس نے بھی کعبہ چھوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿85﴾ اب عقیدت سے قدم چوما کروں   جو مدینے کو گیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿86﴾ مجھ پہ نظریں ہو کرم کی دائمی   تم کو رب کا واسطہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿87﴾ اب بہت مشکل سے ہوتا ہے گزر   دو اُتارا آل کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿88﴾ آپ کی چوکھٹ پہ صدق قلب سے   سَر جھکائے اولیا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿89﴾ جس نے کی الفت نبی سے برملا   وہ ولی رب کا ہُوا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿90﴾ ہرجہاں کے شاہ سے بڑھ کر بہت   تم خلیفہ از خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿91﴾ کیسے ڈوبے گی مری کشتی بَھلا   جب کے تم ہونا خدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿92﴾ دیکھتے ہی سَرجھکائے گا وہی   آپ کے جو نقشِ پا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿93﴾ نور والا خاندانی دائمی   بچہ بچہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿94﴾ میری قسمت ، نسبتِ سرکار ہے
دل ہوا تم پہ فدا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿95﴾ اس خدا کی شان بھی کیا شان ہے   وہ جو رب ہے آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿96﴾ نام لینے سے بھی لب ملنے لگے   یا محمد ﷺ مجتبیٰ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿97﴾ ہو گی بارش رحمتوں کی ہر گھڑی   ذکر ہوگا جس جگہ یا مُصطفٰی ﷺ

﴿98﴾ دور ہوجائے میرے غم کی گھڑی   کررہا ہوں مَیں دعا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿99﴾ ہے زمیں پہ تو کسی کے مال پر   دل پہ قبضہ آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿100﴾ اور بھی ہیں درجہاں پرخوب تر   ہے جدا در آپ کا یا مُصطفٰی ﷺ

﴿101﴾ ہو مدینے سے صبا تیرا گذر   لب پہ ہو یا مُصطفٰی یا مُصطفٰی ﷺ

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Sahib Hyderabad India Collection Peer Sahib Qudrat Digitization eGangotri

﴿102﴾ ہر بلا کی تعویذیں نام نبی   درد کی ہے یہ دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿103﴾ پنجتن میں فاطمہ حَسنین رضی اللہ عنہما ہیں   اور علیِّ مرتضیٰ رضی اللہ عنہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿104﴾ شکل و صورت کس کی ہے حَسنین رضی اللہ عنہما کی   فاطمہ یا مرتضیٰ رضی اللہ عنہما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿105﴾ واسطہ حَسنین رضی اللہ عنہما کا تم کو نبی   ختم ہوجائے وبا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿106﴾ کربلا میں سرکٹا کے خوش ہُوا   وہ نواسہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿107﴾ محترم ہی محترم ہیں ہر گھڑی   سب صحابہ جابجا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿108﴾ کربلا کی سر زمین پر ہے لہو   ہے حُسین مرتضیٰ رضی اللہ عنہما یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿109﴾ پشت پر سرکار کے وقت نماز   آپ کا وہ لاڈلہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿110﴾ جس کے صدقے بخش جائیں گے سبھی   وہ گھرانا آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿111﴾ حل ہوئی مشکل مِری یہ ذکر سے   یا علی رضی اللہ عنہ مشکل کشا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿112﴾ دید حق کی ' دید ہے سرکار کی   میرے مرشد نے کہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿113﴾ ہم خدا کو دیکھ تو سکتے نہیں   راز مرشد میں دکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿114﴾ شکل و صورت آپ کی یا مُصطفٰی   پیر میں جلوہ دکھا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿115﴾ آپ کی رعنائیاں مرشد میں ہیں   عشق میرا کہہ رہا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿116﴾ میرے مرشد حضرتِ بابا نظام   آپ کے ہیں عالیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿117﴾ میرے مرشد حضرت عبدالصمد   ہیں غلام میرزا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿118﴾ میرزائی مجھ کو نسبت جو ملی   صدقہ ہے یہ آپ کا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿119﴾ میرزا کے ہی کرم ہے جو مِلا   خاندان چشتیہ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿120﴾ سر پہ رحمت کا سجا ہے آپ کے   خوب ثمرہ مل گیا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿121﴾ شوق ہے بیمار غم میں آپ کے   درد کی کردو دوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿122﴾ شوق کی کیا ہے حقیقت' کچھ نہیں   آپ کا ادنی گدا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿123﴾ شوق نے جودی سدا اک یا نبی   پالیا حد سے سِوا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿124﴾ گر دعا مقبول ہونا شوق ہے   ہو وسیلہ آپ یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
﴿125﴾ آپ کے در پر کھڑا ہے شوق بھی   مانگنے صدقہ ذرا یا مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

स्कैन्ड/Scanned

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahab Quadri Digitization eGangotri



Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India



Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri



Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad India
Collection Mohammad Quadri Digitization eGangotri



Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri


مخضب ز شعراء

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

"Mukhzib"
Zi Shoara
(Volume 1)

Tarteeb, Tadveen
Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laoubali
Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri
Laoubali Al-Jilani Sajjad
Sajjadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb
Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

9 789391 372187